بھرنے یا مندمل کرنے میں مفید ہو ؛ مرہم ۔

**vulpine,** a. روباہ صفت ؛ مکار ؛ لومڑی سے متعلق ؛ لومڑی سے مشابہ ؛ چالاک ؛ عیار ۔

**vulture,** n. گدھ ؛ کرگس ؛ نسر ؛ عقاب ؛ باز اور شکرے سے ملتا ہوا پرانی دنیا کے شکاری پرندوں یا نئی دنیا کی مردار خور پرندوں کی نسل سے تعلق رکھنے والا ایک بڑا پرندہ جو صرف مردار خوری پر بسر کرتا ہے اور جس کے سر اور گردن پروں سے کم و بیش خالی ہوتے ہیں اور جس کی چونچ اور پنجے بیشتر دوسرے شکاری پرندوں سے کمزور ہوتے ہیں ۔ (مجازاً) وہ شخص یا شے جو حریص اور بے درد شکاری ہو ؛ چمر گدھ ؛ لالچی ۔

**vulturine, vulturous,** a. گدھ کا ؛ گدھ سے متعلق ؛ کرگس صفت ؛ گدھ کی طرح کا ۔

**vulva,** n. (تشریح الاعضا) فرج ؛ مقام نہانی ؛ شرمگاہ نسوانی ؛ مادہ کے خارجی آلات جنس ؛ اندام نہانی ۔

**vulval, vulvar,** a. فرجی ؛ اندام نہانی سے متعلق

**vulvate,** a. فرج دار ؛ شگاف دار ؛ فرج نما ؛ فرج شکل ۔

**volviform,** a. فرج نما ؛ بیضوی ؛ فرج شکل ۔

**volvitis,** n. (امراضیات) فرج کی سوجن ؛ ورم فرج ؛ ورم اندام نہانی ۔

# W

**W, w,** n. انگریزی میں تئیسواں حرف تہجی اور اٹھارواں حرف صحیح ؛ اکثر نیم حرف علت کے حوالے سے بھی مستعمل ہے خصوصاً جب یہ حرف علت کے فوراً بعد آئے ؛ بولنے میں حرف W کی آواز ؛ تحریر و طباعت میں W یا w کی ترسیم ؛ کوئی شے جو W ، w کی علامت یا اُس جیسی شکل کی ہو؛ چھپائی میں W یا w کا ٹائپ یا ٹھپّا ۔

**w,** (کیمیا) ٹنگسٹن یا وولفرام دھاتوں کا علامتی نشان ۔

**W, w,** (برق) برقی پیمانہ قوّت 'واٹ' کی علامت ؛ مغرب کی اور مغربی کی علامت ۔

**wabble,** v.i., v.t. لڑکھڑانا ؛ ڈگمگانا ؛ جُھولنا ؛ لٹو کی طرح چکر کھانا ؛ گردش کرنا ؛ گھومنا ۔ (اسم) لڑکھڑاہٹ ؛ ناہموار گول حرکت یا چکر ؛ گردش ؛ ڈگمگاہٹ ؛ تلوّن ؛ تذبذب ۔

**wabbler,** n. غیرمستقل مزاج ؛ متذبذب ۔

**wacky, whacky** a. (عوامی) سنکی ؛ خبطی ؛ سودائی ؛ آوارہ ؛ گمراہ ؛ ڈانواڈول ؛ سرگرداں ؛ بظاہر بے عقل ؛ پاگل ۔

**wackily,** adv. سنکی انداز سے ؛ پاگل پن سے ؛ بے عقلی سے ۔

**wackiness,** n. خبط ؛ سودا ؛ آوارگی ؛ پاگل پن ۔

**wad,** n. بھرت ؛ ڈھاٹا ؛ بھرن ؛ گدی ؛ ایک نرم ڈاٹ ؛ پنبہ ؛ ریشہ دار مادہ جیسے روئی جسے بھرت کے لیے استعمال کیا جائے یا اُس سے خلا یا کوئی سوراخ بند کرنے کا کام لیا جائے ؛ ڈلا ، ڈھیر یا کسی چیز کا گولا ؛ بندوق ، کارتوس کی پیٹی یا توپ کی ڈاٹ جس سے بارود یا گولا اپنی جگہ پر کسا رہتا ہے ۔ (عوامی) نوٹوں کی گڈی خصوصاً بڑی مقدار میں ؛ زر/روپیہ ۔ (فعل متعدی و لازم) کسی شے کو تہ کرنا یا گول کرنا ؛ پنبہ لگانا ؛ بھرتی کرنا ؛ جھول ، شکن ، جھری یا سلوٹ ڈالنا یا دبانا ؛ کسی کپڑے یا رضائی ، صدری وغیرہ میں رُوئی بھرنا ؛ اندر تہ دینا گدی ، پٹی یا بندھن ڈالنا ؛ دبانا یا دبوچنا ؛ ڈاٹ سے بند کرنا ؛ گدی یا بندھن ، گولا ، ڈاٹ کا بننا یا بنانا ۔

**wadder,** n. پنبہ کار؛ بھرت کرنے والا شخص ؛ ڈاٹ لگانے والا شخص ۔

**wadding,** n. بھرن یا بھرت ؛ پنبہ ؛ نرم شے جو بھرائی کے کام آئے یا جس سے گدّے وغیرہ بھرے جائیں ؛ بندوق یا کارتوسوں کی پیٹی وغیرہ کی ڈاٹ بنانے والی چیز ۔

**waddle,** v.i. مٹکتے ، ہلتے ، جُھومتے ہوئے چلنا ؛ لڑکھڑاتے ہوئے چلنا ؛ اٹھلا کے یا اٹھکھیلیوں سے چلنا ؛ ہنس کی چال چلنا ؛ پُر قدمی چال چلنا ۔ (اسم) مخصوص چال (جیسے: the waddle of a duck ) ۔

**waddler,** n. ہنس کی چال یا پُر قدمی چال چلنے والا ۔

**waddly,** a. لجالجا کر ؛ اٹھلا اٹھلا کر ۔

**waddy,** n. مُگدر ؛ چھوٹا سا وزنی لٹھ جسے آسٹریلیا کے قدیم باشندے بطور ہتھیار استعمال کرتے تھے ؛ سیر کی چھڑی ۔ (فعل متعدی) (آسٹریلیا) چھڑی سے مارنا/بید سے پٹائی کرنا ۔

**wade,** v.i. کسی ایسی شے میں سے گزرنا یا چلنا جو چلنے میں رکاوٹ پیدا کرے ، جیسے پانی ، برف یا لمبی لمبی گھاس ۔ (مجازاً) دقت کے ساتھ چلنا یا آگے بڑھنا (جیسے: to wade through the required reading assignment ) ۔ (فعل متعدی) وقت کے ساتھ گزرنا یا عبور کرنا ؛ پایاب اُترنا ؛ گھاٹ اُترنا ۔ (اسم) پانی میں چلنے کا عمل (جیسے: to go for a wade along the beach ) ۔

**wade in or wade into,** (بول چال) زور و شور سے آغاز کرنا (جیسے: to wade right in ) ؛ زجرو توبیخ کرنا (جیسے: the boss waded in to the employee for being late ) ۔

**wadable, wadeable,** a. پایاب چل ؛ آب چل ۔

**wader,** n. پانی میں چلنے والا ؛ کوئی بھی لمبی ٹانگوں والا پرندہ جیسے لم ڈھینگ ، بگلا ، کونج وغیرہ یا بری و بحری جانور جو خوراک کی تلاش میں پانی میں چلتے پھرتے ہیں ۔ (جمع) اونچے پانی روک جوتے جو شکاری اور مچھیرے پانی میں شکار کھیلتے وقت پہنتے ہیں ۔

**wadi, wady,** n. [عربی ، فارسی ، اردو] وادی ؛ برساتی نالہ؛ پہاڑی نالہ ؛ شمال مغربی ایشیا اور شمالی افریقہ کے برساتی نالے جو موسم برسات میں چلتے ہیں لیکن اور دنوں میں خُشک رہتے ہیں ؛ پانی کا دھارا یا بہاؤ جو ان نالوں میں سے گزرتا یا بہتا ہے ؛ کوئی نخلستان ۔

**wading bird,** n. پانی میں چلنے والا پرندہ ۔ دیکھیے: Wader ۔

**wadmal, wadmaal, wadmel, wadmol,** n. کھردرا سا اُونی کپڑا جو ماضی میں انگلستان اور اسکنڈے نیویا کے ممالک میں سردیوں کے گرم لباس بنانے کے لیے عام تھا۔

**wafer,** n. رقاقہ ؛ ایک کاغذی بسکٹ ؛ و یفر ؛ بندلی ؛ ایک چھوٹا خستہ میٹھا کیک یا کرارا بسکٹ ۔ (کلیسیات) غیر خمیری روٹی جو رُومی کیتھولک گرجا میں عشائے ربّانی کی تقریبات مناتے ہوئے استعمال کی جاتی ہے ؛ ایک چھوٹی سی لیس دار قُرص جو خطوط اور دستاویزات کو ملفوف کرنے کے کام آتی تھی ۔ (طِب) کیپسول ؛ کرکری خشک لئی کی تہ یا خول وغیرہ جس کے اندر نگلنے کے لیے دوا کا سفوف بھرا جاتا ہے ۔ (برق) ویفر ؛ نیم موصل قلمی عنصر عموماً سلیکون کا روغن کردہ مہین ٹُکڑا جس پر حلقے ڈھالے جاتے ہیں ، نقش کیے جاتے ہیں یا چھاپے جاتے ہیں ۔ (فعل متعدی) خول میں بند کرنا ؛ باندھنا ، مہر لگانا یا لیس دار مواد سے جوڑنا ۔

**waffle,** n. روغنی نان ؛ دہرے ماہی توے پر پکایا ہوا خستہ کیک جس کے دونوں طرف جالی نما درزیں ہوتی ہیں ۔ (فعل متعدی) (بول چال) لفظی ہیر پھیر سے کام لینا خصوصاً فیصلہ کرنے میں ۔

**waffle iron,** n. دُہرا ماہی توا ؛ سانچا ؛ دھات کا بنا ہوا ایک ظرف جس کے دونوں شگاف دار حصے قبضے کے ذریعے آپس میں منسلک ہوتے ہیں اور اُن کو بند کرنے سے روغنی نان پر نشانات پڑ جاتے ہیں ؛ ایک قسم کا سانچا جو توے کا کام بھی دیتا ہے ۔

**waft,** v.t. ہلکے سے بہا لے جانا یا اڑا لے جانا یا اس میں سے گزرنا جیسے پانی یا ہوا میں سے اشیا یا خوشبویات کا ؛ بہانا ۔ (فعل لازم) اُڑنا یا تیرنا جیسے ہوا میں ۔ (اسم) جھونکا؛ جھولا ؛ جھکولا ؛ ہلکورا ؛ جنبش ؛ لہر؛ بہا لے جانے یا اُڑا لے جانے کا عمل ؛ اڑائے جانے یا بہائے جانے والی کوئی حرکت ؛ ہوا کے ذریعے ہلکے سے منتقل کردہ کوئی شے جیسے آواز یا خوشبو ؛ سانس یا ہوا جھونکا ؛ عمل سرایت ، سبک عمل ۔ (جہازرانی) ایک چھوٹا سا جھنڈا یا پھریرا ، جو ہوا کی سمت بتانے یا پیغام رسانی کے ا شارات کے کام آتا ہے ؛ اِس جھنڈے یا پھریرے سے دیے گئے اشارات ۔

**waftage, wafter,** n. اُڑان ، جیسے خوشبو کی ؛ اشارہ ۔

**wafture,** n. اڑا کر یا بہا کر لے جانے کا عمل ؛ اشارہ ؛ اُڑا کر لے جائی گئی کوئی شے (جیسے: waftures of sound)؛ موج نما لہراتی ہوئی حرکت یا کسی چیز کی لہر (جیسے: with an angry wafture of your hand) ۔

**wag,** v.t. جنبش یا حرکت کرنا ؛ ادھر سے اُدھر ، آگے پیچھے یا اوپر نیچے ہلنا یا جنبش کرنا خصوصاً جلدی جلدی اور بار بار ، جیسے کُتّے کی دُم ؛ دُم ہلانا ؛ سر کو اقرار یا انکار کے طور پر ہلانا ؛ زبان کو ہلانا ، گفتگو یا گپ بازی کے لیے ۔ (فعل لازم) دائیں سے بائیں یا ایک پہلو سے دوسرے پہلو پر ہلایا جانا خصوصاً تیزی کے ساتھ اور باربار ، جیسے سر، دُم یا زبان کا ؛ سفر کرنا ، جانا یا آگے بڑھنا ؛ جھوم کر یا اٹھلا کر چلنا ۔ (برطانوی ، عوامی) بھاگ جانا جیسے اسکول سے؛ بے وجہ اسکول سے غیر حاضر رہنا ۔ (اسم) ہویہ چال ؛ مست چال ؛ ہلانے کا عمل ؛ جنبش ؛ حرکت ۔

**wagger,** n. ہلانے والا شخص ۔

**wag,** n. مسخرہ ؛ ظریف ؛ ٹھٹھے باز ؛ فقرے باز ؛ شرارت آمیز فقرے چُست کرنے والا شخص ؛ ٹھٹھو لیا ؛ دل لگی باز ۔

**waggish,** a. مسخرے پن کا ؛ ہنسی کا ؛ دل لگی باز ۔

**waggishly,** adv. تمسخر سے ۔

**waggishness,** n. مسخرہ پن ؛ دل لگی بازی ۔

**wage,** n. (اکثر جمع) اُجرت ؛ مزدوری ، بالعموم جس کی شرح وقت کے دورانیے کے ساتھ منسلک ہوتی ہے ، مثلاً گھنٹوں ، دنوں یا ہفتوں کے حساب سے ؛ روزینہ ؛ محنتانہ ؛ مواجب ؛ دہاڑی ؛ مشاہرہ ۔ (معاشیات) قومی پیداوار کا وہ حصہ جو مزدور کو اس کی محنت کے ثمر کے طور پر ملتا ہے اور جو اُس حصے سے الگ ہوتا ہے جو سرمائے کے لیے مختص ہو ۔ (جمع ، ترکیب میں واحد یا جمع) اجر؛ جزا سزا ؛ بدلہ ؛ مکافات ؛ صلہ (جیسے: the wages of sin is death) ۔ (فعل متعدی) جاری رکھنا ، مثلاً جنگ ، تنازع یا بحث و تکرار (جیسے: to wage war against a nation) ۔

**wageless,** a. بے معاوضہ ؛ بے اجرت ۔

**wage earner,** n. مزدور ؛ دہاڑی دار ؛ اُجرت پر کام کرنے والا شخص ؛ کارکُن ۔

**wager,** n. بازی ؛ بُرد ؛ باخت شرط ؛ داؤ ؛ شرط کا موضوع ؛ کسی غیر یقینی واقعے کے متعلق شرط پر لگائی گئی کوئی چیز ۔ (فعل متعدی) جائیداد یا رقم داؤ پر لگا دینا ، کسی مقابلے کے نتیجے پر یا کسی غیر یقینی واقعے یا معاملے پر ؛ شرط بدنا ؛ داؤ لگانا ۔ (فعل لازم) شرط لگنا ؛ داؤ کھیلنا ؛ شرط ہونا ۔

**wagerer,** n. شرط لگانے والا ۔

**wage scale,** n. پیمانۂ مزدوری ؛ پیمانۂ تنخواہ ؛ مزدوری کی جدول ؛ کسی صنعت ، کارخانے یا کسی مخصوص کام کے لیے آجر کا وہ پیمانۂ اُجرت جس کے تحت مزدوروں کو ان کی اُجرت دی جاتی ہو ؛ ایک آجر کی شرح مزدوری کی جدول ۔

**wageworker,** n. مزدور ؛ مزدوری پر کام کرنے والا شخص ؛ اُجرت کار ۔

**waggery,** n. ٹھٹھول ؛ ظرافت ؛ مسخرا پن ؛ مسخرے پن کی فقرہ بازی ؛ مسخرے کا رویّہ ، عمل یا طریق کار ؛ پر مذاق یا شرارت آمیز مزاح ؛ دل لگی یا عملی مذاق ؛ شوخی یا شرارت ۔

**waggle,** v.i. ڈگمگانا ؛ جُھولنا ؛ مٹکتے اور اٹھلاتے ہوئے چلنا ؛ لڑکھڑا کر یا ہچکولے کھا کر چلنا ؛ کھڑکھڑانا ؛ کھڑے کھڑے جھولنا یا ڈگمگانا ، تھرتھرانا ؛ ادھر سے اُدھر یا اوپر نیچے یا آگے پیچھے جُھولنا ۔ (فعل متعدی) ہلانا یا تیزی سے چھوٹی چھوٹی جُنبشوں سے حرکت کرنا ؛ بطخ کی طرح چھوٹے قدم اٹھانا ۔ (اسم) لڑکھڑاتی ہوئی چال ؛ ہنس چال ۔

**wagglingly,** adv. لڑکھڑاتی چال سے ۔

**waggly,** a. ڈگمگاتا ہوا ؛ ہلتا ہوا ۔

**Wagnerian, Wagnerite,** a. ویگنری ؛ مشہور جرمن موسیقار رچرڈ ویگنر (۸۳ ۔ ۱۸۱۳ء) کا ، اُس کے بارے میں یا اُس کی تصانیف سے متعلق ؛ ویگنر کے تصورات یا اسلوب کے متعلق جو بہت زیادہ ڈرامائی کیفیت کا حامل ہے اور جس میں مقصدیت پر زور دیا گیا ہے نیز اس میں سازوں کی بہت اہمیت ہے ۔ (اسم) رچرڈ ویگنر کی موسیقی کا

شیدائی یا حامی ۔

**Wagnerism,** n. وہ نظریات یا اسلوب جو ویگنر کے غنائی ڈراموں میں متعارف کرائے گئے ہیں ۔

**Wagnerist,** n. ویگنر پسند ؛ ویگنر کا دلدادہ شخص ؛ ویگنر کے نظریات کا حامی ۔

**wagon, waggon,** n. چو پہیّہ گاڑی ؛ ویگن ؛ چھکڑا ؛ گاڑی کا کُھلا ڈبّہ ؛ باربرداری کی گاڑی ؛ بھاری وزن منتقل کرنے والی چار پہیّوں کی گاڑی ؛ سامان پہنچانے کی گاڑی ؛ بچوں کے استعمال کی چھوٹی چوپہیّہ گاڑی ؛ چھوٹا سا چھکڑا ؛ کشتی یا میز عموماً پہیوں پر لگی ہوئی جس پر خوراک اور مشروبات پیش کیے جاتے ہیں ؛ اسٹیشن ویگن ۔ (برطانوی) مال گاڑی کا ڈبّہ ۔ (فلکیات) بنات النعش ؛ ثریا ؛ ستاروں کا جھرمٹ ۔ (بول چال) گشتی ویگن ۔ (فعل متعدی و لازم) ویگن کے ذریعے سامان لانا/لے جانا یا ڈھونا ؛ ویگن میں سامان وغیرہ کا لے جایا جانا ۔

**hitch one's wagon to a star,** بہت جرأت آزما راستہ اختیار کرنا ؛ کسی بڑی قُوّت سے مدد لینا ۔

**off the wagon,** (عوامی) شراب نوشی ترک کرنے کے بعد پھر شراب پینا شروع کر دینا مگر خاص قسم کی ۔

**on the wagon,** (عوامی) ہر قسم کی شراب نوشی ترک کر دینا ۔

**wagoner, waggoner,** n. ویگن کا ڈرائیور ؛ گاڑی بان ؛ وہ شخص جو ویگن چلاتا ہو ۔ (بڑے W سے) (فلکیات) بنات النعش ؛ دُبِّ اکبر ؛ مُمسک الاعنّہ جس میں تیز چمکنے والا ستارہ عَیُوق شامل ہے ۔

**wagonette, waggonette,** n. ویگنٹ ؛ بگنٹ ؛ ٹب دار بگھیؔ ، بالعموم چو پہیہ کُھلی گاڑی جس میں اگلی آڑی نشست کے پیچھے پہلو میں آمنے سامنے کی نشستیں بنی ہوتی ہیں ۔

**wagon-lit,** n. (یورپ) آرام گاڑی ؛ ریل گاڑی کا ڈبہ جس میں شب خوابی کے لیے انتظام ہوتا ہے ؛ سلیپر ۔

**wagon train,** n. گاڑیوں کی قطار ؛ ویگنوں کی کثیر تعداد یا ایک سلسلہ یا ریل گاڑی کے ڈبے جو کسی مشترکہ مقصد یا سامان کی نقل و حمل کے لیے جوڑے گئے ہوں ۔

**wagtail,** n. ساوہ ؛ مُولا ؛ جھانپو ؛ کھنجن ؛ موسیچہ خاندان کی یورپ میں پائی جانے والی چھوٹی چڑیا جس کا تعلق مُولے کے خاندان سے ہے اور جو ہر وقت اپنی دُم ہلاتی رہتی ہے؛ ایلاسکا کا پیلا مُولا ۔

**wahine,** n. [ہوائی] عورت ؛ زن ۔

**wahoo,** n. واہو ؛ جنس سیلی یا افونموس نسل کی ایک شمالی امریکا میں پائی جانے والی جھاڑی یا کوتاہ قامت درخت جس میں ارغوانی رنگ کے پھول اور لٹکتی ہوئی پھلیاں لگتی ہیں جن کے پھٹنے پر سُرخ رنگ کے بیج برآمد ہوتے ہیں ؛ آتشیں جھاڑی ؛ (غیر صحیح طور پر) شمالی امریکا کی بہت سی جھاڑیاں اور اشجار مثلاً پنکھو دار شجریق یا دیودار کی انواع کے درخت ، سفید شجر نافرمان یا مختلف برگہ ۔

**waif,** n. بُھولا ، بھٹکا ؛ نظر انداز شدہ ؛ لاوارث ؛ بے گھر، بے خانماں شخص بالخصوص ایک چھوٹا بچہ ؛ آوارہ یا سیلانی ؛ لاوارث مال یا جانور ؛ کوئی شے جو پڑی ہوئی پائی گئی ہو، مثلاً سامان ، بالخصوص ایسا سامان جس کے مالک کا کوئی پتا نہ ہو یا جس کا کوئی دعویدار نہ ہو ۔ (قانون) مالِ مسروقہ جسے چور بھاگتے وقت پھینک یا چھوڑ گیا ہو ۔ (جہازرانی) ایک چھوٹی جھنڈی یا پھریرا جسے اشارات کے لیے استعمال کیا جائے ۔ نیز: waft ۔

**wail,** v.i. غم میں چیخنا چلّانا ؛ فریادی ہونا ؛ رونا پیٹنا ؛ ایک طویل ، مبہم ، غمگین آواز سے چیخنا،بالعموم صاف اور بلند آواز سے جیسے غم و اندوہ کے موقع پر ؛ دردناک آواز میں چلّانا ؛ دھاڑیں مار کر پیٹنا یا ماتم زدہ ہونا ؛ چیخ کی طرح ماتمی یا غم آلود آواز کا بلند ہونا جیسے موسیقی کے سازوں یا ہوا کی سرسراہٹ سے آواز نکلتی ہے ؛ واویلا مچانا ؛ ماتمی آواز سے رونا جیسا کہ ماتمی موسیقی ۔ (فعل متعدی) کسی شے پر افسوس کرنا ، ماتم کرنا یا بین کرنا ؛ واویلا کرنا ؛ آہ و زاری کرنا (جیسے : to wail the dead) ؛ نالہ و شیون بلند کرنا یا گریہ و بکا کرنا ۔ (اسم) رونے پیٹنے کی آواز یا ماتم ؛ بین ؛ نالہ ؛ شیون ؛ فریاد ؛ کوئی غمزدہ آواز (جیسے: the wail of an old tune) ۔

**wailer,** n. ماتمی ؛ غمگین ؛ ماتم کرنے والا ؛ نوحہ کناں ۔

**wailingly,** adv. افسوس سے ؛ غمگینی سے ؛ ماتمی طور پر ؛ آہ و زاری کرتے ہوئے ؛ بلند آواز سے روتے ہوئے ۔

**wailful,** a. درد و الم سے بھرپور ؛ درد ناک ؛ دلدوز ؛ نمناک ؛ غم آگیں ۔

**wailfully,** adv. دل دوزی کے طور پر ؛ نمناک انداز میں ؛ آہ و زاری کرتے ہوئے ۔

**Wailing Wall,** n. دیوار گریہ ؛ یروشلم میں ایک سنگی دیوار ، جس کے متعلق روایت ہے کہ وہ حضرت سلیمان علیہ السلام کی ہیکل کا ایک حصہ ہے ، جس کے سامنے کھڑے ہو کر یہودی رو رو کر عبادت کرتے ہیں ۔

**wain,** n. چو پہیہ گاڑی ، جو زرعی مقاصد اور بھاری سامان جیسے غلّہ وغیرہ کی حمل و نقل کے لیے مستعمل ہے ۔ (بڑے W سے) (فلکیات) دُبِّ اکبر ؛ بنات النعش ؛ سات سہیلیوں کا جُھمکا ؛ ثریا ۔

**wainscot,** n. تختہ بندی ؛ خاتم بندی ؛ کمرے کی دیواروں پر تختوں کا حاشیہ جو عموماً پینل کی شکل میں لگایا جاتا ہے ۔ (برطانوی) عمدہ قسم کا شاہ بلوط ، جس کی لکڑی بحیرہ بالٹک کے ساحلی ممالک سے درآمد کی جاتی ہے اور اعلیٰ قسم کے فرنیچر کی تیاری میں مستعمل ہے؛ دیوار کا نچلا حصہ جو لکڑی کے تختوں سے جڑا ہوا ہو جبکہ اوپر والا حصہ کسی دوسرے مسالے سے سجا ہوا ہو ۔ (فعل متعدی) اندر کے رخ منڈھنا ؛ دیواروں کی تختہ بندی کرنا ؛ دیوار میں حاشیہ لگانا ۔

**wainscoting, wainscotting,** n. تختہ بندی ؛ خاتم بندی ۔

**wainwright,** n. ویگنیں بنانے والا شخص ؛ ویگن ساز ۔

**waist,** n. کمر ؛ میان ؛ کسی چیز کا درمیانی پتلا حصّہ ؛ پسلیوں اور کولھوں کے درمیان انسانی جسم کا حصہ ؛ لباس کا وہ حصہ جو کمر کو ڈھانپ لے ؛ کوئی ایسا لباس یا اس کا حصّہ جو جسم کو گردن یا شانوں سے کمر تک ڈھانپ لے ، بالخصوص بچوں اور خواتین کا ایسا لباس ؛ چولی ، صدری ، بلاؤز یا مختصر قمیص وغیرہ جو عام لباس یا اسکرٹ (لہنگا) سے مختلف ہو ؛ زیرجامہ یا بچوں کی نیچے

پہننے والی قمیص (بنیان) خصوصاً جس کے ساتھ مزید لباس جوڑا جا سکے یا منسلک کیا جا سکے ؛ کسی شے کا مرکزی حصہ، بالخصوص پتلا مرکزی حصہ ، جو کسی نہ کسی طرح سے انسانی کمر سے مشابہ ہو (جیسے: the waist of a violin ) ۔ (جہازرانی) جہاز کا مرکزی حصہ ؛ بلند عرشے اور وسطی عرشے کا درمیانی حصہ ۔ (طیرانیات) ہوائی جہاز کے ڈھانچے کا مرکزی حصہ ۔ (حشریات) بہت سے حشرات مثلاً بھڑکے شکم کا درمیانی (وسطی) پتلا حصہ ۔

**waistband,** n. کمر بند ؛ ازار بند ؛ کمر کی پٹی ؛ پٹکا ؛ کمر کے ارد گرد لپیٹی جانے والی پٹی یا پیٹی خصوصاً ایسی پیٹی جو اسکرٹ یا شلوار/پتلون کا جُزو ہو ۔

**waistcoat,** n. (عموماً برطانوی) واسکٹ ؛ صدری ؛ شلوکہ ؛ مرزئی ؛ مردوں کا بغیر آستین کے کوٹ نما لباس ، جو تقریباً کمرتک ہوتا ہے اور کوٹ کے نیچے پہنا جاتا ہے ؛ اسی قسم کا کبھی کبھی پہنا جانے والا خواتین کا لباس (جیکٹ) ؛ ایک مردانہ فتوحی ، جو صرف آرایش کے لیے پہنی جاتی ہے ، ماضی میں دوہرے پیش کوٹ کے اندر کا پہناوا ۔

**waistcoated,** a. واسکٹ والا ؛ صدری پوش ۔

**waister,** n. ناتجربہ کار اور معذور ملاح جسے جہاز کے مرکزی حصے میں متعین کر دیا جاتا ہے ، بالخصوص وھیل مچھلی کے شکار کے جہاز میں ۔

**waistline,** n. کمر ؛ کمر کا حصہ ؛ انسانی جسم کا سینے اور کولھوں کا درمیانی حصہ ؛ اس حصے کا ناپ ؛ لباس کا وہ تنگ حصہ جس کے ساتھ اسکرٹ یا پائیں حصہ منسلک کیا جاتا ہے ۔

**wait,** v.i. انتظار میں ہونا ؛ کسی توقع میں رُکنا یا ٹھہرنا (بالعموم اِس کے ساتھ for ' till اور until استعمال ہوتے ہیں) ؛ تیار رہنا ؛ نظر انداز ہونا یا کچھ مدت کے لیے ملتوی رہنا (جیسے : a matter that can wait ) ؛ فرائض بجا لانا (ہوٹل کے خادم یا خادمہ کے) ۔ (فعل متعدی) کسی انتظار میں کوئی کام نہ کرنا ؛ کھڑے رہنا ؛ انتظار کرنا ؛ توقف کرنا ؛ راہ دیکھنا (جیسے: to wait one's turn ) ؛ کسی توقع پر معاملے کا ملتوی کرنا؛ مؤخر کر دینا ؛ التوا میں ڈالنا (جیسے: to wait dinner for someone ) ۔ (قدیم) اردلی یا محافظ کے فرائض انجام دینا ؛ خدمت کرنا ؛ ساتھ دینا ۔ (اسم) انتظار ؛ انتظار کا دورانیہ یا عمل ؛ تاخیر۔ (برطانوی) نغمہ سراؤں اور گانکوں کی ٹولی یا منڈلی جو کرسمس کے دوران گلی کوچوں میں کرسمس کے گیت گاتی پھرتی ہے ۔ (قدیم) چوکیدار ۔

**lie in wait,** تاک میں رہنا ؛ کسی جگہ چُھپ کر نگرانی کرنا ، بالخصوص مخالفانہ نیّت سے ؛ گھات لگانا ؛ گھات میں رہنا یا بیٹھنا ۔

**wait on, or wait upon,** خدمت گار یا ملازم کی طرح حاضر رہنا ؛ ہمرکاب رہنا ؛ پیش خدمت یا خواص کی حیثیت سے کام کرنا ؛ رسمی حاضری دینا ؛ نیاز حاصل کرنا ؛ ملاقات کرنا (جیسے: to wait on the king ) ۔

**wait up,** کسی شخص یا شے کے انتظار میں بستر پر سونے کے لیے نہ جانا ۔

**wait-a-bit,** n. جنوبی افریقہ کی زمین پر پھیلنے والی کانٹے دار جھاڑیوں یا پودوں میں سے کوئی ایک ۔

**waiter,** n. ویٹر ؛ ملازم ؛ خدمت گار ؛ نوکر ؛ آب دار؛ ہوٹلوں ، ریستورانوں یا ایسے ہی دیگر مقامات پر مہمانوں کی خدمت کے لیے متعین مرد خادم ؛ منتظر ؛ کسی شے یا شخص کا انتظار کرنے والا ؛ سینی یا کشتی جس میں کھانے کے برتن رکھ کر اُٹھائے یا لے جائے جاتے ہیں ؛ طشتری ؛ خوان ۔

**waiting,** n. انتظار کرنے کا عمل ۔ (صفت) انتظار کرنے والا ؛ خدمت کرنے والا ؛ منتظر ۔

**in waiting,** خدمت میں حاضر خصوصاً بادشاہ کی یا شاہی گھرانے کے فرد کی ۔

**waiting game,** n. ایک مشغلہ جس میں مستقبل میں زیادہ مناسب موقع کی امید میں کارروائی کو التوا میں ڈال دیا جاتا ہے ۔

**waiting list,** n. فہرست منتظرین ؛ اُن اُمیدواروں کے اسماء جو ابھی داخلے ، انتخاب یا ملازمت ملنے کا انتظار کر رہے ہوں ۔

**waiting room,** n. انتظار گاہ ؛ ویٹنگ روم ؛ انتظار کا کمرہ ، جو ریلوے اسٹیشنوں پر ریل گاڑی کی آمد یا طبیبوں کے مطبوں میں اپنی باری یا مقررہ وقت کا انتظار کرنے کے لیے ہوتا ہے ۔

**waitress,** n. ویٹرس ؛ ملازمہ ؛ وہ لڑکی یا عورت جو کسی ریستوران میں بطور خادمہ کام کرتی ہو ؛ کھانا کھلانے والی ۔

**waive,** v.t. ہاتھ اٹھالینا ؛ دست کشی اختیار کر لینا ؛ اپنے حق یا دعوے سے دست بردار ہو جانا ؛ ترک کر دینا ؛ چھوڑ دینا ؛ نظر انداز کر دینا ؛ ملتوی کر دینا یا خارج کر دینا ۔ (قانون) کسی دعوے یا حق سے رضاکارانہ طور پر دست بردار ہو جانا ، الگ ہو جانا ، ترک کر دینا یا ختم کر دینا ؛ اس قسم کا بیان دینا یا تحریر داخل کرنا ۔

**waiver,** n. (قانون) بازنامہ ، تیاگ ؛ ترک ؛ حقوق سے دست کشی ؛ ارادی طور پر کسی معلومہ حق ، مفاد یا دلچسپی سے دست برداری ؛ ایسی دست برداری کے حق میں زبانی بیان یا تحریری دستاویز ۔

**wake,** v.i. بیدار ہونا ؛ اٹھنا ؛ نیند سے جاگنا بالعموم up کے لاحقے کے ساتھ (جیسے: he woke up suddenly) ؛ جاگ اٹھنا یا جاگتے رہنا (جیسے: waking or sleeping ) ؛ تعطل یا سکوت کی حالت سے باہر نکل آنا ؛ باخبر ہونا ، مثلاً کسی چیز کا شعور ہونا (جیسے: to wake to the truth ) ؛ کسی مقصد یا فرض کی بجاآوری کے لیے جاگتے رہنا یا مستعد رہنا ۔ (بول چال) جگائے رکھنا یا چوکس رکھنا ۔ (فعل متعدی) نیند سے بیدار کرنا ؛ جگانا ، بالعموم up کے لاحقے کے ساتھ (جیسے: Wake me up for breakfast ) ؛ سکون ، تعطل ، مدہوشی اور کاہلی سے نکال دینا ؛ جوش اور ہیجان پیدا کرنا جیسے جذبات میں؛ برانگیختہ کرنا ؛ اکسانا ۔ (بول چال) جاگ کر پہرہ دینا جیسے کسی لاش پر ۔ (اسم) شب بیداری ، رت جگا ؛ نگہبانی ؛ چوکسی ؛ خبرداری ؛ کسی مذہبی یا رسمی عمل کی خاطر رت جگا ؛ دفن کرنے سے پہلے کسی لاش پر رات بھر کی چوکسی ؛ ماضی میں انگلستان میں گرجا وقف ہونے کی یاد میں منعقد کیا جانے والا ایک سالانہ تہوار ، جس میں شروع میں گرجے میں رت جگا ہوتا تھا اور اگلے دن تعطیل ہوا کرتی تھی جو عیش و مسرت اور تفریحی مشاغل میں گزاری جاتی تھی ؛ حالت بیداری (جیسے: between sleep and wake) ۔

**waker,** n. جگانے والا ؛ رت جگا کرنے والا ۔

**wakeless,** a. نہ جاگا ہوا ، رت جگے کے بغیر۔

**wake,** n. پن لیکھ ؛ پانی کے اندر ہموار لکیر ، جو جہاز یا کی شے کے چلنے سے اس کے عقب میں بن جاتی ہے ؛ (اور اسی مناسبت سے) کوئی راستہ ، پگڈنڈی یا کسی گزری ہوئی یا آگے گئی چیز کا نشان راہ۔

**in the wake of,** پیچھے پیچھے ؛ عواقب میں ؛ نتیجے کے طور پر (جیسے: arrests increased in the wake of the robbery )۔

**wakeful,** a. جاگتا ہوا ؛ بیدار ؛ بے خواب ؛ چوکس ؛ خبردار ؛ نیند نہ آنے کی بیماری میں، مُبتلا ؛ نیند سے عاری (جیسے: a wakeful night ) ؛ بے خوابی میں ہشیار ، چوکنا یا خبردار (جیسے: a wakeful enemy ) ۔

**waken,** v.t. جگانا یا نیند سے بیدار کرنا ؛ اُٹھانا ؛ عمل کے لیے جذبہ و جوش پیدا کرنا ؛ اُکسانا ؛ ہلانا ؛ حرکت کرنا ، پیدا کرنا (جیسے: to waken love or fear ) ۔ (فعل لازم) جاگنا ؛ اٹھ جانا ؛ نیند چھوڑ دینا ؛ باخبر ہونا ؛ جاگا ہوا ہونا ۔

**wakener,** n. جگانے والا شخص یا شے ۔

**wake-robin,** n. جنگلی سوسن ؛ امریکی سوسن کی جنس کے متعدد پودے ، جن میں تیز بُو والے ارغوانی یا گلابی پھول لگتے ہیں ، جیسے آرم ، عجالہ ، جنگلی سوسن ؛ یورپ کی سوسن ۔

**Waldorf salad,** n. والڈورف سلاد ؛ ایک قسم کا سلاد جو سیب کے چوکور ٹکڑے ، مغزیات اور اجوائن خراسانی ملانے سے بنتا ہے ، اس پر انڈے کی زردی کی تہ بھی چڑھائی جاتی ہے ۔

**wale,** n. بدّھی ؛ نیل ؛ اُبھرا ہوا نشان یا دھاری جو جلد پر چابک یا بید کی ضرب سے پڑ جاتی ہے ؛ گومڑ ؛ گوٹ ، مغزی ، حاشیہ یا سنجاف کی ڈوری ؛ کپڑے کی بُنت یا بافت میں اُبھری ہوئی لکیریا دھاری ۔ (جہازرانی) لکڑی کے بنے ہُوئے جہاز کے بیرونی پہلوؤں پر جڑے ہُوئے تختے ۔ (فعل متعدی) بدھیاں ڈالنا ؛ ابھری ہوئی دھاریاں کپڑے میں بُننا ؛ حفاظت کرنا ، محفوظ بنانا یا مضبوط بنانا ؛ اُبھرے ہُوئے سوت یا دھاریوں کی مدد سے یا لکڑیوں کے اضافی تختے جوڑ کر مستحکم کرنا ؛ رسی کو گرہ دینا ؛ نِیل ڈالنا ؛ سُوڑنا ۔

**wale,** n. (برطانوی بولی) انتخاب ؛ بہترین انتخاب ۔ (فعل متعدی) (برطانوی بولی) انتخاب کرنا؛ چھانٹ لینا ؛ چننا۔ (صفت) (برطانوی بولی) اچھا چناؤ۔

**Waler,** n. (کبھی کبھی چھوٹے w سے) ویلر گھوڑا ؛ اعلیٰ اور مضبوط گھوڑے جن کی نسل کشی نیوساؤتھ ویلز اور آسٹریلیا میں کی جاتی تھی اور جو برطانوی راج کے دوران بڑی تعداد میں فوجی استعمال کے لیے ہندوستان کو برآمد کیے جاتے تھے ۔

**walk,** v.i. چلنا پھرنا ؛ گھومنا ؛ ٹہلنا ، جانا ؛ پھرنا ؛ گزرنا ؛ ڈولنا ؛ نمود ہونا ؛ ظاہر ہونا ؛ دکھائی دینا ؛ نکلنا ؛ روانہ ہونا ؛ درمیانی چال سے چلنا یا پیدل سفر پر جانا ؛ قدموں سے چلنا ؛ قدموں سے اِس طرح چلنا کہ دوپایہ چال میں ہر وقت ایک پاؤں زمین پر رہے اور چوپایہ صورت میں دو قدم ہر وقت زمین پر رہیں ؛ ورزش یا تفریح کے لیے پیدل چلنا ؛ بھوت کی طرح زمیں پر گھومنا ؛ بے جان چیزوں کا اس طرح ہلتے نظر آنا کہ معلوم ہو کہ وہ چل رہی ہیں ؛ جُھول ، جھوم ، لہرا یا تھرتھرا کر چلنا ؛ اپنی زندگی کسی مخصوص انداز یا معمول کے مطابق گزارنا (جیسے: to walk with God ) ۔ (بیس بال) چار گیند پھینکنے کے بعد ایک بیس آگے ہو جانا ۔ (باسکٹ بال) جب گیند قبضے میں ہو تو کسی دوسرے کھلاڑی کو گیند دیے یا زمین پر پٹخے بغیر دو قدموں سے زیادہ آگے بڑھ جانا ۔ (فعل متعدی) درمیانی رفتار سے پیدل سفر کرنا ؛ عبور کر لینا یا طے کر لینا (جیسے: to walk the streets ) ؛ چلتے چلتے گھنٹے گزار دینا (away کے لاحقے کے ساتھ) ؛ چلنے میں کام پورا کرنا یا سرانجام دینا ؛ کسی جانور کو راہ دکھانا ، چلانا یا اُس پر سواری کرنا ؛ کسی کو ساتھ لے کر چلنا یا ہانکنا (جیسے: to walk the neighbors around the street ) ؛ کسی بے جان شے کو اس طرح حرکت دینا کہ یہ معلوم ہو کہ وہ چل رہی ہے ۔ (بیس بال) چار گیندیں کھیل کر بلّے باز کا اگلے بیس تک چلنا ۔ (باسکٹ بال) گیند قبضے میں لیے ہوئے کسی دوسرے کھلاڑی کو دینے یا زمین پر پٹخے بغیر دو سے زیادہ قدم آگے بڑھانا ؛ پیمایش کرنا ، مساحت کرنا یا معائنہ کرنا کسی جائیداد کا (پیدل چل کر) ۔ (اسم) چلاؤ یا پیدل چلنے کا عمل ؛ تفریح یا ورزش کے لیے چلنے کا وقت یا دورانیہ ؛ طے کرنے یا کیے جانے والے مقامات کے مابین فاصلہ بالعموم وقت کے لحاظ سے (جیسے: a ten minutes walk to school ) ؛ چلنے کی رفتار یا چال ، خواہ وہ کسی جانور کی ہو یا انسان کی ؛ چلنے کا انداز (جیسے: her figure and her walk ) ؛ کوئی خاص پیشہ ، سرگرمی یا عہدہ (جیسے: various walks of life ) ؛ وہ جگہ جو سیر کے لیے مخصوص یا تیار کی گئی ہو جیسے باغ میں کوئی روش ؛ پیدل چلنے والوں کے لیے سڑک کے کنارے مخصوص بغلی راستہ ؛ پٹڑی ؛ ڈگر؛ رُخ ؛ روش ۔ (بیس بال) چار گیندیں پھینکنے کے بعد پہلے بیس تک پیشقدمی ؛ وہ احاطہ جس میں پالتو جانوروں کو ورزش کراتے ہیں اور اُنھیں خوراک دی جاتی ہے؛ تاجر یا پھیری والے کا راستہ یا دھندا ۔ (برطانوی) جنگل کے داروغہ کے زیر نگرانی جنگل کا ایک علاقہ ۔ (کھیل) پیدل چلنے کا مقابلہ یا دوڑ ؛ چال دوڑ۔

**walk off,** اچانک چلے جانا ۔ (بول چال) زیادہ کھانا کھا کر سیر کرکے ہضم کرنا ۔

**walk off with,** (بول چال) چوری سے اُچک لینا ؛ مقابلے میں اعزاز حاصل کر لینا ؛ مقابلہ جیت لینا ۔

**walkout,** (بول چال) ہڑتال کرنا ۔

**walkout on,** (بول چال) بھاگ جانا ؛ ساتھ چھوڑ دینا ؛ چھوڑ جانا ۔

**walk over,** (بول چال) آسانی سے فتح پالینا جیسے ایک ٹیم کا دوسری ٹیم پر ؛ شکست دینا ۔

**walk through,** (تھیٹر) سرسری نظر سے دیکھ لینا ؛ کسی کھیل یا اُس کی تیاری کے دوران مئیں اسٹیج پر اداکاروں کے مقامات کا تعین کرنا ۔

**win in a walk,** آسانی سے فتح حاصل کر لینا ۔

**walkaway,** n. بآسانی جیتا ہوا مقابلہ ۔

**walker,** n. گڈولنا ؛ واکر ؛ پیڑھا،بچوں کا ؛ پہیوں پر چلنے والا ایک کرسی نما آلہ جس میں کھڑے ہو کر بچے چلنا سیکھتے ہیں ؛ اسی قسم کا ایک اور ڈھانچا جو سخت اور جامد قسم کا ہوتا ہے اور اس کے ساتھ سہارا دینے کے لیے بازو لگے ہوئے ہوتے ہیں جو بیماروں اور سن رسیدہ لوگوں کو چلنے میں مدد دیتا ہے ؛ چلنے والا

شخص ؛ چلنے کا عادی یا سیر کا شوقین شخص ۔

**walkie-talkie, walky-talky,** n. چلتا پھرتا ٹیلیفون ؛ صوت رسا ؛ بیڑی سے چلنے والا خود کار حرکت پذیر صوتی نظام جس میں دونوں طرف سے گفتگو کی اور سنی جا سکتی ہے اور اُسے ایک شخص اپنی پیٹھ پر یا ہاتھ میں اُٹھا کر چل پھر سکتا ہے ۔

**walk-in,** a. پیدل چل کر اندر داخل ہونے والی جگہ سے متعلق (جیسے : a walk-in closet )؛ کسی ایسے شخص کے متعلق یا اس کے بارے میں جو بغیر کسی منصوبے کے کسی کاروباری ادارے یا منڈی میں بڑی خریداری کے لیے اچانک آ جائے ، مثلاً کارخریدنے کے لیے ۔

**walk-in,** n. مدخل ؛ کوئی ایسی جگہ جو اتنی وسیع ہو کہ اُس کے اندر داخل ہُوا جا سکے ؛ سرد گاہ یا خانۂ تبرید ؛ باسانی حاصل کردہ فتح ، جیسے انتخابات یا کھیلوں میں ۔

**walking,** a. رواں ؛ خراماں ؛ چلنے والا ؛ چلنے والے سے متعلق (جیسے: walking stick ) ؛ وہ مریض جو بستر تک محدود نہ ہو (جیسے: a walking patient ) ؛ انتقال پذیر ؛ ایک ایسی میکانی ایجاد یا آلے سے متعلق جو آگے پیچھے حرکت کرتی ہو (جیسے: a walking crane ) ۔ (اسم) چلنے کا عمل ؛ چال ؛ گاڑی ؛ چلنے کے لیے موزوں جگہ یا حالت (جیسے: The walking is difficult on an icy street) ۔

**walking delegate,** n. سفیر ؛ نمائندہ ؛ ٹریڈ یونین کا وہ نمائندہ جو اپنی یونین کے مفاد میں جگہ جگہ پھرکر جائزہ لیتا ہے کہ کیا ہر جگہ قوانین و قواعد کی پابندی ہو رہی ہے نیز وہ دیگر انجمنوں میں اپنی یونین کی نمائندگی کرتا ہے ، بالخصوص آجر حضرات میں ؛ ایک ایسی اصطلاح جو زمانہ حال میں شاذ ہی استعمال ہوتی ہے ۔

**walking fern,** n. (نباتیات) رواں سرخس ؛ سرخس جس کے پتے مخروطی شکل کے نازک اور لمبے ہوتے ہیں ، اس کی نازک شاخیں آگے بڑھتی رہتی ہیں اور بڑ کی طرح زمین میں جڑوں کی صورت میں جگہ بناتی رہتی ہیں ؛ شمالی امریکا کے مشرقی علاقوں کی ایک سخت قسم کی شاخوں والی سرخس ۔

**walking leaf,** n. (حشریات) برگ حشرہ ؛ چلتا پتّا؛ایک کیڑا جس کا تعلق راست پراں حشرات کے خاندان سے ہے اور جنوبی ایشیا اور جزائر شرق الہند میں پایا جاتا ہے ، اس کیڑے کی ٹانگیں اور پر پتوں سے مشابہ ہوتے ہیں ۔

**walking papers,** n. (جمع ، بول چال) موقوفی یا برخاستگی کا حکم نامہ ؛ یہ اعلان کہ فلاں شخص کو ملازمت سے موقوف یا برخاست کر دیا گیا ہے ۔

**walking stick,** n. عصا ؛ چوب دستی ؛ چھڑی یا بید جو دوران سیر ہاتھ میں رکھی جاتی ہے اور چلنے میں مدد دیتی ہے ۔ (حشریات) لاغر حشرات کی کوئی بھی قسم جن کا شاخ نما لمبوترا جسم ہوتا ہے ، اسے stick insect یعنی چھڑی نما حشرہ یا چھڑی حشرہ بھی کہتے ہیں ۔

**walk-on,** n. کسی فلم یا کھیل میں ایک مختصر کردار جس میں اداکار کو بولنا نہیں پڑتا ؛ وہ اداکار جو یہ کردار ادا کرے ۔

**walkout,** n. کارکنوں کی ہڑتال ؛ کسی جلسے سے غیر حاضر ہو کر یا باہر جا کر اپنی نارضامندی کا اظہار ۔

**walkover,** n. دوڑ بالخصوص گھڑ دوڑ میں جیت ، ایسی صورت میں کہ مقابلے میں اور گھوڑا موجود ہی نہ ہو ۔ (بول چال) آسان جیت یا آسان فتح ۔

**walk-up,** n. (بول چال) کسی ایسی عمارت میں دوسری یا مزید بالائی منزل کا کمرہ جس میں لفٹ موجود نہ ہو ؛ اِس قسم کی عمارت ۔ (صفت) لفٹ کے بغیر عمارت ۔

**walkway,** n. پیدل راستہ ؛ فُٹ پاتھ ؛ پٹڑی ؛ سیرگاہ ؛ ہر وہ راستہ جو پیدل چلنے والوں کے لیے مخصوص ہو ۔

**wall,** n. دیوار ؛ فصیل ؛ مورچہ ؛ روک ؛ سلسلہ ؛ جدار ؛ پتھر ، اینٹ ، لکڑی یا کسی اور ایسی ہی شے سے بنائی گئی ایک عمودی تعمیر جو کسی جگہ کا احاطہ کرے یا اسے تقسیم کرے ، بالائی وزن کو برداشت کرے یا سہارا دے ، مٹی یا پانی کو روکنے کے کام آئے یا اسی نوع کی کسی اور ضرورت کو پورا کرے ؛ عمارت یا کمرے کی ایک طرف؛ ٹھوس اور مستقل جنگلا یا باڑ ؛ کوئی شے جو دیوار سے ملتی جلتی ہو ؛ پناہ اور حفاظت یا تحفظ کا ایک ذریعہ ؛ پشتہ ۔ (بالعموم جمع) ایک حد/بندی ، رکاوٹ ، فصیل یا قلعہ بندی ۔ (نباتیات) درختوں کے چھلکے کا بیرونی حفاظتی حصہ (جیسے: a cell wall ) ۔ (فعل متعدی) دیوار سے کسی جگہ کا احاطہ کرنا یا تقسیم کرنا ؛ دیوار اُٹھا کر قلعہ بندی کرنا یا تحفظ فراہم کرنا؛ دیوار بنا کر جگہ پُر کرنا ، مثلاً کسی دیوار یا عمارت کا کوئی سوراخ ؛ دیوار کھینچنا ؛ فصیل بنانا ؛ چُن دینا ؛ بند کر دینا ؛ روک کھڑی کر دینا ۔ (صفت) دیوار کا یا دیوار سے متعلق ؛ دیوار سے اُٹھتی ہوئی ، اُگتی ہوئی یا ساتھ لٹکتی ہوئی ؛ دیواری؛ جداری ۔

**go to the wall,** کسی مقابلے میں بُری حالت ہونا یا مغلوب ہو جانا ؛ بے بس ہو جانا ؛ مجبور ہو جانا ؛ لاچار ہو جانا ؛ مات کھا جانا ؛ گھٹنے ٹیک دینا ؛ ہار جانا ۔

**push to the wall,** تباہ کر دینا ؛ ذلیل کرنا ؛ مایوسی کی حالت میں مبتلا کر دینا ۔

**walllike,** a. مضبوط ؛ دیوار کی مانند ۔

**wallaby,** n. کنگرو کی چھوٹی یا بڑی کوئی بھی قسم ؛ تھیلی دار جانوروں میں سے کوئی ایک ، جن میں سے بعض خرگوش سے بڑے نہیں ہوتے ۔

**wallah, walla,** n. [اردو] والا ؛ کسی پیشے سے منسک کوئی شخص جیسے پھیری والا ، پنکھے والا وغیرہ ۔

**wallaroo, euro,** n. بڑا کنگرو ؛ مغربی آسٹریلیا کے بڑے قد و قامت کے کنگرو جو سُرخ ، بُھورے یا کالے رنگ میں پائے جاتے ہیں ۔

**wallboard,** n. دیواری گتہ ؛ ایک قسم کا مصنوعی گتہ یا کاغذ جو چھتوں اور دیواروں پر آرایش کے لیے لگایا جاتا ہے ؛ دیگر مصنوعی چادریں اور منقش کاغذ جو اس کام میں لائے جاتے ہیں ؛ چوبی تختوں یا پلستر کا بدل ۔

**walled,** a. احاطہ شدہ ؛ فصیل بند ؛ دیوار کے اندر یا دیوار والی ؛ دیوار سے احاطہ شدہ ؛ محدود ؛ گھرا ہوا ؛ چار دیواری والا ۔

**wallet,** n. بٹوا ؛ جامدانی ؛ زنبیل ؛ تھیلے یا جیب میں ڈالنے کے لیے ایک چھوٹا سا کئی خانوں والا بٹوا جو نقدی ، شناختی کارڈ ، کریڈٹ کارڈ اور تصویریں وغیرہ رکھنے کے کام آتا ہے ۔ (برطانوی) سفری تھیلا ؛ تھیلا جس میں ذاتی اور کارآمد اشیا ڈال کر دورانِ سفر ساتھ رکھ لیتے ہیں ۔

**walleye,** n. بھینگی آنکھ ؛ قزحیہ آنکھ ؛ آنکھ
جس کی پتلی ہلکے بھورے یا سفید رنگ کی ہو ، جیسی بھینگی آنکھ
والے شخص یا جانور کی نظر آتی ہے؛ چشم احوَل ۔ (امراضیات) حوَل
یا بھینگا پن ، جس میں بالعموم آنکھ باہر کی طرف مڑی ہوئی ہوتی ہے؛
سمکیہ ؛ بھولا ؛ شکار کی جانے والی مچھلیوں کی کئی اقسام جن
کی بڑی بڑی آنکھیں ٹکٹکی باندھ کر دیکھتی معلوم ہوتی ہیں ، مثلاً
خارماہی ۔

**walleyed,** a. گربہ چشم ؛ بِلّی آنکھ والا ؛ احول؛
بھینگا ؛ کُنجا ؛ ایسی آنکھ یا آنکھوں والا جو سفید پتلی کے سبب بے
رنگ نظر آئے ؛ ایسی آنکھ جس میں سفیدی کا عُنصر غیرمعمولی ہو یا
بھینگے پن کی وجہ سے اُس کی آنکھوں کا سفید حصہ زیادہ نمایاں ہو ؛
لمبی سی ٹکٹکی باندھ کر دیکھنے والی آنکھیں ، جیسے بعض مچھلیوں
کی ۔

**wall fern,** n. بِسفائج ؛ ایسا سرخس جو بالعموم نمدار
دیواروں پر اُگ آتا ہے ۔

**wallflower, gilly flower,** n. رائی کے خاندان سے موسم بہار کا سدا
بہار یورپی پودا جس میں نارنجی یا بادامی رنگ کے خوشبو دار پھول
لگتے ہیں اور پرانی دیواروں ، کھڑی چٹانوں اور ایسی ہی دیگر
جگہوں پر خود بخود اُگ آتا ہے ، اس کی بہت سی اقسام کاشت بھی
کی جاتی ہیں ، جن میں پیلے ، سرخ ، ارغوانی خوشبو دار پُھول لگتے
ہیں ؛ مغربی امریکا میں اس نوعیت کے بہت سے پودوں
میں سے کوئی ۔ (بول چال) کوئی شخص بالخصوص عورت جو کسی
پارٹی میں جیسے رقص کے ہنگام،شرم و حیا کے سبب یا کوئی ساتھی
نہ ملنے کی وجہ سے اکیلی رہ جائے ۔

**wallop,** v.t. (بول چال) خوب پٹائی کرنا ؛ خوب مارنا ؛
کوڑے مارنا ؛ چابک لگانا ؛ اُدھیڑنا ؛ لپیٹنا ؛ لڑھکانا ؛ زور سے ضرب
لگانا ، بُری طرح سے ہرا دینا جیسے کھیل میں ۔ (فعل لازم ، بول چال)
بے ڈھنگے طریقے سے ہلنا ؛ ہاتھ پاؤں مارنا ؛ دھنسنا؛ لوٹنا ؛ اُبلنا جیسے
پانی کا ۔ (اسم ، بول چال) ایک زور دار ضرب ؛ ایسی ضرب لگانے کی
اہلیت جیسے مُکے بازی میں ۔

**walloper,** n. مکے باز شخص ۔

**walloping,** a. (بول چال) بہت بڑا ؛ قوی ؛ مضبوط ۔
(اسم) (بول چال) پٹائی ؛ ہار/شکست ۔

**wallow,** v.i. لتھڑنا ؛ لوٹنا ؛ پانی ، کیچڑ یا ریت ،
برف ، دھول یا ایسی کسی اور چیز میں تفریحاً لوٹنا یا لتھڑنا جیسے سؤر
کا کیچڑ میں لوٹنا ؛ خودستائی یا عیش و عشرت میں زندگی گزارنا
(جیسے : to wallow in wealth ) ؛ ہچکولے کھانا یا مشکل میں بھدے پن
سے چلنا ، جیسے کسی جہاز کا موجوں میں ؛ اُمنڈ آنا ، جیسے دھوئیں یا
حرارت کا ۔ (اسم) لَوٹنے کا عمل ؛ وہ جگہ جہاں کوئی جانور لوٹتا ہو ۔

**wallower,** n. لوٹنے والا شخص یا کوئی چیز ۔

**wallpaper,** n. دیواری ابری ؛ دیوار پر لگانے کا کاغذ جو
بالعموم منقش ہوتا ہے اور دیواروں اور چھتوں پر خوبصورتی کے لیے
لگایا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) دیواروں پر کاغذ لگانا یا چپکانا ؛ ابری
لگانا ۔

**wall pellitory,** n. (نباتیات) عاقر قرحہ ؛ قدیم دُنیا کی ایک
جڑی بوٹی جس کا تعلق قراص خاندان سے ہے اور جو پرانی دیواروں میں
اُگ آتی ہے ، ماضی میں ادرار بول کے لیے بطور دوا مستعمل تھی ۔

**wall plate,** n. (فن تعمیر) دیواری داسہ ؛ سہارے کا شہتیر ؛
دیوار میں افقاً لگائی جانے والی لکڑی جو شہتیروں ، جوڑوں یا دوسری
لکڑیوں کے سروں پر لگائی جاتی ہے ۔ دیکھیے : Plate ۔ (میکانیات)
دیوار پر عموداً لگایا جانے والا لکڑی کا تختہ جو بریکٹ کو سہارا دے ۔
(کان کنی) بڑے ڈُھرے کے دونوں اطراف لکڑی کے بڑے شہتیر میں سے
کوئی ایک جو کان کی دیواروں کو سہارا دیتے ہیں ۔

**wall plug,** n. دیوار میں لگا ہوا بجلی کا پلگ ؛ بجلی
حاصل کرنے کا پلگ ؛ دیوار سے بجلی گزرنے کے راستے پر لگا ہوا بٹن ۔

**wall rock,** n. (کان کنی) دھاتی چٹانیں ؛ چٹانیں جو
معدنی دیواروں کی طرح اُبھری ہوئی ہوں ؛ معدنی دھاری والی چٹانیں ۔

**wall rocket,** n. (نباتیات) دوخشبہ ؛ باریک برگہ ؛
یورپ کا سدا بہار پودا ، جس میں پیلے پُھول لگتے ہیں اور یہ دیواروں
اور باڑوں کے ساتھ اُگ آتا ہے ۔

**wall rue,** n. (نباتیات) چترک ؛ تلی بُوٹی ؛ چھوٹی فرن جو
پتھریلی دیواروں اور چٹانوں وغیرہ پر اُگ آتی ہے ۔

**Wall Street,** n. وال اسٹریٹ ؛ نیویارک شہر کے جنوبی
حصّے مین ہیٹن میں واقع ایک گلی ، جو زمانہ حال میں امریکا کے سب
سے بڑے بازار حصص کی حیثیت سے مشہور ہے؛ امریکی
سرمایہ کاروں اورحصص یا صرّافے کا کام کرنے والوں کا مرکز ۔

**walnut,** n. اخروٹ ؛ جوز ؛ فلاں نسل کے بہت سے
اشجار میں سے ایک جس کے پھل کے گودے یعنی مغز کو بطور خشک
میوہ کھایا جاتا ہے ؛ اس درخت کے جوز؛ اس درخت کی لکڑی،
بالخصوص سیاہ اخروٹ کی لکڑی ، جس سے بندوقوں کے کُندے ،
الماریاں اور صندوق بنائے جاتے ہیں ؛ اخروٹ کا سیاہی مائل بادامی
رنگ ۔

**Walpurgis Night,** n. وال پرگس رات ؛ وسطی دور کے جرمن اساطیری
قصوں کے مطابق وہ شام جب بہت سی جادوگرنیاں ایک طے شدہ مقام
خصوصاً بروکن پہاڑ پر اپنے سردار (شیطان)کے ساتھ رنگ رلیاں منانے
گئیں ، جرمنی میں اس واقعے کی یاد ہر سال یکم مئی کی شب کو منائی
جاتی ہے ۔

**walrus,** n. والرس ؛ فیل البحر ؛ قطب شمالی میں
پائے جانے والے دو بڑے گوشت خور میمل‌جانور جن کا تعلق سیل یا عجل
البحر خاندان سے ہے اور جن کو ان کی سخت جلد یا دانتوں اور چربی
سے حاصل ہونے والے تیل کے لیے شکار کیا جاتا ہے ۔

**waltz,** n. والٹز ؛ راگ پر کیا جانے والا جوڑا
رقص ؛ ایک قسم کا ناچ جس میں مرد،عورت جوڑا جوڑا ہو کر موسیقی
کی سنگت میں ایک دوسرے کے گرد گھومتے ہوئے ناچتے ہیں ؛ اس ناچ
کی موسیقی ۔ (صفت) اس ناچ کا یا اس کے متعلق (جیسے : a waltz
gown ) ۔ (فعل لازم)والٹز کی گت پر ناچنا ۔ (بول چال) کسی کام کا
بغیر محنت یا کوشش کے ہونا (through کے لاحقے کے ساتھ ، جیسے :to
waltz through a math assignment ) ۔ (فعل متعدی) رہنمائی کرنا ، والٹز
ناچ کے ساتھی کی حیثیت سے ۔ (بول چال) ہلنا ، مٹکنا ؛ تیزی سے
جُنبش کھانا یا زور سے دھکیلنا (جیسے: to waltz a misbehaving child
out of the class room ) ۔

**waltzer,** n. والز رقاص ؛ والز ناچنے والا شخص ؛

والز موسیقی بجانے والا شخص ۔

**wamble,** v.i. (خصوصاً بولی) مُڑنا یا گھومنا ؛ ڈگمگا کر چلنا ؛ خراب ہونا ، جیسے معدے کا نظام ؛ اوبھنا ؛ جی متلانا ؛ مالش ہونا ؛ اتھل پتھل ہونا ۔ (اسم) (عموماً بولی) چلنے کا غیر متوازن انداز یا لڑکھڑاتی ہوئی چال؛ مستانہ رفتار ؛ متلی کا احساس ۔

**wambly,** a. ڈانواں ڈول ؛ متلی کا ۔

**wampum, peag,** n. وامپم ؛ کوڑیوں کا ہار ؛ صدف سے بٹی ہوئی لڑیاں جنھیں ماضی میں شمالی امریکا کے انڈین زرمبادلہ یا زیورات کے طور پر استعمال کرتے تھے ، یہ صدف دو قسم کے ہوتے تھے : سفید یا زیادہ گراں مایہ سیاہ یا گہرے قرمزی رنگ والے ۔ (بول چال) روپیہ پیسہ ؛ دولت ۔

**wampumpeag,** n. سفید یا سفید صدف یا کوڑیوں کی لڑیاں ؛ سفید صدف کوڑیاں اور گھونگے ۔

**wan,** a. بیمار کی طرح پیلے یا زرد رنگ والا ؛ بے رونق ؛ ماند ؛ پھیکا ؛ بے نُور ؛ تکان ؛ جذباتی ہیجان یا بیماری وغیرہ ظاہر کرنے والا یا اس کا مظہر ؛ نقیہہ ؛ کمزور ؛ نڈھال ؛ مریض ؛ اُداس ؛ پژمردہ ؛ ڈھیلا ۔ (فعل متعدی و لازم) (شاعری) زرد رو ہونا یا کسی کو زرد رو کرنا ؛ پیلا پڑنا ؛ مرجھانا ؛ کملانا ؛ سست یا ڈھیلا پڑ جانا ؛ تھکانا ؛ نڈھال کرنا یا نڈھال ہونا ۔

**wanly,** adv. پریشانی سے ؛ تھکے ہوئے ؛ پژمردہ طور پر ؛ افسردگی کے ساتھ ۔

**wanness,** n. زردی ؛ پیلا پن ؛ نقاہت ۔

**wand,** n. جادُو کی چھڑی ؛ قمچی ؛ عصا ؛ جریب ؛ ایک پتلی لمبی چھڑی جسے جادو گر یا غیب دان استعمال کرتے ہیں ؛ عصائے منصبی جو عہدے یا اختیار کی علامت ہو ؛ موسیقار کا عصایا چھڑی ؛ کوئی پتلی ٹہنی یا شاخ ۔ (تیراندازی) تیراندازی کے لیے بطور نشانہ مستعمل ٦ فٹ لمبی اور دو انچ چوڑی لکڑی کی پٹی ۔

**wander,** v.i. آوارہ ہونا ؛ ادھر اُدھر پھرنا ؛ بغیر کسی طے شدہ منزل یا مقصد کے ادھر اُدھر گھومنا ؛ مٹر گشت ہونا ؛ بالواسطہ یا بے خیالی سے کہیں پہنچ جانا ؛ پیدل چلنا ؛ بھٹکنا ، بُھولنا یا بے راہ ہونا ؛ چکر کھاتے ہوئے یا پیچ و خم کے ساتھ بہنا ؛ اخلاقی طور پر بے راہ یا گمراہ ہونا ؛ خطا یا غلطی کا ہونا ؛ خیالوں میں بہک جانا ؛ خیالات یا گفتار میں غیر منطقی ہونا ۔ (فعل متعدی) راستہ طے کر لینا ؛ برزہ گردی کرنا ؛ روگردانی کرنا؛ زمین ناپنا؛ مطلب سے گریز کرنا؛ آوارہ گردی کرنا ۔ (اسم) جہاں گردی ؛ برزہ گردی ؛ سیر ؛ مٹر گشت ؛ آوارگی ؛ زمین پیمائی ۔

**wanderer,** n. جہاں گشت ؛ آوارہ گرد ؛ سیاح ؛ خانہ بدوش ۔

**wandering,** a. آوارہ گرد ؛ برزہ گرد ، بل کھاتا ہوا جیسے دریا ، پگڈنڈی یا سڑک؛ خانہ بدوش ۔(اسم) (اکثر جمع) راستہ متعین کیے بغیر سیاحت؛ پیچیدہ، غیر معقول تقریر یا خیالات؛ بہکی بہکی باتیں یا بذیان ۔

**wanderingly,** adv. ادھر ادھر پھرتے ہوئے ؛ بھٹکتے ہوئے؛ بہکی بہکی باتیں کرتے ہوئے ۔

**Wandering Jew,** n. (نباتیات) گرداں بیل؛ گردش زدہ یہودی؛ مختلف الانواع بیلوں میں سے شعیرے کے خاندان سے متعلق زمین کے ساتھ پھیلنے والی بیلیں ؛ جہاں گشت یہودی ، جسے زمانۂ وسطی کی ایک روایت کے مطابق حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو قربان گاہ کے راستے میں واقع اپنے گھر کے سامنے آرام کرنے کی اجازت نہ دینے پر بد دعا دی گئی تھی کہ وہ بطور سزا خانہ بدوش رہے گا ۔

**wanderlust,** n. آوارہ گردی کا چسکا ؛ سیروسفر کی خواہش ، آرزو یا ترنگ ؛ سیاحت یا گھومنے پھرنے کی خواہش ؛ ممالک دور دراز کی سیاحت کرنے کی امنگ ۔

**wanderoo,** n. وانڈرو ؛ لنگور ؛ لنکا میں پائے جانے والے کئی قسم کے لنگوروں میں سے ایک خاص قسم کا لنگور جس کی ایال اور دُم شیر کی مانند ہوتی ہے ؛ جنوبی ہند کے لنگوروں کی ایک قسم ۔

**wane,** v.i. گھٹنا ؛ کم ہونا ؛ چھوٹا ہونا،خصوصاً چاند کے روشن حصے کا بڑھنے کے برعکس ؛ مختصر ہونا ؛ زوال پذیر ہونا ، روبہ انحطاط ہونا ، جیسے اہمیّت یا قوت میں ؛ اختتام پذیر ہونا (جیسے: The autumn wanes ) ؛ ڈھلنا ؛ اُترنا ۔ (اسم) انحطاطی دور ؛ چاند کے نُورانی حصے کا زوال ؛ کمی ؛ اُتار ؛ گھٹاؤ ؛ محاق ؛ کسی تختے کا ڈھلوان کنارا جو لکڑی کے چھلکے کے اُتر جانے یا متعلقہ جگہ پر لکڑی نہ ہونے یا گانٹھ نکل جانے کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے ۔

**on the wane,** زمانہ انحطاط میں ؛ زوال پذیر ۔

**waney, wany,** a. زوال یافتہ یا کم شدہ ؛ انحطاط پذیرفتہ ؛ مختصر شدہ ؛ کمی کا شکار ؛ کسی چری ہوئی لکڑی کا نقص والا ڈھلوانی کنارا ۔

**wangle,** v.t. (بول چال) دھوکا دہی ، چالاکی یا ناجائز طریقوں سے کوئی شے حاصل کر لینا یا کوئی کام پورا کرلینا (جیسے: to wangle an extra ticket ) ؛ کام نکالنا خصوصاً دھوکے فریب سے ؛ حیلے کرنا ؛ سازباز کرنا ؛ جوڑ توڑ کرنا ؛ چالاکی سے حاصل کرنا ؛ گھیر لینا ۔ (فعل لازم) (بول چال) حیلہ جُوئی اور بے ایمانی سے اپنے مقصد میں کامیاب ہو جانا ۔ (اسم) (بول چال) دھوکا دہی کا عمل ؛ بے ایمانی ؛ فریب ؛ مکاری ۔

**wangler,** n. دھوکے باز ؛ بے ایمان شخص ۔

**wanigan wannigan, wangun,** n. (شمالی امریکا اور کینیڈا) لکڑ ہارے کا صندوق یا پیٹی ؛ جنگلی لکڑی کاٹنے والے کیمپ میں متفرق اشیا اور پرچون اشیا رکھنے کا خانہ یا جگہ ؛ پہیّوں ، سیڑھیوں یا کشتی پر بنی ہوئی جھونپڑی جیسے باورچی خانہ ، دفتر یا آرام کے لیے ۔

**wanion,** n. (قدیم) بدقسمتی ؛ انتقام (تاکیدی اور ملامتیہ جملوں میں مستعمل ہے ، جیسے: with a wanion ) ؛ خدا غارت کرے ! خدا سمجھے ! خدا بدلہ دے ! ۔

**Wankel engine,** n. وینکل انجن ؛ ایک قسم کا چھوٹا ہلکا اور گردشی انجن جس میں گول مثلثی روٹرپسٹن استعمال کیا جاتا ہے اور جس کے صرف دو بڑے متحرک حصّے ہوتے ہیں ۔

**want,** v.t. چاہنا ؛ طلب رکھنا ؛ محتاج ہونا ، مانگنا ؛ کمی محسوس کرنا ؛ آرزو ، خواہش ، ضرورت یا چاہت رکھنا (اکثر مصدر کے لاحقے کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ، جیسے: I want to sleep ) ؛ کسی شے کی طلب کرنا یا چاہنا ؛ کمی محسوس کرنا (جیسے: to want experience ) ؛ چاہنا یا ضرورت محسوس کرنا

(جیسے : The lawn wants cutting ) ؛ متعین مقدار یا حد میں کمی محسوس کرنا ۔ (فعل لازم) ضرورت مند یا مفلس ہونا ؛ فقدان ہونا ؛ کسی شے کی حاجت ہونا (اکثر for کے ساتھ) ؛ رجوع کرنا (to کے ساتھ، جیسے: Stay home if you want to ) ۔ (اسم) ضرورت کی یا کسی مطلوبہ شے کی کمی ، عدم موجودگی ؛ احتیاج ؛ حاجت ، ضرورت ؛ طلب ؛ افلاس ؛ فقدان ؛ عُسرت ؛ تنگی ؛ غریبی ؛ تکلیف ۔

**want in or want out,** کسی شے کی طلب ۔ (بول چال) اندر آنے یا باہر جانے کی خواہش ؛ کسی کام یا منصوبے میں شامل ہونے کی خواہش یا اس کا انکار ۔

**wanter,** n. خواہشمند ؛ محتاج ؛ طلبگار ؛ طلب کرنے والا شخص: ضرورت مند شخص ۔

**want ad,**n. اشتہار ضرورت؛ اخبارات و جرائد میں ضرورت ہے کا کالم ۔

**wanting,** a. کم ، محروم یا غیرموجود ، ناقص ؛ معرّا ؛ ادھورا (جیسے : an apparatus with some of the parts wanting) ؛ کسی حصے ، چیز یا پہلو سے نامکمل (عموماً in کے ساتھ مستعمل، جیسے: to be wanting in courtesy ) ۔ (حرفِ جار) ادھورا یا عاری ؛ کم ؛ منفی (جیسے : a century wanting three years ) ۔

**wanton,** a. شوخ ؛ چنچل ؛ عیاش یا شہوت پرست ؛ رنڈی باز ؛ مست ؛ مستـانـہ ؛ مخمور ؛ آوارہ ؛ ہوس کار ؛ فطری تحریکات ، خواہشات کو پورا کرنے میں دل کھول کر یا بلا روک ٹوک حصہ لینے والا؛ لا اُبالی؛ من موجی ؛ لاپروا ؛ بے لگام ؛ بے تُکا ؛ انجام سے بے خبر ؛ عاقبت نا اندیش ؛ حد سے متجاوز یا غیرمعتدل ؛ انتہائی عیش پسند یا پر اسراف جیسے رہن سہن میں ۔ (خصوصاً ادب میں) شوخ اور اُچھل کود کا عادی ؛ تماشا پسند ؛ آزاد ، بے روک یا ہر قسم کی پابندی سے بالاتر (جیسے: wanton ringlets of hair) ؛ جڑی بوٹیوں یا دوسرے خود رو پودوں کی طرح بے ضبط اور بے حساب اُگے ہوئے ۔ (اسم) شہوت پرست شخص خصوصاً عورت ؛ جانور یا انسان جو کھیل کود میں بے حد خوشی محسوس کرے اور حد سے بڑھ جائے ۔ (فعل متعدی) بلا روک ٹوک ضائع کرنا یا روپیہ پیسہ خرچ کرنا ۔ (فعل لازم) کُھل کھیلنا یا تماش بین ہونا ؛ بدکاری میں مُبتلا ہونا ۔

**wantonly,** adv. شوخی سے ؛ لااُبالی پن سے ؛ بیہودگی سے؛ بلاوجہ ۔

**wantonness,** n. شوخی ؛ لاابالی پن ؛ آوارہ مزاجی ؛ بدکاری ؛ بڑ دنگا پن ۔

**wapentake,** n. انگلستان کے بعض شمالی ضلعوں میں ایک سابقہ قسمت یا کاؤنٹی کا سو افراد پر مشتمل ایک پرگنہ ۔

**wapiti,** n. شمالی امریکا کا بارہ سنگھا ؛ شمالی امریکا کے بڑے ہرنوں کی ایک قسم جس کے سینگ لمبے اور پتلے ہوتے ہیں ۔

**wappenshaw, wapinschaw, wappen schawing,** n. سپاہ شماری ؛ مردم و اسلحہ شماری ؛ ماضی میں اسکاٹ لینڈ کے ہر ضلع میں مختلف وقفوں سے اسلحہ و افراد کا جائزہ؛ اجتماع؛ حاضری ۔

**wapperjaw,** n. (بول چال) ٹیڑھا جبڑا؛ نیچے جھکا ہوا ٹیڑھا یا بگڑا ہوا جبڑا ۔

**wapper jawed,** a. بدشکل جبڑے والا ۔

**war,** n. جنگ ؛ لڑائی ، محاربہ ، خصومت؛رزم ؛ رن ؛ بیکار ؛ حرب ؛ نبرد آزمائی ؛ اقوام کے مابین یا ایک ہی قوم کے دو گروہوں کے درمیان جنگ یا مسلح تصادم ؛ عداوت اور خصومت یا فوجی جھڑپ کی حالت ، دشمنی اور مقابلے کا کوئی عمل ؛ فوجی کارکردگی سے متعلق کوئی پیشہ ، علم یا فن ۔ (فعل لازم) لڑنا یا لڑائی ہونا ؛ دشمن بنے رہنا ؛ سخت مخالفت میں ہونا ۔ (صفت) جنگ کا ؛ جنگ سے متعلق ؛ جنگ میں مستعمل یا جنگ کے باعث ۔

**warble,** v.t. الاپ کرنا ؛ کسی منتخب نغمے کو لہرا کر، لہک کر اور جھوم جُھوم کر تھرتھراتی آواز میں گانا ؛ آواز کے اتار چڑھاؤ اور زیرو بم کی نغمگی سے راگ کو آراستہ کرنا ؛ حمدیہ ترانے یا عام گانے الاپنا ۔ (فعل لازم) چہچہانا، چہکنا ؛ لہکنا ؛ الاپنا ؛ تھرتھراتی ، لہکتی اورچہکتی ہوئی آواز کا مالک ہونا ؛ حمدیہ ترانے گاتے وقت یا گانے کے دوران آواز کے زیر و بم کا خیال ہونا ۔ (اسم) مترنم آوازوں کا بہاؤ یا کھنکتی ہوئی آواز خصوصاً گٹکری ؛ چہچہانے کی آواز یا چہکنے کا عمل ؛ کھنکتی ہوئی صدا ؛ نغمہ یا گیت ۔

**warble,** n. (بیطاری امراضیات) گٹا؛ گومڑی ؛ گھوڑے کی پیٹھ پر رسولی یا چھوٹا سا سخت گُومڑ جو کاٹھی کی رگڑ سے پیدا ہو جاتا ہے ؛ لاروا یا خود باٹ مکھی کے کاٹنے کی وجہ سے پیدا ہونے والی جانوروں کی جلد کے نیچے ایک چھوٹی سی رسولی یا گانٹھ ؛ باٹ مکھی یا اس کا لاروا ۔

**warbled,** a. گومڑ والا ؛ گومڑ دار ۔

**warble fly,** n. (حشریات) باٹ مکھی ؛ خرمگس کے خاندان کی مکھیاں جن کے لاروے مختلف جانوروں اور حیوانوں کے زیر جلد پرورش پاتے اور ورم پیدا کر دیتے ہیں ۔

**warbler,** n. نغمہ سنج؛ زمزمہ پرداز ؛ چہکنے والا ؛ مغنی ۔ (طیوریات) طائر المفرد ؛ چکارہ ؛ شمالی اور جنوبی امریکا میں پرندوں کی سلویسی نسل سے ایک چھوٹا سا شوخ رنگ کیڑے کھانے والا پرندہ ، جیسے زرد مغنی پرند ، سرخ طوطی اور سرخ دُمہ پرند ؛ یورپ میں پائے جانے والے سلویسی نسل کے پرندوں میں سے کوئی ایک بشمول دلدلی طوطی اور سفید حلق پرند ۔

**war bonnet,** n. ببیانہ ٹوپی ؛ ایک رسمی کلاہ سر، جو پروں کو کپڑے کی ایک پٹی میں لگا کر ٹوپی کے ساتھ منسلک کر دی جاتی ہے ، ٹوپی کے ساتھ ایک پروں کا پُھندنا سا پیچھے کی طرف لٹکا دیا جاتا ہے ، شمالی امریکا کے میدانی علاقے کے قدیم ریڈ انڈین یہ ٹوپی پہنتے ہیں ؛ بادبان کی زیریں حفاظتی کوچ ۔

**warchest,** n. اندوختہ برائے جنگ ؛ اندوختہ یا خزانہ برائے جنگ وجدل ؛ متوقع یا کی جانے والی جنگ کی مالی ضروریات پورا کرنے کے لیے مخصوص کی گئی رقم ۔ (مجازاً) ایسی رقم جو کسی آئندہ مہم جوئی کے لیے مخصوص ہو ، جیسے کسی سیاسی مہم کے اخراجات کے لیے ۔

**war club,** n. شام چڑھی لاٹھی ؛ ایک لاٹھی جس کے ایک سرے پر عموماً لوہا یا پتھر چڑھا دیتے ہیں ، امریکا کے قدیم ریڈانڈین اسے بطور ہتھیار استعمال کیا کرتے تھے ۔

**war crime,** n. (عموماً جمع) جنگی جُرم ؛ جنگ کے دوران بین الاقوامی معاہدوں، قوانین اور اخلاقی معیاروں کی خلاف ورزی خصوصاً نوع انسانی کے خلاف جرائم جیسے قتل عام، بیگار یا جنگی قیدیوں سے بدسلوکی ۔

**war cry,** n. نعرہ جنگ ؛ فوجی نعرہ ؛ دشمن پر حملے کرتے وقت فوجیوں یا حملہ آوروں کا کوئی مخصوص جُملہ جو نعرے کے طور پر استعمال کیا جائے ؛ کسی مہم یا مقابلے میں عوام کو متحد رکھنے اور ارد گرد جمع کرنے کے لیے کوئی سیاسی یا جنگی نعرہ ۔

**ward,** v.t. توڑ کرنا ؛ رد کرنا ؛ بچانا ؛ دیکھ بھال رکھنا ؛ وار روکنا ؛ پہلُو بچانا، مثلاً مکّے کے وار سے اپنے آپ کو ایک طرف ہٹ کر بچا لینا ؛ اثر زائل کرنا (اکثر off کے لاحقے کے ساتھ) ۔ (اسم) محافظت ؛ حفاظتی عمل ؛ تیغ بازی وغیرہ میں بچاؤ کے لیے کوئی حرکت یا قدم ؛ زیرحفاظت ہونے کی حالت یا کیفیت ؛ پابندی ؛ ملکیت ؛ سرپرستی ؛ تولیت ؛ وہ جو زیر حفاظت ہو ، خصوصاً کوئی نابالغ یا دماغی طور پر معذور جسے زیر تولیت رکھنا ضروری ہو ؛ کوئی سیاسی وارڈ یا حلقہ بندی ، جو انتخابات یا انتظامی سہولت کے لیے بنایا گیا ہو یا شہری سہولتوں کی بہم رسانی کے لیے کوئی علاقہ مختلف حصوں میں منقسم کیا گیا ہو ؛ کسی ہسپتال یا قید خانے کا کوئی حصہ یا کمرہ ؛ تالے کے اندر دھات کے بنے ہوئے دندانے جو ایسی چابی کو تالے میں نہ جانے دیں جس میں اس کا تطابقی کھانچا نہ ہو ؛ تالے میں چابی کا تطابقی کھانچا ؛ مارمن کلیسا کی علاقائی تقسیم ؛ قلعے یا کسی حصار کے اندر صحن یا کُھلی جگہ ؛ انگلستان اور اسکاٹ لینڈ میں پرگنوں کی علیحدہ علیحدہ تقسیم ۔

**warded,** a. حصوں والا ؛ علاقوں والا ۔

**war dance,** n. جنگی ناچ ؛ قدیم قبائل کا رقص جسے وہ جنگ سے پہلے یا بعد میں بطور جشن فتح ناچتے ہیں ۔

**warded,** a. دندانے دار ؛ چابیوں اور تالوں میں دندانے یا کھانچوں والا ۔

**warden,** n. وارڈن ؛ ناظر ؛ گورنر ؛ پاسبان ؛ نگران ؛ وہ شخص جو حفاظت ،تحفظ اور بچاؤ کا ذمہ دار ہو ؛ وہ شخص جو کسی شے کی حفاظت پر مامور ہو بطور پاسبان ؛ رکھوالا یا محافظ ؛ دربان ؛ کسی قید خانے کا سب سے بڑا افسر ؛ ایک سرکاری ملازم جو نگرانی یا انتظام کے لیے مقرر کیا گیا ہو ، جیسے جنگلات یا شکارگاہ وغیرہ کے لیے ؛ کوئی شخص جو عوامی تحفظ کے قوانین کے نفاذ کے لیے مامور ہو ، جیسے آگ یا ہوائی حملوں سے بچاؤ کے لیے ؛ بعض ریاستوں کے حلقے کا سب سے بڑا انتظامی افسر خصوصاً ریاست کونیکٹیکٹ میں ۔ (برطانوی) بعض تعلیمی مدارس اور کالجوں کا سربراہ ؛ کسی گلڈ کی مجلس حاکمہ کا رُکن ؛ کسی گرجے کا نگران ۔

**wardenship,** n. نگرانی ؛ محافظت ؛ داروغہ گیری ؛ نظارت ۔

**warder,** n. داروغہ ؛ پاسبان ؛ نگران ؛داروغۂ قید خانہ ؛ وہ شخص جو کسی شے کی نگرانی یا انتظام پر مامور ہو ؛ چوکیدار یا محافظ ؛ کوئی فوجی یا دوسرا شخص جو دروازے کی نگرانی پر مقرر ہو ؛ دربان ۔ (خصوصاً برطانوی) عموماً قید خانوں میں قیدیوں کی نگرانی پر مامور شخص ؛ وارڈن ۔

**wardership,** n. پاسبانی ؛ پہرے داری ۔

**warder,** n. (تاریخ) عصائے حکومت ؛ لڑائی موقوف کرنے کا عصا ؛ عصا جس کو بادشاہ یا سپہ سالار اپنی طاقت کی علامت کے طور پر رکھتا تھا اور بعض اوقات جس کے اشارے سے احکامات دیے جاتے تھے ۔

**ward heeler,** n. (عوامی) سیاسی حلقوں کا ذیلی کارکن ، جو ووٹ مانگنے یا جماعت کے لیے چندہ اکٹھا کرنے کا کام کرتے ہیں عموماً اس لالچ میں کہ جماعت کے اقتدار میں آنے پر اُن کو کوئی ملازمت مل جائے گی ۔

**wardress,** n. (برطانوی) وارڈریس ؛ قیدخانوں میں ملازم زنانہ داروغہ ؛ خاتون داروغہ ۔

**wardrobe,** n. وارڈ روب ؛ توشہ خانہ ؛ کپڑوں کی الماری ؛ کپڑے رکھنے کی جگہ بالعموم فرنیچر کا حصہ جس کی شکل الماری یا المارچہ سے ملتی ہے ؛ ایک بڑا ایستادہ صندوق ؛ کسی ایک شخص کا لباس ؛ تھیٹر کمپنیوں کے کرداروں کے لیے مخصوص وہ کمرہ جس میں ایسے کپڑے رکھے جاتے ہیں؛ شاہی محلات یا رُؤسا کے دیوان خانوں کا وہ حصہ جس میں ملبوسات اور زیورات رکھے جاتے ہیں ۔

**wardroom,** n. وارڈ رُوم ؛ بحری جنگی جہاز کا وہ حصہ جہاں کمیشنڈ افسروں (ماسوائے کمانڈ افسر) کی رہایش کے کمرے، بالخصوص کھانے کا کمرہ یا میس وغیرہ ہوتے ہیں ؛ ایسے تمام افسر اکٹھے یا مجموعی طور پر ۔

**wardship,** n. سرپرستی ؛ سپردگی ؛ کسی کی سرپرستی میں ہونے کی حالت یا قانونی طور پر کسی ولی کی محافظت میں ۔ (قانون) حق ولایت ۔

**ware,** a. (قدیم) چوکس ؛ ہشیار یا محتاط ؛ واقف یا باشعور ۔ (فعل متعدی) (قدیم) احتیاط کرنا ؛ نگرانی کرنا ؛ ہشیار رہنا ؛ چوکس رہنا ۔ (بالعموم فعل امر کی حالت میں مستعمل ہے ، جیسے: ware the dog) ۔

**ware,** n. (عموماً جمع) اشیائے تجارت ؛ سامان ؛ کوئی کام یا قابل فروخت شے ، جو ذہنی یا فنی کاوش سے تیار کی گئی ہو ؛ خاص قسم کی بنی ہوئی مصنوعات ، ظروف (عموماً مرکب شکل میں مستعمل ، جیسے: China ware) ؛ ظروفِ گل یا خاص قسم کے کھانے کے برتن ۔

**warehouse,** n. گودام ؛ مال گھر ؛ مال خانہ ؛ کوٹھی ؛ عمارت جہاں مال اسباب یا اشیا وغیرہ رکھی جائیں یا ذخیرہ کی جائیں ۔ (برطانوی) تھوک فروشی کی بڑی دکان ۔ (فعل متعدی) مال جمع کرنا یا مال خانے میں داخل کرنا خصوصاً جو حکومت کے زیر ملکیت یا زیر تمسک ہو ۔

**warehouseman,** n. گودام یا مال خانے کا مالک ؛ کوٹھی دار ۔

**wareroom,** n. ایسا کمرہ جہاں اشیا ذخیرہ کی جائیں یا فروخت کے لیے اُن کی نمایش کی جائے ۔

**warfare,** n. جنگ و جدل ؛ نبرد آزمائی ؛ فوجی مڈبھیڑ ؛ قوموں ، سیاسی وحدتوں کے درمیان فوجی کارروائیوں کا عمل ؛ حَرب ؛ کوئی تنازع یا تصادم ۔

**warfarin,** n. (کیمیا) ایک پیچیدہ ہائیڈروکاربن مرکب جو چوہوں کے لیے بطور زہر اور انجمادِ خون کے علاج کے لیے بطور دوا استعمال کیا جاتا ہے ۔

**warfooting,** n. کسی تنظیم ، بالخصوص فوجی طاقت کی جنگ وجدل کوجاری رکھنے یا جنگ لڑنے کے لیے تیار رہنے کی حالت یا نبرد آزمائی کی کیفیت میں فوجی کارروائی جاری رکھنے کا عمل ۔

**wargame,** n. نقلی یا مشقی جنگ ؛ دو مخالف طاقتوں کے مابین نقلی فوجی اقدامات اور چالیں ، جو کسی جنگی منصوبے یا

طریق عمل کی پڑتال کے لیے کی جائیں۔

**warhead,** n. (عسکری) کسی بم، رہنمودہ میزائل، دفاعی میزائل، بیلسٹک میزائل؛ تارپیڈو یا کسی اور طرح کے میزائل کا وہ حصہ جس میں دھماکا خیز، کیمیائی یا جوہری مواد دشمن کو تباہ و برباد کرنے کے لیے رکھا گیا ہو۔

**war-horse,** n. جنگی گھوڑا؛ وہ گھوڑا جسے جنگ میں استعمال کیا جاتا ہے؛ فرس۔ (بول چال) ایسا تجربہ کار سیاست دان یا فوجی جسے کئی مہموں /جنگوں میں حصہ لینے کا تجربہ ہو؛ کارآزمودہ؛ کوئی فن پارہ جیسے کھیل یا گانا، جو بار بار کے اعادے/تکرار سے پیش پا اُفتادہ ہو گیا ہو۔

**warison,** n. حملے کی علامت کے طور پر بجائی جانے والی دُھن۔

**warlike,** a. جنگی؛ لڑاکا؛ جنگ کے لیے موزوں اور تیار؛ جنگ کے لیے پوری طرح سے مستعد، آمادہ اور رضامند؛ فوجی؛ جنگ سے متعلق یا جنگ کا مظہر؛ کُھلا دشمن یا مخالف؛ رزم پیشہ؛ جرار؛ جنگجو۔

**warlock,** n. جادوگر؛ ساحر؛ سحر طراز؛ افسوں گر۔

**warlord,** n. سپہ سالار؛ جنگی آقا؛ ایک جنگ پرست قوم یا فوجی حکومت کا جنگی حکمران؛ فوجی رہنما؛ فوجی حاکم۔

**warm,** a. گرم؛ حار؛ اوسط درجہ گرمی کا حامل یا گرمی دینے والا؛ کسی قدر گرم درجۂ حرارت پر یا کسی قدر گرم درجۂ حرارت کا؛ نسبتاً گرم درجۂ حرارت کی خصوصیت کا حامل (جیسے: a warm climate)؛ کسرت یا تکان کے سبب جسمانی گرمی کا احساس رکھنے والا؛ گرمی کا احساس پیدا کرنے والے (جیسے: warm clothes)؛ گرمجوشی، جذبات، زندہ دلی یا ہمدردی کی خصوصیات کا حامل یا مظہر (جیسے: a warm heart)؛ پُرتپاک یا محبت بھرا (جیسے: a warm welcome)؛ گہرے طور پر وابستہ یا بے تکلّف (جیسے: warm friends)؛ برہم، چڑچڑا یا ناراض (جیسے: to become warm when criticized)؛ چُست، مستعد، زندہ دل، تیز و طرار یا طاقتور (جیسے: a warm contest)؛ تیز یا تازہ (جیسے: a warm scent)؛ گرمی کا خیال دلانے والے جیسے رنگ، سرخ یا زرد۔ (بول چال) کسی پوشیدہ چیز یا حقیقت کے قریب، جیسے مختلف کھیلوں میں؛ تکلیف دہ یا ناخوشگوار (جیسے: a debate too warm for comfort)۔ (فعل متعدی) گرم کرنا؛ برانگیختہ کرنا؛ لگن، جذبہ اور جوش پیدا کرنا؛ ہمدردی کے جذبات سے متاثر کرنا۔ (فعل لازم) گرم ہونا؛ لگن، جذبے اور جوش کا پیدا ہونا (to یا up کے ساتھ استعمال ہوتا ہے، جیسے: to warm to a task)؛ کسی کے لیے ہمدردی کا جذبہ پیدا ہونا (to یا toward کے ساتھ مستعمل ہے، جیسے: My heart warmed toward her)۔ (اسم) (بول چال) ہمدردی؛ گرم جوشی۔

**warmish,** a. گرم؛ پُرتپاک؛ محبت بھرا۔

**warmly,** adv. تپاک سے؛ گرمجوشی سے؛ بڑی سرگرمی سے؛ دل سے؛ بہ صمیم قلب۔

**warmness,** n. گرمی؛ ہمدردی؛ محبت۔

**warm-blooded,** a. (حیوانیات) حار دَم، گرم خون والے؛ ان میمل جانوروں یا پرندوں کا یا ان سے متعلق جن کے خون کا درجۂ حرارت، ان کے ماحول کے درجۂ حرارت سے قطعِ نظر، نسبتاً ایک ہی درجے پر رہتا ہے؛ ثابت الحرارہ؛ تند و تیز، گرم جوش یا جذباتی مزاج رکھنے والا۔

**warm-bloodedness,** n. گرم خون رکھنے کی کیفیت؛ حاردمی۔

**warmed-over,** a. جسے دوبارہ گرم کیا گیا ہو، جیسے بچا ہوا کھانا؛ کسی نئے خیال یا نئی اشیا کے استعمال کے بغیر دوبارہ کی گئی؛ نقش اول کے کرنے میں پیدا ہونے والے جوش و خروش سے خالی (جیسے: a warmed over productoin of a once popular play)۔

**warmer,** n. گرم کرنے والا شخص یا چیز؛ پکے ہوئے کھانے کو گرم کرنے یا گرم رکھنے کا آلہ (جیسے: a bun warmer or a coffee warmer)؛ جسم کے کسی حصے کو گرم کرنے والا آلہ (جیسے: a hand warmer)؛ گرماله۔

**warm front,** n. (موسمیات) ٹھنڈی ہوا کی جگہ لینے والا؛ گرم ہوا کا اگلا بے قاعدہ کنارا جو اسے ٹھنڈی ہوا سے علیحدہ کرتا ہے۔

**warm-hearted,** a. ہمدرد؛ دلسوز؛ دوسروں میں مشفقانہ اور حقیقی طور پر رحمدلانہ دلچسپی لینے والا؛ خوش گوار؛ ملنسار؛ صادق؛ شائق؛ مخلصانہ؛ پرخلوص؛ گرمجوشی کا؛ پرتپاک؛ محبت بھرا؛ زندہ دل۔

**warm-heartedly,** adv. گرم جوشی سے؛ زندہ دلی سے؛ ہمدردی سے؛دلسوزی سے۔

**warm-heartedness,** n. گرم جوشی؛ زندہ دلی؛ ہمدردی؛ دلسوزی۔

**warming pan,** n. بیتل کا لمبے دستے والا ڈھکنے دار چوڑا برتن جس میں جلتے ہوئے کوئلے رکھے جاتے ہیں؛ انگیٹھی کی شکل کا ظرف جو کسی زمانے میں بستر گرم رکھنے کے کام آتا تھا۔

**warmonger,** n. جنگ جو؛ رزم خواہ؛ ایسا شخص جو جنگ کرنے کی خواہش رکھتا ہو یا اس کا حامی ہو؛ لڑاکا۔

**warmongering,** n. جنگجوئی۔

**warm spot,** n. (مجازاً) دلی لگاؤ؛ قلبی تعلق؛ کسی شخص یا کسی شے سے دلی لگاؤ (جیسے: to have a warm spot in one's heart for a good neighbour)۔

**warmth,** n. حدت؛ تابش؛ جوش؛ گرم ہونے کی حالت؛ گرمی کا احساس؛ تھوڑی یا کم حرارت؛ دلی مہربانی یا شفقت؛ گرمئ جذبات؛ سرگرمی؛ ذوق و شوق؛ جوش ہیجان؛ گرم جوشی؛ مستعدی؛ کسی حد تک اشتعال یا غصہ۔ (مصوری) تصویر کا خوشگوار تاثر جو شوخ رنگوں کے استعمال سے پیدا ہو جاتا ہے۔

**warm up,** v.i. گرم ہونا؛ مقابلے یا کھیلوں میں حصہ لینے سے پہلے مشق یا دہرائی کا ہونا۔ (مجازاً) حالت یا مقابلے کا پُرشدت ہونا۔ (فعل متعدی) گرم کرنا؛ جوش میں بھرنا (جیسے: to warm up yesterday's soap)؛ چلا کر دیکھنا جیسے موٹر کا انجن، یہاں تک کہ وہ باقاعدہ چلنے کے لیے تیار ہو جائے۔

**warm-up,** n. گرم کرنے کا طریقہ، دورانیہ یا عمل۔

**warn,** v.i. آگاہ کرنا؛ خبردار کرنا؛ تنبیہ کرنا؛ کسی احتمالی یا آنے والے خطرے یا برائی سے آگاہ کرنا؛ کسی ایسی چیز سے متنبہ کرنا جو ضرر رساں ثابت ہو سکتی ہو؛ نصیحت کرنا؛ ہشیار کر دینا؛ پہلے سے ہوشیار کر دینا یا اطلاع دینا؛ کسی فرد یا افراد کو آگاہ کرنا کہ وہ بحال رہیں یا چلے جائیں (بالعموم off یا away کے لاحقے

کے ساتھ مستعمل ہے) (فعل لازم) متنبہ ہونا ؛ خبردار رہنا (جیسے : A storm usually warns before it hits) ۔

**warner,** n. متنبہ کرنے والا شخص ؛ تنبیہ کار ۔

**warning,** n. تنبیہ ؛ انتباہ ؛ دھمکی ؛ اطلاع ؛ نصیحت ؛ اطلاع دینے ، خطرے سے آگاہ کرنے ، متنبہ کرنے یا خبر دینے کا عمل ؛ ایسی حاصل ہونے والی یا دی جانے والی اطلاع ؛ متنبہ کرنے والی ، خطرے سے آگاہ کرنے والی یا نصیحت کرنے والی کوئی بات ؛ خطرے کی علامت ۔ (صفت) متنبہ کرنے والا ۔

**warningly,** adv. متنبہ کرتے ہوئے ؛ خطرے سے آگاہ کرتے ہوئے ۔

**war of nerves,** n. اعصابی جنگ ؛ ایک ایسا تنازع جس میں ہر فریق اپنے مخالف کے ارادے کو نفسیاتی چالوں سے شکست دینا چاہتا ہے ، جیسے دھمکیاں ، ڈراوے اور گیڈر بھبھکیاں وغیرہ ۔

**warp,** v.t. پھینک دینا ؛ موڑنا ؛ اینٹھا دینا؛ بل دینا ؛ کسی چیز کی شکل بدل دینا ؛ گھما کر یا مروڑ کر شکل بگاڑ دینا یا سیدھے رخ سے کسی چیز کو گرم کر کے یا دباؤ ڈال کر ٹیڑھا کر دینا (جیسے : The sun warps boards ) ؛ صحیح سمت سے موڑ دینا ؛ زیر و زبر کر دینا ؛ تہ و بالا کر دینا ؛ ذہن اور قوت فیصلہ میں کجی پیدا کر دینا ۔ (جہاز رانی) جہاز کو کسی دوسرے جہاز سے باندھ کر کھینچتے ہوئے مطلوبہ مقام تک پہنچانا ۔ (طیرانیات) ہوائی جہاز کو نیچے لانے یا موڑنے کے لیے اس کے پر کے کناروں کو موڑنا یا گھمانا ۔ (زراعت) دریاؤں کے پانی میں بھاری تعداد میں معلق مٹی سے مصنوعی سیلاب کے ذریعے زمین کو زرخیز بنانا ۔ (فعل لازم) ٹیڑھا ہونا یا سیدھی حالت سے ٹیڑھا کیا جانا ؛ سیدھے ، صحیح اور مناسب راستے سے مڑنا ؛ منحرف ہونا ؛ اچانک مڑنا ۔ (جہاز رانی) رسی کے ذریعے آگے بڑھنا ۔ (اسم) ٹیڑھ پن یا بدشکلی جیسے لکڑی کے سوکھنے میں ؛ ایک ذہنی قلابازی ؛ انحراف ، کجروی ، میلان یا تعصب ۔ (پارچہ بافی) تانا ؛ کپڑے کی کھڈی میں وہ دھاگا جو لمبائی کے رخ استعمال ہوتا ہے اور جس میں عموداً بانے کا دھاگا چلتا ہے ۔ (جہاز رانی) وہ رسا جو جہاز کو کھینچنے کے لیے کسی کھمبے یا لنگر سے باندھا جاتا ہے ؛ جہاز کو کھینچ کر لانے والی رسی ۔ (زراعت) دریا برآمد مٹی یا سیلابے کی تہ جو نشیبی زمینوں پر مصنوعی طریقے سے ڈالی جاتی ہے ۔

**warper,** n. ٹیڑھا کرنے والا شخص یا کوئی شے ۔

**war paint,** n. وہ رنگ جو امریکا کے قدیم باشندے (ریڈ انڈین) جنگ پر جانے سے پہلے اپنے چہرے اور جسم کے دوسرے حصوں پر مل لیا کرتے تھے ۔ (بول چال) ہار سنگار (غازہ و گلگونہ) کا سامان ؛ مکمل لباس ؛ آرایشی سامان ؛ سرکاری یا رسمی لباس ۔

**warp and woof,** n. بنیادی ڈھانچا جیسے بُنے ہوئے کپڑے کا ؛ تانا اور بانا ؛ تہ ؛ بنیاد ؛ اساس ۔

**warpath,** n. راہ جنگ ؛ جنگی راستہ ؛ ریڈ انڈین/قدیم امریکنوں کا جنگی مہمات کے لیے اختیار کردہ راستہ یا طریقہ ۔

**on the warpath,** جنگ لڑنے کے انتظار میں ، جنگ لڑنے کی تیاری میں یا کسی جنگی یا جارحانہ مہم پر ؛ جارحیت ، اشتعال انگیزی اور حملے کی حالت میں ۔

**warp beam,** (پارچہ بافی) تانا بلین ؛ کھڈی کے پچھلے حصے میں لگایا گیا بیلن ، جس پر تانا لپیٹا جاتا ہے ۔

**warplane,** n. جنگی ہوائی جہاز ؛ دوران جنگ استعمال ہونے والا ہوائی جہاز ۔

**warrant,** n. وارنٹ ؛ اختیار نامہ ؛ جواز ؛ پروانہ ؛ وارنٹ جس کی بنا پر قابل اعتبار یا باضابطہ ضمانت دی جائے ؛ وثیقہ ، وعدہ یا ضمانت ؛ کوئی ایسی چیز جو مکمل یقین دہانی کی ضمانت فراہم کرے ؛ ضمانت نامہ ۔ (قانون) کسی کی طرف سے جاری کردہ پروانہ جو کسی افسر کو گرفتاری، جائیداد کی ضبطی ، تلاشی یا فیصلے کے نفاذ کا اختیار عطا کرے ؛ ایک تحریر یا دستاویز جو کسی شے کو بطور سند، رسید ، لائسنس (جوازنامہ) یا ماموریہ کی حیثیت عطا کرے ۔ (عسکری) نائب صوبے دار سے کم درجے کے افسران کو حکم تقرر کے اجرا کی دستاویز ؛ ایک تحریر جو رقم کی ادائیگی یا وصولی کا جواز مہیا کرے (جیسے : a treasury warrant) ۔ (فعل متعدی) اختیار دینا یا اجازت دینا ؛ جواز مہیا کرنے کے لیے یا منظوری عطا کرنے کے لیے حکم جاری کرنا (جیسے : Circumstances which do not warrant such measures) ؛ قطعی یقین دہانی کرانا ، وعدہ کرنا یا ضمانت دینا (جیسے : to warrant proper care) ؛ قابل اعتماد ، عمدہ معیار اور پایدار ہونے کی پوری ضمانت دینا ، جیسے کسی مصنوعہ چیز یا اوزار وغیرہ کی ؛ نقصان کی تلافی یا اسے پورا کر دینے کی ضمانت دینا ؛ وثوق سے کہنا یا حتمی طور پر وعدہ کرنا (اکثر تاکیدی جملے کے ساتھ مستعمل ہے، (جیسے : I will warrant he did) ۔

**warrantable,** a. معقول ؛ قابل سند؛ لائق جواز ؛ جائز ؛ قابل ضمانت ۔

**warrantably,** adv. معقول طور پر ؛ سند کے طور پر ۔

**warrantee,** n. (قانون) اختیار پانے والا شخص ؛ مکفول ؛ وہ شخص جس کے حق میں تصدیق کی جائے ؛ جس شخص کو یقین دلایا جائے ۔

**warrant officer,** n. (عسکری) وارنٹ افسر ؛ کمشنڈ افسر سے چھوٹا افسر جس کی ملازمت ماموریہ (کمیشن) کی بجائے احکام کے تحت مرتب ہوتی ہو ۔

**warrantor, warranter,** n. (قانون) مصدّق ؛ سند دینے والا ؛ ضامن ؛ ذمہ دار ؛ تصدیق کرنے والا ؛ اختیار دینے والا ؛ گارنٹی دینے والا ؛ کفیل ۔

**warranty,** n. اختیار تفویض کرنے کا عمل ؛ سند ؛ کفالت ؛ دل جمعی ؛ اقرار ؛ عہد نامہ ؛ ذمہ ؛ ضمانت ؛ گارنٹی ؛ قول ؛ وعدہ ؛ وارنٹی ؛ تصدیق اصلیت ؛ یقین دہانی ؛ تفویض اختیارات ؛ تصدیق ۔ (قانون) کسی امر کے متعلق اظہار ذمہ داری جو جزو معاہدہ سمجھا جائے ؛ ایک معاہدہ ، واضح یا بالکنایہ کہ وہ چیز ویسی ہی ہو گی جس طرح اسے بیان کیا گیا ہے یا جس کی یقین دہانی کرائی گئی ہے (جیسے : an implied warranty of the quality of goods) ۔ (قانون) معاہدہ یا اقرار نامہ جس میں اقرار کرنے والا یہ ضمانت دیتا ہے کہ جائیداد زیر معاہدہ کے متعلق کسی اور فریق کی طرف سے کوئی اعتراض یا دعویٰ نہیں کیا جائے گا یا دخل اندازی نہیں ہو گی ۔ نیز : covenant of warranty ۔ (قانون بیمہ) بیان یا اقرار نامہ جو بیمہ شدہ فریق کی طرف سے داخل کیا جاتا ہے جو پالیسی کا ایک ضروری حصہ ہے اور جس کی پابندی نہ کرنے کی صورت میں بیمہ پالیسی غیر موثر ہو جاتی ہے ؛ کسی مصنوعہ چیز کے متعلق صانع کی تحریری ضمانت مثلاً موٹر کار یا آلات وغیرہ کے بارے میں کہ ایک مقررہ میعاد کے اندر مال تبدیل کر دیا جائے گا یا مرمت کر دیا جائے گا

یا ضرر یافتہ حصہ بلا قیمت تبدیل کر دیا جائے گا۔

**warranty deed,** n. (قانون) وثیقہ ضمانت یا اقرار ؛ دستاویز جس میں باضابطہ طور پر عہدنامہ ، اقرار نامہ یا معاہدہ ذمہ داری درج ہو۔

**warren,** n. خرگوش باڑہ ؛ خرگوش پالنے کا احاطہ ؛ وہ جگہ جہاں خرگوشوں کے بل کثرت سے ہوں یا جہاں وہ کثرت سے بچے دیں ؛ ایسی جگہ یا احاطہ جہاں چھوٹے جانوروں کی بغرض شکار نسل کشی کی جاتی ہو۔ (مجازاً) ایک ایسی عمارت یا عمارتوں کا مجموعہ جس میں چھوٹے چھوٹے کوارٹروں میں بہت سے کرایہ دار رہتے ہوں۔

**warrener,** n. خرگوش باڑے کا محافظ یا مالک۔

**warrior,** n. جنگی سپاہی ؛ لشکری ؛ جنگ جو ؛ جنگ میں شامل یا جنگ آزمودہ شخص ؛ جنگجو سپاہی ، بالخصوص بہادر اور سورما ؛ شجاع ؛ جنگ آزما ؛ فوجی ؛ سپاہی ؛ مجاہد ؛ مبارز۔

**/ar risk insurance,** n. حکومت ریاستہائے متحدہ امریکا کی اصطلاح جو اس کے فوجیوں کے بیمے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

**warsaw,** n. امریکا کے جنوبی بحر اوقیانوس اور خلیج کے ساحلوں میں پائی جانے والی بڑی مچھلی کی ایک قسم جو گروہ بنا کر رہتی ہے۔

**warship, war vessel,** n. بحری جہاز جو جنگی ضروریات کے لیے تیار یا مسلح کیا گیا ہو۔

**wart,** n. مسا ؛ گومڑی ؛ مہاسہ ؛ گندمہ ؛ جلد پر ابھر آنے والا سخت دانہ جس میں کوئی مادہ نہیں ہوتا ؛ جلد کی گومڑی۔ (نباتیات) گول غدود نما ابھار سا جو پودے کی سطح پر پھوٹ نکلتا ہے۔

**warted, warty,** a. گومڑی دار۔

**wart hog,** n. مسوں والا سور ؛ افریقہ کے جنگلی سوروں کی کئی اقسام میں سے کوئی ایک جس کے چہرے اور تھوتھنی پر مسے یا مہاسے ہوتے ہیں۔

**wartime,** n. عرصہ جنگ ؛ زمانہ جنگ ؛ ایسا وقت جب کوئی قوم مصروف جنگ ہو۔ (صفت) جنگ کے نتیجے میں یا جنگ کے دوران (جیسے : wartime experience)۔

**war vessel,** n. دیکھیے : Warship –

**war whoop,** n. ایک چیخ یا دلخراش آواز جو شمالی امریکا کے قدیم باشندے حملے یا جنگ کے موقع پر نکالتے تھے۔

**wary,** a. چوکس ؛ ہشیار ؛ محتاط ؛ خطرے کے احتمال یا دھوکے سے بچنے کے لئیے چوکس ؛ اپنی طرف سے پوری طرح خبردار ؛ پراحتیاط ؛ چوکنا یا عاقبت اندیش (جیسے : a wary glance)

**warily,** adv. ہوشیاری کے ساتھ ؛ چوکسی سے ؛ دیکھ بھال کر ؛ احتیاط کے ساتھ ؛ عاقبت اندیشی کے ساتھ۔

**wariness,** n. چوکسی ؛ ہوشیاری ؛ احتیاط ؛ عاقبت بینی ؛ عاقبت اندیشی ؛ چوکنا پن۔

**war zone,** n. کوئی ایسا زمینی یا فضائی علاقہ جہاں محارب فریقوں کے درمیان لڑائی ہو رہی ہو ؛ میدان جنگ ؛ رزم گاہ ؛ ایسا سمندری علاقہ جہاں مصروف جنگ قوم کی طرف سے غیر جانبدار بحری جہازوں کی تلاشی اور ضبطی ہو رہی ہو۔

**was,** تھا ؛ فعل (to be) کے صیغہ واحد متکلم اورواحد غائب کے لیے ماضی کا فعل (جیسے : was, he was)۔

**wash,** v.t. دھونا ؛ دھو کر صاف کرنا ؛ پاک کرنا ؛ صاف کرنے کے لیے کسی شے کو پانی یا کسی اور مائع میں ڈبونا یا اسے پانی یا دیگر مائع لگانا ؛ پانی یا کسی اور مائع میں کھنگالنا یا جھکورنا ؛ گناہ ، جرم یا رسمی آلودگی سے پاک کرنا ؛ پانی یا کسی مائع سے تر کرنا یا نہانا ؛ پانی سے ڈھانپنا ؛ کسی شے میں سے بہ جانا (جیسے : The sea washed the sand)؛ پانی کے تیز بہاؤ میں بہ جانا (جیسے : to wash, as a helmsman, over board)؛ پانی یا کسی اور مائع کے بہاؤ سے ایک چیز کو دوسری جگہ پہنچانا ، ہٹانا یا تہ نشین کرنا (عموماً away یا of کے ساتھ مستعمل ہے)؛ بہ کر گھس جانا یا خستہ و خراب ہو جانا ؛ فرسودہ ہو جانا ؛ بہتے ہوئے پانی کا دریا یا ندی بنانا ؛ کٹاؤ کا پیدا ہونا یا کٹاؤ کرنا۔ (کان کنی) معدن کو مٹی سے پانی کے ذریعے علیحدہ کرنا (جیسے : to wash gold)؛ گیسی مادے کو مائعاتی بہاؤ سے صاف کرنا ؛ کسی چیز پر آبی یا کوئی دوسرا پتلا رنگ چڑھانا ؛ دھات کی باریک تہ چڑھا دینا۔ (فعل لازم) منہ ہاتھ دھلنا ؛ نہانا یا غسل ہونا ؛ کپڑوں یا دیگر اشیا کا پانی سے دھلنا ؛ خراب ، ضائع یا تباہ ہوئے بغیر دھلنا (جیسے : a dress that washes)؛ (برطانوی) قابل تصدیق ہونا (جیسے : His tale won't wash) ؛ پانی کے بہاؤ کے ساتھ بہ جانا یا ادھر ادھر لے جایا جانا ؛ لہروں میں متحرک ہونا یا ان کے خلاف تیرنا (جیسے : water washing against the shore)؛ پانی سے نقصان پہنچنا یا ساحل کا کٹاؤ ہونا۔ (اسم) دھونے کا عمل ؛ دھوب ؛ پچارا ؛ کسی موقع پر کپڑے یا دوسری اشیا کی دھلائی ؛ دھونے یا گیلا کرنے کے لیے مستعمل کوئی مائع ؛ سطح پر رنگ کی پتلی تہ (جیسے : water color) ؛ پانی کا تیزی سے گزر ، بہاؤ یا سیلاب ؛ اس وجہ سے پیدا ہونے والی آواز (جیسے : the wash of the ocean or tide)؛ کشتی بہنے سے لہراتا ہوا متغیر پانی ؛ پانی کی لکیر جو جہاز کے چلنے سے پیدا ہوتی ہے۔ (طیرانیات) ہوائی جہاز کی اڑان سے پیدا ہونے والی ہوا میں بلچل ؛ بناؤ سنگھار کے لیے استعمال کیا جانے والا لوشن یا مائع (جیسے : hair wash)۔ (کان کنی) دھو کر علیحد کیے جانے والے قیمتی مادے کے معدن ؛ دھوَن ؛ پانی کے بہاؤ سے زمین میں کٹاؤ کی وجہ سے ضیاع ؛ پانی کا نالہ ؛ پایاب دریا ، دلدل یا ندی۔ (ارضیات) سیلابہ یا سیلابی مٹی (جیسے : dry wash) ؛ بچی کھچی خوراک کا بیکار محلول جو اکثر مویشیوں کو کھلا دیا جاتا ہے ؛ ٹھرا ؛ ادنیٰ درجے کی شراب ؛ شیرے کا و خمیر جس سے شراب کشید کرتے ہیں۔ (صفت) دھونے کے قابل ؛ دھلنے سے خراب نہ ہونے والا (جیسے : wash mate-rials)۔

**wash down,** دھو کر پوری طرح صاف کرنا (جیسے : to wash down a window)۔

**wash out,** دھونا ؛ صاف کرنا ؛ پانی کے زور سے تباہ ہو جانا ؛ بہا لے جانا (جیسے : The flood washed out the road)۔ (عوامی) ناکام ہونا ؛ خارج ہونا (جیسے : to wash out of school)۔

**wash up,** ہاتھ یا منہ دھونا ؛ برتن دھونا۔

**washable,** a. دھونے کے قابل ۔

**wash and wear,** a. دھوؤ اور پہنو : ایسا کپڑا یا لباس مراد ہے جسے دھونے کے بعد معمولی سی استری کی ضرورت ہو یا قطعاً استری کرنے کی ضرورت نہ ہو۔

**washbasin,** n. دیکھیے : washbowl ۔

**washboard,** n. دھوبی پاٹ/پٹڑا ؛ پانی روک تختہ ؛ اُبھری ہوئی لکیروں والا دھات کا تختہ جس پر دھوبی کپڑے رگڑ کر صاف کرتے ہیں ؛ کمرے کی دیواروں کے نچلے حصے پر لگایا گیا لکڑی کا تختہ ۔ (جہاز رانی) ایک تختہ یا پتلا تختہ جو کشتی کے بالائی کنارے یا جہاز کے عرشے کے دروازے کی دہلیز پر لگا دیا جاتا ہے تا کہ سمندری پانی اندر داخل نہ ہو سکے ۔

**washbowl,** n. چلمچی ؛ برتن وغیرہ دھونے کا طشت ؛ سنک ؛ ہاتھ منہ دھونے کا تسلا یا ناند ؛ طاس ۔

**washcloth, washrag,** n. صافی ؛ بدن صاف کرنے کے لیے مربع شکل کا چھوٹا سا کپڑا ؛ چھوٹا تولیہ ۔

**washed-out,** a. بار بار دھلائی سے اترے ہوئے رنگ والا ؛ دھلا ہوا ۔ (بول چال) بہت تھکا ہوا ؛ بے جان ؛ بے رونق ؛ ماند پڑا ہوا ؛ پیلا ۔

**washed-up,** a. (بول چال) اہلیت اور قوت کے ضائع ہو جانے سے پیشہ ورانہ کھیلوں میں حصہ لینے کے ناقابل ؛ بری طرح سے ناکام ؛ بالکل تھکا ہوا ؛ بیکار ۔

**washer,** n. دھونے والا ؛ دھوبی ؛ دھلائی کرنے والا شخص یاچیز ؛ دھلائی کی مشین ؛ ایک چوڑا چھلا یا سوراخ دار چمڑے ، ربڑ یا دھات کا ٹکڑا جو کسی جوڑ کو تنگ کرنے ، کسی چیز کے بہاؤ کو روکنے یا دباؤ کو تقسیم کرنے کے لیے استعمال کیا اور کابلے یا ڈھبری کے درمیان رکھ کر کسا جاتا ہے ؛ واشل ؛ چینڈی ۔

**washerman,** n. دھوبی ؛ بریٹھا ؛ گازر ؛ اجرت پر کپڑے دھونے کا کام کرنے والا ۔

**washerwoman,** n. دھوبن ؛ بریٹھن ؛ اجلی بُوا ؛ اجرت پر کپڑے دھونے والی ۔

**washing,** n. شست و شو ؛ دھلائی ؛ دھوب ؛ پانی سے دھونے کا عمل ، بالعموم صابن یا میل کاٹنے والی کسی شے کے ساتھ ؛ ایسی اشیا مثلاً کپڑے جو ایک ساتھ دھوئے جائیں ؛ کوئی شے جیسے سونا جو مٹی کو دھو کر علیحدہ کیا جائے ؛ تہ چڑھانے کا طریقہ جیسے موٹر کے ڈھانچے کو زنگ سے محفوظ بنانے والے رنگ میں ڈبویا جائے ۔ (اکثر جمع) مائع جو کسی چیز کی دھلائی میں استعمال ہوا ہو۔

**washing machine, washer,** n. دھلائی کی مشین ؛ مشین جو کپڑوں اور لانڈری کی دوسری اشیا کی دھلائی کے لیے استعمال کی جاتی ہے ۔

**washing soda,** n. دھلائی کا سوڈا ؛ دھوبی سوڈا ؛ ہائیڈریٹیڈ سوڈیم کاربونیٹ ؛ سوڈا کارب ۔

**Washington pie,** n. مربے یا جام کی تہ چڑھا کیک ۔

**washout,** n. مٹی کا بہاؤ خصوصاً سڑک پر سے موسلادھار بارش یا سیلاب کی وجہ سے ۔ (طیرانیات) اڑان کا زاویہ کم کرنے کے لیے ہوائی جہاز کے پروں کا خم ۔ (عوامی) قطعی ناکام خصوصاً معاشرتی طور پر یا کھیلوں میں ۔ (عسکری، عوامی) کوئی شخص بالخصوص فضائیہ کا زیر تربیت ہواباز جسے ناکامی کی بنا پر مزید تربیت سے خارج کر دیا جائے ۔

**washroom,** n. غسل خانہ ؛ طہارت گاہ ؛ ایک ایسا کمرہ جس میں ایک سے زیادہ سلفچیاں اور طہارت و صفائی کی دیگر سہولتیں موجود ہوں بالخصوص عوامی جگہوں پر ۔ دیکھیے : lavatory ۔

**washstand,** n. منہ ہاتھ دھونے کی میز ؛ فرنیچر کا ایک آئٹم جس میں منہ ہاتھ دھونے کے لیے تسلا ، سلفچی اور استعمال کی دیگر اشیا رکھی ہوتی ہیں ؛ پانی کے نلکوں والی مستقل تنصیب جس سے ہاتھ منہ دھوئے جا سکیں ۔

**washtub,** n. کپڑے دھونے کا ٹب ۔

**washwoman,** n. دھوبن ۔

**washy,** a. پانی والا ؛ آبی ؛ بہت زیادہ حل کیا ہوا ؛ پتلا ؛ کمزور ؛ زرد یا پیلا ؛ رقیق ۔

**wasn't,** was not کا مرخّم ۔

**wasp,** n. (حشریات) بھڑ ؛ تتیّا ؛ زنبور ؛ متعدد کاٹنے والے غشائی پر دار کیڑوں میں سے کوئی جن کی کمر یا نچلا حصہ بہت پتلا ہوتا ہے اور جو گروہوں میں رہتے ہیں ۔ (مجازاً) ایسا شخص جو بدمزاج ، چرچڑا اور ضرر رساں ہو ۔

**waspish,** a. بدمزاج ؛ تنک مزاج ؛ تلخ گو ؛ جھلاّ ؛ کڑوا ؛ تند مزاج ؛ چڑچڑا ؛ طعن آمیز ۔

**waspishly,** adv. بد مزاجی سے ؛ تنک مزاجی سے ؛ تلخی سے ؛ تند مزاجی سے ؛ کڑوے پن سے ؛ چڑچڑے پن سے ۔

**waspishness,** n. تلخی ؛ تنک مزاجی ؛ چڑچڑا پن ؛ بدمزاجی ۔

**wasp waist,** n. غیر معمولی نازک کمر ، بالخصوص عورت کی ۔

**wasp-waisted,** a. نازک کمر والا ؛ نازک کمر کا ۔

**wassail,** n. انگلستان میں قدیم زمانے کا جام صحت ؛ جشن طرب جس میں شراب نوشی ہوتی ہے اور جام صحت پیے جاتے ہیں ؛ ایسے موقعوں پر پی جانے والی مے یا تیز شراب ، عموماً کرسمس یا سال نو کے موقع پر ۔ (فعل لازم) جشن شراب نوشی ہونا ؛ بدمست ہونا ۔ (فعل متعدی) جام صحت پینا ۔

**wassailer,** n. جام صحت پینے والا شخص ؛ مے نوش ؛ مے آشام ۔

**Wassermanntest, wassermann reaction,** n. اجرمن ماہر جرثومیات ویزرمین (۱۸۶۶ء — ۱۹۲۵ء) کے نام پر] ویزرمین امتحان ؛ آتشک کی جانچ کے لیے امتحان خون ۔

**wastage,** n. ضائع کرنے کا عمل ؛ تضیع ؛ بربادی ؛ضائع شدہ مقدار ؛ضیاع ۔

**waste,** v.t. جائیداد کو برباد کرنا ؛ ویران کرنا ؛ تاراج کرنا ؛ فضول استعمال کرنا ، خرچ کرنا یا خالی کر دینا بغیر مناسب یافت کے (جیسے : to waste money ,time, efforts or words ) ؛ اسراف کرنا ؛ پھونک دینا ؛ بے مقصد اڑا دینا ؛ استعمال نہ کرنا یا استعمال میں غفلت کرنا (جیسے : to waste an opportunity ) ؛ کسی شے کو بتدریج خرچ کرنا یا ضائع کرنا ؛ فرسودہ کرنا یا جسامت ، حجم ، صحت یا قوت میں کمی کرنا ؛ دبلا کرنا یا کمزور کرنا ؛ ویران ، تاراج یا پامال کرنا ؛ اجاڑنا ؛ خراب کرنا ۔ (فعل لازم) آہستہ آہستہ بتدریج ختم ہونا ؛ کمزور ہونا یا فرسودہ ہو جانا ؛ بتدریج کم ہونا یا گھٹنا ؛ ویران ، تاراج یا پامال ہونا ؛ جسمانی طور پر کمزور ہو جانا ؛ دبلا ہونا ؛ قوت میں کمی ہو جانا یا لاغر اور کمزور ہو جانا ؛ آہستہ آہستہ گزر جانا جیسے وقت ۔ (اسم) ضیاع کا عمل یا ضائع ہونے کی حالت ؛ زیاں ؛ ضیاع ؛ بے مقصد خرچ یا ؛

ایسا صرف جس میں مناسب بازیافت کا فقدان ہو (جیسے : waste of material, money or time) ؛ استعمال کے بجائے غفلت یا لاپروائی (جیسے : waste of opportunity) ؛ بتدریج تباہی ، ضرر یا زوال (جیسے : the waste and repair of bodily tissues) ؛ تباہی و بربادی ، جیسے جنگ یا آگ کی وجہ سے ؛ کوئی مقام یا علاقہ جو ویران یا غیر آباد کر دیا گیا ہو ؛ کوئی شے جو غیر مستعمل ، بے فائدہ یا پوری طرح استعمال میں نہ آتی ہو ؛ غیر استعمال شدہ یا غیر مزروعہ قطعۂ زمین ؛ اوسر ؛ اجاڑ ؛ بنجر ؛ افتادہ ؛ غیر مزروعہ ؛ غیر آباد یا صحرائی ملک کا علاقہ ؛ بے رونق اراضی ؛ کوئی لامحدود چیز ؛ کوئی فالتو یا متروکہ چیز جیسے زائد سامان یا ذیلی پیداوار ؛ زیرکار منصوبے میں غیر ضروری چیز ؛ مشینوں کو صاف کرنے اور پونچھنے کے لیے استعمال ہونے والی بیکار روئی ؛ بھاپ ، حرارت یا پانی جسے بغیر استعمال کیے گزر جانے دیا جائے ؛ غیر مفید اور بے کار سمجھ کر رد کی ہوئی شے ؛ فضلہ ۔ (جمع) براز ، فضلات ۔ (طبیعی جغرافیہ)میکانی اور کیمیائی انتشار کے باعث حاصل شدہ مواد ۔ (صفت) غیر مستعمل یا جو زیر استعمال نہ ہو (جیسے : waste energy) ؛ غیر آباد ، ویران ، بنجر ، ریگستانی علاقوں کا یا ان سے متعلق ؛ زوال یا انحطاط کی وجہ سے تباہ شدہ اور ویران ؛ آبادیوں اور شہروں کا یا ان کے بارے میں ؛ بچا ہوا یا فالتو (جیسے : waste materials) ؛ مقصد پورا کر چکنے والا اور استعمال کے ناقابل ؛ مسترد شدہ ، بے قیمت کوڑا یا ردّی (جیسے : waste paper) ؛ ردی سامان کو لے جانے اور ذخیرہ کرنے والا ۔

**wasteful,** a. مسرف ؛ فضول خرچ ؛ مسرفانہ ؛ فضول خرچی کا ؛ خراج ۔

**wastefully,** adv. مسرفانہ طور پر ؛ فضول خرچی سے ۔

**wastefulness,** n. فضول خرچی ؛ اسراف ؛ صرف بے جا ؛ تضیع ؛ اتلاف ۔

**waste basket, waste paper basket,** n. ردی کی ٹوکری ؛ ٹوکری یا کوئی دوسرا چیز دان جو ردی کاغذات اور ردی اشیا رکھنے کے لیے استعمال کیا جائے ۔

**wasteland,** n. غیر مزروعہ اور بنجر زمین کا قطعہ ۔ (مجازاً) کوئی مقام ، تاریخی عہد یا ادارہ جو ذہنی عمل یا قوت تخیل کی رو سے بنجر سمجھا جاتا ہو ۔

**wasteness,** n. ویرانی کی حالت ؛ بربادی ۔

**wastepaper,** n. ردی ؛ استعمال شدہ یا خراب شدہ کاغذات جو پھینک دیے جاتے ہیں ؛ بیکار کاغذات ۔

**waste pipe,** n. ایسا پائپ جو استعمال شدہ پانی یا دیگر مائع کے اخراج کے لیے ہو ؛ بدرو ۔

**waste product,** n. فضول چیز ؛ بیکار ضمنی پیداوار ؛ پیداواری عمل کے بعد بچ جانے والی ناقابل استعمال مسترد شدہ اشیا ؛ زندہ اجسام سے خارج ہونے والے فضلات جیسے بول ، براز وغیرہ ۔

**waster,** n. برباد کرنے والا شخص ؛ ضائع کرنے والا شخص ؛ مسرف ؛ فضول خرچ آدمی یا بے دریغ خرچ کرنے والا شخص ؛ وہ مصنوعہ شے جو دوران تیاری خراب ہو گئی ہو ۔

**wasting,** a. ویران کرنے والا ؛ تباہ کرنے والا ؛ جسمانی قوت میں کمی لانے والی (جیسے : wasting disease) ۔

**wastingly,** adv. فضول اڑاتے ہوئے ؛ ضائع کرتے ہوئے ۔

**wastrel,** n. ضائع کرنے والا یا فضول خرچ شخص ؛ مسرف ؛ نکما آدمی ؛ بیکار شخص ؛ فضول خرچ ۔

**watch,** v.i. رات بھر جاگنا ؛ بغیر نیند کے رہنا ؛ پہرے پر ہونا ؛ خبردار یا ہوشیار رہنا ؛ پوری طرح چوکس رہنا ؛ حفاظت پر مامور رہنا ؛ غافل نہ ہونا ؛ چوکیدار یا سنتری ہونا ؛ انتظار میں رہنا ؛ آرزو میں ہونا (اس کے ساتھ for لاحقہ استعمال کیا جاتا ہے) ۔ (فعل متعدی) حفاظت میں رکھنا یا پوری نظر رکھنا ؛ انتظار کرنا ؛ چوکسی ، خبرداری سے نگاہ رکھنا ؛ خبرگیری کرنا ؛ نگہبانی کرنا ؛ غفلت نہ برتنا ؛ نگرانی اور حفاظت کے لیے جاگتے رہنا ؛ محتاط رہنا ؛ توجہ رکھنا ؛ منتظر رہنا ۔ (اسم) خبرگیری ، حفاظت اور پہرہ داری میں شب بیداری ؛ چوکسی ؛ پاسبانی ؛ نگہبانی ؛ خبرداری ؛ حفاظت ؛ نگرانی ؛ بیداری ؛ نگہبان ؛ پاسبان ؛ پہرے دار ؛ رکھوال ؛ چوکیداری ؛ رکھوالی ؛ چوکی ؛ پہرے کا وقت ؛ نوبت ؛ ایک یا بہت سے محافظ ؛ وہ دورانیہ جس میں ایک یا زیادہ اشخاص حفاظت پر مامور رہیں ؛ پہرہ ؛ ایک چھوٹی جیبی یا پہننے والی گھڑی یا چھوٹا ٹائم پیس ۔ (جہاز رانی) وقت کا وہ دورانیہ جس میں جہاز کے عملے کا ہر گروہ باری باری اپنا فرض انجام دیتا ہے ؛ افسران اور ملاح جو ایک مقررہ وقت کے دوران مل کر جہاز پر مفوضہ فرائض بجا لاتے ہیں ۔

**on the watch,** ہشیار ؛ چوکس ۔

**watchout,** ہشیار یا خبردار رہنا ۔

**watchover,** حفاظت کے لیے نگرانی کرنا ۔

**watcher,** n. پہرے دار ؛ تیمار دار ۔

**watchband,** n. گھڑی کا فیتہ ، دھات ، چمڑے یا مختلف دھاگوں سے بنا ہوا ؛ کلائی کی گھڑی کا تسمہ جس سے گھڑی کلائی پر بندھی رہتی ہے ۔

**wacth cap,** n. اون کی بنی ہوئی ٹوپی جسے امریکی بحریہ کے ملاح سردیوں میں پہنتے ہیں ۔

**watchcase,** n. گھڑی کا ڈھکنا ؛ گھڑی کا بیرونی خول جس کے اندر گھڑی کی مشین کام کرتی رہتی ہے ۔

**watchdog,** n. رکھوالا کتا ؛ گھر اور جائیداد کی حفاظت کے لیے رکھا ہوا کتا ؛ وہ شخص جو بطور مربی ، محافظ یا سرپرست کام کر رہا ہو ؛ غیر قانونی طور پر سرپرست کے فرائض انجام دینے والا شخص ۔ (فعل متعدی) کسی کے لیے بطور سرپرست یا محافظ فرض انجام دینا ۔

**watch fire,** n. پہرے کا الاؤ ؛ وہ آگ جو بغرض اشارہ یا محافظین نے اپنے استعمال کے لیے جلا رکھی ہو ؛ آگ جو رات کو کیمپ وغیرہ میں جلائی جائے ۔

**watchful,** a. چوکس ، چوکنا ، ہشیار ؛ مستعد ؛ غور اور انہماک سے مشاہدہ کرنے والا ؛ محتاط ؛ ہشیاری سے متوجہ ہونے والا ؛ چوکس ، خبردار ۔ (قدیم) ہوشیار ؛ بیدار ۔

**watchfully,** adv. توجہ سے ؛ احتیاط سے ؛ ہوشیاری سے ۔

**watchfulness,** n. ہوشیاری ؛ خبر داری ؛ احتیاط ؛ چوکسی ۔

**watch-maker,** n. گھڑی ساز ؛ جس کا پیشہ گھڑیاں مرمت کرنا ہو ۔

**watchmaking,** n. گھڑیاں مرمت کرنے کا فن ؛ گھڑی سازی ۔

**watchman,** n. پہرے دار ؛ محافظ ؛ پاسبان ؛ چوکیدار ؛ کسی چیز کا محافظ یا جو کسی شے کی محتاط نگرانی کرتا ہو ؛ وہ شخص جو چوکیداری یا حفاظت کے لیے ملازم رکھا گیا ہو ، مثلاً کسی عمارت یا جائیداد کی رکھوالی کے لیے ، بالخصوص رات کے وقت ؛ وہ شخص ماضی میں جو کسی علاقے میں گھوم پھر کر پہرہ دیتا تھا ۔

**watch night, watch meeting,** n. سال کی آخری رات جس کے دوران نئے سال کے لیے عبادت کی جاتی ہے ۔

**watchtower,** n. دیدبان ؛ پہرے داروں کے لیے مینار ؛ پہرہ بُرجی ؛ ایک مینار جو سنتریوں کے لیے بنایا جاتا ہے جس پر وہ کھڑے ہو کر پہرہ دیتے ہیں ، مثلاً قیدیوں کی نگرانی کے لیے یا دشمنوں پر نظر رکھنے کے لیے یا جنگل میں آگ کا پتا رکھنے کے لیے وغیرہ ۔

**watchword,** n. اصولی قول ؛ پرول ؛ پلول ؛ ایک لفظ ، جملہ یا اشارہ جو محافظ یا سنتری وغیرہ کو دیا جاتا ہے تاکہ دوست اور دشمن میں تمیز کر سکیں ؛ جوابی اشارہ ؛ اشارہ راہداری ؛ وہ الفاظ جن سے کسی جماعت کا نصب العین ظاہر ہوتا ہو (جماعتی نعرہ) ۔

**water,** n. پانی ؛ آب ؛ ماء ؛ جل ؛ ایک مائع جو عام طور پر کم و بیش ، غیر خالص حالت میں بارش ، سمندروں ، جھیلوں اور دریاؤں میں پایا جاتا ہے اور جو خالص حالت میں شفاف ، بے بو اور بے ذائقہ ہوتا ہے ، یہ ہائیڈروجن اور آکسیجن کا مرکب ہے ، یہ ۳۲ درجے فارن ہائٹ یا صفر درجے سنٹی گریڈ پر جم جاتا ہے اور ۲۱۲ درجے فارن ہائٹ یا ۱۰۰ درجے سنٹی گریڈ پر ابلنے لگتا ہے ؛ اس مائع کی ایک مخصوص قسم یا ایک خاص شکل ، جیسا کہ بارش میں ۔ (اکثر جمع) وہ مائع جسے معدنی چشموں سے حاصل کیا جاتا ہے ۔ (جمع) بہتا ہوا پانی یا لہروں میں متحرک پانی یا دریا کا پانی جسے عموماً اس کی سطح کی بلندی کے لحاظ سے بتایا جاتا ہے ، بالخصوص وہ جو مدوجذر پر منحصر ہو (جیسے : the high-water mark) ؛ اس کی سطح کے ضمن میں (جیسے : below water) ؛ پانی کا خاص ذخیرہ (جیسے : the waters off Alaska) ؛ نامیاتی اجسام سے خارج ہونے والا کوئی بھی مائع ، جیسے آنسو ، پسینہ یا تھوک ؛ مائع محلول یا مرکب (جیسے : toilet water) ؛ پانی میں گیس کا محلول (جیسے : ammonia water) ؛ جواہرات بالخصوص الماس کی چمک دمک یا شفافی کا درجہ (آب) (جیسے : a diamond of the first water) ؛ ایک قسم کا لہریا ، چمک دار تابندہ درخشاں نمونہ یا نشان جیسا سلکی کپڑوں میں ہوتا ہے ۔ (مالیات) اضافی حصہ جات و تمسکات جو کسی ادارے (کمپنی) کے حصہ جات یا دیگر تمسکات کے منافع کی بنیاد پر حصہ داروں میں تقسیم کیے جائیں ۔ (فعل متعدی) پانی سے چھڑکاؤ کرنا ، نم دینا یا تر کرنا (جیسے : to water a road) ؛ پانی دینا یا پانی مہیا کرنا ، آب پاشی کے ذریعے ؛ پانی کی ترسیل کا اہتمام کرنا ، جیسا کہ کسی علاقے میں ، نہروں کے ذریعے ؛ پانی پلانا جیسا کہ جانوروں کو ؛ جہاز کے لیے پانی مہیا کرنا ؛ کپڑوں پر لہریا اور چمکدار نمونے یا نشان ڈالنا ؛ پانی ملا کر ہلکا یا پتلا کرنا (اکثر down کے ساتھ مستعمل ہے ، جیسے : to water down soup) ۔ (مالیات) مزید سرمایہ لگائے بغیر اصل سرمائے اور حصص میں اضافہ کرنا اور اضافی حصص جاری کرنا ؛ پانی دینا ؛ سینچنا ؛ سیراب کرنا ؛ چھڑکاؤ کرنا ؛ آب پاشی کرنا ؛ پانی ملانا ؛ پانی بھرجانا ؛ بھرنا ؛ ترکرنا ؛ پانی پلانا لہر یا ڈالنا ؛ آب دینا ؛ پانی چھوڑنا ؛ پنپانا ۔ (فعل لازم) پانی نکلنا ؛ پانی سے بھرنا ؛ پانی یا کوئی اور مائع خارج ہونا جیسے آنکھ سے آنسوؤں کا یا منھ میں مرغوب خوراک دیکھ کر پانی بھر آنا ؛ پانی پینا جیسا کہ جانوروں کا ؛ جہاز میں پانی کا بھرا جانا ۔

**above water,** تکلیف یا شرمندگی سے نجات خاص کر مالی تکلیف سے ۔

**hold water,** نظریے کا مستحکم یا قابل قبول یا صحیح ثابت ہونا ؛ کھرا ہونا ؛ معیار پر پورا اترنا ۔

**in hot water,** تکلیف میں یا مصیبت میں یا مشکل میں ۔

**like water,** افراط سے ؛ بکثرت ؛ بڑی مقدار میں (جیسے : The beer flowed like water)

**waterer,** n. بہشتی ؛ پانی دینے والا ؛ سقہ ؛ ماشکی ۔

**waterlike,** a. پانی جیسا ۔

**water back,** n. آبی ذخیرہ ؛ پائپوں کا مجموعہ یا ایسا ہی کوئی دوسرا انتظام ، انگیٹھی یا چولہے کے عقب میں تاکہ گرم پانی کی ترسیل ہو سکے ۔

**water ballet,** n. آبی بیلے ؛ تیراکوں کا پانی میں ناچ کی طرح کے خوبصورت نمونے بنانا

**water bed,** n. آبی بستر ؛ ایک بستر جس کا گدا پانی سے بھرے ونائل کے تھیلے پر مشتمل ہوتا ہے ۔

**water beetle,** n. آبی بھونرا ؛ ایک قسم کا بھونرا جس کی پچھلی ٹانگیں چوڑی اور جھالر دار ہوتی ہیں جو اسے تیرنے میں مدد دیتی ہیں ۔

**water bird,** n. ایک آبی پرندہ ؛ مرغ آبی ؛ جل ککڑ ؛ دریائی پرندہ ؛ ایسا پرندہ جو بار بار پانی میں اترتا ہے ؛ تیرنے والا یا پانی میں چلنے والا پرندہ ؛ مرغابی ۔

**water biscuit,** n. پن بسکٹ ؛ بسکٹوں یا مٹھائی کی ایک قسم ، جو پانی ، آٹے اور چربی سے تیار کیے جاتے ہیں ۔

**water blister,** n. پن آبلہ ؛ ایسا چھالا جس میں پانی موجود ہو لیکن پیپ اور خون نہ ہو ۔

**water boatman,** n. پن کھٹمل ؛ کوریکسی (Corixidae) خاندان کے پانی کے حشرات ، جو اپنی چپو نما ٹانگوں سے تیرتے رہتے ہیں ۔

**waterborne,** a. بذریعہ آب ؛ جس کا وزن پانی پر ہو ؛ جسے پانی نے اٹھا رکھا ہو ؛ پانی پر چلنے والا ؛ بحری جہازوں یا کشتیوں کے ذریعے نقل و حمل ہونے والا جیسے مال اسباب ۔

**water boy,** n. سقہ ، پانی پلویّا ؛ بہشتی ؛ ماشکی ؛ آب دار ؛ وہ شخص جو پانی اٹھائے ادھر ادھر کر کھلاڑیوں یا مزدور پیشہ گروہوں کے افراد کو پانی پلاتا ہو ۔

**waterbrain,** n. (بیطاری امراضیات) بھیڑوں کی ایک بیماری جس میں وہ دورانِ سر میں مبتلا ہو جاتی ہیں ۔

**water brash,** n. (امراضیات) سوزش قلب ؛ دل سوزی ؛ بدہضمی جس سے آبی قے ہوتی ہے ۔

**waterbuck,** n. آبی مرگ ؛ افریقی ہرنوں کی اقسام سے کوئی ایک جن کا کابوس نسل سے تعلق ہے اور جو بالعموم دلدلی اور نرسلوں والے مقامات پر پائے جاتے ہیں ، خاص کر جنوبی اور مرکزی افریقہ کے بارہ سنگوں کی نسل ۔

**water buffalo,** n. ایشیائی بھینس جو ایک پالتو مویشی ہے اور دودھ اور باربرداری کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔

**water bug, Croton bug, German cock roach,** n. پانی کے مختلف نیم پر دار حشرات جو بالعموم پانی کی سطح سے نیچے رہتے ہیں ؛ چھوٹے حجم کا ہلکا خاکی لال بیگ ؛ جرمن لال بیگ ، جو گیلی

زمین کے قریب بالعموم پایا جاتا ہے۔

**water chestnut, water caltrop,** n. آبی گوکھرو ؛ سنگھاڑے کی جنس کا کوئی بھی آبی پودا جسے سنگھاڑے جیسا خوردنی پھل لگتا ہے ، خصوصاً پرانی دنیا کا Trapa natans ؛ ان پودوں کے پھل ۔

**water chinguapin,** n. شمالی امریکا کا نیلوفری پودا جس میں بادام جیسا خوردنی مغز لگتا ہے ؛ اس پودے کا بیج ۔

**water clock,** n. آبی گھڑی ؛ کلاک آبی ؛ پن گھڑی ؛ بہت سی ایجادات میں [illegible] ک جو پانی کے بہاؤ کی مدد سے وقت ناپنے کے لیے ایجاد کی گئیں مثلاً ساعتِ آبی ۔

**water closet,** n. آبی طہارت گاہ ؛ بیت الخلا جس میں پانی سے دھونے [illegible] انتظام ہو ؛ ایک کمرہ (طہارت خانہ) جس میں غلاظت کو پانی کے زور سے صاف کرنے کا انتظام کیا گیا ہو۔ مخفف: w.c ۔

**watercolor, water colour,** n. آبی رنگ ؛ ایسا رنگ جسے تیل کی بجائے پانی میں حل کیا گیا ہو ؛ آبی رنگ سے مصوری کا ہنر یا آبی رنگ مصوری کا فن ؛ آبی رنگ میں تیار کی گئی تصویر۔ (صفت) آبی رنگ مصوری۔

**water colorist,** n. آبی رنگوں کا مصور ؛ آبرنگ مصور۔

**water-cool,** v.t. آبی تبرید کرنا ؛ پانی کی مدد سے ٹھنڈا کرنا ، بالخصوص نالیوں یا غلاف میں گھومنے والے پانی سے ۔

**water cooler,** n. واٹر کولر ؛ آبی برادیہ ؛ ایک آلہ یا برتن جس میں پینے کا پانی بھر کر ٹھنڈا کیا جاتا ہے اور استعمال میں لایا جاتا ہے ۔

**watercourse,** n. نالہ ؛ چشمہ ؛ سوتا ؛ پانی کی ندی ؛ دریا ؛ پانی کا قدرتی راستہ یا بہاؤ جیسا کہ ندی کی سطح زیریں (تہ) ؛ ایک نہر یا نالہ جو پانی کی ترسیل کے لیے کھودا گیا ہو۔

**water craft,** n. آبی کھیلوں میں مہارت ، جیسے کشتی رانی میں ؛ کشتی یا جہاز کی کوئی بھی قسم ؛ کشتی یا جہاز مجموعی طور پر۔

**water crake,** n. یورپی کلچڑی ؛ ایک چھوٹا سا آبی پرندہ جس کے پروں پر داغ ہوتے ہیں ۔

**watercress,** n. سلاد آبی ؛ کاہو ؛ ایک سدابہار پودا جس کا رئی کے خاندان سے تعلق ہے اور بالعموم چلتے ہوئے صاف پانی میں اگتا ہے ، اس میں تیز ذائقہ دار پتے لگتے ہیں جو سلاد اور آرایش طعام کے طور پر استعمال ہوتے ہیں ؛ آبی شاہی ؛ جرجیر۔

**water cure,** n. پانی کے ذریعے مختلف طریقوں سے بیماریوں کا علاج ؛ علاج آبی ؛ علاج بالماء ۔ (بول چال) کسی شخص کو اس کے معدے میں بہت زیادہ پانی کی مقدار داخل کر کے سزا دینے کا طریقہ ۔

**water dog,** n. سگ آبی ؛ پن کتا ؛ ایک ایسا کتا جو پانی میں تیرنے کا عادی ہو یا اسے پانی میں سے گیند یا شکار کے لیے سدھایا گیا ہو ، جیسے واٹر اسپینئل کے خاندان کے کتے ۔ (بول چال) ایک ایسا شخص جو پانی میں کوئی تکلیف نہ محسوس کرتا ہو جیسا کہ ملاح یا تجربہ کار تیراک ۔

**waterfall,** n. آبشار ؛ جھرنا ؛ کسی ندی یا دریا کا پانی جو عموداً نیچے گرتا ہے ؛ پانی کی چادر۔

**water flea,** n. آبی پسو ؛ پانی میں یا پانی کے قریب رہنے والے ایسے قشری حیوانات جو پسوؤں کی طرح پانی میں تیرتے ہیں ۔

**waterfowl,** n. مرغابی ؛ مرغ آبی ؛ جل ککڑ ؛ پانی کا پرندہ خصوصاً تیرنے والا پرندہ ؛ ایسے پرندوں کا پرا یا ان کو خصوصاً جن کا شکار کھیلا جاتا ہے ۔

**waterfront,** n. پانی کے سامنے آگے بڑھی ہوئی زمین ؛ شہر یا قصبے کا ایک حصہ جو پانی سے متصل ہوتا ہے ؛ گھاٹ ۔

**water gap,** n. آبی درہ ؛ پہاڑی سلسلے کا وہ کھانچا جس میں ندی بہنے کا راستہ بن جائے ۔

**water gas,** n. آبی گیس ؛ ایک زہریلی گیس جو کئی گیسوں، بیشتر کاربن مونو آکسائڈ اور ہائیڈروجن گیس، کا مرکب ہوتی ہے اور جو جلتے ہوئے کوئلے اور نامیاتی ایندھن پر سے بھاپ گزارنے سے پیدا کی جاتی ہے ، ایندھن یا روشنی کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔

**water gate,** n. آب در ؛ دریا پر بند کا پھاٹک ؛ پانی کے بہاؤ کو باقاعدہ بنانے کے لیے دروازہ ؛ سیلاب کے پانی کو قابو میں رکھنے کے لیے دروازہ ؛ ایسا دروازہ جس کے ذریعے پانی کی ترسیل یا ذخائر تک رسائی حاصل کی جاتی ہے ۔

**water gauge,** n. پانی ناپ حوض پیما ؛ ایک آلہ جس کے ذریعے پانی کی گہرائی یا مقدار ناپی جاتی ہے ، جیسے بوائلروں اور بھاپ سے چلنے والے انجنوں میں ۔

**water glass, soluble glass, liquid glass,** n. پانی رکھنے کے لیے شیشے کا برتن ، مثلاً پانی پینے کا گلاس ؛ آبی گھڑی یا پن گھڑی ؛ ایک ایسا آلہ جس سے پانی کی تہ یا سطح کے نیچے موجود اشیا کو ملاحظہ کیا جاتا ہے جو ایک کھلی نالی یا صندوقچے کی شکل کا ہوتا ہے جس کی نچلی سطح پر شیشہ لگا ہوتا ہے ؛ دریائی خوردبین ؛ شیشے کا بنا ہوا پانی ناپنے کا پیمانہ ؛ ایک محلول بالخصوص سوڈیم سیلی کیٹ محلول سے مشابہ جس سے مختلف اشیا پر ان کی حفاظت یا آگ سے بچاؤ کے لیے ایک شفاف تہ چڑھائی جاتی ہے ؛ ابرق کا محلول ۔

**water gum, black gum, sour gum,** n. جنوبی امریکا کا دلدلی درخت ؛ آسٹریلیا کے بہت سے درختوں میں سے کوئی ایک جو پانی کے نزدیک اگتے ہیں ۔

**water hammer,** n. وہ دھکا یا تصادم کی آواز جو پانی کے نل میں یا ٹونٹی بند کرنے سے یا بھاپ کے نل میں تازہ بھاپ داخل کرنے سے پیدا ہوتی ہے ۔

**water heater,** n. گھروں میں پانی گرم کرنے کا ہیٹر۔

**water hemlock,** n. آبی شوکران ؛ جقوط قسم کا کوئی پودا جو یورپ اور امریکا کی دلدلی زمینوں میں پیدا ہوتا ہے ۔

**water hen,** n. یورپ کی جنگلی مرغی ؛ شمالی امریکا کی مرغابی ۔

**water hole,** n. پانی بھرا گڑھا ؛ زمین میں سوراخ یا گہری جگہ جہاں پانی جمع ہو جائے ؛ قدرتی تالاب یا ایسا تالاب جو مویشیوں کو پانی پلانے کا کام دے ؛ گڑھا ۔

**water hyacinth,** n. سنبل آبی ؛ پانی میں تیرنے والا ایک پودا جس میں بنفشئی یا نیلے پھول اگتے ہیں ، اس کے پتے مخروطی اور غباروں کی طرح پھولے ہوئے ڈنٹھل ہوتے ہیں ، اصل میں جنوبی امریکا کے منطقہ حارہ کے علاقوں میں پایا جاتا تھا لیکن اب دیگر مقامات پر بھی کاشت کیا جاتا ہے ، فلوریڈا اور کئی دیگر علاقوں کی جھیلوں اور

تالابوں میں ایک تکلیف دہ بوٹی کی شکل اختیار کر گیا ہے ۔

**water ice, n.** میٹھی برف ؛ شربت نما میٹھا جو پانی ، چینی اور پھلوں کے رس سے بنایا جاتا ہے ؛ ٹھوس برف جو تازہ یا نمکین پانی کو جما کر بنائی جاتی ہے نہ کہ قدرتی برف کو دبا کر ۔

**water-inch, n.** آبی انچ ؛ پانی کی مقدار جو چوبیس گھنٹے میں ایک انچ گول دہانے کی نالی سے خارج ہوتی ہے (تقریباً ۵۰۰ مکعب فٹ) جب کہ نالی کے پیچھے ذخیرہ آب میں پانی کی سطح اتنی ہی رہتی ہے کہ نالی کا سرا پانی میں ڈوبا رہے ۔

**watering place, n.** پنگھٹ ؛ آبگاہ ؛ ایسا مقام (جگہ) جہاں پانی دستیاب ہو جیسے مویشیوں کے لیے ؛ وہ مقام جہاں لوگ صحت بخش معدنی پانی کے لیے جاتے ہوں اور جہاں اُن کے لیے تفریحی سہولتیں میسر ہوں ۔

**watering pot, watering can, spring can, n.** دستی فوارہ ؛ ایک ایسا برتن جو ہاتھ سے پودوں کو پانی دینے کے لیے استعمال ہوتا ہے ، بالخصوص ایسا جس کے ساتھ لمبی سی نلکی (برائے اخراج) لگی ہوتی ہے ، جس کے سرے پر چھلنی نما ڈھکنا ہوتا ہے ۔

**waterish, a.** آب گوں ؛ پانی سا ؛ پانی سے ملتا جلتا ؛ پانی کی طرح ؛ پانی والا ؛ پنیلا ؛ تر ؛ گیلا ؛ بھیگا ہوا ؛ مرطوب ۔

**water jacket, n.** پانی کا خول جو مشین کو ٹھنڈا کرنے کے لیے ہوتا ہے ؛ انجن کے اندرونی سلنڈروں کے ارد گرد ، ٹھنڈا رکھنے کے لیے پانی کا بیرونی خول ۔

**water jump, n.** ندی ، تالاب ، گڑھا یا پانی کی کوئی رکاوٹ جس پر سے دوڑتے ہوئے گھوڑے کو چھلانگ لگا کر پار اترنا پڑے ۔

**water leaf, n.** آبی خاندان کی نباتات میں سے ایک قسم کی امریکی بوٹی جس کے پھول سفید اور قرمزی ہوتے ہیں ۔

**waterless, a.** پانی سے محروم یا خشک ؛ بے آب ؛ جسے پانی کی کوئی ضرورت نہ ہو خصوصاً پکوان میں ۔

**waterlessly, adv.** بغیر پانی کے ۔

**waterlessness, n.** خشکی ؛ بے آبی ۔

**water level, n.** سطح آب ؛ پنسال ؛ کھڑے پانی کی سطح کی بلندی ؛ ارتفاع یا خط آبی ؛ پن گنیا ، سطح کی ہمواری دیکھنے کا ایک آلہ جس میں شیشے کی ایک ٹیڑھی نلکی میں پانی ہوتا ہے ۔ (ارضیات) سطح سیرابی ۔ (جہاز رانی) جہاز کا خط آب ۔

**water lilly, n.** پنکج ؛ نیلوفر ، کنول ؛ جنس نیلوفر کی انواع میں ایک آبی پودا جس کے بڑے بڑے تھالی نما پتے پانی پر تیرتے رہتے ہیں ، یہ شوخ رنگ کے خوشبودار پھولوں کی وجہ سے جانا جاتا ہے ، امریکا اور یورپ میں بھی پایا جاتا ہے ؛ اس پودے کا پھول ۔

**water line, n.** (جہاز رانی) خط آب ؛ جہاز کے ڈھانچے پر وہ خط جس کی حد تک پانی کی سطح جہاز کو چھوتی ہے' جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ خالی ہونے کی حالت میں یا جزوی طور پر لدے ہوئے یا پوری طرح لدے ہونے کی حالت میں کس حد تک یہ پانی کے اندر ڈوب جاتا ہے ۔ نیز : water level ۔ جہاز کے ڈھانچے پر پانی کی سطح کے مُتوازی کوئی بھی لکیر جو جہاز ساز جہاز کے نقشے یا ماڈل پر لگاتے ہیں ۔

**waterlog, v.t.** پانی سے بھر کر بھاری یا بے قابو کرنا جیسے جہاز کو ؛ پانی میں بھگو کر ناقابل استعمال کرنا ۔ (فعل لازم) پانی میں بھیگ جانا ۔

**waterlogged, a.** آب زدہ ؛ سیم زدہ ؛ پانی سے اتنا بھرا ہوا کہ وزنی اور ناقابل انتظام ہو ، جیسے جہاز ؛ پانی میں شرابور ، جیسے کوئی گیلی یا کھیت وغیرہ ۔

**waterlogging, n.** سیم زدگی ؛ آب زدگی ۔

**waterloo, n.** واٹر لو ؛ بلجیئم کا ایک گاؤں جس میں ایک فیصلہ کن جنگ میں ۱۸ جون ۱۸۱۵ء کو نپولین ہار گیا تھا ؛ ایک فیصلہ کن اور تباہ کن شکست ۔

**water main, n.** آب رسانی کا بڑا نل ؛ پانی کی ترسیل کے لیے قائم شدہ نظام میں بڑا نل مثلاً وہ جو زیر زمین بچھایا جاتا ہے ۔

**waterman, n.** مانجھی ؛ کرائے پر کشتیاں چلانے والا ؛ کشتی بان ؛ کھویّا ۔

**watermanship, n.** کشتی چلانے کا کاروبار یا اہلیت اور مہارت ؛ کشتی بانی یا تیراکی کے فن کی مشق یا مہارت ۔

**watermark, n.** آبی نشان ؛ پانی کے چڑھاؤ کا نشان ؛ نقشاب ؛ وہ نشان جو پانی کی بلندی یا بلند ہونے کو ظاہر کرے جیسے کسی دریا کا ؛ کاغذ کے اندرونی نشانات جن میں بنانے والے کا نام اور دیگر کوائف جو گیلے نغدے میں بذریعہ دباؤ ڈال دیے جاتے ہیں اور تیز روشنی کے سامنے کاغذ کو رکھنے سے نظر آتے ہیں ۔ (فعل متعدی) آبی نشان لگانا جیسا کہ کاغذ میں ؛ دباؤ سے آبی نشان یا نمونہ بنانا ؛ کاغذ پر اندرونی نشان بنانا ۔

**watermelon, n.** تربوز ؛ ایک بڑا گول یا لمبوترا پھل جو ایک بیل سے لگتا ہے ، اس کا چھلکا سبز اور سخت ہوتا ہے مگر اندرونی گودا میٹھا ، پانی سے بھرا ہوا اور سرخ یا گلابی رنگ کا ہوتا ہے ؛ تربوز کی بیل ۔

**water meter, n.** آب پیما ؛ ایک آلہ جو نالی میں سے گزرنے والی پانی کی مقدار کو ظاہر کرتا ہے ۔

**water milfoil, n.** آبی نباتات میں سے کوئی ایک پودا جن کا تعلق مائریو فیلم (Myrio phyllum) سے ہے ، جس کے تہ آب پتے بڑی خوبصورتی سے مختلف حصوں میں منقسم ہوتے ہیں ، عام طور پر حوض نما بکسوں یا مچھلی گھروں میں رکھے جاتے ہیں ۔

**water mill, n.** پن چکی ؛ پانی کی قوت سے چلنے والی مشین ۔

**water moccasin, n.** آبی موکاسین ؛ ایک طویل زہریلا سانپ ؛ تامڑے سانپ کا ہم جنس ، اس کے جسم پر ایک دوسری کو کاٹتی ہوئی گہری پٹیاں ہوتی ہیں اور یہ جنوبی امریکا کی دلدلی زمینوں میں پایا جاتا ہے ۔ نیز : cotton mouth ۔ ناٹر کی قسم کے بے ضرر آبی سانپوں میں سے کوئی سانپ ۔

**water nymph, n.** (اساطیری) سمندر کی پری ؛ جل پری ۔

**water oak, n.** آبی بلوط ؛ جنوبی امریکا میں خاص طور پر ندیوں کے کناروں اور دلدلی علاقوں میں اگنے والا شاہ بلوط کا درخت ۔

**water of crystalization, n.** (کیمیا) آب قلماؤ ؛ مرکبات کا پانی جسے ماضی میں قلماؤ کے لیے ضروری سمجھا جاتا تھا لیکن اب عام طور پر یہ خیال کیا جاتا ہے کہ قلماؤ میں یہ صرف نئی سالماتی ترکیب کی تشکیل کرتا ہے ۔

**water of hydration, n.** (کیمیا) آبیدگی کا پانی ؛ آبیدگی کا

**water-repellent, a.** پانی دھکیل ؛ مزاحم آب ؛ ایسی تہ جو پانی سے حفاظت تو کر سکے لیکن مکمل طور پر پن روک نہ ہو۔

**water resistant, a.** مزاحم آب ؛ ایسی شے جو پانی کا مقابلہ تو کر سکے مگر پوری طرح پانی کا نفوذ نہ روک سکے۔

**water right, n.** آبی حقوق ؛ پانی سے قوت حاصل کرنے یا زمین سیراب کرنے کے لیے کسی مخصوص منبع یا سرچشمے سے پانی استعمال کرنے کے حقوق۔

**water sapphire, n.** آبی نیلم کی ایک قسم جو شفاف اور نیلے یا بنفشئ رنگ میں ملتا ہے بالخصوص سری لنکا اور مڈغاسکر میں اور گوہر یا قیمتی پتھر کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

**waterscape, n.** نظارہ آب ؛ سمندری یا کسی دوسرے ذخیرہ آب کی تصویر ؛ کسی ذخیرہ آب کا نظارہ یا تصویر ؛ آبی منظر۔

**water scorpion, n.** آبی بچھو ؛ نیم پردار خاندان کے حشرات آبی میں سے کوئی ایک جس کا نظام تنفس ایک دم نما نالی کی شکل کا ہوتا ہے جس کے ذریعے یہ سانس لیتا ہے۔

**watershed, n.** فاصل آب ؛ پن دھارا ؛ واٹر شیڈ ؛ وہ جگہ جہاں سے کئی ندیاں نکلتی ہوں ؛ آب گیر رقبہ یا علاقہ ؛ ایک مرتفع خط جو دو مختلف ندیوں یا نظام ہائے نکاسی کو تقسیم کرتا ہے۔ نیز : Divide, water parting ۔ وہ علاقہ جس کی نکاسی آب کا انتظام کسی خاص نظام یا ندی نالے کے ذریعے کیا جائے۔ (مجازاً) کوئی واقعہ یا وقت جس کے بعد مثلاً بین الاقوامی تعلقات یا رائے عامہ میں کوئی نمایاں تبدیلی نظر آئے۔

**water shield, n.** ایک قسم کا آبی پودا یا نصبیہ ؛ کنول کے خاندان کا آبی پودا ، جس کے سپر نما پتے تیرتے رہتے ہیں ، ان کا نچلا حصہ لیس دار مادے کی وجہ سے چکنا ہوتا ہے ؛ کابومبا خاندان کے پودے۔

**waterside, n.** حاشیہ آب ؛ لب دریا ؛ سمندر ، دریا ، نہر ، جھیل ، ندی کا کنارا ؛ ساحل ۔ (صفت) ساحل کا ، ساحل پر یا ساحل کے حوالے سے ؛ ساحل پر یا ساحل کے ساتھ ساتھ کام کرنے والا۔

**water-ski, v.i.** آبی اسکی کرنا ؛ پانی پر پھسلنا ؛ موٹر کشتی کے ساتھ بندھی ہوئی رسی کی مدد سے حرکت کرتے ہوئے اور اسے برقرار رکھتے ہوئے پانی پر پھسلنا۔ (اسم) آبی اسکی ؛ پن پھسل تختہ۔

**water skier, n.** پانی پر پھسلنے والا شخص۔

**water skiing, n.** پانی پر پھسلنے کا کھیل ؛ آبی اسکی۔

**water snake, n.** پانی کا سانپ؛مارآبی ؛ پانی میں رہنے والے مختلف سانپوں میں سے کوئی ایک ، بالخصوص بے ضرر سانپوں کی قسم ''نیٹرکس'' اور ''کولوبرانڈا'' کے سانپ جو تازہ پانیوں میں یا اس کے قریب پائے جاتے ہیں۔

**water-soak, v.t.** پانی سے بھگونا یا تر کرنا۔

**water softner, n.** متعدد کیمیائی مادوں میں سے کوئی جس کے عمل سے بھاری پانی میں موجود دھاتیں ، کیلشیم ، میگنیشیم وغیرہ دھلائی کے صابن کی ترسیب نہیں کرتیں اور جھاگ بنانے میں آسانی ہوتی ہے۔

**water-soluable, a.** قابل تحلیل ؛ تحلیل پذیر ؛ پانی میں حل ہوسکنے

وہ حصہ جسے پانی کہا جا سکتا ہے یا پانی کی شکل میں کشید کیا جا سکتا ہے ، اب اسے عموماً مرکبات میں شامل آزاد پانی کی بجائے ، مرکب کے دوسرے جوہروں کے ساتھ ، مکمل سالماتی اتحاد کا جز تصور کیا جاتا ہے۔

**water ouzel, water ousel, dipper, n.** (طیوریات) شامار آبی ؛ پن ڈبی ؛ روغنی پروں والے پرندوں کی دو اقسام جو یورپ اور شمالی امریکا کے مغربی علاقوں میں پائی جاتی ہیں اور جو بالعموم پہاڑی ندی نالوں پر محو پرواز رہتی ہیں ، وہیں پانیوں میں تیرتی اور ان کی تہ میں سے اپنی خوراک حاصل کرتی ہیں۔

**water ox, n.** بھینسا (عام اور پالتو)۔

**water parting, n.** دیکھیے : Water shed ۔

**water pepper, n.** فلفل آبی ؛ کثیر الساق خاندان کا ایک پودا جو بالعموم گیلی زمینوں میں اگتا ہے ؛ انجبار۔

**water pimpernel, n.** دیکھیے : Brookweed ۔

**water pipe, n.** پانی کا نل ؛ پانی کے نکاس کی نالی ؛ تمباکو نوشی کے پائپ کی ایک قسم ؛ حقہ۔

**water pistol, water gun, n.** آبی پستول ؛ کھلونا پستول جو بالعموم پلاسٹک کا بنا ہوا ہوتا ہے اور اس میں سے پانی کی دھار بڑی تیزی سے نکلتی ہے۔

**water plantain, n.** بارتنگ ؛ آبی اسپغول ؛ السما خاندان کی آبی جڑی بوٹی ، بالخصوص اسبغول ؛ شمالی منطقۂ معتدلہ کے تمام علاقوں میں پایاب پانی میں اگنے والی بیل جس کے پتے کیلے کے پتوں کی شکل کے ہوتے ہیں۔

**water polo, n.** آبی پولو ؛ سات سات تیراکوں کی دو ٹیموں کے درمیان پانی میں کھیلا جانے والا ایک کھیل جس میں ہر ٹیم کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ گیند کو اچھال کر مخالف ٹیم کے گول میں پھینک دے۔

**water power, n.** آبی طاقت ؛ پانی کی قوت جس سے کوئی مشین چلائی جائے یا اس مقصد کے قابل ہو ؛ کسی ندی میں گرتا ہوا آبشار یا جھرنا جسے مذکورہ مقصد کے لیے کام میں لایا جا سکے ؛ کسی کارخانے کے پانی کو ان مقاصد کے لیے استعمال کرنے کے حقوق۔

**waterproof, a.** آب روک ؛ واٹر پروف ؛ پن روک ؛ پانی کے نفوذ کے خلاف رکاوٹ والا ؛ کسی خاص عمل کے ذریعے پانی کے نفوذ کو روکنے والا جیسے ربڑ یا کسی اور مادے کی تہ چڑھا کر۔ (اسم) پانی روکنے کا سازوسامان ؛ ایسا کپڑا جسے خاص طور پر پانی کے لیے غیر نفوذ پذیر بنایا گیا ہو۔ (برطانوی) برساتی یعنی وہ لباس جو عام لباس کے اوپر بارش سے بچنے کے لیے پہنا جاتا ہے؛ برساتی کوٹ۔ (فعل متعدی) پن روک بنانا۔

**waterproofer, n.** پن روک چیزیں بنانے والا ؛ برساتی ساز۔

**water proofing, n.** پن روک بنانے کا عمل ؛ کوئی شے جیسا کہ ربڑ یا تیل جو کسی چیز کو پن روک بنائے۔

**water rat, n.** پن چوہا ؛ چوہے کی قسم کا جانور جو اکثر پانی میں رہتا ہے ؛ امریکی چھچھوندر ؛ موش آبی کے ذیلی خاندان کا کوئی بھی جانور ؛ آسٹریلیا ، فلپائن اور نیوگنی میں پائے جانے والے آبی چوہوں کی دیگر اقسام سے کوئی ایک ؛ یورپ کا آبی چوہا۔ (عوامی) قزاق ؛ ٹھگ یا کوئی ناپسندیدہ شخص۔

کا انتظام کرتے ہیں۔

**water wave, n.** بالوں کا سنگھار جس میں کنگھیوں کے ذریعے گیلے بالوں کو لہریا بنا کر سکھایا جاتا ہے ؛ پانی کی لہر یا موج۔

**water-waved, a.** لہر دار بالوں والا ؛ گھنگھریالا۔

**waterway, n.** پانی کے گزرنے کا راستہ ؛ نالی ، دریا ، نہر یا قابل کشتی رانی اور جہاز رانی کوئی دوسرا راستہ ؛ آبی رسل و رسائل کا راستہ ؛ آبی راستہ۔

**waterweed, n.** پانی میں ڈوبے ہوئے آبی پودے ؛ شمالی امریکا میں پائی جانے والی آبی نباتات جو تازہ پانی کی ندیوں اور تالابوں میں عام ملتی ہے اور ماہی خانوں یعنی شیشوں کے حوضوں میں رکھی جاتی ہے ؛ ایسے بہت سے آبی پودے جن میں چمکدار پھول نہیں لگتے۔

**water wheel, n.** دو لاب ؛ ایسا پہیہ جسے پانی کی قوت سے گھما کر میکانی کام لیا جائے ؛ پانی نکالنے کا پہیہ ؛ پن چرخی۔

**water wings, n.** پانی کی بھری ہوئی مشکیں یا مشکیزے جنھیں بازوؤں کے نیچے باندھ کر تیرتے ہیں ؛ اس کو ''سرناہ'' اور ''ترند'' بھی کہتے ہیں۔

**water witch, n.** سونگھا ؛ وہ شخص جو اس امر کا دعویٰ کرے کہ وہ زیر زمین ذخائر آب کو بعض اشیا جیسے الہامی چھڑی استعمال کر کے دریافت کر سکتا ہے۔

**water works, n.** کار آب ؛ کارخانہ آب رسانی ؛ مجموعہ آلات اور وہ پورا ڈھانچا جس کی مدد سے پانی حاصل کیا جائے یا کسی شہر اور قصبے کے لیے صاف کر کے تقسیم کیا جائے ؛ آرایشی فوارہ یا آبشار۔ (عوامی) آنسو (جیسے: to turn on the water works ) ۔

**water worn, a.** آب فرسودہ ؛ پانی کے عمل سے گھسا ہوا ؛ چلتے ہوئے پانی کے عمل سے ہموار اور چمکدار ؛ آب خوردہ۔

**watery, a.** سیال ؛ پانی سے لبریز یا بہت زیادہ پانی والا ؛ رقیق ؛ مرطوب ؛ سیراب ؛ پانی سے بھری ہوئی (جیسے : a watery grave) ؛ آب فطرت (جیسے : watery vapor ) ؛ نم دار ؛ پانی سے متعلق یا وابستہ ؛ رنگ یا شکل میں پانی جیسا ؛ پیلا ؛ پتلا جیسے پانی سے ہلکا کیا ہوا ؛ وضع میں پانی سے مشابہ (جیسے : a watery fluid ) ؛ جس میں بہت زیادہ پانی ہو ، جیسے سیال خوراک ؛ بہت زیادہ رطوبت کے حامل جیسے پھل۔ (مجازاً) کمزور ؛ پتلا ؛ پھیکا ؛ بے مزہ ؛ پانی والا (جیسے : watery smile ) ؛ کسی سیال، نامیاتی مائع کا اخراج کرنے والا یا اس سے بھرا ہوا ؛ اشک بھری ، جیسے آنکھیں ؛ کمزوری کی وجہ سے یا اشکی اعضا کی کسی بیماری کی وجہ سے آنسو بہاتا ہوا۔

**wateriness, n.** پتلا پن ؛ پیلا ہٹ ؛ بے مزگی ؛ آبی پن ؛ رطوبت ؛ نمی ؛ تری۔

**watt, n.** واٹ ؛ برقی قوت کی اکائی جو ایک جول فی سیکنڈ کے برابر ہے یا ایک ایمپیئر برقی رو کے ایک وولٹ دباؤ کے تحت چلنے کے برابر ہے۔ مخفف : .W,w ۔

**wattage, n.** واٹ قوت ؛ واتاژ ؛ واتائیت ؛ بجلی کی مقدار جو واٹ میں ناپی جاتی ہے ؛ کسی آلے کو چلانے کے لیے بجلی کی قوت کی مقدار۔

**Watteau, a.** فرانسیسی مصور جین واٹو (۱۶۸۴ء — ۱۷۲۱ء)

والے ایسے مختلف نامیاتی مرکبات جن میں پانی میں حل ہونے کی خاصیت پائی جاتی ہے۔

**water spaniel, n.** گھنگریالے بالوں والے کتوں کی دو قسمیں جو بلاجھجھک پانی میں چلے جاتے ہیں اور جنھیں اکثر یہ تربیت دی جاتی ہے کہ وہ شکار کردہ جانوروں کو پانی میں گھس کر نکال لائیں۔

**water spout, n.** (موسمیات) سطح سمندر پر بخاراتی ستون ؛ زور کی آندھی کی طرح کا سطح سمندر پر طوفان جو ہوا ، دھند اور بخارات سے لدی ہوئی ، ایک گھومتی ہوئی قیف کی طرح بادلوں تک اٹھتا ہوا نظر آتا ہے جیسے کہ پانی کا ایستادہ ستون ؛ لوہے کی ایک نالی (پائپ) جو پرنالے کا کام دیتی ہے اور پانی کو گٹر میں ڈالتی ہے۔

**water sprite, n.** دریائی پری ؛ جل پری یا پانی کا بھوت۔

**water strider, skater, n.** مزلج یا لقمہ ماہی ؛ وہ آبی حشرات جو اپنی لمبی اور پتلی ٹانگوں کی مدد سے پانی کی سطح پر بڑی آسانی کے ساتھ دوڑتے پھرتے ہیں۔

**water supply, n.** آب رسانی ؛ رسد آب ؛ ذخیرہ آب ؛ پانی کی وہ مجموعی مقدار جو کسی آبادی کو مہیا کی جاتی ہو ؛ پانی کا ذخیرہ ، صفائی اور تقسیم کرنے کا نظام۔

**water system, n.** دریا اور اس کے معاون ؛ بہم رسانی آب کا نظام ؛ آبی نظام۔

**water table, n.** (فن تعمیر) مسطح حاشیہ یا کگر (چھت یا دیواریں) پانی کو دور گرانے کے لیے۔ (ارضیات) سطح سیرابی ؛ زمین کی وہ سطح جس تک کھودنے سے پانی نکل آئے ؛ زیر زمین پانی کی سطح ؛ زمین کی وہ پرت جو پانی سے بھری ہوئی ہو۔

**water thrush, n.** شمالی امریکا کے دو نغمہ ریز طائروں میں سے کوئی ایک ؛ دج آبی ؛ لوئی سیانا کا دج آبی ؛ امریکی طیور ؛ شامار آبی ؛ مرغابی ؛ یورپی شامار آبی ؛ پن ڈبی۔

**watertight, n.** پن روک ؛ اتنا سختی سے بند کیا گیا کہ نہ تو پانی ٹپکے نہ اس میں پانی باہر سے داخل ہو سکے ؛ قابل اعتبار یا ہر طرح سے محفوظ۔

**water tightness, n.** پن روک پن۔

**water tower, n.** بُرج آب ؛ پانی کانل یا ٹنکی جو نظام آب میں پانی کے دباؤ کو یکساں رکھنے کے لیے استعمال ہوتی ہے اور ذخیرہ آب کا کام کرتی ہے ؛ آگ بجھانے کا ایک آلہ : جس سے کسی بلند و بالا جلتی ہوئی عمارت کے اوپر والے حصے پر پانی کی دھار ڈالی جاتی ہے ، یہ ایک مینار نما ڈھانچے پر مشتمل ہوتا ہے جس کے اوپر ایک عمودی نل لگا ہوتا ہے جس کی متحرک ٹونٹی کے راستے پانی کی تیز دھار نکلتی ہے۔

**water turkey, n.** دیکھیے : Snakebird ۔

**water vapor, n.** آبی بخارات ؛ وہ پانی جو گیس کی حالت میں ہو بالخصوص جس کا درجۂ حرارت نقطۂ جوش سے کم ہو ، یہ فضا میں مختلف مقداروں میں موجود ہوتا ہے۔

**water-vascular system, n.** (حیوانیات) آبی عروقی نظام ؛ نجم البحر یعنی ستارہ مچھلی اور اس قبیل کے دیگر آبی جانوروں میں موجود ماقوائی نظام جس میں ان کے بازوؤں اور پروں میں موجود خول دار نلکیوں کے سنلسلے پانی کی کشید اور اخراج کے ذریعے نقل و حرکت

کے متعلق یا اُس کے اسلوب میں یا اُس کی بنائی ہوئی تصاویر کے بارے میں (جیسے : a Watteau shepherdess ) ۔

**Watteau back, n.** چُنّٹ والا گون ؛ عورت کے لمبے ، ڈھیلے ، پوری کمر تک کے گون کی چُنّٹیں جو گلے سے نیچے تک ہوتی ہیں ۔

**watt-hour, n.** واٹ گھنٹہ ؛ بجلی کی قوّت کا یونٹ جو ایک واٹ کے ایک گھنٹے تک عمل کرنے کے برابر ہوتا ہے ۔ مخفف : wh, wh ۔

**wattle, n.** جعفری ؛ ٹھاٹ ؛ سلاخوں ، شاخوں اور نرسلوں سے بنی ہوئی رکاوٹ یا جنگلا ؛ ایسا جنگلا بنانے والے ڈنڈے ، شاخیں یا دوسری اشیا ۔ (جمع) وہ ڈنڈے جو چھت پر ڈالے گئے چھپر کو سہارا دینے کے لیے لگائے گئے ہوں ۔ (برطانوی بولی) چھڑی ، شاخ ، ڈنڈا یا عصا ؛ کوئی رکاوٹ ؛ گوشت کا لوتھڑا جو بعض رینگنے والے جانوروں یا پرندوں کے گلے کے نیچے ہوتا ہے جیسے امریکی مرغ کے ؛ مچھلی کا گلمچھا ؛ کوئی آسٹریلوی درخت جو آکیسیاجنس کا ہو ۔ (فعل متعدی) ٹہنیوں سے باندھنا ؛ ٹہنیوں کو گونتھنا ، مروڑنا ، ایک دوسرے میں پھنسانا یا بُننا؛ ٹہنیوں اور شاخوں وغیرہ کا جنگلا بنانے کے لیے ؛ گوندھنا یا تہ کرنا ؛ شکن ڈالنا ۔ (صفت) کھپچیوں سے بنایا ہُوا یا ڈھانپا ہوا ۔

**wattlebird, n.** آسٹریلیا کے مختلف الاقسام بڑے شہد خور پرندوں میں سے کوئی ایک جن کے کانوں کے نیچے لوتھڑے لٹکے ہوئے ہوتے ہیں ۔

**wattmeter, n.** واٹ پیما ؛ بجلی کی قوت کو واٹوں میں ناپنے کا آلہ یا پیمانہ ۔

**wave, n.** سمندری موج ؛ لہر ؛ کسی مائع پر اُٹھتا ہوا ہلورا یا جھکولا ؛ ایک بڑی موج ؛ جذبات یا نقطۂ نظر کی وسیع رو ؛ ترنگ ؛ کسی سطح پر اونچی نیچی لہریے یا اُن کا سلسلہ ؛ تموّج ؛ پھولی ہوئی شکل ؛ انتہائی گرم یا سرد موسم کا بلاّ ؛ ہاتھ ، جھنڈا یا کسی ایسی ہی چیز سے آگے پیچھے ہلا کر کیا گیا اشارہ ؛ بالوں کی لہر یا شکن آلود پیچدار صورت ۔ (طبیعیات) لچکدار مادے کے ذرات کی ایک جماعت سے ذرات کی دوسری جماعت کو ارتعاش کی منتقلی جیسے روشنی اور حرارت کی ترسیل میں ؛ ایسے ارتعاش کی ایک ارتسامی تعبیر ۔ (فعل لازم) بلنایا حیرت سے متامل ہونا ؛ لہرانا ؛ چڑھنا اُترنا ؛ ڈھیلے پن سے آگے پیچھے یا اوپر نیچے چلنا ؛ پھڑپھڑانا یا تیرنا ؛ موجزن ہونا ؛ حرکت میں آنا جیسے اشارے سے ؛ اشارے سے بلایا جانا ۔ (فعل متعدی) ادھر سے اُدھر حرکت کرنا ؛ گھمانا پھرانا جیسے جھنڈے کو ؛ لہلہانا ؛ اشارہ کرنا ؛ ہاتھ لہراتے ہوئے یا کسی اور طریقے سے ؛ اشاروں سے بلانا یا اطلاع کرنا ؛ شکن یا لہریں پیدا کرنا ، جیسے بالوں میں ۔

**waveless, a.** بے لہر ؛ بے موج ؛ ساکن ۔

**wavelike, a.** لہروں کا سا ؛ لہر والا ؛ لہر نما ؛ لہریا ۔

**wave band, n.** (طبیعیات) بند موج ؛ مقررہ تعدّد ارتعاش کے اردگرد ارتعاش کا مجموعہ ، خصوصاً ریڈیو اور ٹیلی وژن کی ترسیل میں ۔

**waved, a.** لہریا یا مواجی صورت کا ؛ لہریا ؛ لکیروں والا ۔

**wave front, n.** (طبیعیات) محاذ موج ؛ موجی اضطراب میں کوئی سطح جس میں ایک خاص وقت میں تمام ارتعاشات ایک ہی ہیئت میں ہوتے ہیں ۔

**wave guide, n.** (برق) رہبر موج ؛ دھات کی بنی ہُوئی نالیاں جو اعلیٰ تعدّد پر برقناطیسی امواج کی ترسیل کے لیے استعمال ہوتی ہیں ۔

**wave length, n.** طولِ موج ؛ دو متصل آبی امواج کے فراز کا درمیانی فاصلہ ۔ (طبیعیات) موجی اضطراب کی ایک ہی ہیئت میں متحرک ذرات میں کم از کم فاصلہ ۔

**wavelet, n.** ایک چھوٹی موج ؛ پانی پر ہلکی سی لہر ۔

**wave mechanics, n.** (طبیعیات) موجی میکانیات ؛ قدری میکانیات کا ایک شعبہ جو ابتدائی ذرات کو ان کی موج نما خصوصیات کے ذریعے شناخت کرتا ہے ۔

**waver, v.i.** ادھر اُدھر ہلنا یا ڈگمگانا ؛ پھڑپھڑانا ؛ گرنے کے قریب ہونا یا گرنے لگنا ؛ متزلزل ہونا ؛ شش و پنج میں ہونا؛ بلا اِرادہ ہلنا یا تھرتھرانا ؛ نقطۂ نظر کے متعلق متذبذب ہونا ؛ کوئی بات طے نہ کر پانا ؛ متلون مزاج ہونا ؛ متامل ہونا ؛ اوپر نیچے ہونا ؛ پاؤں لڑکھڑانا ؛ ڈولنا ؛ چکرانا ۔ (اسم) ڈگمگاہٹ ؛ حیص بیص ؛ شش و پنج ؛ تذبذب ۔

**waverer, n.** ڈگمگانے والا ؛ غیر مستقل مزاج ۔

**waveringly, adv.** تھرتھراتے ہوئے ؛ جھلملاتے ہوئے ؛ پس و پیش کے ساتھ؛ ڈگمگاتے ہوئے ؛ متزلزل طور سے ؛ تذبذب سے ؛ ہچکچاتے ہوئے ؛ جھجکتے ہوئے ۔

**wavery, a.** لہریا ، متزلزل ؛ ڈانواں ڈول ؛ متذبذب ، ڈھل مل ؛ متردّد ؛ متلون ؛ متامل ۔

**wave theory,undulatory theory, n.** (طبیعیات) نظریۂ تموّج نُور ؛ یہ نظریہ کہ روشنی کی ترسیل برقناطیسی امواج کی طرح ہوتی ہے ۔

**wave train, n.** (طبیعیات) سلسلۂ امواج ؛ برابر کے مابینی فاصلے کی یکے بعد دیگرے امواج کا سلسلہ ۔

**wavy, a.** تموّجی ؛ لہردار ؛ متموج ؛ لہریں لیتا ہوا ؛ پُر از موج ؛لہریں مارتا ہوا ؛ پرشکن ؛ پرخم (زلف ، گیسو وغیرہ)، گھونگریالا ؛ لہریلا ؛ موجوں کی صورت میں اوپر چڑھتا ہوا؛ موجوں کے اوصاف رکھنے والا یا موجوں سے بھرا ہوا ؛ سطح یا کناروں پر لہردار ، جیسے بال یا پتے ؛ لہریا ؛ ڈگمگاتا ہوا ؛ غیر مستقل ۔

**wavily, adv.** پیچ و خم کھاتے ہوئے ؛ لہردار طریقے سے ؛ بل دارطریقے سے ؛ ہچکچاہٹ سے ؛ ڈگمگاہٹ لیے ہوئے ۔

**waviness, n.** لہریا پن ؛ خمیدگی ؛ گھنگھریالا پن ۔

**wax, n.** موم ؛ پیلے رنگ کا سخت مادہ جسے شہد کی مکھیاں خارج کرکے اپنے چھتے بناتی ہیں ، اسے beewax،شہد کا موم بھی کہا جاتا ہے ؛ متعدد مادوں میں سے کوئی جسے جانور اور درخت خارج کرتے ہیں مثلاً شجرۃ برازیلیہ وغیرہ ؛ ایک ٹھوس ملائم معدنی مادہ جیسے پیرافین ؛ نامیاتی مائعات کے مرکبات سے موم کی شکل کے تیار کردہ کئی مادوں میں سے کوئی ایک ؛ کان کی میل یا سفید چیپ ؛ جفت سازوں کے استعمال کا رال نما مادہ ؛ مہر لگانے والی لاکھ ۔ (مجازاً) کوئی ایسا شخص یا شے جو بآسانی اثر پذیر ہو سکے جیسے بچے کا ذہن ۔ (فعل متعدی) تہ چڑھانا ؛ رگڑنا یا موم سے پالش کرنا ؛ موم لگانا ؛ مومی کرنا ؛ موم سے جوڑنا ۔ (بول چال) گراموفون کے ریکارڈوں پر صدا بندی کرنا ۔ (صفت) موم کا بنا ہوا ، موم میں لپیٹا ہوا یا موم کی طرح دکھائی دینے والا ۔

**waxer, n.** موم سے چمکانے والا شخص ۔

**wax, v.i.** بڑھنا ؛ نشوونما پانا ؛ پھیلنا ؛ ترقی ہونا ؛

طاقت یا حجم میں بڑھنا ؛ کسی طرح کی نشوونما کا ہونا ؛ بڑا ہو جانا یا اپنے کمال تک پہنچنا ، جیسے پورا چاند (بدر ،ہلال کے مقابلے میں) ۔ (اسم) ترقی ؛ ترویج ؛ پھیلاؤ ؛ بڑھوتری ۔

**wax,** n. (خصوصاً برطانوی) غضب ؛ جذبہ غضب ؛ غصّہ ؛ غیظ ۔

**wax bean, butter bean,** n. ریشہ دار سیم کی پھلیوں کی بیل کی ایک قسم جن میں ہلکے پیلے اور زرد رنگ کی مومی پھلیاں لگتی ہیں ۔

**waxberry,** n. مومی گوندنی ؛ اس کا پھل ؛ ایک لیسدار پھل ؛ گوندنی پھل ۔

**waxbill,** n. موم منقار ؛ لاک منقار ؛ بیاء،ایشیا اور افریقہ میں پائے جانے والے متعدد بئیوں میں کوئی جن کی موم نما سفید گلابی یا سرخ چونچ ہوتی ہے ، ان میں بہت سے قفس نشیں پرندے بھی شامل ہیں؛ جاوا کی چڑیا ؛ جزائر شرق الہند کی دھانی چڑیا ۔

**waxen,** a. موم سے بنا ہوا یا مومی ؛ موم سے ڈھکا ہُوا ؛ پیلا یا زرد ، جیسے کسی کی رنگت ؛ بدلنے کی صلاحیت رکھنے والا یا جسے متاثر کیا جا سکے ، جیسے بچوں کا ذہن ۔

**wax insect,** n. موم کیڑا ، متعدد مشابہ پرّاں کیڑوں میں سے کوئی ایک جو اپنے جسم سے موم خارج کرتے ہیں ، جیسے چینی کھپرے دار کیڑا ۔

**wax myrtle, bay berry, candle berry,** n. کائپھل ؛ موم پودا ؛ ایک قسم کا پودا جس سے موم کا سا مواد نکلتا ہے ، اس کے ساتھ چھوٹی چھوٹی موم گوندنیاں لگتی ہیں ، جن سے موم بتیاں بنائی جا سکتی ہیں ۔

**wax palm,** n. مومی تاڑ ؛ جنوبی امریکا کا تاڑ کی قسم کا درخت ، جس کے پتوں اور تنے سے موم کی قسم کا مواد خارج ہوتا ہے ؛ برازیل کا درخت کوپرنیشیا ، جس کے موم چڑھے پتوں سے موم حاصل کیا جاتا ہے ۔

**wax paper, waxed paper,** n. مومی کاغذ ؛ وہ کاغذ جس پر موم یا پیرا فین کی تہ چڑھا کر اُسے پانی سے محفوظ بنایا جاتا ہے ۔

**waxwing,** n. سُرخ مومی پر چڑیا ؛ امریکا اور یوریشیا میں پائی جانے والی چڑیوں کی کئی اقسام جن کے بادامی پروں کے اُوپر سُرخ رنگ کی سینگ نما گومڑیاں ہوتی ہیں ۔

**waxwork,** n. مومی مجسمہ سازی ؛ موم کاری ؛ موم کی بنائی ہوئی نقلی صورتیں (اصلی صورتوں کی نقل) ؛ موم کے پُتلے بنانے کا کام ؛ وہ مقام جہاں پر ایسے مجسموں کو نمایش کے لیے رکھا گیا ہو؛مومی مجسموں کی نمایش ۔

**waxworker,** n. مومی مجسمے بنانے والا شخص ؛ مومی مجسمہ ساز ؛ موم کار ۔

**waxy,** a. موم کی طرح ؛ وضع اور شکل میں موم سے مشابہ ؛ مومی ؛ موم سے متعلق ، جس میں موم بہت زیادہ ہو ، موم میں لپٹا ہوا یا موم کا بنا ہو ۔ (مجازاً) لچکدار ، لچکیلا ؛ نرم ، ملائم ؛ کومل ؛ اثر پذیر ؛ پلپلا ۔ (امراضیات) جسم کے کسی حصے میں موم کی طرح کا غیر تحلیل پذیر لحمیاتی مادہ جمع ہونے سے پیدا ہونے والی نسیج کی خرابی کے متعلق ؛ نشاستہ دار غذاؤں کی خاصیت والا ۔ (برطانوی بول چال) خفا ، غصّے میں ۔

**waxiness,** n. مومی پن ؛ پلپلا پن ؛ موم کی سی زردی ۔

**way,** n. راہ ؛ راستہ ؛ طریقہ ؛ طریق ؛ طور ؛ طرز ؛ انداز رخ ؛ چال ؛ سیدھا راستہ ؛ رفتار ؛ طریقِ عمل ؛ تدبیر ؛ دُوری ؛ پیشہ ؛ شغل ؛ حالت ؛ صورت ؛ لحاظ ؛ اعتبار ؛ درجہ ؛ حیثیت ؛ ترقی ؛ مرضی ؛ فاصلہ ؛ طریق کار ، ڈھنگ ؛ انداز یا رواج (جیسے: a new way of looking at a matter) ؛ خصوصیت یا عادت (جیسے: that is only his way) ؛ روش ، منصوبہ یا حصول مقصد کا ذریعہ (جیسے: to find a way to reduce friction) ؛ پہلو یا لحاظ (جیسے: a plan defective in several ways) ؛ طرف یا سمت (جیسے: look this way) ؛ کسی راہ پر سفر یا پیش قدمی (جیسے: to lead the way) ؛ مسافت (جیسے: a long way off) ؛ راہ یا راستہ جو ایک مقام سے دُوسرے مقام کو جاتا ہو ؛ سڑک یا روش (جیسے: a high way) ؛ گزرنے یا سفر کرنے کا کوئی بھی استعمال شدہ یا دستیاب راستہ ؛ آگے بڑھنے یا گزرنے کی جگہ (جیسے: to make way) ۔ (قانون) راستے کا حق ۔ (اکثر جمع) عادت یا رواج (جیسے: I don't like his ways) ؛ کسی شخص کی پسندیدہ روش یا طریق کار (جیسے: to have one's own way) ؛ صحت یا مالی حالت (جیسے: to be in a bad way) ؛ تجربے یا علم کی حد (جیسے: the best device that ever came in my way) ؛ زندگی کا سفر ، عمل یا تجربہ ۔ (بول چال) پیشہ یا کام (جیسے: in the grocery way) ۔ (جمع) (جہازسازی) وہ شہتیر جن پر پھسلاتے ہوئے جہاز کو پانی میں اتارتے ہیں ۔ (میکانیات) ایک طولی پھسلنے والی جگہ یا پٹی جو بالائی پرزے یا کارمیز کو حرکت دینے کے لیے مستعمل ہو ۔ (جہازرانی) پانی میں حرکت یا سفر ۔ (متعلق فعل ، بول چال) دُوربٹ کر ۔

**by way of,** کے راستے سے ؛ براستہ ؛ میں سے ؛ کسی طور ، طریقے یا ذریعے سے (جیسے: to number articles by way of distinguishing them) ۔

**in a way,** سلیقے سے ؛ قرینے سے ؛ فیشن کے مطابق ؛ کسی حد تک ؛ ایک حد تک ؛ ایک لحاظ سے ۔

**to make way,** گزرنے کے لیے راستہ دینا ؛ راستہ کرنا ؛ جگہ کرنا؛ ہٹنا ؛ ایک طرف کھڑے رہنا ۔

**out of the way,** سڑک یاراستے سے ہٹ کر ، تاکہ پیچھے والے کو رکاوٹ پیدا نہ ہو ؛ جو ہاتھ نہ آسکے ؛ معمول یا عام طریقِ عمل سے جدا یا الگ ؛ غیر معمولی ؛ غیرمناسب یا غلط ۔

**under way,** حرکت میں یا متحرک ، اپنے راستے پر گامزن جیسے جہاز جو لنگر اُٹھا چکا ہے ؛ جاری ، جیسے کوئی منصوبہ ۔

**wayless,** a. بے راہ ؛ بھٹکا ہوا ؛ گمراہ ۔

**way bill,** n. فہرست اشیا جو کسی عام ذریعہ نقل و حمل سے مع ہدایات ارسال کی گئی ہوں ، جیسے بذریعہ ریل ؛ بیجک ۔

**wayfarer,** n. مسافر ؛ راہگیر ؛ سفر یا سیاحت کرنے والا شخص ۔

**wayfaring,** a. سفر کرنے سے متعلق بالخصوص پیدل ۔

**waylay,** v.t. راستے میں کسی کا انتظار کرنا یا کسی کو پکڑنے ، لُوٹنے یا قتل کرنے کے لیے اُس کا راستہ روکنا ؛ گھات لگا کر بیٹھنا ؛ بٹ ماری کرنا ؛ راہ میں سے اُچک لینا ؛ راہ مارنا ؛ راہ روکنا ؛ رہزنی کرنا ۔

**way-out, far-out,** a. (عوامی) تجرباتی بالخصوص فنون میں؛ غیر روایتی ؛ غیررسمی ۔

**ways and means,** n. وسائل ؛ ڈھنگ ؛ مقصد حاصل کرنے کے طریقے یا ذریعے ؛ ذرائع اور طریق برائے قانون سازی یا حکومت کے لیے مالیات فراہم کرنے کے طریق (جیسے: the Committee of Ways and Means of the U.S. House of Representatives) ۔

**wayside,** n. شاہراہ یا سڑک کی ایک جانب حاشیہ یا کنارا ۔ (صفت) راستے کے یا سڑک کے کنارے لگا ہوا یا واقع (جیسے: Way side flowers) ؛ کنار راہ ؛ لب راہ ۔

**go by the way side,let go by the way side,** کسی زیادہ ضروری مسئلے کی وجہ سے ایک طرف رکھ دینا یا ملتوی کر دینا ۔

**way station,** n. چھوٹا اسٹیشن ؛ ریلوے لائن پر بڑے اسٹیشنوں کے درمیان واقع کوئی چھوٹا اسٹیشن ۔

**wayward,** a. گمراہ ؛ صحیح اور مناسب راستے سے ہٹا ہوا یا ہٹنے والا ؛ خودپسند ؛ متلوّن مزاج ؛ چنچل ؛ ہٹی ؛ خودرائے ؛ سرپھرا ؛ شوخ ؛ کج ؛ ضدی ؛ اڑیل ؛ سرکش ؛ درست ، معقول یا متوقع راستے سے محض اپنی ترنگ ، من کی موج میں،جان بوجھ کر یا تلون مزاجی اور گمراہی سے ہٹ جانے والا ؛ نافرماں بردار ؛ وہم سے متاثر ہونے والا (جیسے: a way ward fancy) ؛ بے قاعدہ یا بے قاعدگی سے بدل جانے والا (جیسے: a wayward stream, path or breeze) ؛ ناموافق یا ناسازگار (جیسے: some wayward star) ۔

**waywardly,** adv. ضد سے ؛ تلون مزاجی سے؛ بے قاعدگی سے ۔

**waywardness,** n. ضدی پن ؛ بے قاعدگی ؛ تلون مزاجی ؛ اڑیل پن ۔

**wayworn,** n. راہ کا تھکا ماندہ ؛ سفر کی وجہ سے تھکا ہوا (جیسے: a way worn traveler) ۔

**we,** pron. (حالت فاعلی میں ضمیر جمع متکلم) ہم ؛ جس میں متکلم کے علاوہ ایک یا زیادہ افراد مراد ہوتے ہیں (جیسے: We are all mortal beings) ؛ بادشاہ ، بڑے آدمی، مدیر اور مصنفین واحد متکلم کی جگہ استعمال کرتے ہیں ۔ (بول چال) زیادہ بے تکلفی میں بالخصوص بچوں سے گفتگو کے دوران میں مستعمل ہے ۔

**weak,** a. کمزور ؛ جو مضبوط نہ ہو ؛ جو دباؤ یا تکلیف کے تحت ہار مان جائے ، ٹوٹ جائے یا ڈھیر ہو جائے (جیسے: a weak fortress) ؛ ناتواں ؛ جسمانی طاقت اور قوت میں یا تو خلقی طور پر یا کسی بیماری یا عمر کے سبب سے کمزور ؛ بیمار ؛ غیر متسحکم ؛ سیاسی قوت ، اختیارات اور حکومت کرنے میں کمزور (جیسے: a weak nation)؛ جس میں طاقت ، امکانات ، اثر اور قوت کی کمی ہو ؛ بے طاقت ، غیر مؤثر یا ناکافی (جیسے: a weak battery) ؛ جس میں قوت بیان (فصاحت وبلاغت) یا تاثیر کی کمی ہو (جیسے: a weak literary style) ؛ بیان میں منطقی ؛ قوت اور قانونی پختگی کی کمی والا (جیسے: a weak argument) ؛ جودت ، ذہانت یا قوت فیصلہ میں کمزور (جیسے: a weak intellect) ؛ اخلاقی قوت یا مستقل مزاجی ؛ قوت فیصلہ یا قوت کردار میں بودا (جیسے: to prove weak under temptation) ؛ مقدار ، حجم یا شدت میں ہلکا (جیسے: weak tones or vibrations)؛ کسی مخصوص شے کی کمی اور کمزوری کا شکار (جیسے: weak in punctuation) ؛ مناسب اور ضروری اشیاء یا اجزا کی کمی کا شکار (جیسے: weak broth) ۔ (صوتیات) آوازوں اور صوتوں پر تاکید اور زور کی کمی ۔ (گرامر) جرمن زبان کے فعل جن کی حرف علت کی تبدیلی کے بغیر گردان کی جاتی ہے ، انگریزی زبان کے فعل کے برعکس جن کے ساتھ d یا ed یا t لگا کر فعل ماضی بنایا جاتا ہے؛ جرمن زبان کے اسم اور صفت وغیرہ کے متعلق جن کے n میں ختم ہونے والے درمیانی حصے زور دینے پر نمایاں نہیں ہوتے ۔ (عکاسی) کم ، ہلکا یا ناقص لگنا (جیسے: a weak negative) ۔ (تجارت) بازار حصص یا قیمت میں مندے کا رجحان ظاہر کرنے والا ۔

**weakish,** a. کمزور ؛ ہلکا ؛ ناقص ۔

**weakishly,** adv. کمزوری سے ؛ غیرمستحکم طور پر ؛ بودے پن سے ۔

**weakishness,** n. عیب ؛ کمزوری ؛ ہلکا پن ؛ بودا پن ۔

**weaken,** v.t. کمزور یا کمزور تر کرنا ؛ ناتواں کرنا ؛ ہلکا کرنا ۔ (فعل لازم) کمزور یا کمزور تر ہونا ؛ کمزور پڑنا ؛ ناتواں ہونا ؛ ناطاقت ہونا ۔

**weakener,** n. کمزور کرنے والا ۔

**weakfish, squeteague,** n. ایک قسم کی مچھلی ؛ امریکا کے بحراوقیانوس اور خلیجی ساحلوں کے پانیوں میں پائی جانے والی سائنوسن خاندان کی خوردنی مچھلیوں میں سے کوئی ۔

**weakforce, weak interaction,** n. کمزور قوت ؛ ایسی قُوّت جواساسی عدلیات کے درمیان تعامل کو منضبط کرتی ہے ، تجاذب اور برقی نامیوں کی قوتوں میں تبدیلی کرتی ہے اور تابکار فرسودگی پیدا کرتی ہے ۔

**weakhearted,** a. وہ شخص جس میں اخلاقی قوت یا حوصلہ نہ ہو ؛ تھڑدلا؛ کم ہمت ؛ بودا ۔

**weakheartedly,** adv. تھڑدلی سے ؛ کم ہمتی سے ؛ بودے پن سے ؛ پھسپھسے پن سے ۔

**weak heartedness,** n. کم ہمتی ؛ تھڑدلی ؛ بزدلی ؛ بودا پن ، پھسپھساپن ؛ ڈھیلاپن ۔

**weak-kneed,** a. ارادے کا کچا ؛ طبیعت یا ارادے کا کمزور جو دباؤ یا دھمکی سے مرعوب ہو جائے؛ جس میں اخلاقی قوت ، قوت فیصلہ یا مستقل مزاجی کا فقدان ہو۔

**weakling,** n., a. .مریل ؛ ضعیف ؛ کمزور؛ ایسا شخص جس میں جسمانی اور اخلاقی قوت نہ پائی جائے ؛ نحیف الجثہ ۔ (صفت) قوت اور کردار کے بغیر ؛ پتلا دبلا ۔

**weakly,** a. کمزور یا بیمار ؛ ناطاقت ؛ ضعیف ؛ نحیف ، نازک ؛ ناتواں ؛ جس کا جسم کمزور یا نازک ہو۔ (متعلق فعل) کمزور طرزِ عمل سے؛ کمزوری سے ؛ بیماری سے ۔

**weakliness,** n. کمزوری ؛ ناتوانی ؛ نقاہت ؛ کم ہمتی ؛ کم عقلی ؛ بیوقوفی ؛ نقص ؛ عیب ؛ برائی ؛ کھوٹ ؛ دُبدھا ۔

**weak-minded,** a. متذبذب ؛ کم عقل ؛ بیوقوف ؛ جس میں قوت فیصلہ کی کمی ہو ؛ ذہنی تذبذب کا شکار ؛ ناسمجھ ؛ نادان ؛ کمزور ذہنی قُوا والا یا بدھو۔

**weak-mindedness,** n. کم عقلی ؛ نادانی ؛ بدھوپن ۔

**weakness,** n. ناطاقتی ؛ نقاہت ؛ ضعف ؛ کمزور ہونے کی حالت یا صفت ؛ ناتوانی ؛ عیب ؛ کوئی نقص ؛ ناکامی ؛ کوئی خاص تحریص یعنی کمزوری (for کے لاحقے کے ساتھ) ؛ جس شے کی کمزوری لاحق ہو ؛ دبدھا ۔

**weal,** n. (قدیم) خوشحالی ؛ اچھی حالت ؛ بہبودی ؛ رفاہ ؛ فارغ البالی ؛ سکھ ؛ چین ؛ کامرانی ؛ ترقی ؛ ایک مضبوط ، صحت

حصہ ہوا کی طرف موڑ کر جہاز کو دوسرے راستے پر لے آنا ۔ (فعل لازم) پہننے ، استعمال کرنے، فرسودہ ہونے یا کسی اور وجہ سے بتدریج ضرر ، کمی یا تخفیف کا شکار ہونا (اس کے ساتھ down,out, away ، یا off استعمال ہوتے ہیں) ؛ گھسائی ، استعمال یا کسی اور مستقل دباؤ کے تحت برقرار یا قائم رہنا (جیسے: the rug wore well for many years) ؛ استعمال یا دباؤ سے ویسے ہی ہوتا یا ویسا ہی ردعمل ظاہر ہونا جس کی تصریح یا صراحت کردی گئی ہو (جسے: patience worn thin) ؛ وقت کاگزرنا ، آہستگی سے یا مشکل سے (اِس صورت میں بھی اکثر away ، down ، out یا off استعمال ہوتے ہیں) ۔ (جہازرانی) ہوا کے رُخ سے ہٹ کر جہاز کا دوسرے راستے پر آ جانا ۔ (اسم) پہناوا ؛ لباس ؛ پوشاک ؛ پہننے کا عمل یا پہن لیے جانے کی کیفیت جیسے کپڑے زیب تن ؛ استعمال ؛ کپڑے ، پارچات یا دیگر اشیا جو پہنے کے لیے ہوں، بالخصوص وہ جو رواج کے مطابق ہوں یا کسی مخصوص استعمال کے لیے ہوں (اکثر مرکبات کی شکل میں استعمال ہوتے ہیں، جیسے: Sports wear, beach wear) ؛ استعمال کی وجہ سے بتدریج فرسودگی ، ضیاع یا تخفیف و تحلیل (جیسے: cuffs showing wear) ؛ استعمال میں برقرار رہنے کی اہلیت ؛ پائیداری ؛ مضبوطی ۔

**wear down,** کثرتِ استعمال سے فرسودہ ہونا یا ختم ہو جانا؛ استقلال اورمستقل مزاجی سے قابو پا لینا ۔

**wear off,** گھسنا ؛ بتدریج کم ہو جانا یا ختم ہو جانا ؛ غائب ہونا ؛ محو کر دینا ؛ مٹ جانا ؛ دور ہو جانا ۔

**wear out,** بہت زیادہ ا، رمتواتر استعمال سے یا پہننے سے فرسودہ ہونا ؛ گِھس جانا ؛ اصلی حالت پر نہ رہنا ؛ استعمال کرکے ختم کر دینا ؛ ختم ہو جانا ؛ ستانا ؛ عاجز کر ڈالنا ؛ تھکانا ؛ دق کرنا ؛ کثرتِ استعمال سے یا امتداد زمانہ کے ہاتھوں خراب ہو جانا؛ خراب و خستہ ہو جانا ؛ گھسانا ؛ گھسا کر خراب کر دینا ؛ گلا سڑا کر بگاڑ دینا ؛ تادیر استعمال کے سبب خراب ہو جانا ۔

**wearable, a.** پہننے کے قابل ؛ قابلِ استعمال ؛ پوشیدنی ؛ پہننے لائق ۔

**wearer, n.** پہننے والا شخص ۔

**wear and tear, n.** عام استعمال یا پہننے سے نقصان اور فرسودگی ؛ ٹوٹ پُھوٹ ؛ گھسائی پٹائی ۔

**weariful, a.** تھکا ہُوا ، تھکا دینے والا ؛ اجیرن ، تکلیف دہ ، ناگوار ؛ دوبھر ؛ مشکل ؛ بے کیف ۔

**wearifully, adv.** مشکل سے؛ بے کیفی سے ، تھکے ہوئے ، ناگوار طریقے سے ، اُکتا دینے والے طریقے سے ۔

**wearifulness, n.** تکان ؛ بے کیفی ۔

**weariless, a.** بے تکان ؛ نہ تھکنے والا ؛ نہ اکتانے والا ۔

**wearing, a.** پوشاکی ؛ پہناوے والی یا پہننے کے قابل اشیا سے متعلق ؛ ضرر یا فرسودگی کا باعث ؛ فرسودگی یا تکان والا ۔

**wearisome, a.** تھکانے والا ؛ تکلیف دہ ؛ اکتا دینے والا ؛ دوبھر ؛ ناگوار ؛ اجیرن ۔

**wearisomely, adv.** تھکے ہوئے ؛ تکلیف دہ طریقے سے ؛ اکتا دینے والے طریقے سے ۔

مند ، خوشحال کیفیت ؛ بھلائی ۔

**weal, n.** جسم پر کوڑے کا نشان ؛ دھاری ؛ بدّھی ؛ ابھرا ہوا نشان ۔

**weald, n.** (زیادہ تر برطانوی) جنگل یا بن ؛ ایسا علاقہ جس میں کھلا جنگل ہو؛ غیر مزروعہ زمین ، بالخصوص کُھلی سطح مرتفع ۔

**wealth, n.** دولت ؛ روپیہ پیسہ ؛ امارت کے لیے ایک اجتماعی اصطلاح ؛ ہر قسم کی مادی دولت کی ملکیت ؛ تمول ؛ کسی چیز کی کثرت یا بہتات ؛ تکاثر ؛ افراط ۔ (معاشیات) افادیت کی حامل ہر شے اور جس میں تصرف کیا جا سکے یا اُس کا تبادلہ کیا جا سکے یعنی اُس کے بدلے میں کچھ حاصل کیا جا سکے ۔

**wealthy, a.** دولت مند ؛ مالدار ؛ جس کے پاس دولت ہو ؛ متمول ؛ امیر ؛ زردار ؛ کثیراموال کا مالک ۔

**wealthily, adv.** امیرانہ طور پر ؛ ٹھاٹ سے ۔

**wealthiness, n.** امارت ؛ تمول ؛ دولت مندی ؛ زرداری ؛ تونگری ۔

**wean, v.t.** دُودھ چھڑانا ؛ عادت سے الگ کرنا ؛ نئی عادت ڈالنا ؛ انسانی یا حیوانی بچے کو اِس بات کی عادت ڈالنا کہ ماں کے دودھ کی بجائے دُوسری غذا پر گزارا کرے ؛ علیٰحدہ کرنا یا الگ کرنا ، جیسے کسی شخص کو اُس کی خواہش ، عادت یا کسی کی شفقت سے ۔

**weaner, n.** دودھ چھڑانے والا شخص ؛ جو الگ کرائے یا دودھ چھڑانے کا فعل انجام دے ؛ حفاظتی بند جو مویشیوں کے شیر خوار بچوں کے مُنہ پر باندھ دیا جاتا ہے ۔

**weanling, n., a.** دُودھ چُھٹا بچہ ؛ بچہ یا جانور جس کا تازہ تازہ دودھ چھڑایا گیا ہو ۔

**weapon, n.** ہتھیار ؛ آلہ ؛ ذریعہ ؛ جنگ میں بچاؤ یا حملہ کرنے کے لیے استعمال ہونے والا کوئی ہتھیار ؛ دشمنوں یا مخالفین کے ساتھ لڑائی میں استعمال کرنے کے لیے کوئی آلہ یا ہتھیار ۔ (حیوانیات) ڈنک ، پنجے ، سینگ یا اسی نوعیت کا کوئی بھی عضو ، جو جانور اپنے دفاع یا حملے کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔ (فعل متعدی) ہتھیار مہیا کرنا یا ہتھیاروں سے لیس کرنا ۔

**weaponless, a.** نہتّا ؛ بے ہتھیار ؛ غیرمسلح ۔

**weaponry, n.** مختلف قسم کے ہتھیاروں کا مجموعہ ؛ ایجاد/اختراع ، نمونہ اور ہتھیاروں کی تیاری ۔

**wear, v.t.** اوڑھنا ؛ زیب تن کرنا ؛ جسم یا تن پر پہننا یا لگانا مثلاً کوئی پوشش ، سامان، ہتھیار یا زیورات وغیرہ (جیسے: to wear a coat, badge or ring) ؛ جسم پر کوئی شے عادتاً استعمال کرنا (جیسے: to wear a beard) ؛ پیدا کرنا ، کیفیت کا ہونا یا شکل و صورت بنانا (جیسے: to wear a smile) ؛ بگاڑنا ، خراب کرنا یا بتدریج ختم کرنا ، استعمال یا کسی مستقل طریقے سے ، رگڑ کر ، کھرچ کر یا دھو کر (جیسے: the waves wear the rocks away) ؛ مصرحہ طریق سے پہن کر ، استعمال سے یا گھسا کر کسی چیز کو ضائع کر دینا یا ختم کر دینا یا بدل دینا (جیسے: to wear clothes to rags) ؛ جہاز پر جھنڈا لہرانا یا دکھانا ؛ تھکا دینا یا ختم کر دینا جیسے کسی کے صبر یا طاقت کو ؛ گزارنا وقت کا آرام سے یا بمشکل (away اور out کے ساتھ مستعمل ہے، جیسے: to wear away the hours) ۔ (جہازرانی) جہاز کا پچھلا

**wearisomeness, n.** تھکان ؛ اکتاہٹ ؛ بارِخاطری ؛ ناگواری ۔

**weary, a.** خستہ ؛ کسل مند ؛ اُچاٹ ؛ آزردہ ؛ کثرت کار ، سخت مشقت ، درد یا تکلیف سے ناتواں شدہ ؛ تھکا ہوا ؛ ماندہ ؛ تھکان سے پیدا شدہ یا تکان کا مظہر (جیسے a weary droop to his shoulders) ؛ کسی تکلیف دہ، بیزار کُن یا اُکتا دینے والی شے کے جاری رہنے پر بے صبر، مایوس یا ناراض ؛ تنگ ؛ بیزار ؛ دِق ۔ (فعل متعدی) تھکا دینا ؛ پریشان کر دینا یا مضمحل کر دینا ؛ اکتا دینا ؛ ناک میں دم کر دینا ؛ تنگ یا عاجز کر دینا ؛ بیزار کر دینا ۔ (فعل لازم) تھک جانا ؛ تھکنا ؛ اکتا جانا ؛ خستہ ہونا ؛ بیزار ہونا ۔

**wearily, a.** افسردگی یا بیزاری کے ساتھ ؛ کسل مندی سے ۔

**weariness, n.** ماندگی ؛ تکان ؛ افسردگی ؛ بیزاری ؛ خستگی ؛ کسلمندی ۔

**weasand, n.** (قدیم) نرخرا ؛ گلا ؛ حلق ۔

**weasel, n.** نیولا ؛ بیجی ؛ راسو ؛ مسٹیلا خاندان کے میمل جانوروں میں سے ایک گوشت خور چھوٹا درندہ جس کا جسم لمبا اور نازک ہوتا ہے ، چھوٹے پرندوں اور چوہوں کے شکار پر گزارا کرتا ہے اور خونخواری اور مکاری کے لیے مشہور ہے ؛ ایک ایسی خود کار گاڑی جو کہر، برف ، ریت یا دلدل پر چل سکتی ہے ۔ (مجازاً) کائیاں آدمی ؛ مکار اور دھوکا دینے والا شخص ۔ (فعل لازم) قول و فعل میں دھوکا باز اور وعدہ خلاف ہونا ؛ مرتد یا بے وفا ہو جانا ؛ بدعہد ہونا یا اپنے فرض کی انجام دہی سے غافل رہنا (out کے لاحقہ کے ساتھ مستعمل ہے) ۔

**weasel word, n.** ایک مبہم یا مغالطہ آمیز لفظ جو اراداتاً قطعی بیان ، وعدہ یا کیفیت کے اظہار سے بچنے کے لیے استعمال کیا جائے ۔

**weather, n.** موسم ؛ آب و ہوا ؛ رُت ؛ فصل ؛ ہوا کے دباؤ ، نمی اور موسم کے دیگر عوامل کی رُو سے کسی خاص وقت میں فضائی کیفیت ؛ ایک طوفان یا شدید گرمی ، تیز ہواؤں یا دیگر ناخوشگوار حالات کا دورانیہ ۔ (فعل متعدی) موسم کے اثرات کا سامنا کرنا ؛ موسم کے زیر اثر اپنے آپ کو تبدیل کرنا ؛ مقابلہ کرنا اور فتح پانا ، جیسے خطرے اور مشکل پر ۔ (فن تعمیر) ڈھلوان پیدا کرنا تاکہ پانی بہ جائے (جیسے to weather a roof) ۔ (جہازرانی) ہوا کے رُخ جہاز چلانا (جیسے to weather an island) ۔ (فعل لازم) موسم کے زیر اثر بدلنا جیسے منتشر ہونا یا رنگ کا تبدیل ہونا ؛ موسم کے مقابل جمے رہنا ۔ (صفت) (جہازرانی) ہوا کے رُخ پر ؛ ہوا کے ساتھ ساتھ ۔

**keep one's weather eye open,** (بول چال) خبردار یا چوکس رہنا یا ہونا ؛ آنکھ کان کُھلے رکھنا ؛ چوکنا رہنا ؛ حالات کے مطابق رویّہ اختیار کرنا ۔

**under the weather,** (بول چال) بیمار یا مریض ؛ کسی حد تک نشے میں ؛ نشہ ٹوٹنے کی کیفیت میں ۔

**weatherability, n.** موسمی اثرات کی برداشت ۔

**weather-beaten, a.** طوفان دیدہ ؛ طوفان زدہ ؛ موسم کے زیر اثر خستہ ، پژمردہ یا تباہ شدہ ؛ سرد و گرم چشیدہ ؛ ہرقسم کے موسم سے گزر کر سخت اور پختہ (جیسے weather- beaten complexion) ؛ دھوپ کھایا ہوا ؛ تجربہ کار ؛ جہاں دیدہ ؛ گھاگ ؛ گھاٹ گھاٹ کا پانی پئے ہوئے ۔

**weatherboard, n.** بغلی تختہ ؛ اَبریز تختہ ؛ کھپریل تختہ ؛ پن روک تختہ ؛ دروازے کے ساتھ لگایا گیا تختہ تاکہ پانی اُس پر سے گزر جائے ۔ (جہازرانی) جہاز کا ہوا کی سمت والا حصہ ۔

**weatherboarding, n.** پن روک تختہ بندی ۔

**weather-bound, a.** طوفان بند ؛ خراب موسم کی وجہ سے ٹھہرا ہوا، رکا ہوا یا موخر ؛ موسم کی ناموافقت کے باعث مقیم یا پابند ؛ موسمی حالات سے مجبور ۔

**Weather Bureau, n.** دفتر موسمیات ؛ دفتر تحقیق موسم ؛ کسی بھی ملک کا موسمی پیشین گوئی کرنے والا دفتر ، جو تجارتی بحری جہازوں اور ہوائی جہازوں کی رہنمائی کرنے کے علاوہ طوفانی یا خراب موسم سے خبردار کرتا ، قبل از وقت موسمی تغیرات کی اطلاعات دیتا اور اعداد و شمار تیار کرتا ہے ۔

**weathercock, n.** بادنما ؛ مُرغ بادنما ؛ بالعموم مرغ کی شکل کا بنا ہوا بادنما جو ہوا کے ساتھ ساتھ اپنا رخ بدلتا ہے اور ہوا کی سمت بتاتا ہے ؛ ہوا کے رُخ چلنے والا شخص ؛ تھالی کا بینگن ؛ غیر مستقل مزاج آدمی ۔ (فعل لازم) (طیرانیات) ہوا کے رُخ بدلنا یا مُڑنا ۔

**weather deck, n.** (جہازرانی) کُھلا سپاٹ عرشہ ؛ جہاز کا عرشہ جس پر موسم سے حفاظت کا کوئی انتظام نہ ہو ۔

**weathered, a.** موسمی یا اسی طرح کے اثر والے مصنوعی حالات کے تحت بدلا ہوا ؛ فرسودہ یا بے رنگ ۔ (فن تعمیر) ڈھلواں جس سے پانی بہ جائے ؛ پختہ ؛ پکا ۔

**weather eye, n.** موسمی تبدیلیوں کی پیشین گوئی اور شناخت کرنے کی صلاحیت ۔ (مجازاً) عمیق مشاہدہ بالخصوص حالات میں کسی بھی تبدیلی کا ۔

**weatherglass, n.** بادپیما یا بیرومیٹر ؛ ایک ایسا آلہ جس سے موجودہ موسمی حالات اوراُن میں ہونے والی تبدیلیوں کا علم ہو سکے ۔

**weathering, n.** (ارضیات) چٹانوں یا زمین کی سطحوں پر قدرتی عناصر کا عمل جس کی وجہ سے اُن کی شکل ، رنگ اور ساخت میں تبدیلی آ جاتی ہے ۔

**weatherly, a.** (جہازرانی) ہوا تاب ؛ پیچھے ہٹے بغیر ہوا کے رخ پر چلنے والا ۔

**weatherliness, n.** ہوا تابی ؛ ہوا کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت ۔

**weatherman, n.** محکمہ موسمیات کا کارکن ؛ وہ شخص جو موسم کی پشین گوئی کرتا ہو یا موسمی حالات بتاتا ہو ۔

**weather map, n.** موسمیاتی نقشہ ؛ ایک نقشہ یا چارٹ (گوشوارہ) جو ایک مخصوص وقت میں کسی بڑے علاقے کے وہ موسمی کوائف بتاتا ہے جو اُس علاقے کے مختلف مقامات پر بیک وقت کیے گئے مشاہدات پر مبنی ہوتے ہیں ۔

**weatherproof, a.** موسم برداشت ؛ ہر قسم کے موسم کا مقابلہ کر سکنے والا ؛ جس پر موسمی تغیرات کا کوئی اثر نہ ہو ۔ (فعل متعدی) موسمی اثرات سے غیرمؤثر بنانا ۔

**weather proofness, n.** ہر قسم کے موسم کے مقابلے کی قابلیت اور صلاحیت ۔

**weather ship, n.** موسمیاتی جہاز ؛ ایک ایسا جہاز جو اپنے

بحری علاقے کے موسمی حالات و کوائف کا مشاہدہ کرے اور انھیں ریکارڈ کرنے پر مامور ہو۔

**weather station,** n. موسمی رصدگاہ ؛ وہ جگہ جہاں موسمی حالات کے تغیر و تبدل کا مشاہدہ کرنے ، ریکارڈ رکھنے اور اعداد و شمار جمع کرنے کے لیے خصوصی ساز و سامان کی سہولت مہیا ہو۔

**weather strip,** n. موسمی پٹی ؛ چمڑے یا لکڑی کی ایک چھوٹی سی پٹی ، جو دروازے یا کھڑکی کے پٹ اور بازو میں ہوا ، بارش وغیرہ کی رکاوٹ کے لیے لگا دیتے ہیں ۔ (فعل متعدی) دروازے یا کھڑکی میں موسمی پٹی لگانا۔

**weather stripping,** n. موسمی پٹی کاری ؛ دروازے یا کھڑکی میں لگانے والی پن روک پٹی ۔

**weathertight,** a. موسم روک ؛ ہوا ، آندھی یا پن روک ؛ جس میں سے سردی ، ہوا یا بارش نہ گزر سکے ۔

**weather vane,** n. بادنما ؛ ہوا کا رُخ بتانے والا ؛ مُرغ باد نُما ۔

**weather-wise,** a. موسم شناس ؛ موقع شناس ؛ ہوا شناس ؛ موسمی تبدیلیوں ، عوامی احساسات ، اُن کے نقطہ ہائے نظر اور ردِّعمل کے متعلق پیشین گوئی کرنے والا ماہر۔

**weatherworn,** n. طوفان زدہ ؛ موسمی عوامل و اثرات کے تحت فرسودہ ۔

**weave,** v.t. گوندھنا ؛ گوتھنا ؛ کسی شے کے دھاگے ؛ سوت ، رسیاں یا پٹیاں باہم بھنسا کر کوئی چیز بننا (جیسے: to weave cloth ) ؛ دھاگوں، سُوت پٹیوں یا ریشہ دار مادوں کو باہم ایک دوسرے میں پھنسا کر کوئی کپڑا یا بافت تیار کرنا ؛ مختلف عناصر یا تفصیلات کو کسی ایک مربوط شکل میں ترکیب دینا:(جیسے: to weave a tale) ؛ کسی عنصر یا تفصیل کو ایک مربوط شکل میں ڈھالنا (اس کے ساتھ in یا into استعمال کیا جاتا ہے، جیسے: to weave an incident into a story ) ؛ ڈھالنا؛ ترتیب دینا؛ رچانا ؛ کھپانا ؛ ہلانا ، جیسے گاڑی کو ٹیڑھے میڑھے انداز میں یا ایک پہلو سے دُوسرے پہلو پر ۔ (فعل لازم) کپڑا بافت ہونا ؛ کپڑے کا بنا جانا یا گندھنا ؛ ٹیڑھا میڑھا یا پیچ و خم کھا کر چلنا ۔ (اسم) بافت کا طریق یا انداز ؛ بافت کا مخصوص طریقہ ۔

**weaver,** n. جولاہا ؛ نورباف ؛ بافندہ ؛ وہ شخص یا شے جو بننے کا کام کرے ؛ وہ شخص جس کا پیشہ کپڑا بننا ہو ؛ بیا : ایک پرندہ جو اپنا گھونسلا تنکوں سے بنتا ہے ۔

**weaver bird,** n. بَیا ؛ ایشیا اور افریقہ میں پائی جانے والی متعدد قسم کی چڑیاں ، جن کا تعلق صفوریہ خاندان سے ہے اور جو اپنے خوبصورت گھونسلے بُننے کی وجہ سے مشہور ہیں ۔

**weaver's hitch, weaver's knot,** n. بٹواں گرہ ؛ چھوٹی بڑی ڈوریوں کو لگائے جانے والی گرہ ۔

**web,** n. جالا ؛ جھلّی ؛ پارچہ ؛ بافت ؛ وہ شے جو بُن کر یا بُننے کی طرح تیار کی جائے ؛ بُنا ہُوا پارچہ ، بالخصوص وہ کپڑے کا تھان جو بُنا جا رہا ہو یا کھڈی سے اُترا ہو ؛ کوئی ایسی شے جو بُنے ہوئے کپڑے سے ملتی جُلتی ہو یا ویسی دکھائی دیتی ہو ؛ نواڑ یا مغزی ؛ نازک دھاگوں یا ریشوں کا وہ جال جو مکڑی یا بعض حشرات کی سنڈیوں/لاروں نے بُنا ہو ؛ مکڑی کا جالا ، تارعنکبوت ؛ مشین کا وہ چپٹا پتلا پرزہ جو اوپر نیچے کے آگے نکلے ہوئے بڑے پرزوں کو جوڑتا ہے ؛ جوڑ پٹی ؛ ریل کی پٹڑی کی مانند سرے ۔ (حیوانیات) وہ جھلّی جو پرندوں یا جانوروں کی انگلیوں کو باہم ملاتی ہے ، بالخصوص پانی میں تیرنے والی بطخوں اور مُرغابیوں کے پنجوں کی جھلی ۔ (طیوریات) پروں کی درمیانی ڈنڈی کے ایک یا دونوں طرف واقع بالوں کے ریشے کا سلسلہ ۔ (فن تعمیر) محراب کے دونوں اُبھرتے ہوئے سروں کی درمیانی سطح ۔ (طباعت) کاغذ کا بڑا لپٹا ہوا تختہ جو چھاپے خانے میں استعمال ہوتا ہے ۔ (مجازاً) وہ شے جو باہمی تعلقات یا میل جول پر استوار ہو (جیسے : web of life ) ؛ شبکہ جالی ؛ جال ۔ (فعل متعدی) چاروں طرف جال بچھانا ؛ جال میں پھانسنا ۔ (فعل لازم) جال بُننا۔

**webby,** a. جال والا ؛ جالی دار ؛ مشبّک ۔

**weblike,** a. جال نما ؛ جالا نما ؛ شبکی ۔

**webbing,** n. نواڑ ؛ پٹ سن یا کپاس کا بُنا ہُوا مختلف العرض سامان جو ایسی جگہوں پر استعمال ہوتا ہے جہاں مضبوطی کی ضرورت ہوتی ہے جیسے کرسیوں کی سیٹ یا صوفوں وغیرہ کی پشت ، نشستوں ، مغزی یا حاشیہ لگانے کے لیے نشستوں کی پیٹیوں کے لیے وغیرہ وغیرہ ؛ کوئی ایسی شے جو جھلی دار پنجے ، جالے یا مغزی وغیرہ کی طرح کی ہو۔

**weber,** n. (طبیعیات) مقناطیسی بہاؤ کی ایک میٹر کلو گرام سیکنڈ کی اکائی جو اس بہاؤ کے برابر ہے جو تار کے ایک چکر سے جُفت کرکے ایک وولٹ کی برقی محرکہ قوت پیدا کرے جب کہ اس بہاؤ کو ایک سیکنڈ میں یکسانی کے ساتھ صفر کر دیا جائے ؛ ۱۰ میکسویلز۔

**webfoot,** n. جھلی دار پنجہ ؛ پاؤں جس میں اُنگلیاں جھلّی سے آپس میں وابستہ ہوں ؛ جھلی دار پاؤں والا جانور۔

**webfooted,** a. جھلّی دار پاؤں والا ؛ جال نما پاؤں والا ؛ وصل پایہ ۔

**web member,** n. (فن تعمیر) شبکی گارڈر کے اوپر اور نیچے والے کوروں کو ملانے والے بہت سے عناصر میں سے کوئی ایک ۔

**web press,** n. ایک خاص قسم کی چھاپے خانے کی مشین (پریس) جس میں لمبے کاغذی رول سے کاغذ خود بخود مہیا ہوتا رہتا ہے ۔

**web spinner,** n. جالا بنانے والے مختلف نارک اور طویل القامت حشرات میں سے ایک جو درختوں کے موٹے چھلکوں، چٹانوں یا ملبے کے ڈھیروں میں جال نما سرنگیں یا غاریں بنا کر رہتے ہیں ۔

**webster,** n. جُلاہی ؛ بافندے کی مادہ ۔ (قدیم) بافندہ ؛ جُلاہا ؛ بُننے والا ۔

**webworm,** n. جھانجا ؛تتلی کا لاروا ؛ سُنڈی ؛ پتوں کے گرد جالا بُننے والے کیڑے جو پتیاں کھاتے ہیں ، جیسے باغوں کے جھانجے یا سنڈیاں۔

**wed,** v.t. شادی کرنا ؛ بیاہ کرنا ؛ عقد کرنا ؛ خاوند یا بیوی کے طور پر ازدواج میں آنا ؛ شادی کے بندھن میں بندھنا کسی جوڑے کا ؛ قریبی یا اٹوٹ تعلق قائم کرنا ۔ (فعل لازم) شادی ہونا ؛ نکاح یا عقد ہونا ۔

**we'd,** we should, we had, we would کا مرخّم ۔

**wedding,** n. بیاہ یا تقریب شادی ؛ عقد ؛ نکاح ؛ ازدواج ؛

عروسی ; شادی کی سالگرہ کی تقریب ; قریبی تعلق پیدا کرنے کا عمل یا مثال ۔

**wedding march,** n. برات کا آہستہ خرامی سے شاہانہ انداز میں جلوس ۔

**wedding ring,** n. شادی کی انگوٹھی ; بیاہو انگوٹھی ; ایک سادہ سا بندھن یا انگوٹھی جو عموماً سونے ، پلاٹینم یا چاندی کی بنی ہوتی ہے اور جسے شادی کی تقریب میں دولہا دُلھن کو دیتا ہے ;اسی طرح کی انگوٹھی جو دُلھن دولہا کو دیتی ہے ۔

**wedge,** n. فانہ یا پچر ; پھانا ; کھونٹا ; کیلک ; کیل ; میخ ; لکڑی یا دھات کا ٹکڑا جس کا ایک سرا موٹا اور دوسرا مخروطی ہوتا ہے، چٹانوں یا لکڑی پھاڑنے، اشیا کو کسنے اور مضبوط بنانے یا بھاری چیزوں کو بیرم لگانے یا بلند کرنے کے کام آتا ہے ; پھانا نُما کوئی شے (جیسے : a wedge of apple pie) ;فوج یا فٹ بال کے کھلاڑیوں کی شاطرانہ طریقے سے فانہ نما ترتیب دی ہوئی شکل ; ابتدائی چال یا حرکت ; کوئی خیال ، عمل ، پالیسی یا طریق کار جس کے نتیجے میں کوئی تبدیلی ، انتشار یا شگاف واقع ہو ; خطِ میخی یا پیکانی میں ایک تکونا حرف ۔ (گالف) بہت زیادہ خم خوردہ سرے والا لوہے کا گز (چھڑ) جو گیند کو اونچا پھینکنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔ (موسمیات) بہت زیادہ دباؤ والا طویل تکونا علاقہ ۔ (فعل متعدی) فانے سے پھاڑنا یا فانے کی طرح سے چیرنا ; پچر لگا کر باندھنا ، کسنا یا گاڑنا ; محدود جگہ میں ٹھونس دینا یا پھنسا دینا ۔ (فعل لازم) پچر کی طرح اندر گُھس جانا ; گڑ جانا ۔

**wedged,** a. پھنسا ہوا ; ٹکا ہوا ۔

**wedgy,** a. فانے کا ; فانہ نما ۔

**Wedgie,** n. زنانہ جوتا ، جس کی ایڑی فانے کی طرح ہوتی ہے اور آگے کی طرف پتلی ہوتی جاتی ہے ; گاؤ دُم شکل کا جُوتے کا اگلا حصہ ; ایک چوڑا غیر شکستہ تلا ۔ (تجارتی نشان) ۔

**Wedgewood ware,** n. [برطانوی موجد wedge wood (۱۷۳۰ ۔ ۱۷۹۵ء) کے نام پر] ویج وڈ ظروف ; عمدہ قسم کے مضبوط چینی برتن ، جن پر کلاسیکی ابھرے ہوئے نقوش ، غیر شفاف پس منظر میں نیلے اور سیاہ رنگوں میں بنائے جاتے ہیں ۔

**wedlock,** n. متاہلانہ زندگی ; شادی ; بیاہ ; عقد ۔

**out of wedlock,** غیرشادی شدہ زوجین کی اولاد ۔

**Wednesday,** n. بدھ ; ہفتے کا چوتھا دن; منگل کے بعد اگلا دن ; چہار شنبہ ۔

**Wednesday,** adv. بدھ کے دن ۔

**wee,** a. تھوڑا سا ; قلیل ; علی الصبح (جیسے: a little wee) ۔

**weed,** n. گھاس پھوس ; خس و خاشاک ; جھاڑ; نرائی ; برزہ; کوئی بھی خود رو پودا یا بُوٹی جو بے فائدہ ، بیکار، تکلیف دہ یا فصلوں کے لیے نقصان دہ ہو ; بافراط اُگنے والا غیر ضروری پودا ; بے مقصد یا بے کار جانور یا اشیا ، خصوصاً ایسا جانور جو نسل کشی کے قابل نہ ہو۔ (عوامی) تمباکو (the کے ساتھ مستعمل) ; سستی قسم کا سگار ; بھنگ ۔ (بول چال) سگریٹ ۔ (فعل متعدی) جڑی بوٹی سے پاک کرنا ; نلائی کرنا یا چھانٹنا (جیسے: to weed the roses) ; خس و خاشاک سے پاک کرنا (اس کے ساتھ out استعمال کیا جاتا ہے، جیسے: to weed out the clover in the lawn) ; نقصان دہ یا بے کار اشیا سے پاک صاف کرنا ; بے کار سمجھ کر ہٹا دینا (out کے ساتھ مستعمل ہے، جیسے: to weed out ones ward robe) ۔ (فعل لازم) جڑی بوٹی سے پاک ہونا ۔

**weeded,** a. خس و خاشاک کا ; جڑی بوٹی کا ۔

**weedless,** a. جڑی بوٹی سے پاک ; خس و خاشاک سے خالی ۔

**weed,** n. ماتمی لباس ; رنڈسالا ; ماتم کے نشان کے طور پر بازو کوٹ یا ٹوپی پر بندھی ہوئی سیاہ پٹی ۔ (جمع) خواتین کا ماتمی لباس (جیسے: widows weeds) ۔ (قدیم) لباس یا کپڑے ۔

**weeder,** n. گوڈی کرنے والا شخص ; نرانے والا آدمی ; وہ اوزار جس سے گوڈی کی جائے ; نرانے کا آلہ ; کُھرپا; رمبا۔

**weedy,** a. گھاس پھوس پر مشتمل ; جڑی بوٹیوں سے بھر پُور; جڑی بوٹی سے بھرا ہوا ; جڑی بوٹی سے مشابہ یا ان سے متعلق ، جیسے تیزی سے اگنے میں ; خار و خس ۔ (بول چال) بدنما طور پر لمبا، پتلا، سُوکھا یا بے ہنگم بالخصوص کوئی انسان یا جانور(جیسے: a weedy horse) ; مریل ۔

**weedily,** adv. بے ہنگم طور پر۔

**weediness,** n. خس و خاشاک پن ۔

**week,** n. ہفتہ ; متواتر سات دنوں کا مجموعہ ; ایسا دورانیہ جو خصوصاً کسی واقعے سے شروع ہو یا اس میں کسی خاص دن کی تعطیل شامل ہو (جیسے: Easter Week)؛ کوئی ایسا ہفتہ جو کسی ادارے یا قومی مقصد کے لیے منایا جائے (جیسے: National secretaries Week)؛ ہفتے کا کوئی حصہ جو کسی مقصد ، درس گاہ یا کاروبار کے لیے وقف ہو ; کاروباری ہفتہ یا ہفتۂ کار; کسی مخصوص دن کے بعد یا قبل کے سات دن (جیسے: a week from Saturday) ۔ مخفف: Wk.,W ۔

**weekday,** n. ہفتے کا کوئی دن (تعطیل کے دنوں کے ماسوا) ۔

**weekdays,** adv. ہفتے میں کسی دن ; ہفتے کے دنوں میں ۔

**weekend,** n. اختتام ہفتہ ;آخرِ ہفتہ ; ہفتے کا آخیر۔ (فعل لازم) ہفتہ گزارنے کے لیے کہیں جانا ۔

**weekends,** adv. ہفتے کے آخری دنوں میں ۔

**weekender, weekendbag,** n. وہ شخص جو ہفتے کے آخری ایام سفر میں گزارے; ایک سفری بکس یا تھیلا ، جس میں ٹائلٹ یا جسم کی صفائی کی اشیا اور ہفتے کے آخری ایام میں پہننے والے کپڑے رکھے جاتے ہیں ۔

**weekly,** a. ہفتے یا ہفتے کے ایام سے متعلق ; ہفتہ وار ; جو ہفتے میں ایک بار واقع ہو یا ایک بار عمل میں آئے ; وہ افعال جو ہفتے کے وقفے کے بعد انجام دیے جائیں (جیسے: weekly rates) ۔ (متعلق فعل) ہفتے میں ایک بار۔ (اسم) ہفتہ وارجریدہ; ہفتہ وار اخبار۔

**ween,** v.t. (قدیم) توقع ہونا ; توقع کرنا یا سوچنا ; فرض کرنا ; رائے ہونا; خیال کرنا یا خیال ہونا۔

**weenie, weeny,** n. (بول چال) ایک قسم کا کباب جسے بن میں رکھ کر کھایا جاتا ہے ۔

**weeny,** a. غیرمعمولی طور پر; بہت چھوٹا ; ذرا سا ; بہت کم ; ننھا ۔ نیز: weensy ۔

**weep,** v.i. رونا ; چلانا ; فریادی ہونا; آنسو بہا کرغم یا کسی اور شدید جذبے کا اظہار ہونا ; آنسوؤں کی طرح بہنا یا گرنا ; ٹپکنا ; نم دیدہ ہونا ۔ (فعل متعدی) ماتم کرنا ; بین کرنا یا آہ و

بُکا کرنا ؛ کسی کے لیے آنسو بہانا ؛ اشک بہانا ؛ قطرہ قطرہ کرکے گرانا ؛ رسنا ؛ آنسوؤں کی جھڑی لگانا ؛ رونے کے بعد مخصوص کیفیت میں پہنچنا (عموماً out اور away کے ساتھ مستعمل ہے) ۔ (اسم) رونے کا فعل یا دورانیہ ۔

**weepy, a.** رویا ہوا ؛ رونے والا ؛ رستا ہوا ؛ رسنے والا؛ بسورتا ہوا ۔

**weep, n.** (برطانوی بول چال) پہاڑی کوّا؛ زیاک ؛ بائبل کے حوالے سے ایک قسم کا ہُد ہُد ۔

**weeper, n.** رونے والا ؛ نوحہ گر ؛ اشکبار ؛ آنسو بہانے والا ؛ ماتمی جلوسوں میں کرائے کا ماتمی ؛ ماتمی نشان کے طور پر کچھ پہنا جانے والا مثلاً بیوہ کا کالا لمبا نقاب یا تجہیز و تکفین پر پہنے جانے والی ٹوپی پر سیاہ پٹی ؛ پھریرے کی طرح لٹکا ہوا جیسے درخت سے لٹکا ہوا بیل سوت یا ڈاڑھی ؛ فرش یا دیوار میں کوئی سوراخ جس میں سے پانی بہ سکتا ہو ۔

**weeping, a.** گریاں ؛ نالاں ؛ غم یا افسوس کا اظہار کرنے والا ؛ آنسو بھرا ؛ نمی پیدا کرنے والا ؛ دبلی،لمبی شاخوں والا جیسے کوئی درخت ۔

**weeping willow, n.** بید مجنوں ؛ ایشیا کا وسیع طور پر کاشت کیا جانے والا بید کا درخت جس کی شاخیں بہت لمبی ، نازک اور لٹکتی ہوئی ہوتی ہیں ۔

**weever, n.** نشتر ماہی ؛ یورپی پانیوں میں پائی جانے والی ایک چھوٹی جسامت کی خوردنی مچھلی جو اپنے عقبی تیز اور زہریلے کانٹوں کی وجہ سے مشہور ہے؛ نشتر ماہی قسم کی کوئی بھی مچھلی ۔

**weevil, n.** کرم دانہ ؛ سُرسُری ؛ گُھن ؛ کھپرا ؛ بہت سی قسم کے لمبے منہ والے جھینگر یا سُونڈ والے کیڑے جو باغوں اورکھیتوں کی فصلوں کو تباہ کرنے کے علاوہ پھلوں اور سایہ دار درختوں کو بھی نقصان پہنچاتے ہیں اور اناج کے ذخائر کو بھی تباہ کر دیتے ہیں ، اِن کی سنڈیاں درختوں کے پھلوں ، شاخوں اوراناج کے اندر سوراخ کرکے گُھس جاتی ہیں

**weevily, weevilly, weeviled, weevilled, a.** گھن لگا ؛ کیڑا لگا ؛ گُھن کھایا ہوا ؛ سنڈی والا ۔

**weft, n.** (پارچہ بافی) بانا ؛ تار ؛ بُنی ہوئی شے ؛ پارچہ ؛ وہ دھاگے جو نال کی مدد سے تانے میں سے گزارے جاتے ہیں ؛ تیارشدہ کپڑا ؛ بنے ہوئے کپڑے کی کوئی چیز ؛ بافتہ شے ۔

**weigela, weigelia, n.** مختلف الانواع جھاڑیوں میں سے کوئی ایک ؛ زہرۃ العسل نوع کے پودے جن پر بھڑکیلے قیف نما ، سفید ، کاسنی اور گلابی رنگ کے پھول اُگتے ہیں ۔

**weigh, v.t.** تولنا ؛ وزن کرنا ؛ تول کرنا ؛ کسی شے کا ترازو سے وزن کرنا یا اس پر کششِ ثقل کا کچھاؤ ناپنا ؛ ہاتھ یا کندھے پر کسی شے کو متوازن کرنے کے لیے یا اُس کے وزن کا اندازہ کرنے کے لیے اٹھانا ؛ وزن کے حساب سے ادا کرنا ، مخصوص کرنا یا پیمائش کرنا (اس کے بعد عموماً out لگایا جاتا ہے، جیسے: to weigh out a pound of nuts)؛ غور کرنا ، مقابلہ کرنا ؛ قدر و قیمت جانچنا (جیسے: to weigh the alternatives)؛ کسی پر وزن یا بوجھ ڈال کر اُسے دبانا یا تنگ کرنا (اِس صورت میں down کا استعمال ہوتا ہے) ؛ دباؤ ڈالنا ؛ گرانا ؛ ہمت توڑنا ۔ (جہاز رانی) اُٹھانا یا اونچا کرنا (جیسے: to weigh anchor) ۔ (فعل لازم) وزن رکھنا ؛ وزن میں برابر ہونا (جیسے: to weigh a pound) ؛ اہم سمجھا جانا ؛ کسی کا سہارا لے کر با آرام ہونا یا اپنا بوجھ ، فرائض یا پریشانیاں سونپ کر فراغت سے ہونا (اِس کے ساتھ بالعموم on یا upon لگاتے جاتے ہیں) ؛ تولنا یا قدر و قیمت کا اندازہ ہونا ۔ (جہازرانی) لنگر اُٹھایا جانا ۔

**weigh in,** ہوائی سفر پر روانگی سے قبل سامان تلوانا ۔ (کھیل) دوڑ یا باکسنگ میں حصہ لینے سے پہلے اپنا وزن درج کرانا ؛ پیمایش شدہ یا مقررہ وزن کے برابر ہونا ۔

**weigh one's words,** سوچ سمجھ کر بات کرنا ؛ بولنے سے پہلے لفظوں کو تولنا ۔

**weighable, a.** قابل وزن ؛ لائق تول؛ وزن والا ؛ ناپ تول کے قابل ۔

**weigher, n.** وزن کرنے والا شخص ؛ تولنے والی مشین ، کانٹا ؛ تول مشین ، ترازو ، موزانہ کرنے والا ۔

**weigh, n.** (جہاز رانی) پانی کے اندر حرکت یا راستہ ۔

**weight, n.** بوجھ ؛ وزن ؛ بار ، باٹ ؛ کشش ثقل ؛ کسی جسم کے زمین کے مرکز یا کسی دیگر جرم سماوی کی جانب ,رجوع کرنے کی پیمایش جو جسم کی کمیت کو اس کے تجاذبی اسراع سے ضرب دینے سے حاصل ہوتی ہے ؛ کمیت یا وزن ناپنے کی اکائی ؛ ایسی اکائیوں کا نظام (جیسے: a voirdupois weight) ؛ کسی شے کی مقدار جو وزن سے معلوم کی جائے (جیسے: a small weight of sugar) ؛ کوئی وزنی کمیت یا شے بالخصوص وہ اشیا جو وزن کی بنا پر کسی چیز کو دبائے رکھنے یا کسی میکانی نظام کو چلانے یا بطور دھڑے کے مستعمل ہوں ۔ (مجازاً) بوجھ، جیسے کسی ذمہ داری کا ؛ دباؤ ؛ اہمیت ، نتائج یا موثر اثرات ۔ (ریاضی) ایک ترتیب میں موجود دوسری اشیا کی نسبت کسی ایک شے کی اہمیت گھٹانے یا بڑھانے کے لیے اس کی تفویض کردہ قیمت ؛ مخصوص موسم کی مناسبت کے لحاظ سے کپڑوں کا ہلکا پن یا بھاری پن (جیسے: a summer weight suit) ؛ باکسروں یا پہلوانوں کی ذاتی جسمانی وزن کے لحاظ سے درجہ بندی ؛ رکاوٹوں والی دوڑ میں گھوڑوں کے اٹھانے کا مخصوص وزن ۔ (فعل متعدی) وزن بڑھانا ؛ مزید بوجھ ڈالنا ؛ بوجھل کر دینا ؛ بھاری کر دینا ؛ ایک بوجھ یا بہت سے بوجھے ساتھ کر دینا ؛ وزن ڈالنا ؛ وزن زیادہ کرنا ۔ (ریاضی) کسی حجم کا وزن مقرر کرنا یا اہمیت بڑھانا ۔ (پارچہ بافی) کیمیائی مادے ، کلف وغیرہ لگا کر کپڑے کا وزن اور حجم بڑھانا ۔

**by weight,** وزن کے حساب سے پیمایش کرنا ۔

**carry weight,** اہمیت ، تاثر یا اختیار ہونا ۔

**pull one's weight,** کسی کام میں اپنا پُورا حصہ ادا کرنا ۔

**throw one's weight around,** اپنی طاقت ، اختیارات یا اثرات غیر ضروری طور پر استعمال کرنا ۔

**weighted, a.** بوجھل ؛ بہت بھاری ۔

**weightless, a.** بے وزن ؛ بغیر وزن کے ؛ سبک، ہلکا ؛ کم وزن ۔

**weightlessly, adv.** بے وزنی سے ۔

**weightlessness, n.** بے وزنی پن ؛ سبک پن ؛ ہلکا پن ۔

**weight lifting, n.** وزن اٹھانے کا مقابلہ ؛ صحت و تندرستی کا مظاہرہ کرنے کے لیے مقررہ قوانین اورقواعد کے مطابق وزن اُٹھانے کا مقابلہ ۔

**weight lifter, n.** وزن اُٹھانے کے مقابلے میں حصّہ لینے والا ۔

**weighty, a.** گراں وزن؛ بہت وزن والا ؛ بھاری ؛
بوجھل ؛ سخت ؛ متشدد ؛ تکلیف دہ یا بوجھ بنا ہوا (جیسے:a weighty
problem ) ؛ اہم یا فوری (جیسے:weighty decisions ) ؛ زور دار یا
یقین بخش ؛ سنگین یا سنجیدہ ۔

**weightily, adv.** تکلیف دہ طور پر ؛ فوری طور پر ؛ متانت
کے ساتھ ؛ وقار کے ساتھ ۔

**weightiness, n.** اہمیت ؛ بھاری پن ؛ سنجیدگی ؛ معقولیت ؛
متانت ؛ وقار ؛ وقعت ۔

**Weimaraner, n.** بڑے قد کے جرمن نسل کے شکاری کتے جن
کے بال نرم ، چھوٹے اور بُھورے اور آنکھیں عنبریں اور نیلی ہوتی ہیں ۔

**weir, n.** بند ؛ پُشتہ ؛ جو سطح آب کو بلند کرنے
کے لیے نہر پر باندھا جاتا ہے تاکہ اُس کا پانی کسی کارخانے یا راجباہوں
تک پہنچایا جاسکے ؛ مچھلیاں پکڑنے کے لیے کسی نالے میں ٹہنیوں
اور ڈنڈوں سے بنایا گیا جنگلا یا باڑ ۔

**weird, a.** غیرارضی یا مافوق الفطرت چیزوں سے
متعلق ؛ جادو کے اثرات کے تحت ؛ غیرارضی ؛ غیرطبعی ؛ پُر اسرار ؛
جادو کے نتیجے میں یا متعلق ؛ ہیبتناک ؛ پوشیدہ ، خرق عادت اور
انوکھا ؛ ناقابل یقین (جیسے:a weird theory ) ۔ (قدیم) عجیب و غریب ؛
تقدیر یا قسمت سے متعلق یا قِسمت کی دیویوں کے بارے میں ۔
(اسم) (خصوصاً اسکاٹش) تقدیر؛ مقدر ؛ نصیب ۔

**weirdly, adv.** پر اسرار طور پر ؛ انوکھے پن سے ؛
ناقابل فہم طور پر ۔

**weirdness, n.** انوکھا پن ؛ جادوگری ؛ طلسم ۔

**Weird Sisters, n.** تقدیریں ؛ قسمت کی دیویاں ؛
جادوگرنیاں ۔

**weisenheimer, n.** دیکھیے : Wisenheimer ۔

**Weismannism, n.** (حیاتیات) جرمن ماہرحیاتیات آگسٹ
ویزمین (۱۸۳۴ء ۔ ۱۹۱۴ء) کا نظریہ جس کے مطابق جرثومہ نُخزمایہ
نسل درنسل مسلسل رہتا ہے اور وراثت کی بنیاد ہے، لیکن غیر مولد
خلیوں سے اس کا باہمی عمل نہیں ہوتا جس کی وجہ سے
کسبی نسبی خصوصیات کی منتقلی نہیں ہوتی ۔

**weka, n.** آبچلیک ؛ اوسی ڈروما نسل کے متعدد بڑے
پرندوں (آبچلیک) میں سے کوئی ایک ، جواُڑ نہیں سکتے ۔

**walch, v.i.** دیکھیے: Welsh ۔

**welcher, n.** دیکھیے: Welsher ۔

**Welch, a.** دیکھیے: Welsh ۔

**welcome, a.** خوش آمدید ؛ خیر مقدم ؛ اہلاً و سہلاً ؛
خوشی سے استقبال کیا گیا ؛ اپنی رہایش گاہ اور مجلس میں جس کا
مسرت کے ساتھ خیر مقدم کیا گیا ہو ؛ خوش آئند و مسرت انگیز ؛
خوشگوار ؛ جسے رکھنے ، استعمال میں لانے اور جس سے لطف اندوز
ہونے کی پوری آزادی حاصل ہو ؛ شایستگی کے جملوں سے متعلق ۔
(اسم) سواگت ؛ نئے آنے والے شخص یا مہمان کے لیے خیر مقدمی سلام ؛
آؤ بھگت ؛ گرم جوش استقبال ۔ (فعل متعدی) بڑی تواضع اور خوشی
سے استقبال کرنا ؛ خوشی سے آگے بڑھ کر قدم لینا یا آؤ بھگت کرنا ؛
خوشی سے قبول کرنا؛ ہاتھوں ہاتھ لینا ؛ سواگت کرنا ۔ (فجائیہ) پر خلوص
استقبال کا مظہر جیسے مرحبا ؛ خوب آئے ؛ خوش آمدی ؛ اہلاً سہلاً
وغیرہ ۔

**wear out one's welcome,** کسی کے گھر اتنی بار جانا یا
اتنی مدت ٹھہرنا کہ میزبان تنگ آ جائے ؛ مہمان بلائے جان بننا ۔

**welcomely, adv.** خوش گواری سے ؛ خوش آئند طور پر؛
خندہ پیشانی سے ؛ پذیرائی کے انداز سے ۔

**welcomeness, n.** خوش گواری ؛ خندہ پیشانی ؛ پذیرائی ۔

**welcomer, n.** استقبال کرنے والا شخص ؛ میزبان ۔

**welcome wagon, n.** ایک ایسی موٹر گاڑی جسے کسی قوم کے پاس
آنے والے نئے مہمانوں کو خوش آمدید کہنے کے لیے مقرر کردہ شخص
چلاتا ہو اور جو ان کو سامان یا دستیاب سہولتوں کے متعلق سوالات
کا جواب دے ، تحفے مہیا کرے یا ان کے واسطے مقامی دکانوں سے خرید
و فروخت کے لیے کوپنوں کا انتظام کرے ؛ تواضع گاڑی ۔ (بعض اوقات
بڑے W کے ساتھ) وہ تنظیم جو ان خدمات کی ذمہ دار ہو ۔

**weld, n.** جنوبی یورپ کی ایک جڑی بوٹی جس سے پیلا
رنگ حاصل کیا جاتا ہے ؛ اس سے حاصل شدہ رنگ ۔

**weld, v.t.** جوڑنا ؛ ٹانکا لگانا؛ دو اشیا کو جوڑ
کر ایک بنانا ، مثلاً دھات کے ٹکڑوں کے سروں کو گرم کرکے اُن پر دباؤ
ڈال کر ٹانکا لگا کر یا ہتھوڑے مار کر جوڑنا ؛ باہمی ربط پیدا کرنا یا
مربوط کرنا ۔ (فعل لازم) ربط ہونا ؛ جڑنا ؛ مربوط ہونا ۔ (اسم) ٹانکا ؛
دو دھاتوں کا ٹانکا لگا جوڑ ؛ ایسا بنا ہوا حصہ ۔

**weldability,** ٹانکا پذیری ۔

**weldable, a.** ٹانکا پذیر ۔

**welder, weldor, n.** ٹانکا لگانے والا شخص ؛ ویلڈر ۔

**weldment, n.** وہ اکائی جو جوڑ لگا کر تشکیل دی گئی ہو ؛
ٹانکا ۔

**welfare, n.** خوشحالی کی کیفیت ؛ فلاح و بہبود ؛
خیرو عافیت کی حالت یا کیفیت جیسے صحت، سُکھ یا ترقی ؛ فلاحی
کام ۔ (صفت) فلاحی کاموں کا یا ان کے بارے میں ۔

**on welfare,** حکومت کی مدد پر بھروسا کرنا یا
زندگی بسرکرنا ۔

**welfare state, n.** فلاحی ریاست ؛ ایسی ریاست جس کی حکومت
عوام کی بہبود کی ذمہ دار ہو، جس میں معاشی تحفظ ،مُفت طبی
امداد ، پیرانہ سالی کا وظیفہ اور تعلیم، رہایش اور اسی قسم کی دیگر
ضروریات کو پورا کرنا شامل ہے؛ ایسی ریاست کی ان خوبیوں والا
سماجی معاشرہ ۔

**welfare work, n.** فلاحی کام ؛ منصوبہ جو حکومت یا کسی نجی
ادارے کی طرف سے کم مراعات یافتہ (محروم) طبقات کی بہبود کے
لیے وقف ہو اور جس کے تحت اچھی رہایش ، علاج معالجے ،
روزگاروغیرہ کی فراہمی کے لیے رقم مہیا کی جائے ۔

**welfare worker, n.** بہبود کے کام کرنے والا شخص ؛
فلاحی کارکن ؛ بہبود کارندہ ۔

**welfareism, n.** رفاہ پسندی؛ فلاحی ریاست سے متعلق
نظریات ، رویے اور معمولات ۔

**welkin, n.** (شاعری) آسمان ؛ آکاش ؛ گگن ؛
فلک ؛ ہوا ؛ گُنبدِ افلاک ؛ گردوں ۔

**well, n.** چشمہ یا پانی کا قدرتی منبع ؛ کُنواں؛ چاہ؛ سرچشمہ ؛ فوارہ ؛ سوراخ ، گڑھا یا زمین چھید کر یا کھود کر نکالا ہوا ، پٹرولیم یا قدرتی گیس حاصل کرنے کا کُنواں ؛ کوئی ایسی گہری گہری ہُوئی جگہ جیسے ہوا یا روشنی کی درآمد کے لیے عمودی سوراخ یا سیڑھیاں؛ بالاکش وغیرہ کے لیے جو کسی عمارت کے فرشوں سے عموداً گزرتی ہوں ؛ جہاز کے پمپوں تک پہنچنے اور ان کی لانے والے سامان سے ، حفاظت کے لیے بنایا ہوا خانہ یا جنگلا ؛ ماہی کشتی جو مچھلیوں کو محفوظ رکھنے کے کام آتی ہے؛ برطانوی عدالتوں میں ججوں کی نشست گاہ کے سامنے وکلا اور اُن کے نائبوں کے لیے بنا ہوا کٹہرا ؛ سیّال مادے کے لیے کوئی برتن ، ظرف یا حوض (جیسے: an inkwell) ؛ ذخیرہ یا منبع ، جیسے جذبات، طاقت ، علم وغیرہ کا ۔ (فعل لازم) اُٹھنا ، بلند ہونا ، اچھلنا، امڈنا یا زمین یا کسی اور چشمے سے پھوٹ نکلنا جیسے پانی کا (اکثر out, up یا forth کے ساتھ استعمال ہوتا ہے، جیسے: Tears welled up in his eyes) ۔ (فعل متعدی) اُبال آنا ؛ جوش اُٹھنا ۔

**well, adv.** اچھی طرح ؛ عمدگی سے ؛ تسلی بخش ، موافق ، مناسب حال یا مفید طور پر (جیسے: Affairs are going well) ؛ خوش حالی سے ؛ فائدہ بخش طورپر ؛ آرام دہ طریقے سے؛ خوش قسمتی سے یا مسرت سے ؛ مرضی کے مطابق یا مہربانی سے (جیسے: to be well treated) ؛ خوش اسلوبی سے؛ قابلِ تعریف انداز میں ؛ بہت خوبی سے ؛ مناسب طور پر (جیسے: to reason well) ؛ اچھی طرح سے یا عمدہ طور پر ؛ تعریف کے ساتھ یا عمدگی سے ؛ موزونیت ، شایستگی یا انصاف کے ساتھ (جیسے: I could not well refuse) ؛ تسلی بخش اور عمدہ طریق سے ؛ کافی یا پوری طرح سے (جیسے: to think well before acting) ؛ بھرپور طور پر ؛ کافی حد تک (جیسے: to dilute the acid well) ؛ ذاتی طور پر یا قریبی طور پر (جیسے: He knows her well) ؛ بہت کافی، معقول حد تک ؛ تفصیل سے ۔ (صفت) تسلی بخش یا اچھا (جیسے: all is well with us) ؛ درست ،مناسب یا موزوں ؛ صائب (جیسے: Is it well to act so hastily?) ؛ تسلی بخش یا آرام دہ حالت میں ؛ خوشحال ؛ صحت مند ، تندرست ؛ بھلا چنگا ؛ ذہنی اور جسمانی طور چاق و چوبند (جیسے: a well man) ۔ (فجائیہ) حیرت ؛ استعجاب ، توقع ، شک وغیرہ کا اظہار ؛ بات کا آغاز کرنے کے لیے یا بات کو دوبارہ جاری کرنے کے لیے مستعمل ۔

**as well,** بھی ؛ علاوہ ازیں ؛ انھی نتائج اور اثرات کے ساتھ ۔

**as well as,** علاوہ ازیں ؛ مزید براں ؛ ایسے ہی تسلّی بخش طور پر جیسے:نیز؛بھی ۔

**we'll,** we will یا we shall کا مُرخم ۔

**well-advised,** غورو فکر کے بعد کیا جانے والا ؛ ہوش مند ؛ زیرک ؛ دانشمندانہ ؛ عاقلانہ ؛ معقول ۔

**well-being, n.** بہبود ؛ فلاح ؛ خیر ؛ عافیت ؛ خوشی ؛ خوش حالی اور صحت مندی کی حالت ۔

**well-beloved, a.** محبوب ؛ وہ شخص جس سے بہت ہے لاگ اور گہری محبت کی جائے؛ انتہائی قابلِ احترام ، بالعموم رسمی خطابات میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

**wellborn, a.** خاندانی ؛ عالی نسب ؛ شریف ؛ نجیب ؛ شریف اور معزز خاندان میں پیدا ہونے والا ۔

**well-bred, a.** تربیت یافتہ ؛ شایستہ ؛ اچھی نسل کا ؛ خلیق ؛ اپنے برتاؤ سے اچھی خاندانی صفات کا مظہر ؛ نرم خُو ؛ نرم گفتار؛ عادات اور اوصاف میں نرم اور خوشگوار ؛ مہذب ؛ اعلیٰ اوصاف والا ؛ اچھی نسل کاجیسے بعض جانور ۔

**well-disposed, a.** مہربان ؛ نیک خواہ ؛ ہمدردانہ رُجحان رکھنے والا ، کسی شخص یا کسی تصور کے متعلق ؛ نیک طبعیت ؛ نیک مزاج ؛ خوش اخلاق ۔

**well-done, a.** محنت اور صلاحیت سے تیار کیا ہُوا ؛ اچھی طرح سے پکایا ہُوا(کھانا) ،بالخصوص گوشت وغیرہ ؛ ادھ پکے کے برعکس ۔

**well-favored,(Brit.)well-favoured, a.** زیبا ؛ خوبصورت ؛ خوش اندام؛ آنکھوں کو بھانے والا ؛ حسین ؛ دل پسند ؛ من بھاونا ؛ خوشنما ؛ نازک ۔

**well-favoredness, (Brit.)well-favourdness, n.** حسن ؛ خوبصورتی ؛ زیبائی ۔

**well-fixed, a.** (بول چال) مالدار ؛ دولت مند ؛ خوش حال ؛ متمول ؛ ثروت مند ۔

**well-found, a.** سہولتوں اور ضروری اشیا سے آراستہ ؛ کیل کانٹے سے لیس ۔

**well-founded, a.** صحیح ؛ درست ؛ جس کی بنیاد مضبوط اور معقول دلائل ، حقائق اور شہادت پر ہو ؛ حقائق پر مبنی ۔

**well-groomed, a.** خوش لباس ، بالخصوص جسے اپنے لباس ، بالوں اور جلد کی صفائی کا پُورا پُورا خیال ہو اوراس کے نتیجے میں وہ بہت صاف ستھرا نظر آئے ؛ باقاعدہ عمدہ خوراک کھانے، روزانہ غسل کرنے اور بالوں میں بُرش کروا کر مقابلے میں حصہ لینے والا خوش شکل و شباہت کا، جیسےکُتا؛ صاف ستھرا اور بڑی احتیاط سے تیار کیا ہوا (لان) ۔

**well-grounded, a.** مستحکم بنیاد پر ؛ جس کی بنیاد مضبوط استدلال اور حقائق پر ہو ؛ مضبوط بنیادوں پر قائم ؛ کسی مضمون میں اچھی طرح سے اور باتفصیل تعلیم و ہدایات یافتہ ۔

**well-handled, a.** جس شے کو دیکھ کر یہ معلوم ہو کہ اسے بہت زیادہ استعمال کیا گیا اور کام میں لایا گیا ہے ؛ عمدہ ؛ عمدگی سے تکمیل یافتہ یا منصرم شدہ ۔

**wellhead, n.** سرچشمہ ؛ سوتا ؛ منبع ؛ پانی کا قدرتی منبع، جیسے کنوئیں یا ندی کا ؛ کنوئیں پر حفاظتی تعمیر یا ڈھانچا ۔ (مجازاً) کسی شے کا اصل مآخذ ۔

**well-heeled, n.** (عوامی) دولت مند ؛ ثروت مند ۔

**Wellington boot, wellington, n.** گھٹنوں تک کے بوٹ ؛ ایک لمبا جوتا جس کا سامنے والا حصہ ڈھیلا ہوتا ہے اور گھٹنوں کے اوپر تک پہنا جاتا ہے ۔

**well-knit, a.** گٹھا ہوا ؛ مضبوطی سے یا ساتھ ساتھ جڑا ہُوا یا مربوط ؛ گاڑھا بنا ہُوا ؛ مضبوطی سے تعمیرکیا ہوا ۔

**well-known, a.** مشہور ؛ نامی ؛ پوری طرح مشہور یا جانا پہچانا ؛ مسلمہ ؛ واقف ؛ شہرت یافتہ ؛ نامی گرامی ؛ معروف ؛ نامور ۔

**well-meaning, well-meant, a.** نیک نیت ؛ نیک نہاد ؛ نیک مقصد والا ؛ نیک ارادے کا ؛ مخلص ۔

**well-nigh, adv.** تقریباً؛ لگ بھگ ؛ غالباً ؛ عنقریب ۔

**well-off, a.** خوش قسمتی کی حالت میں ؛ اچھی حالت میں ؛ آرام دہ حالات میں ، مالی طورپر مضبوط اورمحفوظ ؛ خوش حال ؛ کھاتا پیتا ۔

**well-ordered, a.** حُسنِ ترتیب کا مظہر ؛ باترتیب ؛ باسلیقہ ؛ منضبط ؛ باقاعدہ ۔

**well-read, a.** وسیع المطالعہ ؛ عالم ؛ بہت زیادہ مطالعہ کیے ہوئے ؛ علوم کا ماہر ۔

**well-spoken, a.** جس کے متعلق رائے عامہ اچھی ہو ؛ موافقیت اور معقولیت سے یاد کیے جانے والا ؛ خوش تقریر ؛ خوش کلام ؛ باموقع ؛ برمحل ؛ خوشگوار انداز میں یاد کیے جانے والا ؛ نستعلیق اور خوش بیان ۔

**wellspring, n.** ندی کا منبع ؛ سرچشمہ ۔ (مجازاً) کم نہ ہونے والا ذخیرہ (جیسے : a well spring of knowledge ) ۔

**well-thought-of, a.** بہت عزّت والا ؛ جسے لوگ بہت احترام سے یاد کریں ۔

**well-timed, a.** بر محل ؛ موزوں ؛ وقت پر کیا گیا یا کیا جانے والا ؛ باموقع ؛ بروقت ۔

**well-to-do, a.** خوشحال ؛ دولت مند ۔

**well-turned, a.** پاکیزہ ؛ عمدہ ؛ اچھی شکل والا ؛ مدوّر یا خمیدہ اشکال کے ساتھ ؛ زیبائی کے ساتھ ؛ خوبصورتی ، موزونیت یا اختصار کے ساتھ بیان شدہ (جیسے : a well turned thought ) ۔

**well-wisher, n.** بہی خواہ شخص ؛ خیر خواہ ؛ وہ شخص جو دوسرے شخص یا مقصد کے متعلق نیک خواہشات رکھے ؛ ہوا خواہ ؛ خیر اندیش ۔

**well-wishing, a., n.** خیر خواہی ؛ بہی خواہی ؛ نیک خواہشات ؛ خیر اندیش ؛ بھلائی چاہنے والا ۔

**well-worn, a.** فرسودہ ؛ پیش پا افتادہ ؛ بہت زیادہ استعمال شدہ یا پہننے یا استعمال کے اثرات کا حامل (جیسے : well worn garments ) ؛ فرسودہ ، پامال ، مبتذل یا باسی (جیسے : a well-worn saying or theme. ) ۔ (مجازاً) مناسب یا موزوں (جیسے : well worn honors ) ۔

**Welsbach burner, n.** برنر ؛ مشعل ؛ لیمپ کا کلہ ؛ جلانے والا ؛ آسٹریا کے ایک کیمیادان کارل فان ویلزباک (۱۸۵۹ـ۱۹۲۹ء) کا تیار کردہ ایک گیس کا لیمپ جو بنسن برنر پر مشتمل تھا جس میں تھوریم اور سیریم کے مرکب سے بنا ہوا غیر احتراق پذیر مینٹل لگایا جاتا تھا اور جو گرم کرنے پر بہت زیادہ تیز روشنی خارج کرتا تھا ۔

**welsh-welch, v.i.** (عوامی) شرط لگا کر ادا نہ کرنا اور دھوکا دینا ؛ کسی ذمہ داری،مثلاً قرضے یا فرض کی بجاآوری سے پہلو تہی کرنا یا ناکام رہنا ۔

**welsher, welcher, n.** شرط کی رقم کی ادائیگی سے پہلو تہی کرنے والا شخص ۔

**Welsh, Welch, a.** ویلز کا رہنے والا یا ویلز کی تہذیب ، ثقافت ، لوگوں یا زبان کے متعلق ۔ (اسم) ویلز کے باشندے اور اُن کی اولاد خواہ وہ ویلز سے کہیں باہر رہتی ہو ؛ ویلز کی‌زبان :سائمری ۔

**Welsh corgi, n.** ویلز کے کامی کتوں کی دو مشہور نسلوں میں سے کوئی ایک ، جو مضبوطی ، چھوٹی ٹانگوں ، لمبے جسم اور لومڑی سے ملتے جُلتے سر سے پہچانے جاتے ہیں ۔

**Welsh rabbit, Welsh rarebit, n.** (طبّاخی) توس والا پنیر ؛ پگھلے ہُوئے پنیر سے تیار کردہ ایک کھانا جو بالعموم شراب (ایل)، بیئر، دودھ اور ملائی کو ڈبل روٹی کے ٹکڑوں یا کبھی کبھی خستہ بسکٹوں پر گرم گرم ڈال کر تیار کیا جاتا ہے ۔

**Welsh springer spaniel, n.** ویلز کا سرخ اور سفید اوسط قد کا شکاری کُتا ۔

**Welsh terrrier, n.** ویلسی ٹیریئر ؛ ویلس نسل کے درمیانی قد والے شکاری کُتّوں میں سے کوئی ایک جو Airedale ٹیریئر سے مشابہ ہوتا ہے اور اپنے تاروں کی طرح سخت چتکبرے بالوں سے پہچانا جاتا ہے ۔

**welt, n.** گوٹ ؛ مغزی ؛ حاشیہ ؛ آرایشی یا محکم بنانے والی چنٹ یا ٹانکا ؛ چمڑے کی مغزی جسے بوٹ یا جوتے کے اوپر والے حصے کے اردگرد تلوے جوڑنے کے لیے سی دیا جاتا ہے ؛ جلد پر چوٹ لگنے سے بن جانے والی بدھی یا دھاری ۔ (فعل متعدی) کسی شے کو چمڑے کی پٹی یا مغزی سے آراستہ کرنا ؛ گوٹ یا مغزی لگانا ؛ کسی کو ایسی ضرب لگانا کہ اُس کی جلد پر بدھی پڑ جائے ؛ ایسا مارنا پیٹنا کہ نشان پڑجائیں ۔

**Weltanschauung, n.** [جرمن : 'کائنات کا مشاہدہ کرنا'] ایک منظم اور بااصول تصّور کائنات جیسا کہ کسی فلسفی ، قوم یا عہد کا ۔

**welter, v.i.** لوٹنا یا اچھلنا ؛ لتھڑنا ؛ خلط ملط ہونا ؛ لوٹنا پوٹنا جیسے لہروں کا ؛ پانی یا کیچڑ میں لوٹنا یا گرپڑنا ؛ زور سے گرنا ؛ بھیگنا یا کسی مائع سے لتھڑنا خاص کر خون سے ؛ کسی شے میں بہت زیادہ منہمک ہونا یا گُم ہو جانا ۔ (اسم) غیر مرتب مادہ ؛ گڑبڑ اور افراتفری کی حالت ؛ چکّر کھانے اور اچھلنے والی حرکت ، جیسے آبی لہروں کی ۔

**welter, n.** دیکھیے : Welter weight ۔

**welter weight, n.** ۱۳۶ سے ۱۴۷ پونڈ وزن کے مقابلوں میں حصہ لینے والا پہلوان یا باکسر ۔

**Weltschmerz, n.** [جرمن] مالیخولیا کی ایک حالت جو ایک ناگزیر مایوسی کے اعتقاد سے پیدا ہوتی ہے ؛ دُنیا سے اُکتاہٹ ؛ محبت کی ناکامی کی وجہ سے پیدا ہونے والی یاسیت ؛ غمِ روزگار ۔

**wen, n.** (امراضیات) گلٹی ؛ ایک غیر ضرررساں رسولی یا گومڑی جو بالخصوص ورم کے بغیر ہو اور غدود کے چربیلے مادے کی رکاوٹ سے پیدا ہو جائے ۔

**wernish, wenny, a.** گومڑ دار ؛ گومڑی والا ۔

**wen, n.** ڈبلیو (W) کی جگہ قدیم انگریزی حروفِ تہجی کا حرف ۔

**wench, n.** خاتون،بالخصوص نوجوان ۔ (قدیم) چھوکری ؛ کنواری لڑکی ؛ دیہاتی لڑکی ؛ رنڈی ؛ بازاری عورت ؛ فاحشہ ۔ (فعل لازم) (قدیم) کسی بازاری عورت کی تلاش ہونا یا اس سے تعلق پیدا ہونا ؛ رنڈی بازی کرنا ۔

**wencher, n.** عیاش ؛ رنڈی باز ؛ زنا کار ۔

**wend, v.i.** (قدیم) جانا ؛ گزرنا ؛ کسی مقام سے دُوسرے مقام تک گزرنا ؛ سفر میں ہونا ۔ (فعل متعدی) (قدیم) پیچھا کرنا ؛ رہنمائی کرنا ؛ راستہ لینا (جیسے : to wend one's way ) ۔

**Wendish, Sorbian, Lusatian, a.** مشرقی جرمنی کے باشندوں کا یا ان سے متعلق یا اُن کی زبان کے بارے میں ۔ (اسم) مغربی سلافی زبان جو وینڈلوگ استعمال کرتے ہیں ۔

**wentletrap, n.** گھونگا یا صدف ماہی ؛ کوئی سا عام سفید رنگ کا لمبا سا گھونگا ۔

**were,** برطانوی زبان کے فعل ماضی میں جمع کا صیغہ، نیز واحد مخاطب کے لیے بھی مستعمل اور ماضی احتمالیہ کی صورت میں واحد کے لیے بھی استعمال میں آتا ہے۔

**we're,** we are کا مرخَم۔

**weren't,** were not کا مرخَم۔

**werewolf,** n. انسان جو اپنی شکل تبدیل کرکے بھیڑیا بن گیا ہو یا اُسے بھیڑیا بننے کی قدرت حاصل ہو ؛ عالمِ جنون میں اپنے آپ کو بھیڑیا سمجھنے والا شخص ؛ بھڑمانس ۔

**wergeld, wergelt, wergild,** n. ایک قسم کا قصاص جو ٹیوٹانی اور اینگلوسیکسن قانون کے تحت ایک مقتول یا زخمی لارڈ کے وارثوں کو مجرموں کی طرف سے ملتا تھا اور جس کے بعد اُن پر مزید کوئی ذمّہ داری یا سزا باقی نہ رہتی تھی۔

**weskit,** n. واسکٹ ؛ صدری یا چھوٹا کوٹ جو بالعموم عورتیں پہنتی ہیں ۔

**Wesleyan,** a. جان یا جارج ویزلے کے عقیدے سے متعلق ۔

**Wesleyanism,** n. ویزلے کا عقیدہ ؛ ویزلیت ۔

**west,** n. مغرب ؛ پچھّم ؛ قطب نما کا ممتاز نشان ؛ وہ سمت جہاں افق پر سورج ڈوبتا دکھائی دے ؛ وہ عام سمت جہاں پر نقطۂ غروب واقع ہے یا شمال کی طرف مُنھ کرتے ہوئے بائیں ہاتھ کی سمت ۔ (عموماً بڑے W سے) کسی مقرر کردہ حوالے سے مغرب کا علاقہ ، جیسا کہ ریاست ہائے متحدہ امریکا میں مسی سی پی دریا کا مغربی علاقہ ۔ (بڑے W سے) مشترکہ روایات اور اداروں والی یورپی اقوام جو ایشیا کے مغربی جانب واقع ہیں اور جومشرق سے نمایاں طور پر مختلف ہیں ۔ (صفت) مغرب کی طرف ؛ مغربی ؛ پچھمی ؛ غربی ؛ مغرب میں واقع ؛ مغرب سے آنے والی ، جیسے مغربی ہوائیں ؛ پچھوا ۔ (متعلق فعل) مغرب کی طرف یا مغرب میں ؛ پچھّم کی طرف ۔ مخففّات : W;W.w;w ۔

**westbound,** a. مغرب کی طرف سفر کرنے والا یا مغرب کی سمت والا ۔

**west by north,** n. (جہاز رانی) مغرب بہ شمال ؛ ملاّحوں کے قُطب نُما پر درجوں کا نشان ۲۸۱° — ۱۵َ جو ایک درجہ شمال کی سمت کو ظاہر کرتا ہے ۔ مخفف : WbN ۔

**west by south,** n. (جہازرانی) مغرب بہ جنوب ؛ ملاحوں کے قطب نما پر نشان ۲۵۸° ۔ ۴۵َ جو ایک درجہ شمال کی سمت کو ظاہر کرتا ہے ۔ مخفف : WbS ۔

**wester,** v.i. مغرب کی طرف چلنا یا ہونا ۔ (اسم) موسمی خلل جیسے مغربی طوفان یا پچھوا ۔

**westerly,** a. پچھمی ؛ غربی ؛ مغربی ؛ مغرب کی طرف یا مغرب کا ؛ مغربی علاقوں میں واقع ؛ پچھوا ؛ مغرب سے آنے والی ۔ (متعلق فعل) مغرب کی سمت رخ کرتے ہوئے ، جاتے ہوئے یا حرکت کرتے ہوئے ۔ (اسم) مغرب کی ہوا ؛ پچھّمی ہوا ؛ پچھوا ۔

**western,** a. مغربی ؛ پچھمی ؛ پچھوا ؛ غربی ؛ مغرب میں یا مغرب کی طرف یا مغربی رُخ واقع (جیسے : western state ) ؛ مغرب کی سمت یا مغرب کی طرف حرکت کرنے والا ؛ مغرب سے آنے والا (جیسے : a western breeze ) ۔ (اکثر بڑے W سے) مغربی ممالک سے متعلق (جیسے :a western pine tree ) ۔ (بڑے W سے) مغربی کلیسا کے حوالے سے ۔ (اسم) مغربی باشندہ ؛ ناول ، فلم یا ڈراما جس کا مغربی امریکا سے تعلق ہو اور بالخصوص امریکا کے ریڈ انڈین اولین آباد کار یا امریکی چرواہوں کی عکاسی کرے ۔

**Western Church,** n. مغربی کلیسا ؛ رومی کیتھولک کلیسا ؛ عموماً مغربی یورپ اور امریکا کے کلیسا جو مشرقی قدامت پسند کلیسا سے مختلف ہیں ۔

**westerner,** n. مغرب کا باشندہ یا رہایشی بالخصوص امریکا کا باشندہ ۔

**Western Hemisphere,** n. مغربی نصف کرۂ ارض ؛ کرۂ ارض کا وہ حصہ جس میں شمالی اور جنوبی امریکا کے براعظم ، ملحقہ جزائر اور ملے ہوئے سمندر واقع ہیں ۔

**westernize,** v.t. مغربیت میں رنگنا ؛ مغربی اخلاق ، تصورات اور اسلوبِ حیات اختیار کرنا ۔ (فعل لازم) مغرب زدہ ہونا ۔

**westernization,** n. مغربیت ؛ مغرب زدگی ۔

**westernmost,** a. بہت زیادہ مغرب میں ۔

**West High land white terrier,** n. اسکاٹ لینڈی اصل کا چھوٹا ٹیریئر کتّا جس کی ٹانگیں چھوٹی اور سفید رنگ کے سخت بال ہوتے ہیں ۔

**westing,** n. (جہازرانی) مغرب کی طرف جہازوں کے سفر کی مسافت ؛ کسی خاص مقام سے شمار کیا گیا فاصلہ؛ اِس مقام سے مزید مغرب کی طرف ؛ مغرب کی طرف سفر یا انحراف بجانبِ مغرب ۔

**west northwest,** n. (جہازرانی) مغرب شمال مغرب ؛ ملاحوں کی قطب نما پر ۲۹۲° —— ۳۰َ درجہ جو مغرب اور شمال مغرب کی درمیانی سمت ظاہر کرتا ہے ؛ یہ سمت ۔ (صفت) کوئی مقام جو مغربی ، شمال مغرب کی سمت واقع ہو ۔ (متعلق فعل) اُس سمت کو، سمت میں یا مغربی شمال مغرب کی طرف ۔ مخففات : W.N.W, WNW, wnw ۔

**West Saxon,** n. ویسکس کے علاقے (جنوبی انگلستان کی ایک قدیم حکومت) کی بولی ؛ الفرڈ اعظم سے لے کر فتح نارمن تک انگلستان کی ادبی زبان ؛ سیکسن باشندہ جو نارمن فتح سے قبل ویسکس میں آباد ہوا ۔

**west-southwest,** n. (جہازرانی) مغرب جنوب مغرب ؛ ملاحوں کے قطب نما پر ۲۴۷° —— ۳۱َ کا درجہ ، جو جنوب مغرب اور مغرب کے درمیان کا نقطہ ظاہر کرتا ہے؛ یہ سمت ۔ (صفت) مغرب اور جنوب مغرب میں یا اس کی طرف واقع ۔ (متعلق فعل) اُس سمت میں یا مغرب جنوب مغرب کی طرف سے ۔

**west-ward, west wards,** a., adv. مغرب کی سمت میں ۔ (اسم) مغرب کی طرف کا علاقہ یا سمت ۔

**wet,** a. تَر ؛ بھیگا ہوا ؛ جس میں پانی شامل ہو ؛ گِیلا ؛ نَم ؛ پانی سے آلودہ ؛ بارشی ؛ بہت گیلا ؛ پُرنم ؛ جو پوری طرح سے خشک نہ ہو (جیسے : The paint is still wet )؛ عرق آلود ؛ پُر آب ۔ (بول چال) الکحل آلود مشروبات تیار اور فروخت کرنے کی اجازت دینے والا ؛ بوتلوں میں بند ، محفوظ خوراک ،مائع شیریں محلول کی صورت میں ۔ (اسم) پانی یا رطوبت ؛ نمی یا کافی حبس کی حالت ؛ برسات کا موسم ؛ بارش ؛ سیلا پن ۔ (بول چال) وہ شخص جو ممانعتِ شراب کی مخالفت کرتا ہو ۔ (فعل متعدی) نَم یا ترکرنا ؛ بھگونا ؛ گیلا کرنا ؛ نم آلود کرنا ؛ شرابور کرنا ؛ پانی میں بھگونا یا کسی اور مائع میں تر کرنا ؛ گیلا کر دینا مثلاً پیشاب کرکے ۔ (فعل لازم) گِیلا ہونا ۔

**wet behind the ears,** ناتجربہ کار یا نابالغ اور ناپُختہ کار ۔

**wetly, adv.** گیلے طور پر نمی سے ۔

**wetness, n.** گیلا پن ؛ نمی ؛ تری ؛ نمناکی ؛رطوبت ۔

**wettable, a.** گیلا ہو سکنے والا ؛ رطوبت پذیر ۔

**wetter, n.** گیلا کرنے والا ؛ ترکرنے والا ۔

**wettish, a.** گیلا ؛ نم ؛ کسی قدر نم ؛ نمدار ؛ نمناک ؛ مرطوب ۔

**wetback, n.** (بول چال) میکسیکو کا باشندہ جو غیر قانونی طور پر ریاست ہائے متحدہ امریکا میں داخل ہو جائے ، اکثر رائیوگرانڈے دریا کو عبور کرکے ۔

**wet blanket, n.** (بول چال) کوئی شخص یا چیز جو جوش و خروش کو ٹھنڈا کردے یا حوصلہ شکن اور یاس انگیز اثرات کا حامل ہو ؛ مزا کرکرا کرنے والا ؛ عیش غارت کرنے والا ؛ رنگ میں بھنگ ڈالنے والا ۔ (فعل متعدی) بجھا دینا جیسا کہ آگ ، پانی سے گیلا کرکے کمبل یا ایسی ہی کسی اور شے کے استعمال سے ؛ جوش و خروش یا عزم کو ختم کر دینا ؛ غارت کر دینا ۔

**wether, n.** آختہ بکرا ؛ خصی مینڈھا ۔

**wet land, n.** (عموماً جمع) ایسی زمین کا قطعہ جس کی سطح گیلی اور اسفنج کی طرح ہو ، جیسا کہ دلدلی اور کیچڑ والی زمین ۔

**wet nurse, n.** انّا ؛ دودھ پلائی ؛ دایہ ؛ ایسی عورت جو دوسروں کے بچّوں کو دودھ پلاتی ہو اور اُن کی پرورش کرتی ہو ۔

**wet nurse, v.t.** دوسروں کے بچوں کو دودھ پلانا ؛ دایہ گری کرنا ۔

**wettability, n.** گیلا ہونے کی صفت ؛ نم پذیری ؛ حد یا درجہ جس تک کپڑے یا کسی دوسری شے میں نمی جذب کرنے کی صلاحیت ہو ۔

**wetting agent, n.** (کیمیا) رطوبت انگیز مادہ ؛ کوئی ایسا مادہ یا شے جو مائع یا پانی کے انجذاب سے،سطحی تناؤ کم کرکے،اُس کے سطحی پھیلاؤ اور نفوذ میں زیادتی پیدا کردے ۔

**wet wash, n.** صاف نمدار دھلے ہوئے کپڑے جو بغیر استری کے ہوں ۔

**we've,** we have کا مرخم ۔

**whack, v.t.** (بول چال) پیٹنا ؛ ٹُھکائی کرنا ؛ خوب زور دار ضرب لگانا ۔ (عوامی) تقسیم کرنا یا حصہ بانٹنا (اکثر up کے لاحقے کے ساتھ) ۔ (فعل لازم) (بول چال) کسی کے ضرب لگنا یا متواتر ضربات لگتے رہنا ۔ (اسم ، بول چال) زور کی گونجدار ضرب ، تھپڑ یا مار بیٹ ؛ کوئی موقع یا کوشش (جیسے: She had a whack at being class president ) ۔ (عوامی) ایک حصہ یا تقسیم شدہ ٹکڑا ۔

**whacker, n.** ضارب ؛ ضرب لگانے والا شخص ؛ کوئی بھاری چیز جس سے ضرب لگائی جائے ؛ بھاری بھر کم ، لمبا تڑنگا آدمی ۔

**whacking, a.** (خصوصاً برطانوی بول چال) بہت زیادہ بڑا ؛ لمبا تڑنگا ؛ زبردست ۔

**whacky, n.** دیکھیے : Wacky ۔

**whale, n.** حُوتان ؛ وھیل ؛ فیل ماہی ؛ حوتیہ (Cetacea) سلسلے کے مختلف سمندری جانوروں میں سے کوئی ایک جانور جو اگرچہ مچھلی کی شکل کا ہوتا ہے لیکن ممیل کی طرح ہوا میں سانس لیتا ہے ، جیسے کوئی بڑا فیل ماہیہ، مگرڈولفن اور خنزیر بحری سے مختلف ہوتا ۔ دیکھیے: whale bone whale, right whale ۔ (مجازاً) کوئی چیز جو اپنی نوع میں غیر معمولی طور پر بڑی، عظیم الجثہ ہو (اکثر of کے ساتھ ، جیسے: a whale of a finish )۔ (بڑے W سے) (فلکیات) مجمع النجوم حُوتان ۔ (فعل لازم) وھیل پکڑنے کا کام جاری رکھنا ۔

**whale, v.t.** چابک ، کوڑے یا قمچی سے خوب مارنا ؛ کوڑے مارنا ، پٹائی کرنا یا اچھی طرح سے مارنا ۔ (فعل لازم) زور دار چوٹیں لگانا (اس کے ساتھ اکثرaway کا لاحقہ استعمال ہوتا ہے، جیسے: to whale away at a person ) ۔

**whaleback, n.** وھیل پُشت شکلا ؛ جس کی شکل وھیل کی پشت جیسی ہو ۔ (جہاز رانی) وھیل نما جہاز جس کا گول عرشہ اطراف میں ایک مسلسل خم یا جھکاؤ سے ملا ہوا ہو ، پہلے یہ جہاز شمالی امریکا کی بڑی جھیلوں میں استعمال ہوتے تھے ۔

**whaleboat, n.** وھیل ڈونگی ؛ ایک لمبی تنگ کشتی جو دونوں سروں پر نوکدار ہوتی ہے ، ماضی میں وھیل کے شکار کے لیے بکثرت استعمال ہوتی تھی اور آج کل سمندری جہازوں میں جان بچاؤ کشتی کے طور پر کام آتی ہے ۔

**whalebone, n.** وھیل کی ہڈّی ؛ وھیل کی بعض قسموں میں دانتوں کی بجائے اوپر والے جبڑے میں لچکدار ہڈی کی قسم کا سینگ نما مادہ جو تالو کے دونوں طرف متوازی پتلی پلیٹوں کی شکل میں پیدا ہو جاتا ہے ؛ اِس مادے کی ایک پتلی پٹی جو کپڑوں اور زیر جاموں کو مضبوط بنانے کے کام آتی ہے ۔

**whale-bone whale, n.** وھیل مچھلیوں کے خاندان کی ایک ذیلی نوع جس کے ظاہری پنکھ نہیں ہوتے اور بلوغت کے بعد اس کے جبڑوں، دانتوں کی بجائے لچکدار ہڈی ہوتی ہے ۔

**whaler, n.** وھیل کا شکاری یا وھیل شکار کرنے کا جہاز ۔

**whaling, n.** وھیل شکار کرنے کا کام یا صنعت اور اس کی عملی حفاظت ؛ وھیل کا شکار ۔

**wham, n.** سخت ضرب یا ٹکر سے پیدا ہونے والی آواز ، عموماً بلند آواز ؛ سخت قسم کی ضرب یا دباؤ ؛ تصادم ۔ (فعل متعدی) مارنا ؛ ضرب لگانا ؛ کسی چیز پر چوٹ لگانا ؛ کسی سخت شے سے یوں مارنا کہ زور کی آواز پیدا ہو ۔ (فعل لازم) دھماکا ہونا یا زور سے تصادم ہونا بالعموم شور کے ساتھ ۔

**whammy, n.** (عوامی) نحوست ؛ بُری نظر ؛ نظرِ بد (جیسے: He put the whammy on me ) ۔

**whang, n.** (بول چال) ایک شدید ضرب ، چوٹ ، دھماکا خیز آواز یا اسی قسم کا شور یا بلند آواز ۔ (فعل متعدی) (بول چال) شدید ضرب لگانا جس سے شور پیدا ہو یا دھماکے کی آواز پیدا کرنا ۔ (فعل لازم) (بول چال) گونجنا یا دھماکا ہونا یا پُرشور ضرب لگانا ۔

**whang, wang, n.** (بولی) تسمہ بالخصوص چمڑے کا بنا ہوا ، جیسے ہرن کے چمڑے کا ۔ (برطانوی بولی) ایک بڑا ٹکڑا یا حصہ، جیسے پنیر کا یا روٹی کا ؛ قتلہ ، پھانک یا قاش ۔ (فعل متعدی ، بولی) پٹائی کرنا ، جیسے کوڑے کے ساتھ ؛ مارنا یا کوڑے سے پٹائی کرنا ۔ (برطانوی بولی) قاشیں بنانا یا قتلے کرنا خصوصاً بڑے بڑے ٹکڑوں میں ۔ (فعل لازم ، بولی) شدت سے یا بہت سے زور سے پٹنا ۔

**whangee, n.** (نباتیات) چینی بانسوں کی ایک قسم بالخصوص برگ خیز نوع کے بانس ؛ اِسی پودے سے بنایا گیا عصا یا ہوا خوری کی چھڑی ۔

**whap, v.t., v.i.** زور سے مارنا ؛ پٹائی کرنا ؛ بُری طرح سے

(return was delayed What with accidents) ۔ (حرف عطف) کسی جملے میں that کی جگہ but what کا غلط استعمال (جیسے :I don't know but what I will) ۔ (بول چال) اُس حک تک کہ ؛ اس قدر کہ یا یہاں تک کہ (جیسے :He helps me what he can) ۔ (فجائیہ) حیرت ، شک یا ناراضگی وغیرہ ظاہر کرنے کے لیے (جیسے : What! you shot him) ۔

**and what not,** ایسی ہی دوسری اشیا جن کے بیان کی ضرورت نہیں ؛ وغیر ہم ۔

**what for,** (عوامی) جسمانی سزا یا اذیت ؛ شدید ملامت ؛ کوئی تکلیف دہ سبق یا تجربہ (جیسے : to give one what for) ۔

**what have you,** (بول چال) کوئی دوسری ایسی ہی اشیا ؛ وغیرہ وغیرہ (جیسے : an assortment of candles, nuts and what have you.) ۔

**what if,** اِس کا کیا فائدہ یا حتمی نتیجہ برآمد ہوگا ؛ فرض کیا ۔

**what it takes,** (بول چال) وہ سب کچھ جو کامیابی یا حصولِ مقصد کے لیے ضروری یا لازمی ہو ۔

**what's what,** حالات یا اشیا کی اصل یا واقعی کیفیت ۔

**whatever, pron.** جو کچھ بھی ؛ جس قدر ؛ جتنا ؛ ہر وہ شے جو متعلقہ جُملوں میں موجود ہو (جیسے :Do whatever you like) ؛ کیا کچھ نہیں (جیسے :pins, needles and whatever) ؛ کوئی بھی مقدار یا وزن جیسے کسی شے کا یا کسی مخصوص شے کا جو نسبتاً استعمال ہوا ہو (جیسے :keep whatever pleases you) ؛ خواہ کچھ بھی کیوں نہ ہو (جیسے :Do it whatever happens) ؛ جو کچھ بھی یا کیا ، جب استفہامیہ انداز میں استعمال کیے جائیں (جیسے :Whatever do you mean) ۔ (صفت) کون سا ؛ جو بھی (جیسے : ?Ask whatever person you like) ؛ جو بھی ہو کچھ پروا نہیں ؛ چاہے کچھ یا کوئی بھی ہو (جیسے :He is unwilling , for no reason whatever) ۔

**whatnot, n.** وغیرہم ؛ وغیرہ وغیرہ ؛ الماری ؛ خانے دار شیلف (کتابوں یا دیگر نوادرات کے لیے) ؛ چھوٹی چھوٹی بے شمار اشیا اور سامان ؛ حقیر یا غیر واضح سی چیز یا شے ۔

**whatsoever, pron., a.** جو بھی ؛ جو کچھ بھی ، جب تاکید کے لیے استعمال کیا جائے (جیسے : anything whatsoever it be, in any place whatsoever) ۔

**whaup, n.** جل کُکڑی ؛ اس جانور کی آواز کی نقّالی ۔ (برطانوی بولی) لمبی چونچ والی مُرغابی ۔

**wheal, weal, n.** پَتی ؛ ددوڑا ؛ جلد پر معمولی سی جلن یا چھالا یا خارش کی‌وجہ‌سے ہلکی سی سوجن یا ورم جیسا کہ مچھر کے کاٹنے سے ہو جاتا ہے ؛ چابک یا ڈنڈے کی ضرب سے جلد پر اُبھرا ہوا نشان یا بدّھی ؛ چوٹ کے داغ ۔ دیکھیے : welt ۔

**wheat, n.** گندم ؛ گیہوں ؛ وسیع تر نوع کے مختلف اقسام کے پودوں میں لگنے والے دانے جو آٹے کی شکل میں روٹی اور دیگر

برانا ؛ باہر نکالنا ۔ (اسم) زوردار آواز ۔

**whaper, n.** دیکھیے : Whopper ۔

**whapping, a.** دیکھیے : Whopping ۔

**wharf, n.** گھاٹ ؛ چبوترا ؛ پتھر یا لکڑی کی تعمیر جو سرساحل بنی ہوئی یا ساحل سے آگے گھاٹ جو ندی وغیرہ میں نکلی ہوئی ہوتی ہے تاکہ جہاز اور کشتیاں اُن کے کنارے سامان لادنے، اتارنے یا آرام لینے کے لیے کھڑے کیے جاسکیں ؛ پُشتہ ؛ کنارا ۔ (متروک) کنارا ، جیسے دریا کا یا ساحلِ سمندر ۔ (فعل متعدی) گھاٹ بنانا یا گھاٹ کی سہولت فراہم کرنا ؛ گھاٹ پر سامان اُتارنا یا ذخیرہ کرنا ؛ جہاز کو گھاٹ پر لانا ۔ (فعل لازم) کنارے پر کھڑا ہونا ۔

**wharfage, n.** گھاٹ کا استعمال ؛ گھاٹ پر سامان کا ذخیرہ ؛ گھاٹ کو استعمال کرنے کا کرایہ یا محصول ؛ مجموعی طور پر تمام گھاٹ ۔

**wharfinger, n.** گھٹوال ؛ گھاٹ کا مالک یا منتظم ۔

**wharf rat, n.** عام بھورا چوہا ؛ گھاٹ پر یا اُس کے نزدیک پائے جانے والا چوہا ۔ (بول چال) ایسا شخص یا بچّہ جو بالعموم گھاٹ پر آوارہ پھرتا ہو اور موقع ملنے پر چوری بھی کر لیتا ہو ۔

**wharve, n.** (کتائی) تکلے پر لگا ہوا پہیّہ یا لکڑی کا گول ٹکڑا جسے چرخی یا گھرنی کے طور پر استعمال کیا جائے ۔

**what,** (استفہامیہ) کیا ، کون ، کونسا وغیرہ ۔ (حرف‌استعجاب) کتنا ، کیسا وغیرہ ؛ کسی شے کی حقیقت یا اصلیت جاننے کے لیے دریافت کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے (جیسے : ?What did he do) ؛ کسی شخص یا شے کی حقیقت، کردار ، درجہ یا اصل وغیرہ دریافت کرنے کے لیے مستعمل ہے (جیسے : ?What is he by birth) ؛ کسی شے کی قدر و قیمت ، افادیت ، قوت یا اہمیت معلوم کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں (جیسے : What is wealth with out health?) ؛ کسی لفظ یا الفاظ کو دُہرانے یا ان کی وضاحت کے لیے استفہامی طور پر مستعمل ہے (جیسے : ?Five what) ؛ جو ، جس ، جتنا ، جس قدر (جیسے : ?Send what was promised) ؛ کسی شے یا فرد کی قسم یا جس طرح کہ (جیسے : Just what it professed to be?) ؛ خواہ کچھ ہو یا جو کچھ بھی ہو (جیسے : Come what may) ؛ کتنا (جیسے :?What do you want for your car) ؛ جملہ ہائے معترضہ میں مستعمل بمعنی کوئی بات (جیسے : He went, and what is more surprising gained a hearing) ۔ (برطانوی) مبہم قوت استفہام کے لیے (خصوصاً جملے کے آخر میں استعمال ہوتا ہے ، جیسے : He's a good fellow, what?) ؛ کلام میں زور پیدا کرنے کے لیے استعجابیہ یا سوالیہ جملوں میں مستعمل ہے (جیسے :What, two more) ؛ کسی چیز کی نسبت غلط استعمال پر بمعنی جو وہ ، کونسا ، کون وغیرہ (جیسے :a bird what sings) ۔ (صفت) اشخاص یا اشیا کی تفصیلات معلوم کرتے ہوئے (جیسے :?What book does he mean) ؛ جو بھی ؛ جتنا (جیسے :Take what time you need) ؛ کس قدر ، کس مقدار میں (جیسے :What money can you borrow?) ؛ استعجابیہ جملوں میں زور پیدا کرنے کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے (جیسے :What luck) ۔ (متعلق فعل) کس قدر ، کس حد تک یا کتنا (جیسے : ?What does it matter) ؛ کس مقصد یا سبب سے یا کیوں (بالعموم for کے ساتھ) ؛ کس طریقے سے یا کس طرح یا جزوی طور پر (عموماً with کے ساتھ، جیسے : His

غذائی خوراک بنانے کے کام آتے ہیں ؛ گیہوں کا پودا جسے دانوں سے بھری بالیاں لگتی ہیں ۔

**wheat cake,** n. روٹی ؛ نان؛ایک قسم کا چپٹا کیک جس میں گندم کا آٹا بطور بنیادی عنصر استعمال کیا جاتا ہے ۔

**wheatear,** n. (طیوریات) ایک قسم کی چھوٹی چڑیا ؛ شمالی منطقے کے چھوٹے چھوٹے پرندوں کی انواع میں سے کوئی ایک جن کا اوپر کا حصہ خاکی بھورا،اندرونی حصہ سفید اور دم پر سفید اور سیاہ دھاریاں ہوتی ہیں ؛ گوریا ۔

**wheaten,** a. گندمی ؛ گندم سے بنا ہوا یا گندم سے متعلق ۔

**wheat germ,** n. گندم کا جرثومہ یا جنین جسے بالخصوص حیاتین کے ماخذ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

**wheat rust,** n. (نباتی امراضیات) پھپھوندی ؛ تیلا ؛ پھپھوند لگنے کی ایسی بیماریاں جو گندم کی فصل کو متاثر کرتی ہیں ۔

**Wheatstone's bridge, Wheatstone bridge,** n. (برق) وہیٹسٹون برج ؛ برقی مزاحمت ناپنے کا آلہ جسے ایک برطانوی سائنس دان چارلس وہیٹ سٹون نے ایجاد کیا تھا ۔

**wheatworm,** n. کرم گندم ؛ ایک چھوٹا سا خیطیہ جرثومہ جو گندم کی اُگتی ہوئی فصل کو اکثر نقصان پہنچاتا ہے ۔

**whee,** interj. شدت جذبات یا مسرت کے اظہار کا کلمہ ۔

**wheedle,** v.t., v.i. خوشامد یا چاپلوسی سے راضی یا خوش کرنے کی کوشش کرنا یا متاثر کرنا ؛ ڈھب پر لانا ؛ متاثر کرنا ؛ دھوکا دے کر منوانا ؛ پیار یا خوشامد سے راضی کرنا ؛ چاپلوسی سے کام نکالنا ؛ ہنر سے کسی شخص کو راہ پر لے آنا ؛ کام نکال لینا ۔

**wheedler,** n. ورغلانے والا شخص ؛ پھسلانے والا شخص ؛ چاپلوس شخص ؛ للو پتو کرنے والا شخص ۔

**wheedlingly,** adv. چاپلوسی سے ؛ تملق سے ؛ خوشامد سے ؛ فریب سے ؛ للو پتو سے ؛ چکنی چپڑی باتوں سے؛ بہلا پھسلا کے ؛ بہکا کر ۔

**wheel,** n. پہیہ ؛ چرخی ؛ چرخ ؛ چکر ؛ دور ؛ گردش ؛ چاک ؛ پھرکی ؛ مدور شے ؛ گھرنی ؛ چکلی ؛ ٹھوس قرص جو ایک محور کے گرد گھومنے کے لیے بنایا گیا ہو جیسا کہ مشینوں اور گاڑیوں میں ہوتا ہے ؛ کوئی اور آلہ ، اوزار ، مشین یا تجرباتی آلات جو ایسی ہی شکل و صورت کے ہوں یا جن میں قرص یا فریم لازمی حصے کے طور پر لگا ہوا ہو (جیسے :a potter's wheel ) ؛ باہر نکلے ہوئے دستوں والا گول فریم اور دُھرا جو جہاز کو حرکت میں لانے کے لیے پتوار سے جڑا ہوا ہو ؛ گول فریم کی شکل میں ایذا رسانی کا ایک قدیم آلہ جس پر مجرم کو لٹا کر لوہے کے سریوں سے اُس کی ہڈیاں توڑ دی جاتی تھیں ؛ گھوم چکر جسے قسمت کی دیوی کے ہاتھ میں انسانی معاملات میں تغیر و تبدل لانے کے لیے گھومتا ہوا دکھایا جاتا ہے ؛ آتشبازی کی چرخی جو جلنے کے ساتھ ساتھ گھومتی رہتی ہے؛ کوئی بھی شے جو شکل و شباہت یا حرکت میں پہیے کے ساتھ ملتی جلتی ہو ۔ (بول چال) بائیسکل ؛ گول یا دوری حرکت ؛ قدیم زمانے میں جہازوں یا فوجوں کی ایک قطار میں حرکت جیسے وہ ایک محور کے گرد گھوم رہے ہوں ۔ (جمع) حرکت دینے، دھکیلنے یا متحرک کرنے کے ذرائع ۔ (عوامی) اہم یا بااثر شخصیت ، بالخصوص سیاست یا کاروبار ۔ (فعل متعدی) گھمانا ، چکر دینا یا پھیرنا جیسے دھرے پر ؛ گولائی میں یا دوری راستے پر پرواز کرنا یا چلانا ؛ پہیوں کے سہارے چلانا یا ٹھیلنا جیسے گاڑی یا فرنیچر سے متعلق کسی شے کو ؛ کسی شے کو پہیہ یا پہیے لگانا ۔ (فعل لازم) کسی مرکز یا محور پر یا اس کے گرد پھرنا ؛ گھومنا ؛ گردش میں ہونا ؛ فوجیوں کی قطار کا پورے دائرے یا اس کے کچھ حصے میں گھومنا جب کہ قطار کا ایک سرا ایک مقام پر قائم رہے ؛ کسی سمت کو مڑنا یا رخ ؛ طریق کار یا نقطۂ نظر بدلنا (about یا around کے ساتھ مستعمل ہے) ؛ گول یا گھومتے ہوئے راستے پر چلنا ؛ پہیوں کے سہارے ٹھلنا ؛ روانی سے چلنا ۔

**at the wheel,** گاڑی چلانا یا کشتی چلانا ۔

**wheel and deal,** (بول چال) آزادی سے بغیر کسی رکاوٹ کے کام کرنا ، خاص طور پر کاروباری معاملات میں ۔

**wheels within wheels,** پیچیدہ روابط ؛ ارادے یا عمل کا پیچیدہ باہمی ربط جس کا کسی حتمی مقصد کے لیے باہمی تعامل ہو؛ پیچ در پیچ معاملہ ۔

**wheel and axle,** n. ڈھینکلی ؛ پہیہ اور دُھرا ؛ عام سادہ سی مشین، جس میں ایک بیرمی محور پر ہم مرکز پہیّہ جُڑا ہوتا ہے یہ رسے سے بندھا ہوا بوجھ اٹھانے کے کام آتی ہے اور پہیہ گھومنے سے رسا محور پر خود بخود لپٹتا رہتا ہے ؛ بوجھ اُٹھانے کی کل ۔

**wheel animalcule,** n. دیکھیے: rotifier ۔

**wheelbarrow,** n. ہاتھ ریڑھی ؛ یک پہیّہ چھکڑا ؛ باربرداری کے لیے بنائی گئی ریڑھی جس کے ایک سرے پر اُسے چلانے کے لیے پہیہ اور دوسرے سرے پر اُسے روکنے یا ٹھہرانے کے لیے دو ٹانگیں لگی ہوتی ہیں اور دو کھپچیاں (شافٹیں) ہوتی ہیں جن سے آدمی اس کو زمین سے اونچا کرکے دھکیلتا یا چلاتا ہے؛ ایک سے زیادہ پہیوں والی اسی قسم کی ہتھ گاڑی ۔ (فعل متعدی) لانا، لے جانا ؛ نقل و حمل کرنا یا ہتھ ریڑھی کی مدد سے سامان ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا ۔

**wheelbase,** n. موٹر گاڑی میں اگلے دُھرے کے مرکز سے لے کر پچھلے دھرے کے مرکز تک بالعموم انچوں میں فاصلہ ۔

**wheel bug,** n. جنوبی امریکا کا کیڑا جو دوسرے کیڑوں کا خون پیتا ہے جس کا نام اس کے حشرہ پر پہیہ نما کلغی کی وجہ سے پڑا ہے ۔

**wheel chair,** n. وھیل چیئر ؛ پہیے دار کرسی ؛ پہیوں پر چلنے والی کرسی جو معذوروں کے استعمال کے لیے ہوتی ہے ۔

**wheeled,** a. پہیہ دار یا پہیوں والی ؛ جسے ایک یا زائد پہیے لگا دیے گئے ہوں ، بالعموم مرکبات میں مستعمل ہے (جیسے: a three wheeled ) ؛ پہیوں پر متحرک یا پہیوں جُڑی گاڑی (جیسے: a wheeled conveyance ) ۔

**wheeler,** n. چو پہیہ گاڑی ؛ پہیوں پر چلنے والا شخص یا کوئی شے ؛ دولاب ساز یا پہیہ بنانے والا ؛ کوئی شے جس کے ساتھ پہیہ یا پہیے لگے ہوئے ہوں، مرکبات میں استعمال ہوتا ہے (جیسے: a side-wheeler, a stern- wheeler ) ؛ پہیوں والا گھوڑا؛ بگھی، تانگے یا ٹم ٹم کا گھوڑا ۔

**wheel horse,** n. گھوڑا یا دوسرے گھوڑوں کے ساتھ بم میں جوتا جانے والا گھوڑا اور چوکڑی وغیرہ میں بم کا دوسرا گھوڑا گاڑی

میں جُتا ہوا ؛ محنت مشقت سے کام کرنے والا کارکن ؛ اپنے نگران کے زیر ہدایت متواتر اور محنت سے کام کرنے والا شخص ۔

**wheel house,** n. سکان خانہ ؛ جہاز کا وہ کمرہ جس میں جہاز کا رُخ درست رکھنے والا پہیہ لگا ہُوا ہوتا ہے جسے کپتان ضرورت کے مطابق موڑتا رہتا ہے ۔

**wheeling,** n. اُس شخص یا شے کا عمل جو پہیے کو چلائے یا پہیوں پر چلے بالخصوص بائیسکل یا ٹرائی سکل پر مشق ؛ گول ، گھومنے والی یا چکر کھانے والی حرکت ؛ پہیّوں والی گاڑیوں میں سفر کرنے کے لحاظ سے سڑک یا شاہراہ کی حالت یا کیفیت ۔

**wheel lock,** n. توڑے داربندوق ؛ ایک قدیم قسم کی لبلبی ، جس کے پہیہ نما چرخی کی آہنی چقماق کے ساتھ رگڑ سے آتش گیر مادے میں چنگاری پیدا ہوتی تھی ۔

**wheelman, wheelsman,** n. جہاز کا پہیہ گھمانے اور چلانے والا (جس سے جہاز کا رُخ موڑتے ہیں) ؛ پتوار چلانے والا ؛ جہاز چلانے والا ؛ بائی سکل یا ٹرائی سکل وغیرہ چلانے والا ۔

**wheelwork,** n. کسی مشین کے پہیوں اور گیئر (گراری) کا مجموعہ ۔

**wheelwright,** n. دو لاب ساز ؛ پہیے بنانے والا یا پہیّوں کی مرمت کرنے والا ۔

**wheen,** n. (برطانوی بولی) چند ؛ تعداد یا مقدار ۔

**wheeze,** v.i. خرخرانا ؛ سانس لیتے ہوئے خرخر ہونا ؛ اِسی سے ملتی جُلتی آواز کا پیدا ہونا ۔ (فعل متعدی) خرخراہٹ کی آواز کے ساتھ بولنا ۔ (اسم) خرخراتا ہوا سانس یا خرخراتی ہوئی آواز ؛ خرخر ۔ (عوامی) مزاحیہ گفتگو یا لطیفہ یا تھیٹر والوں کی جگت بازی بالعموم عامیانہ پھبتی ۔

**wheezy,** a. خرخراہٹ کا ؛ خرخر کرنے والا ؛ خرخراہٹ زدہ ؛ خرخرا ۔

**wheezily,** adv. خرخراہٹ کے ساتھ ؛ خرخر کرتے ہوئے ۔

**wheeziness,** n. خرخر ؛ خس خس ؛ خرخراہٹ ۔

**whelk,** n. خوردنی صدفہ ؛ متعدد بڑے بحری حیوانات ناعمہ میں سے کوئی ایک جن کے مرغولی خول ہوتے ہیں اور یورپ میں کھائے جاتے ہیں ۔

**whelk,** n. مہاسہ ؛ چکتّا ؛ چھوٹا سا دُنبل یا پُھنسی ۔

**whelm,** v.t. غرق کرنا ؛ ڈبو دینا ؛ گاڑنا ؛ ڈھیر یا کسی شے کے نیچے دفن کر دینا یا ڈھانپ دینا ، جیسے پانی یا برف کے نیچے ؛ غرقاب کر دینا ؛ بھنور میں دھکیل دینا ؛ ڈبو دینا ؛ پوری طرح سے قابو پا لینا یا حاوی ہو جانا ؛ دباؤ ڈالنا ؛ بہت بوجھ ڈال دینا ؛ گھیر لینا ؛ کچل ڈالنا ۔

**whelp,** n. بگھیلا ؛ کُتے کا پلا ؛ کُتے، بھیڑیے، ریچھ ، شیر ، چیتے یا سیل کا بچہ ؛ پلاّ ؛ پٹھا (تحقیر کے طور پر مستعمل) ۔ (میکانیات) کسی چرخی یا لنگر چرخ کے اسطوان پر لوہے وغیرہ کے طولی ابھار ؛ دندانہ دار پہیے کا ایک دندانہ ۔ (فعل متعدی و لازم) پرورش کرنا، کسی کُتّے یا شیرنی کے بچے کی ؛ بیانا ؛ پیدا کرنا ۔

**when,** adv. کب ؛ کس وقت ، استفہامیہ طور پر مستعمل (جیسے: When are you coming ?, When did you say ) ؛ کب اور کون سے موقع پر ، سوالیہ طور پر مستعمل ۔ (حرف عطف) کس وقت ، کب (جیسے: to know when to be silent? ) ؛ اس وقت کہ (جیسے: to rise when one's name is called, when we were young ) ؛ کسی وقت بھی اگر، یا جب کبھی (جیسے: He is impatient when he is kept waiting ) ؛ کسی خاص موقع پر یا بعد میں (جیسے: They had just left when company arrived ) ۔ (ضمیر) کب سے (جیسے: Since when have you known this? ) ؛ جب سے (جیسے: They left on monday, since when we have heard nothing ) ۔ (اسم) کسی چیز کا مقررہ وقت (جیسے: the when and the where of an act ) ۔

**when as,** conj. (قدیم) کب ، جب ، ہرگاہ ؛ حالانکہ ۔

**whence,** adv. کس جگہ سے ؛ کس سبب سے ۔ (حرف عطف) کس مقام ، ماخذ یا ذریعے سے؛ کس ذریعے سے یا کس نقطہ آغاز سے (جیسے: he told me whence he came ) ؛ کس مقام سے ؛ کس منبع یا سبب سے یا کہاں سے ۔

**whencesoever,** adv., conj. کسی بھی جگہ سے، ذریعے سے یا سبب سے یا کہاں سے؛ کہیں سے ؛ کسی جگہ سے؛ آخر کہاں سے ؛ جہاں سے بھی ۔

**whenever,** conj. جب کبھی ، جونہی ، کسی وقت بھی (جیسے: Come whenever you like ) ۔ (متعلق فعل) (بول چال) کب (تاکیداً مستعمل ہے، جیسے: Whenever did he tell you that? ) ۔

**whensoever,** adv., conj. کسی وقت بھی ، جب بھی، جب کبھی ۔

**where,** adv. کہاں ؛ کدھر ؛ کسی جگہ ؛ کون سے مقام پر یا جگہ پر (جیسے: where is he? ) ؛ کسی حصے میں یا کسی مقام پر (جیسے: Where is the pain? ) ؛ کس کیفیت میں یا کس صورت حالات میں (جیسے: Where do you stand on this question? ) ؛ کون سی مخصوص حالت یا کس طریقے پر (جیسے: Where does this affect us? ) ؛ کسی جگہ ، منزل یا مقام کو (جیسے: Where are you going? ) ؛ کس ماخذ یا کہاں سے (جیسے: Where did you get such a notion? ) ۔ (عطف) کس مقام پر یا کس مقام ، حصے یا نقطے پر (جیسے: Find where he is? ) ؛ جگہ پر ، جگہ میں یا حصے یا نقطے پر (جیسے: the book is where you left it ) ؛ اُسی حالت میں، صورت میں ، واسطے یا معاملے میں ، جہاں ، جس جگہ یا جدھر (جیسے: Use the lotion, where pain is felt ) ؛ کس کو یا کسی جگہ کو یا کسی خاص جگہ یا مقام پر (جیسے: you will go where you will ) ؛ اُس جگہ میں یا پر یا وہاں (جیسے: They came to the town where they lodged for the night ) ۔ (اسم) کوئی خاص مقام یا مقام وقوع (جیسے: the where of this occurence ) ۔

**whereabouts,** adv., n. ٹھور ٹھکانا ؛ اتاپتا ؛ وہ مقام جہاں پر کوئی شخص یا شے موجود ہو؛ کسی شے یا شخص کا ٹھکانا ، جائے قیام ؛ جگہ ؛ پتا نشان ۔

**whereas,** conj. جبکہ ؛ ہرگاہ کہ ؛ حالانکہ ؛ چونکہ، دراں حالیکہ ، حقیقت یہ ہے کہ ؛ جبکہ درحقیقت ؛ جبکہ فی الحقیقت ؛ یہ تسلیم کرتے ہوئے کہ حقیقت یوں ہے، یہ کہ ؛ بایں ہمہ ، درحالیکہ ۔ (اسم) افتتاحی یا مشروط جملے، بیان جو قانونی یا رسمی دستاویزوں میں مستعمل ہیں جو اِسی حرف عطف whereas سے شروع ہوتے ہیں ۔

**whereat,** adv. (قدیم) جس پر (جیسے: Whereat one eats ) ؛ کس پر (جیسے: Whereat was she an-

noyed?) ۔ (عطف، قدیم) جس پر؛جس بات پر۔

**whereby,** adv., conj. کس ذریعے سے ؛ کس بات سے ؛ جس ذریعے سے ؛ جس بات سے ؛ جس سے (جیسے: the door where by she left) ؛ جس راستے سے ۔

**wherfore,** adv. (قدیم) کس لیے ، کیوں ، کس واسطے ۔ (حرف عطف) (قدیم) جس لیے ، جس واسطے، جس سبب سے ۔ (اسم) سبب ، وجہ یا مقصد ۔

**wherefrom,** conj., adv. جس سے ، جب سے ، جہاں سے ۔

**wherein,** adv. کس بات میں ؛ کس لحاظ سے ؛ (جیسے: Wherein did he fall) ۔ (عطف) جسْ میں یا جس جگہ ، جہاں (جیسے: the place wherein he works) ۔

**whereinto,** conj. جس میں یا کس میں ۔

**whereof,** adv., conj. (قدیم) کون ؛ کیا ؛ کس کا ۔

**where on,** adv. (قدیم) جس پر؛ کس بات پر، کس پر۔ (حرف عطف) (قدیم) کس پر ؛ جس پر ؛ تب ۔

**wheresoever,** adv., conj. (قدیم) کسی جگہ پر یا کسی جگہ میں ؛ جہاں کہیں ؛ جسْ جگہ ۔

**wherethrough,** conj. (قدیم) کس میں سے ؛ جس میں سے ۔

**whereto, whereunto,** adv., conj. کس لیے ؛ کس وجہ سے ؛ جہاں ؛ جس طرف ؛ جس پر ؛ جس کے جواب میں ۔

**whereupon,** adv. (قدیم) کس پر یا جس پر ؛ کس کے بعد۔ (حرف عطف) بعدازاں ؛ کس پر ، تب ۔

**wherever,** adv. کس مقام پر ، جس مقام پر ، کہاں سے ؛ جہاں کہیں (جیسے: Whereever did you find that?) ۔ (عطف) میں اوپر یا کسی جگہ ۔

**wherewith,** adv. کس کے ساتھ ۔ (عطف) جس کے ساتھ ؛ جس سے ۔(ضمیر) (قدیم) جو مصدر کے ساتھ استعمال ہو (جیسے:She has not wherewith toaccomplish it) ۔

**wherewithal,** n. (قدیم) وسائل، بالخصوص مالی وسائل جو کسی مقصد کے حصول کے لیے ضروری ہوں (the کے ساتھ مستعمل ، جیسے: to have the wherewithal to go round the world) ۔

**wherry,** n. ڈونگی ؛ چھوٹی ناؤ ؛ شکارا ؛ انگلستان میں دریاؤں پر سے مال اور مسافر پار اُتارنے کی ہلکی کشتی ؛ برطانیہ کی کسی حد تک بڑی کشتیوں میں سے کوئی ایک مثلاً ناؤ یا بجرا ؛ ایک آدمی کے لیے ہلکی کشتی ، جیسے دوڑوں کے مقابلے میں استعمال ہونے والی ۔ (فعل لازم) ہلکی کشتی میں لے جانا یا اُٹھانا ۔ (فعل متعدی) ڈونگی کا استعمال کرنا ۔

**whet,** v.t. سان لگانا ؛ چُھری ، چاقو یا کسی اور ہتھیار کو سان سے رگڑ کر تیز کرنا ۔ (مجازاً) خواہش یا بھوک تیز کرنا (جیسے to whet the appetite) ؛ تحریک پیدا کرنا ۔ (اسم) تیز کرنے کا عمل ؛ وہ شے جو تیزی پیدا کرے ؛ اشتہا انگیز چیز یا شراب یا کوئی اور اشتہا انگیز شے ۔ (بولی) ایک مختصر وقت ؛ تھوڑا سا وقفہ ؛ کام کا دورانیہ ۔

**whetter,** n. تیز کرنے والی شے ؛ سان ؛ اشتہا انگیز چیز ؛ مشتہی ۔

**whether,** conj. خواہ ؛ آیا ؛ کہ ؛ ایک ایسی اصطلاح جو دو یا زائد متبادل میں سے کسی ایک میں استعمال ہو اور بعض اوقات دوسرے یا بعد میں آنے والے مبتادل کے لیے اس کی تکرار ہو (عموماً or کے ساتھ مستعمل ، جیسے:It matters whether we go or stay) ؛ محض ایک متبادل کے تعارف کے لیے مستعمل مگر دُوسرا یا تو دلالت کرتا ہو یا اُس کا مفہوم موجود ہو یا ایسا جملہ یا عُنصر موجود ہو جو کسی متبادل کی نشاندہی نہ کرتا ہو (جیسے:See whether he has come) ۔ (ضمیر) (قدیم) دونوں میں سے کونسا ؛ جو بھی ؛ ہو نہ ہو۔

**whether or no,** ہو نہ ہو ؛ بہرحال ؛ ہر صورت میں ، دونوں صورتوں میں، ہر طرح کے حالات میں ؛ کسی صورت میں بھی (جیسے:He threatens to go whether or no) ۔

**whetstonr,** n. سِلّی ؛ پتھری ؛ پتھر یا سان جو چھری، چاقو رگڑ کر تیز کرنے کے لیے مستعمل ہے ۔

**whew,** interj. شِی ؛ ہُو ہُو ؛ اوہ ؛ چھی ؛ سیٹی کی قسم کی آواز جو تعجب ، مایوسی یا افاقہ اور تسکین یا کسی پوشیدہ خطرے سے بچاؤ یا کسی مشکل مقصد کے حصول کا مظہر ہوتی ہے ۔ (اسم) اِس قسم کی آواز۔

**whey,** n. عرقِ شیر ؛ ماء الجبن ؛ دودھ کا آبی حصہ جو مقابلۃً گاڑھے حصے سے علیحدہ کر لیا جائے، خصوصاً پنیر بناتے وقت ۔

**wheyey,** a. عرق شیر دار ؛ پانی ملا ہوا۔

**wheyface,** n. زرد چہرہ ؛ پیلا یا سفید پڑا ہوا چہرہ جیسے خوف کی وجہ سے ؛ کوئی شخص جس کا چہرہ اس قسم کا ہو۔

**wheyfaced,** a. خوف سے زرد چہرے والا ۔

**which,** pron. کون سا ، کون شخص ؛ کونسی ؛ مذکورہ یا اشارہ شدہ اشیا میں سے کونسی (جیسے : Which do you want?) ؛ کون یا کون سا ؛ اشیا یا جانوروں کے حوالے سے ماضی میں انسانوں کے لیے استعمال ہوتا تھا ( اضافی خیالات کے مظہر جملوں والے سابقوں کے ساتھ مستعمل ہے،جیسے : I read the book which was short) ؛ ایسے جملوں میں مستعمل ہے جو سابقوں کی تصریح کرتے ہوں ، باقاعدہ طور پر that کے بعد (جیسے : that which must he, will be) ؛ حروفِ جار کے ساتھ مستعمل (جیسے : the horse on which I rode) ؛ وہ یا وہ چیز جو (جیسے : the book which I gave you) ؛ عملی حقیقت یا واقعہ (جیسے : She cooked the dinner and which was unusual for her, cleaned the house) ۔ (صفت) کون سا (جیسے : which house is yours) ؛جو کوئی بھی (جیسے : Take which book you want) ؛ جو بھی ۔

**whichever, whichsoever,** a. جو کوئی بھی ؛ جو دل چاہے ؛ جو بھی ۔ (ضمیر) کوئی شخص بھی ۔

**whidah,** n. دیکھیے : Whydah ۔

**whiff,** n. دم؛ سانس ؛ جھونکا ؛ دھواں، ہوا یا کوئی اور ایسی چیز اچانک مُنہ سے نکالنے کا عمل ؛ کش ؛ ہوا کا مہکتا ہوا جھونکا ؛ سانس لینے یا خارج کرنے کا عمل ۔ (فعل متعدی) جلد جلد پھونک مارنا ؛ آہستہ آہستہ باہر نکالنا ؛سگریٹ یا حقے کے کش لگانا ؛ ہلکے ہلکے سانس سے دھواں چھوڑنا ؛ حقہ یا سگریٹ نوشی کرنا ۔ (فعل لازم) نگلا جانا یا باہر چھوڑا جانا جیسے دھوئیں کے

کشوں کا ؛ ہلکے جھونکوں سے یا مُنہ کی ہوا سے چلنا یا پھونکنا ۔

**whiffet,** n. (بول چال) غیراہم آدمی ؛ ایک چھوٹا کُتا ؛ ایک قسم کی چپٹی مچھلی ؛ دخل در معقولات کرنے والا کم حیثیت بچہ یا آدمی ۔

**whiffle,** v.i. تیز جھونکوں میں چلنا ، پلٹنا یا مڑنا ، جیسے ہوا کا ؛ ایک نقطہ نظر یا راہِ عمل کو دوسرے سے بدلنا ۔ (فعل متعدی) جھکڑ یا جھونکوں کی طرح چلانا ۔

**whiffle ball,** n. گالف ، سافٹ بال یا بیس بال کی مشق میں استعمال کی جانے والی ایک ملائم گیند جس میں ہوائی مزاحمت میں اضافے کے لیے سوراخ ہوتے ہیں ۔

**whiffler,** n. متلون مزاج ؛ وہ شخص جو اپنے خیالات ، نقطۂ نظر ، ارادے ، فکر کو بدل لے ؛ ایک غیر مستقل مزاج اور بدل جانے والا (ناقابلِ اعتبار) آدمی ؛ بات سے پھر جانے والا ۔

**whiffler,** n. (تاریخ) نیزے ، تبر اور عصا سے مسلح ملازم جس کا کام راستہ صاف کرنا ہوتا تھا جیسے جلوسوں کے لیے ۔

**whiffletree,** n. دیکھیے : Swingletree ۔

**Whig,** n. وھگ ۔ (امریکی تاریخ) انقلاب کے مقامی حامی جو ٹوری پارٹی کے مخالف ہیں ؛ ڈیموکریٹک پارٹی جس کی جانشین ۱۸۵۵ء میں ری پبلیکن (Republican) پارٹی ہوئی ؛ ۱۸۳۴ء میں قائم شدہ سیاسی پارٹی کا رُکن ۔ (تاریخ انگلستان) سترھویں اور اٹھارویں صدی میں نسبتاً آزاد خیال سیاسی جماعت کا رُکن،جو زیادہ عرصہ نہیں گزرا ، ٹوری کنزرویٹو کے مقابلے میں لبرل کے نام سے مشہور ہو چکی ہے ۔

**Whiggish,** a. وھگ کا ؛ کسی قدر وھگ خیالات کا حامی ۔

**Whiggishly,** adv. وھگ کے انداز میں ۔

**Whiggishness,** n. وھگ خیالات یا اصول ۔

**Whiggery, Whiggism,** n. (تحقیراً) وھگ پارٹی کے اصول و نظریات ۔

**whigmaleerie, whigmaleery,** n. واہمہ ؛ من کی موج یا لہر ؛ وہمی یا تصوراتی قسم کا کوئی حُسن ؛ کھلونا ؛ نکمی نمایشی شے ۔

**while,** n. وقت کا وقفہ ؛ مدت ؛ عرصہ ؛ میعاد (جیسے: all the while, a long while) ؛ کسی کا وقت ، جو کسی شغل میں خوب گزرا ہو (جیسے: worth one's while) ؛ کوئی خاص وقت یا موقع ۔ (عطف) کسی وقت کے دوران ؛ جب تک کہ ؛ اسی وقت ؛ دریں حالیکہ (مخالفت یا مقابلے کے لیے مستعمل ، جیسے: while he appreciated the honor conferred, he could not accept the position) ۔ (فعل متعدی) وقت کاٹنا ؛ وقت گزارنا ، بالخصوص کسی آسان اور خوشگوار طریق سے (بالعموم away کے حرف جار کے ساتھ مستعمل ہے) ۔

**whiles,** conj. (قدیم) جب کبھی ۔ (متعلق فعل ، بولی) کبھی کبھار ۔

**whilst,** conj. (خصوصاً برطانوی) جب ؛ جب تک ؛ جس اثنا میں ۔

**whim,** n. وہم؛ خیال ؛ دُھن ؛ اچانک ذہنی رَو ؛ من کی موج یا لہر ؛ ترنگ ؛ خبط ۔ (کان کنی) گھوڑے یا بھاپ کی طاقت سے چلنے والی ایک عمودی چرخی جو ماضی میں کچدھات یا پانی کو کان کی تہ سے اوپر اُٹھانے کے لیے استعمال کی جاتی تھی ۔

**whimbrel,** n. ایک قسم کی مرغابی ، پن ککڑی ؛ یوربی پرندہ جس کی نیچے کی طرف جھکی ہوئی لمبی چونچ نمایاں ہوتی ہے اور سر پر دھاری دار تاج ہوتا ہے ۔

**whimper,** v.i. رونا ، بسورنا ؛ ہلکی اور شکستہ آواز سے رِریانا جیسا کُتا رریاتا ہے؛ ریں ریں کرنا ۔ (فعل متعدی) ہلکی روہانسی آواز میں بین کرنا ؛ بچے کا رُوں رُوں کرنا ۔ (اسم) دبی دبی کمزور سی شکستہ آواز ؛ روں روں ۔

**whimperer,** n. بسورنے والا ؛ رُوں رُوں کرنے والا ۔

**whimpering,** n. منمنانے یا ریں ریں کرنے کا عمل ۔

**whimsical,** a. وہموں بھرا ؛ سنکی ؛ خبطی ؛ من موجی ، خیالات سے بھر پُور ؛ عجیب اوراحمقانہ خیالی پلاؤ پکانے والا ؛ وسواسی ؛ جھکی ؛ انوکھا ؛ نرالا ، متلون مزاج ؛ جلد جلد بدلنے والا ؛ بغیر کسی اطلاع کے بدل جانے والا ۔

**whimsicality, whimsicalness,** n. انوکھا پن ، نرالا پن ؛ غرابت ؛ وسواس ؛ خبطی پن ۔

**whimsically,** adv. انوکھے طریقے سے ؛ نرالے طور پر ؛ غرابت سے ۔

**whimsy, whimsey,** n. خبط ؛ ترنگ ؛ من کی موج ؛ لہر ؛ کوئی خلاف معمول خیال یا خبط ، جیسے کوئی مزاحیہ ، ادبی تخلیق ۔

**whim, wham,** n. ترنگ ؛ خبط ؛ کھلونا ، نمایشی یا آرایشی چیز ۔ (جمع) (بول چال) حواس باختگی ؛ بے آرامی ۔

**whin,** n. (خصوصاً برطانوی) ایک قسم کی خار دار جھاڑی یا گھاس جس میں زرد پھول اُگتے ہیں ۔ دیکھیے: furze ۔

**whinny,** a. جھاڑی دار ۔

**whin,** n. سنگ سیاہ ، سخت ریت کا پتھر ۔ دیکھیے : whinstone ۔

**whinchat,** n. چھوٹی چڑیا ؛ ایشیا اور یورپ کا ایک چھوٹا سا پرندہ جس کی پشت بھوری اور سینہ گل دار ہوتا ہے ۔

**whine,** v.i. کتے کی طرح رونا؛ جھینکنا؛ کراہنا ؛ ہوک ہوک کر چلّانا یا رونا ؛ بدمزاجی سے یا بچگانہ طریقے پر شکوہ بلب ہونا ۔ (فعل متعدی) رو رو کر اظہار جذبات کرنا ۔ (اسم) ہوک کی آواز یا چیخ ؛ ہلکا پن یا شکایت کرنے کا گھٹیا طریق ۔

**whiner,** n. دھیمی آواز سے رونے والا شخص ؛ نالہ کناں شخص ؛ جھینکنے والا شخص ۔

**whiningly,** adv. کتے کی طرح روتے ہوئے ، شکایت کرتے ہوئے ؛ نالہ کرنے کے انداز میں ۔

**whinny,** v.i. ہنہنانا ۔ (فعل متعدی) ہنہنانے کی آواز نکالنا ۔ (اسم) گھوڑے کی ہنہناہٹ ؛ گھوڑے جیسی آواز ۔

**whinstone, whin,** n. ریتلی چٹانیں ؛ بسالٹی چٹانیں؛ سخت سیاہ رنگ کے پتھروں کی کوئی قسم ؛ سنگ سیاہ ۔

**whip,** v.t. اُچھلنا ، کُودنا ؛ تازیانے لگانا ؛ کسی کو تیزی چابک یا پتلی اورلچک دار شے سے مارنا ؛ چابک یا کوڑے مارنا ، بالخصوص سزا کے طور پر ؛ سختی سے زجر و توبیخ کرنا یا سختی سے ملامت کرنا ؛ کوڑے مار کر بھگانا (up or on کے لاحقوں کے ساتھ) ؛ مارنا یا پیٹنا جیسے کوڑوں اور قمچیوں کے انداز میں (جیسے: the wind whipped the young saplings) ۔ (بول چال) شکست دینا جیسے مقابلے میں ؛ پکڑنا ، گرفت میں لینا یا بلانا ، اچانک تیز حرکت سے (out ، in, away اور off کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ؛ بھینٹنا یا پھینٹ کر جھاگ

اٹھانا جیسے انڈوں ، کریم یا کسی اور شے کو پھینٹ کر جھاگ بنانا ؛ اوپر تہ چڑھانا یا لپیٹنا ، جیسے رسی سے ، رسّے سے یا دھاگے سے ؛ کسی شے پر اس کو مضبوط بنانے کے لیے یا زیادہ استعمال کی وجہ سے گھسائی سے بچانے کے لیے دھاگا چڑھانا ؛ ڈھیلا سینا یا سلائی کرنا ، جیسے مغزی یا حاشیے کا ؛ سنجاف لگانا یا پرت لگانا ۔ نیز: whipstich (جہازرانی) اٹھانا ، جیسے بادبان کا ایک رسے اور اوپر واقع چرخی کے ذریعے ؛ مچھلی کا شکار کرنا بنسی سے ۔ (فعل لازم) گھمانا یا اچانک اور فوری طور پر مڑنا یا چل پڑنا (اس صورت میں off, around, away اور out کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ؛ تیزی سے کوڑوں کی طرح لہرانا (جیسے: girl's hair whipping in the wind) ؛ بنسی کا باربار دریا میں پھینکا جانا جیسا کہ مچھلی پکڑنے کے دوران میں ۔ (اسم) جانوروں کو ہانکنے کا چابک یا قمچی جیسے گھوڑوں کو اصلاح یا سزا کے لیے جو عام طور پر ڈنڈے پر مشتمل ہوتا ہے اور اس کے ساتھ چمڑے کا تسمہ آویزاں ہوتا ہے ؛ سانٹا ؛ تازیانہ ؛ چابک کے استعمال میں ماہر شخص ؛ ہر وہ شے جو چابک کی طرح یا جس میں چابک کی لچک موجود ہو ، جیسے پون چکی کے پر یا مچھلی پکڑنے کی بنسی ۔ (مشین) چیزیں اٹھانے کا آلہ ، بالخصوص ایسی اشیا کو اُٹھانے کا جو زیادہ بھاری نہ ہوں ؛ ملائی ملے انڈوں کو پھینٹ کر اور پھل ملا کر بنایا ہوا میٹھا ۔ (جہازرانی) ہلکی چیزیں اٹھانے کے لیے اوپر لگی ہوئی چرخی ۔ (لومڑی شکار) شکاری کا وہ نائب جو کتوں کو ادھر اُدھر پھیل جانے سے روکے رکھتا ہے ۔ نیز: whipper-in ۔ (سیاسیات) پارلیمنٹ یا کسی دیگر قانون ساز ادارے کا وہ رُکن جو اہم اجلاسوں میں اپنی پارٹی کے زیادہ سے زیادہ ارکان کو حاضر کرنے اور نظم و ضبط برقرار رکھنے کا ذمہ دار ہوتا ہے ۔ نیز: party whip ۔ ایسے رُکن کی طرف سے بلاوا کہ جملہ اراکین اپنی نشستوں پر رائے شماری کے لیے رہیں ۔

**whip in,** اِدھر اُدھر پھیل جانے سے روکنا جیسا کہ شکار کے دوران کتوں کا ؛ اراکین شوریٰ کو اجلاس کے دوران حاضر رکھنا ۔

**whip up,** جوش میں لانا ، جذبات مشتعل کرنا جیسے کسی اجتماع کے ۔ (بول چال) بہت جلد تیار کرنا جیسے کھانا ۔

**whiplike, a.** کوڑے کی طرح کا ؛ چابک نما ؛ تازیانہ یا دُرہ نما ؛ قمچی نما ۔

**whipper, n.** کوڑے مارنے والا شخص ؛ چابک دار ۔

**whippy, a.** لچک دار ؛ لچکیلا ۔

**whipcord, n.** مضبوط بٹی ہوئی ، کوڑا یا چابک بنانے کی رسی ؛ ایک مضبوط بُنت کا وتری دھاریوں والا کپڑا جس سے سواری کا لباس یا کھیلوں کے کپڑے بنائے جاتے ہیں ؛ ایک رسّی جو بلی کی انتڑیوں سے بنائی جاتی ہے ۔

**whip hand, n.** تازیانے والا ہاتھ ؛ گاڑی چلانے یا گھڑسواری میں چابک والا ہاتھ ؛ فوقیت یا غلبہ ، کسی شے یا صورت حالات پر مکمل قابو ۔

**whiplash, n.** چابک کا مارنے والا حصہ ۔

**whiplash, n.** زخم گلو ؛ گردن میں ہونے والا زخم جو سر کو آگے یا پیچھے اچانک حرکت دینے سے پیدا ہوتا ہے ۔

**whipper-in, n.** چابکدار ؛ شکاری کتوں کو قابو میں رکھنے والا ؛ سیاسی جماعت کا وھپ ، مخصوص عہدے دار جو اراکین میں نظم و ضبط اور اجلاس میں ان کی حاضری کا خیال رکھتا ہے ۔

**whippersnapper,** گستاخ ؛ بدتمیز ؛ غیر اہم ، بالخصوص کم عمر ؛ برخود غلط بچہ ۔

**whippet, n.** کتوں کی ایک نسل ، جو شکاری کتوں سے ملتی جلتی مگر ان سے چھوٹی ہوتی ہے ، انھیں دوڑ اور راہ شناسی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ ایک تیز رفتار، ہلکا ٹینک جو جنگ عظیم اول میں استعمال کیا گیا تھا ۔ نیز: whippet tank ۔

**whipping, n.** کوڑوں کی سزا ؛ سزائے تازیانہ ؛ خود کو کوڑے مارنے کا عمل ؛ رسی ، سُتلی یا کوئی اور ایسی شے جو اشیا کو یک جا باندھنے کا کام دے ۔

**whipping boy, n.** بے قصور سزا پانے والا شخص ؛ قربانی کا بکرا ۔ (اصل) پرانے زمانے میں شہزادوں کا ہم سبق ، جو اُن کی جگہ مار کھایا کرتا تھا ۔

**whipping post, n.** وہ ٹکٹکی جس پر مجرم کو باندھ کر کوڑے لگائے جاتے ہیں ۔

**whippletree, n.** دیکھیے: Swingletree ۔

**whippoorwill, n.** شمالی امریکا کا ابابیل نما ایک پرندہ؛ پشہ خورخاندان سے متعلق کوئی پرندہ جس کا بھُورا منقش جسم ، سیاہ گلا ، چھوٹے چھوٹے پاؤں ، چوڑی منقار لیکن نر کی صورت میں دُم کے بال و پر سفید ہوتے ہیں ، یہ نام اسے اس کی چیختی ہوئی آواز کی وجہ سے دیا گیا ہے ۔

**whipray, n.** دیکھیے: Stingray ۔

**whipsaw, n.** چوکھٹ آرا ؛ دو دستی آرا ؛ دستی آرا، جو چھوٹی خم دار لکڑیوں کو کاٹنے کے کام آتا ہے اور فریم میں لگے چھوٹے سے آرے پر مشتمل ہوتا ہے ؛ بڑا آرا جسے دو آدمی مل کر کھینچتے ہیں ۔ (فعل متعدی) چوکھٹی آرے سے لکڑی کاٹنا ؛ کسی سے دو شرطوں کا جیتنا بیک بار یا فوراً ہی بہ آسانی دو طریقوں سے ہرا دینا ۔

**whip scorpion, n.** چابک بچھو ؛ عنکبیہ خاندان میں سے کوئی ایک ، جس کی شکل بچھو سے ملتی ہے اور اس کا پیٹ ڈنک کے بغیر کمزور چابک نما حصے پر ختم ہوتا ہے ۔

**whipstall, n.** (طیرانیات) ہوائی جہاز کی عمودی حرکت کے دوران رکاوٹ جس سے وہ اچانک واپس لڑھک یا کھِسک جاتا ہے ، پھر تیزی سے سامنے کی طرف بڑھ کر اور ناک کے بل زمین کی طرف آتا ہے ، بالعموم ایسا ارادۃً کیا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی و لازم) اچانک رکنا یا رکاوٹ ڈالنا ۔

**whipstitch, v.t.** نگندنا ؛ کپڑے کے کنارے پر یکے بعد دیگرے ٹانکے لگانا ؛ سینا ؛ سلائی کرنا ۔ (اسم) اس طرح لگا ہوا ٹانکا یا بخیہ ۔ (بول چال) ایک لمحہ ؛ مختصر ترین وقت کا دورانیہ ۔

**whipstock, n.** کوڑے کا دستہ ؛ چابک کا دستہ ۔

**whipworm, n.** خیطیہ یا کیچوے کی نوعیت کا کوئی ایک طفیلی کیڑا جس کا جسم لمبا اور سامنے کا سِرا چابک نما ہوتا ہے ۔

**whir, whirr, v.t., v.i.** کٹ کٹ کرنا ؛ زناٹے کی آواز پیدا کرنا ؛ اُڑنا ، گھومنا ؛ لپکنا ، تیزی سے بڑھنا ؛ زناٹے دار آواز پیدا کرکے تیزی سے مڑنا یا حرکت کرنا ؛ کٹ کٹ کی آواز یا گھر گھر کی آواز پیدا کرنا ۔ (اسم) تیزی سے گھومنے والے پہیے کی گھر گھر کی آواز وغیرہ ۔

**whirl,** v.i. گھوم جانا ؛ لٹو کی طرح گھومنا ؛ چکر میں ہونا ؛ تیزی سے گردش کا ہونا ؛ ایک طرف مڑنا یا پہلو بدلنا ؛ تیزی سے ایک طرف مڑنا ؛ ہلنا ، چلنا یا پہیوں وغیرہ پر لے جایا جانا ؛ تیزی سے گھومنے کے احساس میں مبتلا ہونا ۔ (فعل متعدی) تیزی سے گھمانا، چکر دینا یا گردش کرانا (جیسے: to whirl a wheel or a top) ؛ تیزی سے گردش کرنا ؛ گولائی میں یا خم دار راستوں پر بھیجنا ، گاڑی چلانا یا اُٹھانا ؛ چکرا دینے والی تیزی سے سفر جاری رکھنا یا سفر پر بھیجنا ۔ (اسم) چکرکھانے کا عمل ؛ تیز گھماؤ یا تیز گردش ؛ دَوری حرکت ؛ تیزی سے مڑنے یا جھولنے کا عمل ؛ گاڑی چلانے ، دوڑنے یا سیر کا تھوڑا دورانیہ ؛ چکر ؛ لہر ؛ پھرکی ؛ وہ شے جو گھومتی ہو ؛ گھومنے والی لہر یا مادہ ۔ (بول چال) آزمایشی یا تجرباتی کوشش ۔ (مجازاً) حادثات و واقعات کی تیز گردش (جیسے: a whirl of social festivities) ؛ چکرا دینے والے خیالات ، احساسات یا جذبات کا ملا جُلا تسلسل ۔

**whirler,** n. لٹو ؛ چکر کھانے والا شخص ۔

**whirligig,** n. کوئی شے جو گھومتی اورچکر کھاتی ہو ؛ چکرکی حالت یا حرکت ؛ مسلسل چکّریا دور؛ لٹو کی طرح گھومنے والا کھلونا ؛ چکری ؛ لٹو ؛ جُھولا، جس میں گھوڑے وغیرہ لگے ہوتے ہیں ؛ بلانوشی ، عیش کوشی اور سرمستی ۔

**whirligig beetle,** n. آبی بھونروں کی کوئی بھی قسم ، جو پانی کی سطح پر اکثر بڑی تعداد میں چکر کھاتے اور تیرتے دکھائی دیتے ہیں ؛ لٹو بھونرا ۔

**whirlpool,** n. بھنور ؛ گرداب ؛ ورطہ ؛ ایک گول پانی کا چکر یا گرداب یا بہاؤ جو دریا یا سمندر میں پانی کی لہروں کے آپس میں ٹکرانے ، متصادم ہونے یا ہواؤں اور مد و جزر کے اتصال سے یا ایسی ہی کسی دُوسری وجہ سے وجود میں آتا ہے ۔

**whirlwind,** n. بگولا ؛ گردباد ؛ تیزی سے اوپر اُٹھتا ہُوا اور گھومتا ہُوا اور ایک عمودی محور کے گرد چکر کھاتا ہوا اور پانی یا زمین کی سطح پر آگے بڑھتی ہوئی حرکت والا ہوا کا مرغولہ ، شیطانی ہوا جیسے زور کی آندھی ، طوفان باد یا پانی کا فوارہ ۔ (مجازاً) کوئی شے جو بگولے سے مشابہ ہو ، تأثر یا زور عمل کے لحاظ سے ۔ (صفت) (مجازاً) کوئی مختصر یا جارحانہ کوشش (جیسے: a whirlwind compaign) ۔

**whirly,** n. بگولے کی طرح کا تیز برفانی طوفان جو بالعموم قطب شمالی پر ہوتا ہے ۔ (صفت) طوفانی کردار یا طوفان جیسا ؛ تند و تیز حرکت والا ۔

**whirly bird,** n. (بول چال) ہیلی کاپٹر۔ دیکھیے: helicopter ۔

**whirry,** v.t., v.i. جلدی کرنا یا جلدی ہونا ۔

**whish,** v.i. تیزی سے ہلنا یا ہلانا جیسے ہوا میں تیزی سے حرکت والی آواز کے ساتھ ؛ زناٹے کی آواز پیدا ہونا ؛ سیٹی بجنا ؛ سڑاک سے چلنا ؛ تیزی سے ہوا میں سے گزر جانا ۔ (اسم) سیٹی کی سی آواز ۔

**whisht,** interj. بس ؛ خاموش ؛ خاموش کرنے کا اشارہ ، اظہار۔ (اسم) سرگوشی ۔ (فعل متعدی) چُپ کرانا یا سکوت کرنا ۔ (فعل لازم) خاموش ہونا یا کم سخن ہونا ۔

**whisk,** v.t. جھاڑو دینا ، سطح کو جھاڑو سے صاف کرنا ؛ برش ، جھاڑو یا مورچھل سے گرد جھاڑنا ؛ صفائی کرنا(جیسے: to whisk crumbs from the table) ؛ انڈے یا کریم پھینٹنے کے آلے سے پھینٹ کر جھاگ بنانا (جیسے: to whisk eggs) ؛ تیز جاروبی حرکت کرنا ؛ کھینچنا ؛ چھین لینا یا تیزی سے اٹھا لے جانا ۔ (فعل لازم) تھمنا ، گزرنا یا نرمی اور تیزی سے چلے جانا ۔ (اسم) گھاس ، تنکوں، بالوں یا اسی نوعیت کی کسی اور شے کا مٹھا جو بُرش یا صفائی کرنے کے لیے استعمال ہو ؛ جھاڑو ، کونچی یا مورچھل ، متھنی ، رڑکایا بلونی ؛ دستے میں لگی ہوئی بہت سی تاروں کا بنا ہوا آلہ جس سے انڈےوغیرہ پھینٹنے کا کام لیا جاتا ہے ؛ پھینٹر ؛ جھاڑو دینے کا یا پھینٹنے کا عمل ؛ تیز تیز جھاڑو دینے کی حرکات ؛ ہلکی تیز حرکت ۔

**whisk broom,** n. چھوٹے دستے کا برش ، جو کپڑوں سے گرد جھاڑنے کے کام آتا ہے ۔

**whisker, whisker boom,** n. گل مچھے ؛ آدمی کے چہرے کے ایک طرف اُگنے والے بال ، بالخصوص لمبے جب کہ ٹھوری پر سے بال صاف کردیے جائیں ، بالعموم ڈاڑھی ، اصل میں مُونچھیں یا گُل مُچھے ؛ ڈاڑھی کا ایک بال ؛ بعض جانوروں مثلاً بلیوں یا چوہوں کے مُنھ کے قریب ایک لمبا سخت قسم کا اُگا ہوا بال ؛ نکبال ؛ کوئی ایسی شے جس کی شکل باریک دھاگے جیسی ہو ، جیسا کہ قلمی سُوت ۔ (جہازرانی) لکڑی یا لوہے کی ہر دو طرف سے آگے کو نکلی ہوئی بلیاں یا سلاخیں ، جو مثلّث بادبانوں کو پھیلانے والے رسّوں کو زیادہ وسعت فراہم کرنے کے لیے لگائی جاتی ہیں ۔

**whiskered,** a. لمبی مونچھوں والا ؛ گل مچھے والا ؛ گل مچھیا ۔

**whiskery,** a. لمبے بالوں والا ؛ دراز مو۔

**whiskey, whisky,** n. وھسکی ؛ اناجی شراب ؛ ایک مقطر، الکحل آمیز نشہ آور شراب ، جو بالعموم کسی اناج مثلاً جو، شعیرہ ، رائی یا مکئی سے بنائی جاتی ہے ، اس میں عام طور پر ۴۰ تا ۵۰ فی صد الکحل ہوتی ہے ؛ وھسکی کا ایک جام ۔ (صفت) وھسکی سے تیار شدہ ، وھسکی سے متعلق یا وھسکی سے مشابہ ۔

**Whiskey,** n. حرف ڈبلیو 'W' کے لیے ابلاغی ، اشاراتی یا مواصلاتی لفظ ۔

**whiskey-jack,** n. کینیڈا کا ایک پرندہ ۔

**whiskey sour,** n. کاک ٹیل ؛ مشروب وھسکی جس میں وھسکی کے علاوہ لیموں کا رس اور شکر ملی ہوتی ہے ۔

**whisper,** v.i. نرم اور آہستہ آواز میں بولنا؛ جس میں سانس اور ہونٹوں کو جُنبش ہو لیکن لب ہلتے نظر نہ آئیں ؛ سرگوشی ہونا ؛ آہستگی اور رازداری سے ہمکلام ہونا اکثر گپ شپ کرنے، کسی کی بدگوئی کرنے یا کسی کے خلاف سازش کرنے کے لیے ؛ نرم اور سرسراتی ہوئی آواز کا پیدا ہونا ، جیسے درختوں پانیوں ، ہواؤں وغیرہ سے ۔ (صوتیات) بولنا ، آواز کی بجائے سانس کا استعمال کرکے ۔ (فعل متعدی) زیر لب گفتگو کرنا ؛ دبے لفظوں میں بات کرنا جس میں سانس اور ہونٹ دونوں کا استعمال ہو ؛ کھسر پھسر کرنا ؛ کاناباتی کرنا ؛ علیحدگی میں کچھ کہنا یا راز کی بات بتانا (جیسے: to tell a person in a whisper) ۔ (صوتیات) منھ سے آواز نکالنے کی بجائے ہونٹ اور سانس کے استعمال سے بات کرنا ۔ (اسم) تکلم ؛ بولنے کا عمل یا سرگوشی کرنے والے کی آواز (جیسے: to speak in whisper) ؛

**whistleable, a.** سیٹی پر سدھایا ہوا۔

**whistler, n.** کوئی شخص یا شے جو سیٹی بجاتا ہو ؛ صفیری ؛ سیٹی بجانے والا ؛ پپیّا ؛ پرندوں کی مختلف اقسام میں سے کوئی ایک ، جن کے پروں سے اڑتے وقت سیٹی کی آواز نکلتی ہو ، خصوصاً یورپی سرخاب یا شمالی امریکا کا سنہری بط ؛ ایک بڑا مُوش خرمائی ، جو شمالی امریکا کے شمال مغربی کوہستانی علاقے میں پایا جاتا ہے ؛ گھوڑا جسے خُرخُر کرنے کی بیماری ہو۔ (طبیعیات) کم تعدد کا ریڈیائی شور جو بجلی چمکنے کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے۔

**whistle stop, n.** (بول چال) ایسا قصبہ یا گاؤں جو ٹرین کے باقاعدہ ٹھہرنے کے لیے بہت چھوٹا ہو ، مگر جہاں گاڑی اشارہ دینے سے کھڑی ہو جائے ؛ ایک سیاسی اُمیدوار کا کسی چھوٹے مقام پر سیاسی مہم کے دوران مختصر قیام ، بالخصوص اپنی ریل گاڑی کے پچھلے ڈبے سے پلیٹ فارم پر مختصر سی تقریر۔ (فعل لازم) ـ سیاسی مہم کے دوران کئی چھوٹے مقامات پر گاڑی کا مختصر عرصے کے لیے رکنا۔

**whistling, n.** سیٹی بجانے کا عمل یا سیٹی بجنے کی آواز۔ (بیطاری امراضیات) گھوڑوں میں سانس کی ایک بیماری جس کی وجہ سے سانس لینے میں دقت ہوتی ہے اور چیخ نما اور سیٹی کی سی آواز پیدا ہوتی ہے۔

**whit, n.** نہایت خفیف مقدار ؛ ریزہ ؛ چھوٹی سے چھوٹی شے ؛ ذرہ یا شائبہ ؛ رتی برابر ، تل برابر ؛ بالعموم منفی معانی میں مستعمل (جیسے: not a whit better) ؛ رتی بھر۔

**white, a.** خالص برف کا رنگ ؛ سفید ؛ ابیض ؛ چٹا ؛ گورا ؛ سورج کی شعاعوں یا کسی اور روشنی کا انعکاس (جیسے: the white beaches were dazzling in the sunlight) ؛ ہلکا یا مقابلۃً ہلکا رنگ ؛ کوہ قاف کے رہنے والوں کی طرح ہلکے رنگ کی جلد والا؛ کوہ قاف کا ہمرنگ ، اُن سے متعلق یا کوہ قاف کی نسل سے متعلق جیسے اُن کے مدارس ، مکانات ، وغیرہ ؛ پیلا یا زرد رنگ ڈر کی وجہ سے یا کسی اور جذباتی کیفیت کے زیرِ اثر (جیسے: white with suppressed anger) ؛ رو پہلے ، بُھورے یا سفید جیسے بال ؛ برف کے ہمراہ یا برف سے ڈھکا ہوا ؛ سیاسی خیالات میں رجعت پسند یا قدامت پسند ؛ اشتراکی کا برعکس ؛ کسی مطبوعہ کاغذ پر سفید یا خالی چھوڑی ہوئی جگہ ؛ غیر صیقل شدہ جیسے چاندی کے برتن ؛ سفید(کپڑے) پہنے ہوئے (جیسے: a white friar) ؛ داغ ، دھبے سے پاک خالص یا معصوم ؛ بے ضرر یا نقصان نہ پہنچانے والا (جیسے: a white lie) ہلکے رنگ کا یا زردی مائل ، جیسے شراب ، سُرخ کے برعکس۔ (عوامی) معزز ؛ انصاف پسند ؛ عمدہ ؛ قابل اعتبار ؛ صاف ؛ شفاف ؛ بے رنگ ؛ سفید ؛ اُجلا۔ (اسم) جس میں رنگ کی شدت اور تیزی نہ ہو، سیاہ کے برعکس ؛ سپید ؛ ابیض ؛ ایک قازق ؛ کوئی شے جو اپنی حقیقت اور اصل مادے کی بنا پر سفید ہو ؛ انڈے کی زردی کے گرد لپٹی ہوئی سفیدی یا کرۂ چشم کا سفید حصہ ؛ سفید کپڑا ؛ سفید شراب ؛ جانوروں کی سفید نوع یا نسل۔ (جمع) سفید کپڑے ، بالخصوص وردی ؛ عمدہ قسم کا سفید آٹا۔ (طباعت) خالی رہ جانے والی جگہ۔ (امراضیات) سیلان رحم ؛ جریان رحم۔ (تیر اندازی) نشانے/ہدف کی سب سے باہر والی گولائی یا اسی حصے پر لگا ہوا نشانہ۔ (شطرنج) سفید مُہرے یا وہ شخص جو ان سے کھیل رہا ہو۔ (اکثر بڑے W سے) سیاست میں قدامت پسند شخص۔ (فعل متعدی) مطبوعہ کاغذات یا صفحات کے اردگرد یا

سرگوشی ؛ کانا پُھوسی ؛ کاناباتی ؛ آواز ، لفظ یا رائے کا سرگوشی میں اظہار (جیسے: low whispers) ، راز داری سے کہی گئی یا دہرائی گئی کوئی بات ؛ سرسراتی ہوئی نرم آواز ، جیسے پتوں میں ہوا کے چلنے سے پیدا ہونے والی آواز۔

**whisperer, n.** سرگوشی کرنے والا ؛ بدگو۔

**whispering, n.** سرگوشی ؛ افواہ ؛ اُڑتی ہوئی خبر؛ دُورتک پھیلا ہوا قول یا اُڑی ہوئی بات ؛ درپردہ الزام تراشی ، افواہ سازی یا گپ بازی ؛ ایک ہلکی سسکارنے والی آواز۔ (صفت) سرگوشی میں ؛ کسی کے خلاف خفیہ بُرائی یا الزام تراشی ؛ آہستہ سسکارنے کا عمل۔

**whisperingly, adv.** سرگوشی کے طور پر ؛ کانا پھوسی کے انداز میں ؛ چپکے چپکے ؛ زیر لب؛سازشی طور سے۔

**whispering campaign, n.** بذریعہ نشر و اشاعت کسی کے خلاف بدگوئی کی مہم تاکہ اُس کا اعتبار کم ہو یا کسی مصنوعہ شے ، شخص یا مقصد کی بدنامی ہو ، زیادہ تر یہ کام کہے گئے الفاظ اوربد گوئی سے لیا جاتا ہے۔

**whispery, a.** سرگوشی سے مشابہ ؛ کئی اقسام کی سرگوشیوں کی آوازوں والا؛ سائیں سائیں کرنے والا (جیسے: a cool whispery forest glade)۔

**whist, n.** وھسٹ ؛ چار کھلاڑیوں کے درمیان ۵۲ پتوں سے کھیلا جانے والے تاش کا کھیل جس میں دو دو کھلاڑی ایک دوسرے کے مقابل ہوتے ہیں ؛ یہ اپنے پیش رو کھیل برج (bridge) کی طرح کھیلا جاتا ہے۔

**whist, interj.** ایک قدرتی آواز جو خاموش کرنے یا خاموش رہنے کو مُنہ سے نکالی جاتی ہے ؛ چُپ ، ہش ! خاموشی ! خاموش ہو جاؤ۔ (صفت) خاموش ؛ چپ ؛ ساکن۔ (فعل لازم) خاموش ہونا۔

**whistle, v.i.** صاف ، سریلی آواز کا پیدا ہونا یا ایسی آوازوں کا ایک سلسلہ جو ہونٹوں کو سکیڑ کر اور چھوٹا سا سوراخ بنا کر اُس میں سے ہوا کو زبان کی مدد سے یا دانتوں کے ذریعے خارج کرتے ہوئے نکالی جاتی ہے ؛ ایسی ہی آواز کا نکلنا ؛کسی اور ذریعے یا ذرائع سے ایسی ہی آواز یا سلسلۂ آواز پیدا ہونا ، جیسے کسی چیز میں پھونک مارکر ؛ سیٹی بجنا ؛ سائیں سائیں کرنا ؛ اسی قسم کی آواز کا بھاپ یا اور کسی ذریعے سے نکلنا (جیسے: a noisy factory whistle) ؛ اس سے ملتی جُلتی آوازوں کا مُنہ سے نکلنا جیسا کہ پرندے نکالتے ہیں؛ سیٹی جیسی آواز سے ساں کرتے ہوئے تیزی سے حرکت میں آنا ، جانا یا گزرنا جیسے تیز ہوا یا میزائل۔ (فعل متعدی) سیٹی کی آواز پیدا کرنا (جیسے: to whistle a happy tune) ؛ بُلانا ، رہنمائی کرنا یا اشارہ کرنا مثلاً سیٹی سے یا سیٹی جیسی آواز میں (جیسے: to whistle a cab to the curb)۔ (اسم) سیٹی ؛ سیٹی جیسی آواز نکالنے کا ایک آلہ جسے سانس کی قوت سے یا بھاپ وغیرہ سے بجایا جاتا ہے ؛ کوئی آواز جو سیٹی سے نکالی جائے یا سیٹی کی طرح نکلے ؛ سیٹی کی آواز جو سگنل ، ہدایت ، رہنمائی یا بلاوے کی علامت ہو ؛ بانسری ؛ الغوزہ ؛ صفیری۔

**wet one's whistle,** (بول چال) (شراب سے) پیاس بجھانا۔

**whistle for,** (بول چال) کسی دعوے یا مطالبے کی ادائیگی میں ناکام رہنا۔

**whiteface,** n. سفید چہرہ جانور ، بالخصوص ہرفورڈ کے مویشی ؛ چہرے کا سفید میک اپ جو عام طور پر مسخرے کیا کرتے ہیں ۔

**white-faced,** a. زرد یا سفید چہرے والا ؛ جس کے سر کے سامنے والے حصے پر سفید نشانات ہوں جیسے گھوڑا ؛ سفید اگواڑ یا سفید سطح والا ۔

**white feather,** n. بزدلی کی علامت ؛ کم ہمتی یا بے حوصلگی کا نشان ۔

**to show the white feather,** بزدلانہ حرکت کرنا ؛ کم ہمتی ظاہر کرنا ۔

**whitefish,** n. سفید مچھلی ؛ سامن مچھلی اور اُس کے خاندان کی دُوسری مچھلیاں بالخصوص عام سفید مچھلی ؛ امریکا کی بڑی جھیلوں کے علاقے کی خوردنی مچھلی جس کی پشت نیلے رنگ کی اوربہلو سفید ہوتے ہیں ؛ (بلوگا) سفید وہیل ؛ گرم خطے کی خوردنی مچھلیاں ؛ کیلے فورنیا کی ایک خاص قسم کی مچھلی ۔

**white flag,** n. صلح کا جھنڈا ؛ ایک سفید جھنڈا یا سفید کپڑے کا ٹکڑا جو جنگ کے دوران شکست کی علامت کے طور پر جنگ بندی یا صلح کرنے کے لیے بلند کیا جاتا ہے ۔

**whitefly,** n. سفید پر مکھی ؛ بہت سی چھوٹی سفید پروں والی قسموں میں سے ایک مکھی جو تُرشاوہ پھلوں کے باغات اور پود گھروں کو سخت نقصان پہنچاتی ہے ۔

**White Friar,** n. سفید راہب ؛ کارمیلیہ راہب ، یہ نام اِن راہبوں کو اُن کے نمایاں سفید لباس کی وجہ سے دیا گیا ہے ۔

**white gasoline, white gas,** n. سفید پٹرول ؛ پٹرول جس میں چہار سیسے کی آمیزش نہ ہو ۔

**white gold,** n. سفید سونا ؛ سونے کے مختلف بھرتوں میں سے ایک جسے پلاٹینم یا نکل کے آمیزے سے سفید بنادیا گیا ہو ۔

**white goods,** n. لینن ؛ سفید کپڑے جیسے تولیے ، چادریں اور میزپوش ؛ گھر میں استعمال کیے جانے والے بیشتر مشینی آلات ، جیسے فرج ، کپڑے دھونے کی مشینیں ، چُولھے وغیرہ ، جن کا رنگ بالعموم سفید ہوتا ہے ۔

**Whitehall,** n. لندن کی وہ سڑک جس پر سرکاری دفاتر واقع ہیں ؛ ایک سابقہ شاہی محل ۔ (مجازاً) برطانوی حکومت ۔

**white-headed,** a. سر پر سفید یا بہت ہلکے رنگ کے بالوں ، سمور یا پروں والا ؛ سفید مُو ؛ بھورے بالوں والا ۔ (آئرلینڈ) خاص طور پر پسندیدہ ، محبوب ۔

**white heat,** n. سفید حرارت ؛ بہت زیادہ درجۂ حرارت جس پر لوہا اور دیگر دھاتیں روشن ہو جاتی ہیں اور چندھیا دینے والی سفید روشنی خارج کرنے لگتی ہیں ؛ شدید فعالیت کی حالت یا کیفیت یا جوش ، ہیجان ، احساس وغیرہ (جیسے: to work at a white heat )

**white-hot,** n سفید تپیدہ ؛ اتنا گرم کیا ہوا کہ دھات سے سفید روشنی نکلنے لگے ؛ انتہائی گرم ۔ (بول چال) بہت زیادہ ناراض ، گرم جوش ، مشتعل وغیرہ ۔

**White House, Executive Mansion,** n. امریکی صدر کی واشنگٹن ڈی سی میں سرکاری رہایش گاہ ، ایک بہت بڑی دو منزلہ بھُربھرے پتھر کی عمارت جس پر سفید روغن کیاگیا ہے (اس کے ساتھ بالعموم the لگاتے ہیں) ؛ ریاست ہائے متحدہ امریکا کی منتظمہ یا انتظامی شعبہ ۔

کسی مقام پر نقش و نگار کے لیے سفید جگہ چھوڑ دینا (اس کے ساتھ out کا لاحقہ مستعمل ہے) ۔ (قدیم) سفید کرنا ؛ گورا چٹّا کرنا ۔

**whitish,** a. سفیدی مائل ؛ سفید گوں ؛ سفید سا ۔

**whitely,** adv. سفید رنگ میں ؛ سفیدی کے ساتھ ۔

**white ant,** n. دیکھیے : Termite ۔

**whitebait,** n. مچھلیوں کا سفید چارا ؛ ماہی طعمہ ؛ مختلف اقسام کی چھوٹی نقرئی مچھلیوں میں سے کوئی ایک ، مختلف خوردنی مچھلیوں کے بچے خصوصاً سمک صغیر اور خار ماہی کے ، جو یورپ میں بہت مرغوب غذا سمجھی جاتی ہے ۔

**white bass,** n. سفید کتیرنا ؛ امریکا کے مرکزی علاقوں کی جھیلوں کے تازہ پانیوں کی ایک خوردنی مچھلی ، جس کا رنگ سیاہ دھاریوں والا چاندی مائل سفید اور زرد ہوتا ہے ۔

**whitebeard,** n. ضعیف آدمی خصوصاً سفید یا بھوری داڑھی والا ۔

**white blood cell,** n. دیکھیے : Leukocyte ۔

**white book,** n. سفید کتاب ؛ کتاب ابیض ؛ سرکاری رپورٹوں پر مبنی کتاب جس کا یہ نام اس لیے رکھا گیا کہ پہلے پہل اس پر سفید جلد چڑھائی گئی تھی ۔

**whitecap,** n. سمندر کی جھاگ والی شکستہ لہر ۔ (بڑے W سے) گزشتہ دور میں خفیہ تنظیم کا ایک رُکن ، جو دہشت گردی اور تشدد سے معاشرے کی ،ان لوگوں سے حفاظت کرتے تھے جن کو اُن کی تنظیم بُرا اور ضرررساں سمجھتی تھی ، ان میں سے بعض سفید ٹوپی پہنا کرتے تھے جس کی وجہ سے ان کا یہ نام پڑ گیا ۔

**white cedar,** n. شمالی امریکا کے بہت سے سدا بہار درختوں میں سے کوئی ایک بالخصوص وہ جو بحراوقیانوس کے ساتھ ساتھ ساحلی علاقوں کی دلدلی زمینوں میں پائے جاتے ہیں اورجن سے عمدہ لکڑی حاصل ہوتی ہے ؛ اِس درخت کی لکڑی ؛ سدا بہار درخت ۔

**white-collar,** a. سفید پوش ؛ تنخواہ دار ملازمین (جیسے کلرکوں ، سیلزمینوں) کا یا اُن سے متعلق یا ان کے طبقے سے مخصوص جن کی ملازمت جسمانی محنت اور مشقت کا تقاضا نہیں کرتی اور جن کا لباس کم و بیش پرتکلف یا رسمی ہوتا ہے ؛ blue collar یعنی محنت کش لوگوں کے برعکس ۔

**white corpuscle,** n. (تشریح الاعضا) سفید جسیمہ ؛ خون کا سفید خلیہ ۔

**white crappie,** n. سفید آفتاب ماہی ؛ تازہ پانی کی آفتاب ماہی جو مرکزی امریکا کی جھیلوں میں پائی جاتی ہے ۔

**whited,** a. سفید رنگ کا جیسے سفیدی کیا ہوا جنگلا ؛ رنگ کاٹ کر سفید کیا ہوا ۔

**whited sepulcher,** n. منافق ؛ ایسا شخص جس کا ظاہر خوش نما اور باطن داغدار ہو ۔

**white dwarf,** n. (فلکیات) کم درخشاں ، زیادہ کثافت اور شدید درجۂ حرارت والے چھوٹے ستاروں میں سے کوئی ایک جو عظیم ستارۂ نو کی باقیات خیال کیے جاتے ہیں ۔

**white elephant,** n. سفید ہاتھی ؛ زرد رنگ کا ایشیائی ہاتھی جو مرکزی اور جنوب مشرقی ایشیا میں مقدس سمجھا جاتا ہے ۔ (مجازاً) قیمتی لیکن بہت مہنگا ؛ بظاہر قابل قدر لیکن بے حد تکلیف دہ ؛ جس پر بہت زیادہ خرچ اُٹھے

**white lead,** n. سفیدہ ؛ سیسے کا اساسی کاربونیٹ جو رنگوں میں مادۂ رنگی کے طور پر بہت زیادہ مستعمل ہے ؛ طبی مرہموں کا جزو جو جلے ہوئے جسمانی حصوں کے لیے لیپ کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔

**whiteleather, whitleather,** n. سفید چمڑا ؛ چمڑا جسے پھٹکڑی اور نمک سے کمایا جائے۔

**white lie,** n. سفید جھوٹ ؛ دروغ مصلحت آمیز ؛ ایسا جھوٹ جسے مہربان اور نرم مزاج ارادے سے بولا جائے ؛ کسی معمولی شے سے متعلق غیر مضر، بغیر بدنیتی کے بولا گیا جھوٹ۔

**white line,** n. سفید حاشیہ ، کنارا یا حد ؛ سڑک یا شارع عام کے وسط میں لگائی گئی سفید لکیر تاکہ آمدورفت منظم رہے ؛ بین السطور۔

**white-livered,** a. بُزدل ؛ بزدلانہ ؛ مریضانہ یا زرد۔

**whiteman's burden,** n. سفید فامی باردوش ؛ صنعتی اور فوجی لحاظ سے طاقتور علاقوں میں رہنے والی سفید اقوام کا یہ خود ساختہ نظریہ کہ قدرتی دولت سے مالا مال علاقوں میں رہنے والی کالی اقوام پر اپنی تہذیب اور طرزِ حیات مسلّط کرنا اُن کا بُنیادی فرض ہے (یہ خیال رڈ یارڈ کپلنگ کی اس عنوان کے تحت لکھی گئی نظم (۱۸۹۹ء) سے لیا گیا ہے)۔

**white matter,** n. (تشریح الاعضا) عصبی بافت بالخصوص حرام مغز اور دماغ کی ، جن میں عموماً سفید رنگ کے نخاعی عصبی ریشے شامل ہوتے ہیں جو دماغ کے بھورے مادے سے ممیّز ہوتے ہیں۔

**white metal,** n. سفید دھات ؛ دھاتوں کی ایسی بے شمار بھرتوں میں سے کوئی جن میں قلعی یا سیسہ استعمال کرکے ان کو سفید رنگ دیا جاتا ہے ، مثلاً رانگے اور بھرت کی دھاتیں ، کانسا ، جست یا برطانوی دھات جیسے مصنوعی چاندی۔

**whiten,** v.t. سفید کرنا ؛ رنگ کاٹنا ؛ کورا کرنا۔ (فعل لازم) سفید یا زیادہ سفید ہونا ؛ گورا ہونا۔

**whitener,** n. سفید بنانے والا کوئی شخص یا شے ؛ رنگ کاٹ ؛ پالش یا کوئی اور مادہ جو کسی شے کو سفید بنانے کے لیے استعمال ہوتا ہو۔

**whiteness,** n. سفیدی ؛ اُجلا پن ؛ سفید ہونے کی حالت ؛ زردی ؛ خالص پن ؛ صفائی ؛ سفید رنگ یا مادہ۔

**whitening,** n. سفید ہونے یا سفید کرنے کا عمل ؛ کوئی مادہ یا ذریعہ جو شے کو سفید کرنے کے لیے مستعمل ہو۔

**white noise,** n. غیر مربوط بے معنی سی آواز جس کی شدت میں یکسانیت ہو اور ارتعاشی لحاظ سے دور دور تک پہنچے۔

**white oak,** n. سفید بلوط ؛ شمالی امریکا کے مشرقی حصّے کا بڑا شاہ بلوط کا درخت جس کا چھلکا ہلکا بھورا اور لکڑی بہت مضبوط اور پایدار ہوتی ہے ؛ شاہ بلوط کے خاندان کے بہت سے دوسرے درختوں میں سے کوئی ایک جو شمالی امرؔیکا کے مغربی علاقوں اور برطانیہ میں پائے جاتے ہیں ؛ ان درختوں میں سے کسی درخت کی لکڑی۔

**whiteout,** n. اُجلاپا ؛ سپیدگی ؛ قطب شمالی کے علاقوں کی ایک کیفیت جب سورج سے آنے والی اور برف سے منعکس شعاعیں بادلوں اور برفیلی سطح کو ایک سفید وحدت میں بدل دیتی ہیں اور کسی شے کا سایہ نہیں ہوتا اور صرف بہت زیادہ سیاہ اشیا ہی دکھائی دیتی ہیں۔

**white paper,** n. قرطاس ابیض ؛ حکومت کی طرف سے عام اطلاع کے لیے شائع کردہ تحریر ؛ ایک سرکاری مطبوعہ دستاویز جس میں کسی موضوع پر نیلی یا سفید کتاب کے مقابلے میں کم روشنی ڈالی جاتی ہے۔

**white perch,** n. ایک چھوٹی خوردنی مچھلی جو بحراوقیانوس کی ساحلی ندیوں اور شمالی امریکہ کے دریاؤں وغیرہ میں پائی جاتی ہے۔

**white pine,** n. سفید چیڑ ؛ شمالی امریکا کے مشرقی علاقوں کا ایک بہت اونچا چیل کا درخت جس سے کاروبار کے لیے بہت عمدہ، سفید اور نرم لکڑی حاصل ہوتی ہے ؛ اس درخت کی مزید کئی اقسام جو اِس سے مشابہ ہیں ، جیسے مغربی سفید چیل۔

**white plague,** n. (امراضیات) تپ دق خصوصاً سل دق۔

**white potato,** n. دیکھیے : potato۔

**white primary,** n. ابتدائی انتخاب ؛ ماضی میں امریکا کے جنوبی علاقوں میں ہونے والے انتخابات جن میں صرف سفید فام کوہ قاف نسل کو ہی رائے دہی کی اجازت حاصل تھی۔

**White Russian, Bello russian,** n. سفید رُوسی ؛ بیلورشیا کا باشندہ ؛ بیلو رشیا میں رہنے والوں کی زبان۔

**white sale,** n. سفید نیلام؛تولیوں ، چادروں ، تکیوں کے غلافوں اور دیگر ایسی ہی سفید اشیا کی فروخت یا نیلام۔

**white sauce,** n. سفید چٹنی یا ترکاری ، جو میدے ، مکھن ، دودھ ملائی اور مسالوں کے بگھار سے بنائی جاتی ہے ، کبھی کبھی مُرغ کا گوشت اور بچھڑے کا گوشت بھی اس میں استعمال کیا جاتا ہے۔

**white slave,** n. فروخت شدہ لڑکی ؛ زن قحبہ ؛ سفید فام عورت یا لڑکی جسے فروخت کر دیا جائے یا عصمت فروشی پر مجبور کیا جائے۔ (صفت) عصمت فروش ، اوباش۔

**white slaver,** n. لڑکیوں کی خرید و فروخت یا عصمت فروشی کا اڈا چلانے والا شخص۔

**white slavery,** n. زنان بازاری کی ناجائز خرید و فروخت یا طوائف بنانے کے لیے لڑکیاں پھانسنے کا پیشہ۔

**whitesmith,** n. قلعی گر ؛ ٹین کا کام کرنے والا ؛ قلعی یا ٹین کی مصنوعات کو پالش کرنے والا۔

**white supremacy,** n. سفید فامی حاکمیت/برتری ؛ یہ نظریہ کہ سفید اقوام اپنی ازخود قیاس کردہ نسلی برتری کی بدولت حبشیوں پر حکمرانی کرنے کا حق رکھتے ہیں۔

**white supermacist,** n. سفید اقوام کا فرد جو اس نظریے کا حامی ہو ؛ سفید فامی حاکمیت پسند۔

**white-tailed deer, white tail deer.** n. سفید دُما ہرن ؛ شمالی امریکا کا وسیع علاقوں میں پایا جانے والا ہرن جس کی دم کا اندرونی حصہ سفید ہوتا ہے۔

**whitethroat,** n. ایک قسم کا خوش الحان پرندہ ؛ شمالی امریکا میں پائی جانے والی ایک عام چڑیا ، جس کے گلے پر ایک سفید دھبا ہوتا ہے۔ نیز: the white spotted sparrow ۔ یورپ کے چھوٹے چھوٹے گانے والے پرندے جن کے گلے اور پیٹ سفید ہوتے ہیں۔

**white tie,** n. سفید رنگ کی بوٹائی جسے مرد حضرات شام کے رسمی لباس کے ساتھ استعمال کرتے ہیں ؛ مردوں کے شام کو پہننے والے رسمی لباس میں سیاہ ٹائی کے برعکس پہنی جانے والی ٹائی ۔

**whitewall,** n. موٹرکاروں اور دوسری گاڑیوں میں استعمال کیا جانے والا ٹائر جس کے کنارے سفید ہوتے ہیں ۔

**whitewash,** n. چونے کی سفیدی ؛ قلعی ؛ پُتائی ؛ کسی سفید کرنے والی شے کا پانی میں محلول بالخصوص پانی اور چونے کا محلول یا سفیدی اور پانی کا محلول جس سے دیواروں یا لکڑی کے کام کو سفید کیا جاتا ہے ۔ (بول چال) نقائص کو چھپانے ، غلطیوں پر پردہ ڈالنے ، شہرت بحال کرنے یا عزت اور دیانت کی تصویر کشی کے لیے استعمال کی جانے والی کوئی چیز یا ذریعہ ۔ (بول چال ، کھیل) ہار جس میں ہارنے والا کوئی بھی اسکور نہ کرسکے ۔ (فعل متعدی) سفیدی سے سفید کرنا ، لیپ پوت کرنا ؛ قلعی کرنا ۔ (بول چال) کسی خاص ذریعے سے غلطیوں، نقائص ، عیوب اور کمزوریوں کو چھپانا ۔ (بول چال ، کھیل) کسی شے کو سفیدی کے نیچے چھپانا ۔

**whitewasher,** n. سفیدی کرنے والا شخص ؛ نقائص چھپانے والا شخص یا کوئی شے ؛ پُتیا ۔

**white water,** n. جھاگ دار پانی ، جیسا کہ تیز نالوں اور امواج شکستہ کا پانی ۔

**white whale,** n. دیکھیے : beluga ۔

**whitewing,** n. گلیاں صاف کرنے والا یا کوئی اور ایسا ہی آدمی جو سفید وردی پہنے ہوئے ہو ۔

**whitewood,** n. سفید لکڑی ؛ سفید درختوں میں سے کوئی ایک ، جیسے گل لالہ کا درخت یا لِنڈن جس کی لکڑی کا رنگ ہلکا اور سفید ہوتا ہے ؛ ایسے درختوں کی لکڑی ۔

**whither,** adv. (قدیم) کس مقام پر ، کہاں ؛ کِدھر ، کس مقصد کے لیے یا کس حالت میں ، استفہامیہ انداز میں مستعمل ہے ۔ (عطف ، قدیم) کس مقام تک ۔

**whithersoever,** adv. (قدیم) جہاں کہیں ؛ جدھر بھی ؛ کس طرف ؛ کس سمت میں ۔

**whither ward,** adv. (قدیم) کس سمت کو یا جس طرف کو ۔

**whiting,** n. یورپ میں ایک عام خوردنی مچھلی جو کاڈ مچھلی سے مشابہ ہے اور برطانوی ساحل سے دور بکثرت پائی جاتی ہے ؛ شمالی امریکا کی رو پہلی ہیک خوردنی مچھلیوں میں سے کوئی ایک ، جو شمالی امریکا کے اوقیانوسی پانیوں میں بڑی تعداد میں پائی جاتی ہیں ۔

**whiting,** n. قدرتی چاک اور چونے کے کچے کاربونیٹ سے تیار ہونے والا مادہ جو پوٹین ، سفیدی ، رنگ سازی کا سامان ، میل کاٹ اور پالشیں بنانے کے کام آتا ہے ۔

**whitlow,** n. (امراضیات) انگلی کی سوجن ؛ آماس انگشت ؛ انگل بیڑ ؛ کسٹرمُہ ؛ موہری ؛ ہاتھ پاؤں کی انگلیوں کے ناخنوں کے نیچے یا اردگرد اُٹھنے والی سُوجن ، جس کا انجام پیپ یا پھوڑا بن کر پھوٹنا ہوتا ہے ؛ بھنسی ۔

**whit monday,** n. سفید سوموار ؛ وہ سوموار جو سفید اتوار (ایسٹر کے بعد ساتواں اتوار) کے بعد آتا ہے اور انگلستان میں بطور تعطیل منایا جاتا ہے ۔

**Whit sunday,** n. سفید اتوار ؛ ایسٹر کے بعد آنے والا ساتواں اتوار ، جو یوم خمیس کی یاد میں کلیسا کے تہوار کے طور پر منایا جاتا ہے ، عیسائی عقیدہ کے مطابق اس روز روح القدس کا نزول ہوا تھا ۔

**Whitsuntide, Whitsun Tide,** n. ہفتہ ؛ بالخصوص پہلے تین دن ، سفید اتوار یا یوم خمیس کے بعد ۔

**whittle,** v.t. چاقو کے سے چھوٹے چھوٹے ابھار چھیل کر لکڑی کے ٹکڑے یا ڈنڈے کو صاف کرنا ، کاٹنا یا شکل دینا ؛ کترنا ؛ چاقو سے کاٹنا اور فالتو مقدار چھیل کر صاف کر دینا یا آہستہ آہستہ علیحدہ کر دینا (بالعموم اس کے ساتھ off, down, away استعمال ہوتے ہیں)۔ (فعل لازم) چاقو سے چھوٹے چھوٹے ابھار صاف کر کے لکڑی کا قطع ہونا یا اس کی وضع قطع بننا، بالخصوص وقت گزارنے یا دل بہلانے کے لیے ۔

**whittler,** n. لکڑی چھیل کر صاف کرنے والا شخص یا شے ۔

**whittling,** n. لکڑی کو چاقو سے کاٹنے یا چھیلنے کا عمل ۔

**whiz, whizz,** v.i. زوں زوں یا شاں شاں کی آواز پیدا ہونا ، جیسے تیر یا گیند ہوا میں تیزی سے جانے کے سبب پیدا ہوتی ہے ؛ ایسی ہی آواز کے ساتھ گھسنا ، تیزی سے آگے بڑھنا یا دوڑنا ۔ (فعل متعدی) زوں زوں یا شاں شاں کی آواز پیدا کرنا ۔ (اسم) زوں زوں کرنے اور شاں شاں کرنے کی درمیانی آواز ؛ تیز حرکت جس سے ایسی آواز پیدا ہو ۔ (عوامی) ایک لائق ، پسندیدہ یا ماہر شخص (جیسے :where math is concerned, she is a real whiz) ۔

**whiz,** n. دیکھیے : Wizard ۔

**whiz-bang, whizz-bang,** n. (عوامی) پٹاخا ؛ ایک چھوٹا سا زبردست قوت کا گولا ، جو آواز پیدا ہوتے ہی یا اس کے نکلتے ہی پھٹ جاتا ہے ؛ اس سے ملتی جلتی آواز پیدا کرنے والا پٹاخا ۔ (صفت) (عوامی) بہت عمدہ ؛ ماہر ؛ مشہور و معروف ۔

**whizzer,** n. مشین جو اشیا کو خشک کرنے کے لیے مرکز گریز قوت استعمال کرتی ہے مثلاً کپڑے ، شکر ، اناج وغیرہ کو ؛ کوئی شے جو ایسی قوت کو استعمال کر کے یہی فعل انجام دے ۔

**who,** pron. کون ؛ کس نے ؛ کس شخص نے (جیسے :Who told you so?) ؛ کسی شخص کے بارے میں مثلاً اس کے کردار ، اصل عہدے یا اہمیت کے متعلق (جیسے : Who do they think they are) ؛ جملہ محولہ یا اسم کے ساتھ مستعمل اضافت جیسے کسی شخص ، جانور یا تجسیمی چیز کے ساتھ ، ایسے جملوں میں جو مزید اطلاع بہم پہنچائیں (جیسے : We saw several men who were at work) ؛ کوئی شخص جو ، مادۂ اضافت کے طور پر ان جملوں میں استعمال ہوتا ہے جو کوائف کی تعریف کریں یا انھیں محدود کر دیں (جیسے :Release all who have served their term) ؛ کوئی شخص یا مخصوص شخص ؛ مرکب اضافت میں مستعمل ہے جبکہ کوائف کا واضح اظہار نہ ہو (جیسے :who procrastinates may suffer later) ۔

**whoa,** interj. رکو ! اور بے حس و حرکت کھڑے ہو جاؤ ؛ ایک حکم ، بالخصوص گھوڑوں کے لیے ۔

**whodunit,** n. (بول چال) کوئی ناول یا ڈراما جو جرائم کی تفتیش کے سلسلے میں ہو ،بالخصوص قتل سے متعلق ۔

**whoever,** pron. جو بھی ؛ جو کوئی ؛ چاہے جو بھی (جیسے : Who ever comes will be welcome) ؛ خواہ کوئی بھی ؛ کوئی ؛

کے لیے موافق ؛ مفید ، سودمند ، خطرے سے محفوظ ۔

**wholesomely,** adv. صحت بخش طور پر ؛ مفید طریقے سے سودمند طور پر ۔

**wholesomeness,** n. افادیت ؛ صحت مندی ؛ سودمندی ۔

**whole-souled,** a. دلی ؛ مخلص ؛ کریم ؛ فیاض ؛ کھلے دل والا ۔

**whole step, wholetone,** n. (موسیقی) پورا قدم ؛ دونیم سروں کے برابر وقفہ ؛ ناچ میں دو نصف قدم ۔

**whole-wheat,** a. صرف گندم کے دانوں سے تیار شدہ جیسے آٹا ؛ ایسے اَن چھنے آٹے سے تیار کیا گیا(جیسے : whole-wheat bread )۔

**wholly,** adv. تمام مقدار یا حد تک ؛ تمام پر مشتمل یا اس میں تمام کی شمولیت رکھتے ہوئے ؛ پورے طور پر ؛ مکمل طور پر ؛ تمام کی تمام ؛ ساری کی ساری ؛ سب کچھ ؛ باکل ؛ یکسر۔

**whom,** pron. who کی معروضی صورت ؛ کسے ؛ کس کو ۔

**whomever,** pron. whoever کی معروضی صورت ؛ جس کسی کو ؛ جو شخص بھی ؛ کوئی شخص ۔

**whomp,** n. (بول چال) سخت زور سے لگائی گئی چوٹ ، جس سے پیدا ہونے والی آواز سے اس کی شدت کا اندازہ ہو سکے ۔ (فعل متعدی) (بول چال) فیصلہ کن فتح حاصل کرنا ؛ شکست فاش دینا ؛ زدوکوب کرنا ؛ ضرب لگانا ؛ زور کا گھونسا لگانا ؛ زناٹے دار تھپڑ مارنا ؛ تھپڑ مارنا ۔

**whomp up,** v.t. (بول چال) ہیجان پیدا کرنا ؛ جوش و خروش پیدا کرنا ؛ تخلیق کرنا ؛ تحریک کرنا بالخصوص تیزی سے ؛ ساتھ ساتھ کر دینا ۔

**whom so,** pron. who so کی معروضی صورت ؛ جو کوئی ۔

**whomsoever,** n. whosoever کی معروضی حالت ۔

**whoop,** n. چیخ یا بلند آواز جیسے کسی شکاری، جنگ جو وغیرہ کی ؛ نعرہ ؛ اُلو ، بگلے یا کسی اور پرندے کی بلند آواز ؛ ہانپنے یا کھو کھو کی آواز جیسے کالی کھانسی کی مخصوص آواز ہوتی ہے ۔ (فعل لازم) بلند آواز سے بولنا یا چیخنا ؛ چیخنا جیسے الو یا بعض دوسرے پرندوں کی طرح ؛ بار بار کھانسنے کے سبب آواز کا نکلنا جیسے ہوک جس میں سانس کی آواز ہو ۔ (فعل متعدی) ہوک یا مسلسل ہوک کی آواز پیدا کرنا ؛ کھو کھو کرنا ؛ ہوک کے ساتھ بلانا ، زور دینا ، پیچھا کرنا یا بھگانا (جیسے: to whoop the dogs on ) ۔ (فجائیہ) خوشی ، جوش یا انکار کا مظہر ۔

**whoop it up,** (بول چال) کسی ہنگامہ خیز تقریب یا جشن میں شمولیت کرنا ؛ جوش و خروش کی ترویج کرنا ۔

**not worth a whoop,** (بول چال) بلا قدروقیمت یا بہت کم قدروقیمت ہونا ۔

**whoop-de-do,** n. (بول چال) ہنگامہ خیز یا پُرشور و شغب تقریب ، جشن ؛ ایک گرم ، پُرجوش عوامی مباحثہ ؛ مفصل، بلا روک ٹوک نمایش یا اشاعت ۔

**whoopee,** n. (عوامی) خوشی کا نعرہ ؛ جوش و خروش اور مسرت بھری چیخ ۔

**make whoopee,** (عوامی) شوروغل والے جشن میں شمولیت کرنا ؛ دھماچوکڑی میں شرکت کرنا ۔

بھی ہو پروا نہیں (جیسے: Who ever she may be, the president will not see her ) ۔

**whosoever,** pron. جس کسی کو ؛ جس کسی پر ۔

**whole,** a. سالم ؛ پورا ؛ سموچا ؛ سب کا سب ؛ صحت مند حالت میں ؛ صحیح ؛ درست ؛ تمام ؛ خوب ؛ درست حالت میں بحال شدہ ؛ صحت یافتہ ؛ کسی ضرر یا نقص کے بغیر ؛ بغیر کسی زخم کے ؛ غیر شکستہ یا ٹوٹ پھوٹ کے بغیر ؛ بغیر نقص کے یا نامکمل ؛ سارے کا سارا ؛ مکمل ؛ درست حالت میں ؛ ان تمام اجزا یا حصوں سمیت جن پر مشتمل ہو ؛ تمام ؛ مجموعہ (جیسے: the whole city ) ؛ ایک ہی ماں باپ کی اولاد (جیسے : a whole sister ) ۔ (ریاضی) غیر کسری (جیسے : a whole number ) ۔ (اسم) مکمل شے ؛ جو چیز اپنی جگہ پوری ہو ؛ تمام اجزا سمیت ایک مکمل نظام ؛ اکائی ۔

**as a whole,** تمام ؛ تمام چیزوں کے پیش نظر ؛ من حیث المجموع ۔

**on the whole,** اصولی طور پر ؛ سارے کو دیکھتے ہوئے ؛ کل کو دیکھتے ہوئے ؛ مجموعی طور پر ؛ بحیثیت مجموعی ۔

**out of whole cloth,** فرضی ؛ کسی بنیاد یا حقیقت کے بغیر۔

**wholeness,** n. سالمیت ؛ تمامیت ؛ درستی ۔

**whole gale,** n. (موسمیات) پوری آندھی ؛ وہ ہوا جو بیوفورٹ کے پیمانہ میں °۱۰ کی مظہر ہو ؛ ۵۵ سے ٦۳ میل فی گھنٹہ کی رفتار سے چلنے والی ہوا ۔

**whole hearted,** a. دلی ؛ پُرجوش ؛ سنجیدہ ؛ مخلص ؛ مخلصانہ ؛ پورا پورا ۔

**wholeheartedly,** adv. دلی طور پر ؛ تہ دل سے ؛ مخلصانہ طریقے سے ؛ پوری طرح سے ؛ قلباً ؛ صمیمانہ ؛ با خاطر جمع ؛ لگن سے ۔

**wholeheartedness,** n. لگن ؛ صمیمیت ؛ پوری توجہ ؛ مکمل خلوص ۔

**whole hog,** n. (عوامی) سب سے آخری حد؛ کلیت ؛ سالمیت وتکامل ۔

**go the whole hog,** (عوامی) کسی کام کو تفصیل سے کرنا یا تکمیل تک پہنچانا ؛ پوری طرح سے اس میں مشغول ہونا یا انتہائی حد تک مصروف ہونا ۔

**whole note,** n. (موسیقی) کوئی سُر جس کا دورانیہ چار چوتھائی سُروں کے برابر ہو ۔

**whole number,** n. (ریاضی) صحیح عدد ؛ سالم عدد ؛ ایسا عدد جو ایک یا زائد اکائیوں پر مشتمل ہو ، جیسے ۳۰ کا عدد ؛ جو کسر یا کسر مرکب سے مختلف ہو ۔

**wholesale,** n. تھوک فروشی ؛ اشیا کی بڑی تعداد میں فروخت بالخصوص براہ راست صارفین کی بجائے پرچون فروشوں کو دوبارہ فروخت کے لیے ؛ پرچون فروشی کی ضد ۔ (صفت) تھوک فروشی کا یا اس سے متعلق یا تھوک فروشی میں شریک ؛ وسیع اور بے امتیاز (جیسے: a wholsale discharge of workers ) ۔ (متعلق فعل) تھوک میں یا بڑی مقدار میں ؛ بڑے پیمانے پر اور بغیرُ کسی تفریق کے ۔ (فعل لازم و متعدی) تھوک فروشی کرنا یا تھوک فروشی ہونا ۔

**wholesaler,** n. تھوک فروش شخص ۔

**wholesome,** a. صحت بخش ؛ صحت کی افزایش کرنے والا ؛ جسمانی صحت کے لیے مفید ؛ صحت مند ؛ اخلاقی ، مذہبی یا خوش حالی

**whooping cough, chincough,** n. (امراضیات) کالی کھانسی
سانس کی نالی کی جھلی میں چھوت سے پیدا ہونے والی خصوصاً بچوں کی ایک بیماری جس میں پہلے تیز کھانسی اٹھتی ہے اور بعد میں ایک لمبی ہوک کی آواز پیدا ہوتی ہے جس میں گہری سانس کا عمل شامل ہوتا ہے ۔

**whoosh,** v.i. سرسراتے ہوئے سیٹی بجانے کے انداز میں تیزی سے چلنا (جیسے : Wind whooshing through the leaves) ۔ (فعل متعدی) حرکت کرنا کسی چیز کا سرسراتی ہوئی آواز کے ساتھ ۔ (اسم) تیزی سے سرسرا کر چلنے یا سیٹی بجانے کی آواز ۔

**whop, whap,** v.t. (بول چال) زور سے مارنا ، شکست فاش دینا ، مثلاً کسی مقابلے میں ؛ باہر نکال لینا ؛ کھینچ لینا ۔ (فعل لازم) دھڑام سے گر پڑنا ؛ پھڑپھڑانا ۔ (اسم) (بول چال) زبردست چوٹ یا تصادم ؛ اس کی وجہ سے پیدا ہونے والی آواز ؛ ایک دھکا ، دھچکا ۔

**whopper,** n. (بول چال) اپنی قسم کی کوئی بہت بڑی شے ؛ ایک بڑا جھوٹ ۔

**whopping,** a. (بول چال) اپنی قسم کی کوئی بہت بڑی چیز ؛ زور سے لگایا گیا مکا ؛ بہت بڑا ، خصوصاً جھوٹ ۔

**whore,** n. رنڈی ؛ فاحشہ ؛ قحبہ ؛ بازاری عورت ؛ کنجری ۔ (فعل لازم) کسی کسبی عورت سے ہم بستر ہونا ؛ بازاری عورتوں سے متعلق ہونا ؛ کنجری یا بازاری عورت ہونا ۔

**whorish,** a. زنا کاری کا ؛ جسم فروشانہ ۔

**whoredom,** n. زناکاری ؛ فحاشی ؛ جسم فروشی ۔ (بائبل) بُت پرستی ۔

**whorehouse,** n. چکلہ ؛ زناکاری کا اڈا ؛ بالا خانہ ؛ رنڈی گھر ؛ کنجر خانہ ؛ مکان یا جگہ ، جہاں کسبی عورتیں کرائے پر دستیاب ہوں ۔

**whore monger, whoremaster,** n. چکلے یا کسبی عورتوں سے تعلق رکھنے والا شخص ؛ زانی ؛ بدکار ۔

**whoreson,** n. (قدیم) حرامزادہ یا حرامی ؛ کسی شخص کے لیے نفرت یا حقارت کی گھٹیا اصطلاح ؛ ایک گالی ۔ (صفت ، قدیم) پاجی ؛ کمینہ ؛ گھٹیا ۔

**whorl,** n. (نباتیات) گھیرا ؛ مرغولہ ؛ گچھا ؛ دائرے کی شکل میں ایک ہی سطح پر لگے ہوئے پودوں کے پتوں یا دیگر حصوں کا مجموعہ ۔ (حیوانیات) یک صمامی گھونگے کے خول کا ایک چکر ۔ (پارچہ بافی ، مشین) کاتنے یا بننے کی مشین کے تکلے پر ایک خلائی پہیہ ؛ نشان انگوٹھا میں ابھرے ہوئے دائروں میں سے کوئی ایک ؛ کوئی بھی شے جس کی شکل مرغولے سے ملتی ہو ۔

**whorled,** a. حلقہ دار ؛ چکر میں ترتیب یافتہ جیسے پتے ؛ لچھے دار ۔

**whortleberry, whort, whortle,** n. نیلی بیر کی جھاڑی ؛ نیل بیری خاندان سے متعلق یورپ میں اُگنے والی ایک قسم کی جھاڑی جس میں کالے رنگ کی خوردنی بیری لگتی ہے ، بیری کا درخت ۔ نیز : hurtleberry ۔

**whose,** pron. who کا اور بعض اوقات which کا مضاف الیہ ، بمعنی ، کس کا ؛ جس کا ۔

**whosesoever,** pron. جو کوئی ؛ جو بھی ؛ چاہے جو ۔

**whoso,** pron. جو کوئی ؛ کوئی بھی ۔

**whosoever,** pron. کوئی بھی ہو ؛ کوئی شخص ؛ کوئی شخص بھی ۔

**why,** adv. کیوں ؛ کس وجہ سے ؛ کس سبب یا مقصد سے ؛ کس لیے ؛ زور دے کر بولنے ، حیرت ظاہر کرنے یا تامل کے لیے مستعمل ہے ۔ (اسم) سبب (جیسے : the how and the why) ۔ (حرف عطف) جس کی وجہ سے (جیسے : His out going personality is why he is so popular) ۔

**whydah, whidah, widow bird,** n. افریقہ کے چھوٹے بیئے کی شکل کے پرندے جن کا وائی دوینا خاندان سے تعلق ہے ، نسلی افزایش کے موسم میں ان کے نروں کی دم کے لمبے پر نیچے جھکے رہتے ہیں ۔

**wicca,** a. جادو ۔

**wick,** n. بتی ؛ فتیلہ ؛ بٹی یا کپڑے کے ٹکڑے ، رسی یا نرم کیے ہوئے دھاگے کا بنا ہوا فتیلہ یا بتی جو تیل کے چراغ ، موم بتی یا سگریٹ لائٹر میں مستعمل ہے ، جو ایندھن ، چربی یا تیل جذب کر کے شعلے کو مہیا کرتی رہتی ہے ۔

**wicked,** a. فاسق ؛ بد ؛ خراب ؛ عمل یا اصول کے لحاظ سے بُرا ؛ گنہگار ؛ فاسد ؛ شریر ؛ بے انصاف ؛ شرارت اور برائی سے مملو ؛ بدکار ؛ بغض پرور ؛ کینہ جو ؛ تکلیف دہ یا بدبو دار (جیسے : a wicked stench) ؛ تکلیف دہ یا ضرر رساں (جیسے : wicked blow) ۔ (عوامی) بہت عمدہ (جیسے : a wicked tennis player) ۔

**wickedly,** adv. بداعمالی سے ؛ بدشعاری سے ؛ شرارت سے ۔

**wickedness,** n. بدکاری ؛ بداعمالی ؛ فسق ؛ شرارت ۔

**wicker,** n. بید ؛ ایک چھوٹی سی خم پذیر شاخ یا کونپل ؛ ٹوکریاں بننے والا بید ؛ ٹوکریاں بننے کا کام ۔ (صفت) ٹوکریاں بننے والے بید یا شاخوں کو بن کر بنا ہوا ؛ ایسے بُنے ہوئے کام سے ڈھکی ہوئی ۔

**whicker work,** n. باہم بنی ہوئی ٹہنیاں جیسے فرنیچر اور ٹوکریاں بننے میں کام آتی ہیں ؛ اس طرح کے سامان سے بنی ہوئی اشیا ؛ بیدکاری ۔

**wicket,** n. وکٹ ؛ دروازہ ؛ راستہ ؛ دریچہ ؛ ایک چھوٹا دروازہ بالخصوص جو بڑے دروازے میں یا اس کے پاس بنایا گیا ہو ؛ چھوٹی کھڑکی جس میں بالعموم پردہ یا حفاظتی جالی لگا دی جاتی ہے جیسا کہ ٹکٹ گھر میں ؛ ایک ایسا دروازہ جو پانی کے بہاؤ کو روکنے کے لیے تیار کیا گیا ہو جیسے کسی نالے ، پائپ یا نہر قفلوں میں ۔ (کرکٹ) وہ چیز جس کا گیند پھینکنے والا نشانہ لیتا ہے جن میں تین ایستادہ ڈنڈوں کے دو جوڑے ہوتے ہیں ، جن کے سروں پر جھریاں بنا کر دو چھوٹے چھوٹے لکڑی کے ٹکڑے رکھ دیے جاتے ہیں ؛ قطعۂ زمین جس کے دونوں سروں پر وکٹیں گاڑی جاتی ہیں ؛ کسی وکٹ پر کھلاڑی کے آنے کی باری ؛ وہ باری جس کا آغاز نہ ہو سکا ہو یا نامکمل باری ۔ (کروکے) تار کا بنا ہوا چھلّا یا حلقہ ۔

**wicket keeper,** n. (کرکٹ) وہ کھلاڑی جو وکٹوں کے عقب میں ایستادہ ہوتا ہے ۔

**wickiup, vikiup,** n. شمالی امریکا کے ریڈ انڈین کا تیار کردہ جھونپڑا جو بھونڈے پن سے تیار کیے گئے ڈھانچے کو چھوٹی چھوٹی جھاڑیوں یا گھاس یا نرسلوں سے بنی ہوئی چٹائیوں سے ڈھانپ کر بنایا جاتا تھا ، ایسے جھونپڑے مغربی امریکا کے قدیم خانہ بدوش ریڈ انڈین بناتے

تھے

**wicopy**, n. ایک سخت چھال والا درخت ؛ بید مجنوں کی کوئی بھی قسم ، مثلاً چوب لیموں ؛ امریکی لیموں کی لکڑی ۔

**widdershins**, adv. دیکھیے :withershins ۔

**wide**, a. چوڑا ؛ بڑا ؛ کافی ؛ وسیع ؛ چکلا ؛ کشادہ ؛ فراخ ؛ جس کے پہلوؤں کے مابین بہت زیادہ فاصلہ ہو ؛ وسیع ، تنگ کے برعکس ؛ ایک سمت سے دوسری سمت تک کسی حد تک محدود (جیسے : three feet wide) ؛ ہر راستے میں کافی حد تک پھیلا ہوا ؛ وسیع و عریض ؛ بہت پھیلا ہوا (جیسے :wide skies of the west) ؛ بہت زیادہ گنجایش اور اقسام کے متعلق (جیسے :a wide choice of job offers) ؛ کھلا ہوا ؛ ڈھیلا ؛ آرام دہ یا لمبا چوڑا (جیسے :wide leg trousers) ؛ جو نشانے پر نہ لگے ۔ (مجازاً) دور ہٹا ہوا یا فاصلے پر ، جیسے صداقت اور موزونیت سے ۔ (صوتیات) آواز سے متعلق جو عصبات کو ڈھیلا چھوڑ کر پیدا کی جائے ۔ نیز: lax ۔ (متعلق فعل) کافی فاصلے یا دوری پر (جیسے :to broadcast far and wide) ؛ وسیع دائرے میں ؛ مقررہ حدود یا فاصلے تک (مرکب صورت میں مستعمل ہے ، جیسے :to campaign state-wide) ؛ پوری حد تک (جیسے : to open a door wide) ؛ نشانے سے پرے یا ایک طرف ہٹ کر (جیسے : The shot went wide) ۔

**widely**, adv. دور دور تک ؛ وسیع دائرے میں ؛ ہمہ گیر طریقے سے ۔

**wideness**, n. وسعت ؛ پھیلاؤ ؛ چوڑائی ؛ چوڑا چکلا پن ؛ کشادگی ؛ ہمہ گیری ۔

**widish**, a. کچھ چوڑا ؛ کسی قدر چوڑا ؛ ہمہ گیر ۔

**wide-angle**, a. (عکاسی) وسیع زاویہ ؛ کیمرے کا عدسہ جو عام عدسے کے مقابلے میں زیادہ وسیع نظارے پر حاوی ہوتا ہے ۔

**wide-awake, wide awake hat**, a. چوکس ؛ باخبر ؛ چوکنا ؛ پوری طرح سے جاگا ہوا ؛ ہشیار ؛ واقف ۔ (اسم) نمدے کی بنی ہوئی نرم کناروں والی چوڑی ٹوپی ۔

**wide-awakeness**, n. ہشیاری ؛ چوکسی ؛ کامل بیداری ،آگاہی ۔

**wide-eyed**, a. بوجہ حیرت و استعجاب پوری طرح کھلی آنکھوں والا ؛ سادہ لوح یا معصوم ؛ ششدر ۔

**widemouthed**, a. کھلے منہ یا چوڑے دھانے والا شخص یا کوئی شے ؛ حیرت سے کھلے ہوئے منہ والا ؛ حیرت زدہ ۔

**widen**, v.t. چوڑا کرنا یا زیادہ کھلا کرنا ؛ کسی شے کا عرض زیادہ کرنا ۔ (فعل لازم) کھلا یا زیادہ کھلا ہوتے جانا ؛ عرض میں بڑھنا ۔

**widener**, n. کھلا کرنے والا شخص یا شے ؛ عریض کناں ؛ کشادہ کناں ۔

**wide-open**, a. صاف کھلا ہوا ؛ جہاں قانون لاگو نہ ہو جیسے کوئی شہر ۔

**widespread**, a. عام ؛ بہت دور تک پھیلا ہوا ؛ دور دور تک پہنچا ہوا ؛ بہت بڑے علاقے پر محیط ؛ دور رس ؛ مسلمہ ؛ جسے سب لوگ تسلیم کرتے ہوں (جیسے :widespread reforms) ؛ جامع ۔

**widespreading**, a. دور دور تک پھیلا ہوا یا بڑے علاقے پر

اثر انداز ۔

**widgeon, wigeon**, n. جنگلی بط ؛ شمالی امریکا کے تازہ پانیوں میں پائی جانے والی درمیانے قد کی چھوٹی چونچ والی مرغابی جسے bald pate بھی کہتے ہیں ؛ اسی قسم کی مرغابی جو یورپ میں پائی جاتی ہے ۔

**widget**, n. ایک چھوٹی سی شے یا آلہ بالخصوص وہ شے جس کا نام معلوم نہ ہو یا بھول چکا ہو ؛ کوئی مفید آلہ ۔

**widow**, n. بیوہ ؛ رانڈ ؛ ودھوا ؛ عورت جس کا خاوند مر چکا ہو اور اس نے دوسری شادی نہ کی ہو ؛ ایک ایسی عورت جس کا خاوند اکثر گھر سے باہر رہتا ہو ، بالعموم ایسے سابقے کے ساتھ مستعمل ہے جو اِس غیر حاضری کی نشاندہی کرے (جیسے : golf or baseball widow) ؛ تاش کی بعض کھیلوں میں پتّوں کی تقسیم ۔ (طباعت) کسی پیرے کے آخر میں نامکمل سطر جسے اگلے کالم میں مکمل کیا گیا ہو ۔ (فعل متعدی) کسی کو بیوہ کر دینا ؛ خاوند سے محروم کرنا ؛ کسی اچھی شے کا چھین لینا ۔

**widow bird**, n. دیکھیے : whydah ۔

**widower**, n. رنڈوا ؛ مرد جس کی بیوی مر چکی ہو ، مگر اس نے دوسری شادی نہ کی ہو ۔

**widowhood, viduity**, n. بیوگی ؛ بیوگی کی حالت یا دورانیہ (کبھی کبھی رنڈوے مرد کی صورت میں بھی مستعمل ہے) ؛ رنڈاپا ۔

**widow's mite**, n. کسی غریب آدمی کی طرف دی گئی معمولی سی رقم بطور چندہ یا ہدیہ ۔

**widow's peak**, n. پیشانی کے قریب سر کے بالوں کا نوکدار حصّہ ، بالعموم درمیان میں بالوں کے اگنے کی وجہ سے ۔

**widow's walk**, n. کٹہرے دار ڈیوڑھی نما رقبہ جو سمندرکنارے مکانوں کی چھت پر بنا لیا جاتا تھا ، بالخصوص بادبانی جہازوں کے زمانے میں جہاں بیٹھ کر آنے والے جہاز بہت آسانی سے دیکھے جا سکتے تھے ۔

**width**, n. چوڑائی ؛ عرض ؛ وسعت ؛ ایک پہلو سے دوسرے پہلو تک کسی شے کا ناپ ؛ کسی شے کے پورے عرض کا ایک حصہ (جیسے : a width of material) ۔

**widthwise, widthways**, adv. عرض کی طرف ، عرضی سمت میں ؛ عرضاً ؛ چوڑائی کے لحاظ سے ۔

**wield**, v.t. قبضے یا قابو میں رکھنا ؛ حکم چلانا ؛ اثرورسوخ ، طاقت یا اختیار استعمال کرنا ؛ ہاتھ یا ہاتھوں میں لینا ، پکڑنا ، جیسے کوئی ہتھیار یا آلہ ، پوری مہارت اور قوت کے ساتھ استعمال کے لیے ۔

**wieldable**, a. اٹھانے یا چلانے کے قابل ؛ قابو پانے کے لائق ۔

**wielder**, n. اختیار استعمال کرنے والا شخص ۔

**wieldy**, a. قابل استعمال ؛ سبک ۔

**wiener, weenie, weeny, wienie, wienerwurst**, n. وی آنا کے کوفتے ۔

**Wiener schnitzel**, n. بچھڑے کے گوشت کی چانپ یا قتلے جن میں روٹی کے ٹکڑے اور مختلف مسالے ڈال کر پکایا جاتا ہے ۔

**wife**, n. بیوی ؛ زوجہ ؛ اہلیہ ؛ گھر والی ؛ جورو ؛ پتنی ؛ عورت جس کی کسی مرد سے شادی ہو گئی ہو ۔ (بولی) خاتون خانہ (مرکبات میں اب بھی ان معانی میں مستعمل ہے

(جیسے: fish wife, house wife) ۔

**take to wife,** شادی کرنا ؛ کسی عورت سے شادی کرنا ۔

**wifehood,** زوجیت ، جورو پن ؛ بیوی پن ۔

**wifeless,** a. غیر شادی شدہ ؛ بن بیوی کے ؛ بے زن ۔

**wifely,** a. بیوی کا ؛ زوجہ کا ۔

**wifelike,** adv. بیوی کی طرح ؛ بیوی کے مخصوص انداز میں ۔ (صفت) بیوی صفت ؛ مناسب یا بیوی کے شایان شان ۔

**wig,** n. وگ ؛ سر ڈھانپنے کا مصنوعی پردہ یا بال ٹوپی ، جو سر کے گنج کو چھپانے کے لیے بالخصوص مستعمل ہے لیکن آج کل بطور فیشن لباس کے ایک حصے کے طور پر استعمال کی جاتی ہے ۔ (برطانوی،بول چال) سخت تنبیہ ؛ زجر و توبیخ ۔ (فعل متعدی) وگ (ایک یا زائد) مہیا کرنا ۔ (برطانوی،بول چال) بُرا بھلا کہنا ؛ ڈانٹنا ؛ سرزنش کرنا ۔

**wigged,** a. وگ پہنے ہوئے ؛ وگ سے آراستہ ۔

**wigan,** n. کرمچ کی طرح کا سخت کپڑا جو کالروں ، کفوں اور سیون اور پرت کو سخت کرنے کے لیے لگایا جاتا ہے ۔

**wiggle,** v.i. ادھر ادھر ہلانا ؛ جنبش دینا ؛ ایک پہلو سے دوسرے پہلو کی جانب چھوٹی چھوٹی تیز یا باقاعدہ حرکت سے چلنا یا رینگنا ۔ (فعل متعدی) ادھر ادھر ہلانا ؛ ایک پہلو سے دوسرے پہلو کی طرف تیزی سے حرکت کرنا ؛ ایک سمت سے دوسری سمت کی طرف تیزی سے رخ بدل بدل کر چلنا اور حرکت کرنا ۔ (اسم) لڑکھڑاتی چال یا راستہ ۔ (طباخی) مچھلی یا گھونگوں اور مٹروں میں ملائی ملا کر تیار کیا گیا کھانا ۔

**get a wiggleon,** n. (عوامی) تیز تیز چلنا یا تیزی سے حرکت کرنا ۔

**wiggly,** a. بل دار ؛ لہر دار ۔

**wiggler,** n. وہ شخص جو لڑکھڑا رہا ہو یا اس طرح حرکت کر رہا ہو یا چل رہا ہو ؛ مچھر یا لڑکھڑانے والے کیڑے کا لاروا ۔

**wight,** n. (قدیم) کوئی شخص ؛ انسان ؛ کوئی اور مخلوق ۔

**wiglet,** n. عورت کے لیے ایک قسم کی چھوٹی وگ یا بالوں کا گچھا ، جو سر کے ایک حصے کو ڈھانپنے کے لیے یا بالوں کے اسلوب کو بدلنے یا نیا اسلوب پیدا کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

**wigmaker,** n. وگ ساز یا وگ فروش ؛ بالوں کی وگیں بنانے یا فروخت کرنے والا ۔

**wigwag,** v.t.,v.i. ادھر ادھر حرکت کرنا یا چلنا پھرنا ۔ (جہاز رانی) جھنڈوں یا روشنیوں کے ساتھ ایک خفیہ نظام اشارات کے تحت اشارہ دینا ۔ (اسم) (جہاز رانی) جھنڈوں یا روشنیوں کی حرکات سے اشارہ کرنے کا عمل ؛ اشاراتی پیغام ۔

**wigwagger,** n. اشارہ دینے والا شخص ۔

**wigwam,** n. امریکی ریڈ انڈین کا جھونپڑا یا بسیرا ، بالعموم گول مخروطی شکل کا جو چوبی ستونوں پر گھاس ، چٹائیاں یا کھالیں ڈال کر بنایا جاتا ہے ۔ (بول چال) جھونپڑا خصوصاً بڑا سا جو سیاسی جلسوں اور اجتماعات کے لیے استعمال کیا جائے ۔

**willco,** interj. تعمیل ہوگی ؛ ریڈیائی پیغام رسانی میں بالعموم احکامات یا ہدایات کی رسید کے طور پر مستعمل ہے ۔

**wild,** a. وحشی ؛ جنگلی ؛ضدی ؛ سرکش ؛ ان سدھے جانوروں کی طرح آزادانہ فطری زندگی بسر کرنے والا (جیسے : wild beasts) ؛ خود رَو ؛ جو انسانی کاشت یا حفاظت کے بغیر اُگے ہوں یا بڑھے ہوں ، جیسا کہ جھاڑیاں ، پودے اور پھول وغیرہ ؛ غیر مزروعہ ، غیرآباد یا بنجر جیسے زمین ؛ غیر مہذب یا بربری ، جیسا کہ وحشی قبیلے ؛ غیر تربیت یافتہ (جیسے: a wild gang) ؛ بے آئین یا قابو سے باہر ؛ اخلاقی پابندیوں سے بے پروا اور عیش کوشی میں مبتلا (جیسے: to be wild during youth) ؛ بے قابو ، تشدد ، غصہ یا شدت والا (جیسے: wild storms) ؛ تندوتیز ؛ متشدد ؛ غضبناک ؛ طوفانی؛ طوفان خیز؛ بے ضبط ؛ بلامانعت ؛ بے لگام (جیسے: wild orgies) ؛ شوریدہ سر (جیسے: wild venture)؛غیرمحتاط ؛ متجاوز ؛ عجیب و غریب (جیسے: wild fancies) ؛ غیرمنظم ؛ پریشان یا بے ترتیب (جیسے: wild locks) ؛ شدت سے ہیجان پذیر (جیسے: wild with rage) ؛ شدید ہیجانی یا عملی طور پر جوش بھرا ؛ بدحواس ، پاگل ، دیوانہ یا سودائی ؛ نشانے سے بہت دور (جیسے: wild throw) ۔ (بول چال) بہت زیادہ خواہش مند اور بے چین (جیسے: wild about baseball) ۔ (تاش) پتوں والے شخص کی اندازہ کردہ قدروقیمت کے مطابق ، جیسے تاش کے ایک پتے کی ۔ (متعلق فعل) وحشیانہ یا شوریدہ سری کے طور پر ؛ دیوانہ وار ۔ (اسم) (اکثر جمع) غیر آباد مقام یا جگہ ؛ دشت یا صحرا ۔

**run wild,** ایک پاگل جانور ؛ جنگلی یا گھر سے بھاگے ہوئے جانور کی سی زندگی بسر کرنا ؛ جنگلی بوٹی کی طرح از خود نشوونما پانا ؛ جدھر چاہے مُنہ اُٹھائے بے لگام پھرنا ۔

**the wild,** غیرمزروعہ ، غیرآباد یا بنجر حصہ یا زمین کا ٹکڑا ؛ اُجاڑ ، بے مصرف جگہ ؛ بیابان ؛ ریگستان ۔

**wildly,** adv. وحشت سے ؛ وحشیانہ طور پر ؛ خود سری سے ؛ شوریدہ‌سری سے ؛ بے ترتیبی سے ؛ بے تابی سے ؛ اضطراب سے ؛ جوش سے ۔

**wildness,** n. وحشت ؛ وحشیانہ پن ؛ جنگلی پن ؛ خود سری ؛ شوریدہ سری ؛ بے ترتیبی ؛ بیباکی ؛ اضطراب ، جلد بازی ؛ عاقبت نا اندیشی ۔

**wild allspice,** n. (نباتیات) مسالا جات کا ایک پودا ۔

**wild boar,** n. قدیم دُنیا کا سور ، جسے پالتو سور کا مورث اعلیٰ سمجھا جاتا ہے ۔

**wild carrot, Queen Anne's lace,** n. (نباتیات) جنگلی گاجر ؛ نبات البقدونس کی ایک نوع ، جس کے زیریں حصے میں ایک تنا نما جڑ ہوتی ہے ، کھیتوں اور غیر مزروعہ زمینوں میں عام اُگتی ہے خوردنی گاجر اسی کی نسل سے ہے ۔

**wildcat,** n. یورپ کی جنگلی بلّی ، بالعموم گھریلو بلّی سے مشابہ ، مگر قد میں ذرا بڑی ہوتی ہے ؛ گُربہ نسل کی چھوٹی ، درمیانی اور بڑی قد و قامت کی جنگلی بلیوں کی کئی اقسام میں سے ایک جو یورپ اور افریقہ میں پائی جاتی ہیں ؛ نئی دُنیا میں پائی جانے والی گربہ نسل کی بلیاں یا جانور ؛ شمالی نصف کرے میں سیاہ گوش کی نوع کے جانور ؛ شمالی امریکا کی جنگلی بلّی ؛ ایک زود اشتعال شخص ۔ (ریلوے) ریلوے انجن جو چالو حالت میں ہو مگر گاڑیاں یا بوگیاں کھینچنے کے لیے استعمال میں نہ ہو اور یارڈ میں کھڑا رہے ؛ تیل کا کُنواں جو آزمایشی طور پر کھودا گیا ہو ؛ کوئی غیرمحفوظ یا غیر مفید اختیار کیا گیا کاروبار ۔ (صفت) غیر ذمہ دار ، عاقبت

ناآندیش ؛ اندھا دھند ، بالخصوص وہ شخص جو بے سوچے سمجھے کمزور، غیر محفوظ تجارت میں کود پڑے (جیسے: ,wildcat banks (wildcat companies or stocks) ؛ کسی غیرقانونی کاروبار سے نسبت رکھنے والا ؛ بے ضبط اور بے قاعدہ چلنے والا جیسے کوئی ریلوے انجن یا باقاعدہ نظم اوقات کے بغیر چلنے والی ریل گاڑی ۔ (فعل متعدی و لازم) خود مختارانہ طور پر کسی ایسے مقام پر تیل یا دیگر کچی معدنیات کی آزمایشی تلاش کرنا یا ہونا جہاں کامیابی کچھ غیر یقینی ہو ۔

**wildcat strike, n.** غیر قانونی ہڑتال ؛ مزدور یونین کے ساتھ کیے گئے کسی معاہدے کی ہڑتالی مزدوروں کی طرف سے غیر مجاز خلاف ورزی ۔

**wild catter, n.** (بول چال) تیل کا کنواں کھودنے والا شخص ، عموماً ایسی زمین میں جہاں تیل ناپید ہو ؛ سرمایہ کار خصوصاً کسی مشتبہ یا بدنام کاروبار میں ۔

**wild celery, n.** (نباتیات) فیتہ گھاس ۔ دیکھیے: tapgrass ۔

**wilde beest, n.** اسپ ہرن ؛ چکارہ ؛ جنوبی افریقہ میں پائے جانے والا ہرن ، جو بیل سے مشابہ ہوتا ہے ؛ جنگلی چوپایہ ۔

**wilder, v.t.** (قدیم) راستے یا پگڈنڈی کا بھلا دینا ؛ بھول بھلیوں میں یا مشکلات میں پھنسانا ؛ بدحواس کرنا ؛ پریشان کرنا ۔ (فعل لازم) راستہ بھول جانا ؛ بھول بھلیوں یا مشکلات میں پھنس جانا ؛ حیران ہونا ؛ پریشان ہونا ۔

**wilderment, n.** حیرانی ؛ بدحواسی ؛ پریشانی ۔

**wilderness, n.** بیابان ؛ صحرا ، جنگل یا ویرانہ ؛ اجاڑ جگہ جہاں صرف جنگلی جانور رہتے ہوں ؛ ایک بنجر قطعہ ؛ کوئی بھی ویران علاقہ جیسے پانی بھرا ؛باغ کا وہ حصہ جو جنگلی نباتات کے اگنے کے لیے چھوڑ دیا گیا ہو ۔ (مجازاً) کسی شے کی حد سے بڑھی ہوئی کثرت ؛ جنگل کا جنگل ۔

**wild-eyed, a.** غصے میں نظر آنے والا ؛ وحشتناک ؛ جس کے نظریات غیر منطقی اور انتہائی ہوں مثلاً سیاسیات میں ۔

**wild fig, n.** دیکھیے Caprifig ۔

**wildfire, n.** ایک انتہائی تیز آتش گیر مادہ جیسے یونانی آتش جو ماضی میں جنگوں میں استعمال کی جاتی تھی ۔ (مجازاً) نہایت سرعت اور غیر معمولی تیزی سے پھیلنے والی کوئی شے (جیسے: (The news spread like wild fire ؛ جنگل کی آگ ، کڑک کے بغیر چمکتی ہوئی بجلی ؛ شیطانی آگ ؛ غول بیابانی ۔ (بیطاری امراضیات) بھیڑوں کی جلدی سوزش ۔

**wild flax, n.** زرعیش کوشی ؛ سن کا پھول ۔ دیکھیے : Gold-of-pleasure ۔

**wild flower, n.** خود رو پھول ؛ پھولوں کا پودا یا جھاڑی جو کاشت کے بغیر اگ آیا ہو ؛ خود رو پھول جھاڑی ؛جنگلی پھول ۔

**wildfowl, n.** ایک پرندہ جس کا شکار کیا جاتا ہے ، بالخصوص مرغابی ، بطخ یا جنگلی بط ۔

**wildfowler, n.** مرغابی کا شکاری ۔

**wildfowling, n.** مرغابی کا شکار ۔

**wild ginger, n.** جنگلی ادرک ؛ شمالی امریکا کی سدا بہار بوٹی جس کی ٹہنیاں چھوٹی اور پھول قرمزی بھورے رنگ کے ہوتے ہیں ۔

**wild-goose chase, n.** سعیِ عبث ؛ فضول کوشش ؛ کسی موہوم یا لاحاصل شے کی تلاش ؛ ناممکن کے لیے کوشش ؛ بیکار کا کام ۔

**Wild Huntsman, n.** جنگلی شکاری ؛ مغربی بالخصوص جرمانوی لوک داستانوں کا ایک روایتی کردار جو اپنے مقلدین کے دو بڑے بڑے فرضی گروہوں کو ساتھ لیے رات کو جنگلوں ، کھیتوں اور دیہات میں گھومتا پھرتا ہے اور اس کے ساتھی شور مچاتے ہیں اور اس کے شکاری کتے بھونکتے رہتے ہیں ۔

**wild hyacinth, n.** جنگلی سنبل؛شمالی امریکا کے مشرقی علاقوں کا ایک پودا جس میں گھنٹی نما قرمزی مائل سفید رنگ پھول گچھوں کی صورت لگتے ہیں ؛ چوبی سنبل ؛ یورپ میں سنبل کا پودا ۔

**wild indigo, n.** (نباتیات) جنگلی نیل پودا ؛ شمالی امریکا میں تمرقرنی نسل کا پایا جانے والا کوئی بھی پودا بالخصوص صبغ ، جس میں زرد پھول آتے ہیں ۔

**wilding, n.** کوئی بھی خودرو پودا یا اس کا پھل ، بالخصوص جنگلی سیب کا درخت یا سیب ؛ کوئی بھی پودا جو پہلے زیر کاشت ہوتا تھا لیکن اب خود رو بن چکا ہو ؛ جنگلی جانور ؛ اجڈ یا گنوار شخص ؛ جو خود سر یا بے قابو ہو ۔ (صفت) جو نہ تو کاشت کیا جاتا ہو اور نہ گھر میں پالا جاتا ہو ؛ جنگلی ؛ وحشی ۔

**wildlife, n.** جنگل کی دنیا ؛ جنگلی حیوانات یا نباتات ؛ جنگلی حیات (جیسے: we must (provide adequate sanctuary for the native wild life of the world ہے ۔

**wildling, n.** جنگلی شے جو اپنی فطری حالت میں ہو جیسے کوئی جانور یا پودا ، بالخصوص وہ پودا جس کی باغ میں پیوند کاری کی گئی ہو ۔

**wild madder, n.** روبیہ ؛ مجیٹھ ؛ روناس ؛ قدیم دنیا اور جنوبی امریکا کا روبیہ نسل سے متعلق کوئی پودا یا اس کی جڑ ۔ دیکھیے : madder ۔ شمالی امریکہ کے دو گدّا بھرنے والے پودوں میں سے کوئی ایک ۔

**wild mustard, n.** جنگلی سرسوں یا رائی ۔

**wild oat, n.** (نباتیات) جنگلی جئی ؛ جئی کی جنس کی جڑی بوٹیاں اور گھاس وغیرہ ؛ فیٹوا ؛ یورپی جئی کی عام قسم ۔

**sow one's wildoats** جوانی منانا ؛ داد عیش دینا ۔

**wild olive, oleaster, n.** جنگلی زیتون؛ کہو ۔

**wild pansy, Johnny-jump-up, n.** یورپی بنفشہ ؛ بنفشے کی یورپ میں اگنے والی عام قسم ؛ باغات میں خوردہ قسم کا بنفشہ ۔

**wild pink, n.** (نباتیات) جنگلی لونگ یا قرنفل ؛ جنوب مشرقی امریکا کے علاقوں میں قرنفل (Pink) خاندان کا ایک چھوٹا سا خود رو پودا جس میں نیلے رنگ کے پنج پتیا پھول لگتے ہیں ۔

**wild pitch, n.** (بیس بال) گیند پر ایک زور دار ضرب جس کی بدولت کھلاڑی کو ایک مرحلہ آگے دوڑنے کی اجازت ہوتی ہے اور جسے سرکاری اسکورر کے مطابق کیچ کیا جانا ممکن نہ ہو ۔

**wild rice, n.** لمبی آبی گھاس ؛ جنگلی چاول ؛ شمالی امریکا میں پائی جانے والی ایک قسم کی بلند قامت آبی گھاس

جس کا دانہ خوردنی ہوتا ہے ۔

**wild rye,** n. (نباتیات) جنگلی رئی ؛ الائمس خاندان کی کوئی گھاس ، جو کسی حد تک رئی سے ملتی جلتی ہے ۔

**wild type,** n. (حیاتیات) کوئی نامیاتی جسم ، جو بالکل اپنی مخصوص یا فطری حالت میں ہو اور ہر قسم کے تغیر سے مبرا ہو ۔

**wild vanilla,** n. (نباتیات) جنگلی ونیلا ؛ امریکا کے جنوب مشرقی علاقوں میں پایا جانے والا سوسن کے خاندان کا ایک پودا جس کے پتے مستقل طور پر ونیلا کی خوشبو سے بسے رہتے ہیں ۔

**Wild West,** n. مغربی امریکا بالخصوص اس زمانے میں جب وہ لاقانونیت کا سرحدی علاقہ سمجھا جاتا تھا ۔

**wildwood,** n. قدرتی یا جنگلی درخت ؛ جنگل یا جنگل کی زمین ۔

**wile,** n. کوئی چال یا حیلہ ؛ مکر ؛ فریب ؛ بہانہ ؛ بھکاوا ؛ دھوکا دینے یا جال میں پھنسانے کے لیے؛کسی کو ورغلانے کا حیلہ؛ چالاکی یا مکاری ۔ (فعل متعدی) ورغلانا ؛ پھانسنا ؛ چھلنا ؛ کسی کے ذہن کو دوسری طرف لگا کر پھسلانا یا بہکانا ؛ تفریحاً یا دل بہلا کر وقت گزارنا (away کے ساتھ مستعمل ہے) ۔

**wilily,** adv. مکاری سے ؛ چالاکی سے ؛ عیاری سے ۔

**wiliness,** n. مکاری ؛ عیاری ۔

**wily,** a. دھوکا دیتے ہوئے ، ورغلا کر ؛ مکار ؛ دھوکے باز ؛ چالاک ۔

**will,** aux. v. مصدر یا مصدر معلوم سے قبل مستعمل ، مستقبل کے اظہار کے لیے استعمال کیا جاتا ہے (جیسے :we will arrive tomorrow )؛ ناگزیر یا اٹل کیفیات کے اظہار کے لیے مستعمل (جیسے :People will talk ) ؛ رضامندی یا طبیعت کا میلان ظاہر کرنے کے لیے (جیسے : I will go, if you do )؛عزم و ارادہ ظاہر کرنے کے لیے مستعمل (جیسے :you will go, if I have to drag you by the ears ) ؛ کسی رواجی یا بالتکرار وقوع ہونے والی فعالیت کے اظہار کے لیے (جیسے :He will write for hours at a time )؛ استعداد کار کے اظہار کے لیے (جیسے :This car will go eighty miles an hour ) ؛ کوئی امکان ظاہر کرنے کے لیے (جیسے :I think this will be my brother at the door) ۔ (فعل متعدی و لازم) چاہنا یا آرزو رکھنا ؛ چاہا جانا یا خواہشمند ہونا ؛ پسند کرنا ؛ اچھا لگنا (جیسے : go where you will ) ۔

**will,** n. مرضی ؛ ارادہ ؛ نیت ؛ خواہش ؛ کسی کام خصوصاً بالارادہ کام کرنے کی استعداد یا قوت ؛ اس اہلیت یا استعداد کو زیر عمل لانے کا فعل ، تجربہ یا طریقہ ؛ انتخاب ؛ خواہش ؛ طلب ؛ قوت ارادی ؛ طریقہ یا ارادہ ؛ ضبط نفس ؛ عزم بالجزم ؛ رجحان ؛ میلان کسی ایک یا بہتوں کی طرف ؛ صوابدید پر منحصر یا من مانے اختیارات ۔ (قانون) وصیت ، کسی شخص کی اپنی جائیداد کے متعلق جو اس کے مرنے کے بعد تقسیم ہو ؛ ایسے اقرار نامے کی دستاویز یا بیان ، بیان حلفی ۔ (قدیم) حکم ؛ درخواست ۔ (فعل متعدی) بالارادہ خواہش کرنا ؛ تعین کرنا یا انتخاب کرنا ازروئے قانون یا وصیت ؛ منتخب کرنا ؛ فیصلہ کرنا یا حکم دینا ؛ قوت ارادی کے استعمال سے کسی پر اثر کرنا ؛ وصیت یا بیان حلفی کے ذریعے کچھ دینا ؛ میراث کی صورت میں دینا ۔ (قدیم) خواہش کرنا ؛ طلب کرنا ۔ (فعل لازم) مرضی استعمال میں لانا ؛ تعین ؛ فیصلہ یا حکم ہونا ، جیسے کسی قانون یا وصیت نامے کی رو سے ؛ منتخب ہونا ۔

**at will,** جیسے کسی کی مرضی ہو یا خواہش ہو ؛ کسی کی خوشی ، پسند یا رضامندی سے ؛ کسی کے زیر حکم ۔

**willable,** a. مرضی کے مطابق ؛ وصیت کے قابل ۔

**willed,** a. صاحب ارادہ ؛ ارادے کا (بالعموم مرکبات میں مستعمل ہے ، جیسے :strong willed ) ۔

**willemite,** n. [نیدر لینڈ کے بادشاہ ولیم (۱۸۱۵ء ـ ۱۸۴۰ء) کے نام پر] ولیمائیٹ ؛ جست کی برت جو بالعموم شش پہلو منشور میں پائی جاتی ہے یا دانے دار مادے کی صورت میں مختلف رنگوں میں ملتی ہے ؛ جست کا سلی کیٹ ۔

**willet,** n. امریکی چہا ؛ شمالی امریکا میں پایا جانے والا ٹٹیری نسل کا ایک بڑی جسامت کا پرندہ جس کے بازوؤں کے پروں پر واضح سیاہ اور سفید نقش و نگار ہوتے ہیں ۔

**willful, wilful,** a. جو عمداً کیا جائے ؛ بالعمد ؛ بالقصد ؛ بالارادہ ؛ وہ شخص جو اپنی مرضی کا تابع ہو اور کسی استدلال کے سامنے نہ جھکے ؛ ضدی ، نا ماننے والا یا خودسر ؛ حد سے بڑھا ہوا ، سرکش ؛ ہٹیلا ؛ کسی تجویز یا منصوبے کے تحت کیا جانے والا (جیسے :willful murder)؛ اپنی مرضی سے ؛ رضاکارانہ ۔

**willfully,** adv. دیدہ دانستہ ، جان بوجھ کر ؛ عمداً ۔

**willfullness,** n. سرکشی ؛ ضد ، خودسری ؛ تعمد ؛ خود رائی ۔

**willies,** n. (عوامی) بے آرامی ؛ گھبراہٹ ؛ حواس باختگی ؛ ڈر یا خوف (اس کے ساتھ بالعموم the کا سابقہ مستعمل ہے) ۔

**willing,** a. رضامندانہ ؛ خوشی سے آمادہ (جیسے : willing to go home )؛ غیر مخالف ؛ مستعد یا تیار (جیسے:a willing employee )؛ حسب ہدایت کام کرنے والا ؛ خوشی سے یا برضا و رغبت برداشت کیا گیا ، سرانجام دیا گیا یا قبول کیا گیا ؛ رضاکارانہ ؛ اختیارات یا قوت انتخاب سے متعلق ؛ ارادی ۔

**willingly,** adv. خوشی سے ؛ مرضی سے ؛ بہ رضا و رغبت ؛ شوق سے ۔

**willingness,** n. رضامندی ؛ خوشی ؛ آمادگی ؛ رضا و رغبت ۔

**williwaw, willywaw,** n. اچانک تیز ٹھنڈی ہوا کا جھونکا جو ساحلی پہاڑیوں کی طرف سے سمندر کی طرف آئے بالخصوص جو آبنائے میجیلان میں آتا ہوا محسوس ہوتا ہے ۔

**will-less,** a. قوت ارادی سے محروم ؛ ڈرپوک ؛ ارادی قوت کو استعمال نہ کرنے والا ۔

**will-o'-the-wisp,** n. اگیا بیتال ؛ چھلاوا ؛ غول بیابانی ؛ کوئی بھی ایسی شے جو بہکا دے ؛ وہ شخص جو کبھی یہاں کبھی وہاں،کبھی کچھ کبھی کچھ ہو ۔

**will-o' the wispish,** a. چھلاوا نما ؛ بہک جانے والا ۔

**willow,** n. بید کا درخت ؛ بید مجنوں کے خاندان کی جھاڑی یا درخت جس کی لچکدار شاخیں کئی ایک مقاصد مثلاً ٹوکریاں بنانے کے لیے استعمال ہوتی ہیں ؛ بید مجنوں کی لکڑی ۔ (بول چال) جو شے بید سے بنائی جائے ، بالخصوص بیس بال یا کرکٹ کے بلّے ؛ دُھنائی مشین جس میں لگا ہوا کانٹے دار سلنڈر (اسطوانہ) خول کے اندر گھومتا رہتا ہے اور روئی یا دیگر ریشوں کو صاف کرنے اور دھننے کے کام آتا ہے ۔ (فعل متعدی) روئی دھننا ؛ مشین سے دھنائی کرنا ۔

**willower,** n. دھنیا یا دھننے کی مشین ۔

**willowish**, a. دھنا ہوا۔

**willow like**, a. بید مجنوں کا سا ؛ لچکدار۔

**willow herb**, n. مختلف الانواع سدا بہار پودے جن کی پتیاں بید مجنوں کی پتیوں کی طرح اور پھول زرد ارغوانی اور قرمزی ہوتے ہیں ؛ کوئی بھی سدا بہار جھاڑی جس کا تعلق بید کی انواع سے ہو اور زرد پھول لائے۔

**willow oak**, n. بیدی شاہ بلوط ؛ مشرقی امریکا کا شاہ بلوط کا درخت جس کے پتے تنگ نیزہ نما اور بالکل بید مجنوں کے پتوں کی طرح ہوتے ہیں۔

**willow patterns**, n. پتھر اور سفید چینی کے ظروف پر نقش و نگار کا ایک مشہور نمونہ جو سفید پس منظر میں نیلے رنگ سے بنائے جاتے ہیں ، یہ طریقہ ۱۷۸۰ء میں انگلستان والوں نے چین کی نقالی سے اپنایا تھا جس میں پُل کے ساتھ ایک شاہ بلوط کا درخت شامل ہوتا تھا؛ سفید چینی کے برتنوں پر نیلے نقش ابھارنے کا طریقہ۔

**willowware**, n. چینی کے برتن جن پر زیبایش کے طور پر چینی انداز کے نقش و نگار ہوں۔

**willowy**, a. جہاں بید مجنوں کے درخت کثرت سے ہوں ؛ بید کے درخت سے مشابہ ؛ پتلا اور لچک دار ؛ نازک۔

**will power**, n. قوت ارادی ؛ ذہنی قوت ؛ ارادہ ؛ مصمم ارادہ ؛ اپنی ذات پر قابو ؛ خود اعتمادی ؛ ضبط نفس۔

**willy**, n. ریشہ دار اشیا جیسے روئی صاف کرنے اور کھولنے والی مشین ؛ کپاس دھننے کی مشین ۔ دیکھیے : willow – (فعل متعدی) دھننا۔

**willy-nilly**, adv. چاروناچار ؛ چاہو یا نہ چاہو (جیسے : She will have to go willy-nilly ) ۔ (صفت) متلون ؛ مذبذب ؛ غیر مستقل مزاج ؛ پسں و پیش کرنے والا۔

**wilt**, v.i. خشک ہو جانا ؛ مڑا ہُونا یا جھکا ہوا ہونا جیسے مرجھاتا ہوا پھول ؛ پژمردہ ہونا ۔ (مجازاً) طاقت ، قوت اعتماد یا حوصلہ ہار دینا ۔ (فعل متعدی) تھکا دینا ؛ مرجھا دینا ۔ (اسم) مرجھانے کا عمل یا اضمحلال ؛ کمزوری ، ناتوانی۔ (امراضیات) پودوں کی متعدد بیماریوں میں سے کوئی ایک جو اکثر فطر (فنجائی) سے پیدا ہوتی ہیں اور جن کے زیر اثر نمی جذب کرنے کے ناقص نظام کی وجہ سے پودے مرجھا جاتے ہیں یا پتوں کا تناؤ کم ہو جاتا ہے ؛ بعض تتلیوں میں موجود ایک قسم کا وائرس جو جسم میں چرمراہٹ اور سیالیت پیدا کر دیتا ہے۔

**Wilton, Wilton carpet, Wilton rug**, n. انگلستان کا ایک قصبہ جہاں اسی نام کے قالین بنائے جاتے ہیں ؛ خاص قسم کے قالین جن پر اطلس کی طرح کی بُر ہوتی ہے۔

**Wiltshire**, n. انگریزی نسل کی ایک بھیڑ جس کی اون خالص سفید ہوتی ہے ، اس کا سر اور سینگ لمبے اور خم دار ہوتے ہیں۔

**wimble**, n. سوراخ کرنے کا آلہ مثلاً برما ، برمی ، چھوٹا برما ، برمے کا تیز سرا (یا پھالا) ؛ ایک ایسا آلہ جو مختلف برمائے گئے سوراخوں سے غلاظت نکالنے کے کام آتا ہے ، جیسے کان کنی میں ۔ (فعل متعدی) برمے سے سوراخ کرنا یا اس طرح چھید کرنا جیسے برمے سے کیا گیا ہو۔

**wimple**, n. نقاب ؛ تہوں والا نقاب ؛ خواتین کے لیے سر کو ڈھانپنے والا ایک کپڑا جس میں سلوٹیں ڈال کر سر کو ٹھوڑی تک ، چہرہ اور چہرے کے دونوں پہلو مع گردن ڈھانپ لیے جاتے ہیں ، یہ گھر سے باہر نکلنے کے لیے پہنا جاتا تھا اور عموماً راہباؤں کا پہناوا ہوتا تھا ۔ (فعل متعدی) چہرے کو پردے یا نقاب سے ڈھانپ لینا ؛ پردہ کرنا ؛ تہ در تہ ڈھانپنا ؛ موجدار بنانا جیسے پانی کا ؛ لہرانا یا لہریں اُٹھانا ۔ (فعل لازم) تہوں میں رہنا یا تہ در تہ ہونا ؛ لہریں اُٹھنا یا لہرانا (جیسے : a brook that wimples) ۔

**win**, v.i. جیتنا ؛ فتح حاصل ہونا (جیسے : to win in a context ) ؛ کوشش اور جدوجہد سے کوئی خاص مقصد یا غرض حاصل کرنے میں کامیاب ہونا (کبھی کبھی اس کے ساتھ out لگاتے ہیں) ؛ حاصل ہونا (بالعموم ان معنوں میں to, through, out, in, اور ایسے ہی دیگر الفاظ شامل کیے جاتے ہیں) ۔ (فعل متعدی) کوشش سے حاصل کرنا ، مثلاً محنت، مقابلے یا فتح کے ذریعے ،روزی ، انعام ، بدی ہوئی رقم یا شہرت حاصل کرنا ؛ کسی کھیل یا جنگ میں کامیابی حاصل کرنا ؛ اپنا راستہ خود بنا لینا ، جیسے کوشش سے ، اہلیت سے یا ایسی ہی کسی اور وجہ سے ؛ حاصل کرنا یا پہنچ جانا ، کسی نقطے ، مقام یا منزل تک (جیسے : to win the summit of a mountain ) ؛ اثر یا استعداد کی بنا پر کسی کی کرمفرمائی ، محبت ، ہمدردی یا منظوری حاصل کر لینا یا کسی کا دل جیت لینا ؛ کسی کی مہربانی ، شفقت یا پیار حاصل کر لینا،کسی کی ہمدردی اور رضامندی حاصل کر لینا (اس کے ساتھ اکثر over مستعمل ہے ، جیسے : to win over persons opposed to a plan ) ؛ منا لینا ، محبت یا شادی کے لیے ؛ کسی کو قائل کر لینا یا شادی کروا دینا ۔ (کان کنی) کھود کر باہر نکالنا جیسے معدنیات یا کوئلہ ؛ معدن نکالنے کے لیے غریق کا تیار کرنا عمودی سرنگیں کھود کر ۔ (اسم) جیت جانے کا عمل ؛ فتح ؛ کھیل میں جیت ؛ عمل کامیابی ؛ کامرانی ، منافع یا جیت کی رقم ؛ کسی دوڑ میں پہلی پوزیشن بالخصوص گھڑ دوڑ میں۔

**winnable**, a. قابل فتح ؛ جسے جیتا جا سکے۔

**wince**, v.i. جھرجھرانا ؛ گھومنا یا پیچھے دبنا ، جیسے درد کے باعث ؛ اچانک دبک جانا یا پچھلی طرف چل پڑنا ۔ (اسم) دبنے کا فعل ؛ جھرجھری ؛ اچانک گھبراہٹ۔

**winch**, n. ونچ ؛ پہیئے کی چکر کہنی ؛ ایک سامان اٹھانے کی مشین جس میں ایک استوانہ (بیرل یا ڈُرم) دستے سے گھمایا جاتا ہے تا کہ رسا یا زنجیر اس کے اوپر لپٹنے سے سامان اوپر اٹھایا جا سکے ؛ بوجھ اٹھانے کی کل ؛ آہنچہ ؛ دستگیرہ ؛ دستہ ؛ ہتھری ؛ ڈنڈا چرخ ؛ حمالہ ؛ دستے دار ایک گردانہ جس سے ایک دھرے کو گھما کر پیسنے والے پتھر کو حرکت میں لایا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) ہلانا یا اٹھانا ونچ کے ساتھ۔

**wincher**, n. ونچ چلانے والا شخص ؛ ہتھری سے سامان اٹھانے والا ۔

**wind**, n. ہوا ؛ باد ؛ تیز ہوا ؛ آندھی ؛ جھکڑ ؛ ہوا جو اپنی فطری حرکت میں ہو ، بالخصوص افقی بہاؤ میں ؛ ہوا کا ایک جھونکا ؛ ہوا جو مصنوعی طور پر حرکت میں لائی گئی ہو ، مثلاً پنکھے سے ، ہوا کی ایک لہر جو کسی خاص سمت جیسے قطب نما کی چار سمتوں میں سے کسی ایک سے آ رہی ہو ؛ وہ سمت جس طرف سے ہوا آ رہی ہو ؛ تیز رفتار اور ضرر رساں ہوا کا بہاؤ جیسے جھکڑ یا گرد

باد کا ؛ ہوا کی موج جس میں کسی شخص یا حیوان کی بو آ رہی ہو ؛ سانس لینے کی قوت ؛ سانس ؛ خالی یا بے معنی آواز ؛ خودبینی ؛ انتڑیوں سے خارج ہونے والی گیس ۔ (جمع) آرکسٹرا میں شامل پھونک مار کر بجائے جانے والے ساز ؛ ان سازوں کے سازندے ۔ (فعل متعدی) کسی خوشبو کو پہچاننا اور اس کا تعاقب کرنا ؛ کوئی شے سوکھنے کے لیے ہوا میں ڈالنا ؛ چھوٹے چھوٹے سانس لینا ؛ دم لینے کی اجازت دینا جیسے ٹھہرنے یا آرام کرنے سے ۔

**get wind of,** (بول چال) سننا یا اطلاع ہونا ؛ خبر مل جانا ؛ سن گن پانا۔

**have or get the wind up,** (بول چال) ڈر جانا ؛ پھونک نکل جانا ؛ خطرہ محسوس کرنا یا ہیجان میں آنا ؛ پریشان ہونا ۔

**how the wind blows,** (بول چال) عام لوگوں کا رجحان یا خیال ۔

**in the wind,** (بول چال) جو ہو رہا یا ہونے والا ہو۔

**sail close to the wind,** ہوا کے رخ پر یا ہوا کی سمت میں جہاز چلانا ؛ جزرس اور کفایت شعار بننا ؛ احمقانہ خطرہ مول لینا ۔

**wind,** v.i. چکر کھانا ؛ پلٹنا رخ کا ؛ جھکنا یا گھوم جانا؛اکثر گھومتے ہوئے راستے پر چلنا ؛ چکر کھاتے ہوئے چلنا ؛ گول یا مرغولی راستے پر چلنا ؛ کسی شے کے گرد لپٹنا یا چکر کھاتے ہوئے اس پر چڑھنا (جیسے: a vine winds around a pole) ؛ مڑنا یا ٹیڑھا ہونا جیسے کسی تختے کا ؛ گول چکر کھا کر یا بالواسطہ چلنا؛ چابی دیئے جانا جیسے گھڑی کا ۔ (فعل متعدی) موڑنا یا پھرانا (جیسے : to wind a ship to reverse its position)؛ لپیٹنا یا چکر دینا کسی سوت دھاگے یا رسی سے ؛ لپیٹنا یا رکھنا ؛ لپیٹنا یا لچھا بنانا جیسے دھاگے کو نلکی پر ؛ کسی کو لپٹی یا مڑی ہوئی حالت سے باہر نکالنا (اس صورت میں off , from کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ؛ کاتنا، تہ کرنا ، لپیٹنا یا کسی کے گرد رکھ دینا؛کسی مشینی پرزے کو گھما کر یا چکر دے کر کام کرنے کے لیے ٹھیک کرنا (اس کے ساتھ up کا لاحقہ مستعمل ہے جیسے: to wind up a clock) ؛ آہنچے یا بوجھ اُٹھانے والی چرخی کی مدد سے اٹھانا یا لٹکانا یا ایسی ہی کسی اور شے سے وزن اُٹھانا (اکثر up کے ساتھ) ؛ کسی گھومتے ہوئے یا ٹیڑھے میڑھے راستے میں سے اپنی یا کسی شے کی راہ نکالنا ؛ بالواسطہ یا قریب سے راستہ بنانا (جیسے: to wind his way into another's personal business) ۔ (اسم) چکر ؛ موڑ ؛ بل ؛ سطح کو غیر ہموار کرنے والے پیچ و خم ۔

**windable,** a. چکر دینے کے قابل ؛ بل پذیر۔

**wind,** v.t. پھونک مارنا ، جیسے سنکھ یا باجے میں ؛ پھونک مار کر آواز پیدا کرنا ؛ بجانا ۔

**windage,** n. ہوا کے زیر اثر گولی یا میزائل کے رخ کا انحراف ؛ ایسے انحراف کی مقدار یا حد ؛ ہوا کی وجہ سے انحراف کی تلافی کے لیے توپ کے نشانے میں ضروری اصلاح کی مقدار ؛ توپ کے سوراخ اور گولے کے قطر کی پیمایش میں فرق ، تاکہ ہوا کے اخراج اور رگڑ سے بچا جا سکے ؛ مشین کی حرکی حالت میں ہوا کی رگڑ ؛ کسی بھی سریع الحرکت شے کی وجہ سے ہوا میں خلل ۔ (جہاز رانی) جہاز کی سطح کا وہ حصہ جس پر ہوا کا عمل ہوتا ہے ۔

**windbag,** n. (بول چال) لفاظ ؛ بکواسی ؛ باتونی ؛ ایک پُرپیچ گفتگو کرنے والا ؛ ریاکار مقرر جس کی گفتگو میں دلچسپی اور کام کی کوئی بات نہ ہو۔

**windblown,** a. ہوا سے اڑا ہوا یا بکھرا ہوا ؛ موجود ہواؤں کی وجہ سے کسی خاص طریقے پر مڑا ہوا یا اگا ہوا جیسے درخت ؛ عورتوں کے بالوں کا ایک انداز جس میں بال چھوٹے کر کے آگے کی طرف ڈال دیے جاتے ہیں۔

**wind bound,** a. ہوا بستہ ؛ مخالف یا تیز ہوا کی وجہ سے رکا ہوا جہاز یا کشتی۔

**wind break,** n. ہوا روک ؛ درختوں کی باڑ یا دیوار یا کوئی اور تعمیر جو ہوا روکنے کے لیے ہو۔

**Windbreaker,** n. سردی روک جیکٹ ؛ کمر اور کفوں میں الاسٹک اور کالر والی چھوٹی سی جیکٹ جو مضبوط کپڑے یا چمڑے کی بنی ہوتی ہے اور عموماً گھر سے باہر سردی سے بچنے کے لیے پہنی جاتی ہے۔ (تجارتی نشان) ۔

**wind-broken,** a. (بیطاری امراضیات) سانس پھولنا جیسے گھوڑے کا ؛ نفخ الدم کی بیماری والا ۔

**wind burn,** n. بہت زیادہ ہوا میں رہنے کی وجہ سے جلد کی سوجن یا بدرنگی اور تبدیلی ۔

**windburned,** a. ہوا زدہ ؛ ہوا سے جھلسا ہوا۔

**wind chill factor,** n. ہوائی عامل مرض ؛ حرارت کے باعث ہونے والی تکلیف میں اضافہ یا کمی میں ہوا کی رفتار، کا اثر۔

**wind cone,** n. دیکھیے : Windsock

**winded,** a. سانس پھولا ہوا ؛ پھولے ہوئے سانس والا ؛ ہانپتا ہوا۔

**winder,** نلیاں بٹنے والا ؛ دھاگا کاتنے کی مشین ؛ چرخی ؛ نلیاں بٹنے کی مشین یا آلہ ؛ ایک نصبیہ جس میں نلیاں یا نلے بٹے جاتے ہوں ، ریلوں پر دھاگا چڑھایا جاتا ہو ؛ پھرکی ؛ زینہ گرداں ؛ کوئی ایسا سیڑھیوں کا سلسلہ جو گھوم کر اوپر جاتی ہوں ؛ بل دار سیڑھی ؛ ایک کلیدی آلہ یا دستہ جس پر اسپرنگ لپیٹ کر تیار کیے جاتے ہوں۔

**windfall,** n. بادآورد ؛ پھل یا لکڑی ، جو ہوا کی وجہ سے گر کر یا اڑ کر ہاتھ لگے ؛ ٹپکا ؛ کوئی غیر متوقع ترکہ یا خوش قسمتی کا موقع ؛ نعمت غیر مترقبہ۔

**windflaw,** n. آندھی ؛ جھکڑ ؛ بے خبری میں آنے والا ہوا کا شدید طوفان۔

**wind flower,** n. لالہ ؛ شقائق نعمان ؛ کوئی بھی لالہ کی نوع کا پودا ؛ پوست کا پودا۔

**windgall,** n. (بیطاری امراضیات) ہڈا ؛ موتھرا ؛ گھوڑے کے ٹخنے پر رسولی یا سوجن۔

**windgalled,** a. گومڑی دار ؛ سوجن والا۔

**wind gap,** n. پہاڑ کی چوٹی میں ایک کم نشیب جھری یا شگاف جو ندی کی شکل اختیار کرنے کے قابل نہ ہو۔

**wind harp,** n. دیکھیے : Aeolian harp –

**windhover,** n. (طیوریات) شکرا ؛ باز یا عقاب کی ایک قسم۔

**winding,** n. خم ؛ پیچ ؛ چکر یا موڑ ، جیسے کسی راستے یا سڑک کا ؛ مرغولہ ؛ چیز کے گرد کسی شے کا

چکر ؛ اس طرح کا ایک پورا چکر ؛ لپیٹنے والے شخص یا لپیٹنے والی چیز کا عمل ۔ (برق) موصل تار کا لچھا ؛ ایسا لچھا لپیٹنے کا ہنر یا طریقہ ۔ (صفت) پیچ و خم والا ؛ شکن آلودہ ؛ پیچ و خم والا کھاتا ہوا جیسے سڑک یا دریا ؛ مرغولہ نما جیسے سیڑھیاں ۔

**winding sheet,** n. کفن ؛ چادر جس میں لاش لپیٹی جائے ۔

**wind instrument,** n. (موسیقی) ہوا باجا ؛ وہ ساز جو پھونک مار کر بجایا جائے جیسے بنسری ؛ منھ سے بجایا جانے والا ساز ۔

**windjammer,** n. (جہاز رانی) بحری جہاز یا اس کا کوئی ایک ملاح ۔ (عوامی) لفّاظ یا زیادہ بولنے والا شخص ؛ بکّی ۔

**windlass,** n. آہنچہ ؛ حیالہ ؛ بوجھ اٹھانے والی چرخی ، جو مشین یا ہاتھ سے چلائی جاتی ہے ، جس میں ایک افقی بیرل یا ڈرم لگا ہوتا ہے اس پر کسی شے کو اٹھانے کے لیے زنجیر یا رسا لپٹا ہوتا ہے جس سے اس چیز کو باندھ کر اوپر اٹھا لیا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) چرخی سے کسی شے کو اوپر اٹھانا یا کھینچنا ۔

**windlestraw,** n. (برطانوی بولی) ایک قسم کا گھاس ؛ گھاس کی بہت سی قسموں کو دیا گیا نام ؛ گھاس کا ڈنٹھل ، بالخصوص سوکھا ہوا ، جس سے ٹوکریاں یا رسیاں بنائی جاتی ہیں ؛ کوئی کمزور آدمی یا شے ۔

**windmill,** n. پون چکی ؛ ہوا کی چکی ؛ ہوا کے زور سے چلنے والی چکی یا ایسی ہی کوئی مشین جو اناج پیسنے یا پانی نکالنے کا کام دے ، یہ افقی محور پر لگے ہوئے پنکھوں ، بادبانوں یا تختوں اور ہوا کے زور سے ایک گھومتے ہوئے پہیے کی صورت میں چلتی ہے ؛ کوئی اور شے جو شکل و صورت میں پون چکی جیسی یا اس سے مشابہ ہو ؛ سر وانٹے کا لکھا ہوا فرضی کردار ڈان کہاٹے اور اس کے خیالی معرکے جن میں وہ پون چکیوں کو فرضی دشمن ، خیالی شیطان یا جن سمجھ کر ان سے جنگ آزما اور مہم جو ہوتا ہے (جیسے: to fight windmills, to tilt at windmills) ۔

**window,** n. کھڑکی ؛ دریچہ ؛ غرفہ ؛ کسی عمارت کی دیوار یا کشتی کے کمرے وغیرہ میں ایک شگاف جو ہوا یا روشنی یا دونوں کے اندر آنے کی غرض سے بنایا جاتا ہے ، اس کے چوکھٹے میں اوپر نیچے کھسکنے والے دو شیشے لگے پٹ یا کوئی اور چیز جڑی ہوتی ہے جس سے پٹ (دروازہ) بند ہو جاتا ہے ؛ اس قسم کا دروازہ جو چوکھٹے ، پٹوں یا شیشے دار خانوں پر مشتمل ہو ؛ ایسے موکھے کو بند کرنے کے لیے چوکھٹا ، پٹ اور شیشے دار خانے وغیرہ ؛ کھڑکی کا شیشہ ؛ لفافے کا وہ حصہ جو شفاف ہو اور جس میں سے مکتوب الیہ کا پتہ دیکھا جا سکے ۔ (فضائیات) ہوائی جہازوں سے پھینکے جانے والے دھاتوں کے وہ ٹکڑے جو ریڈار میں گڑبڑ پیدا کرتے ہیں ۔ (فعل متعدی) کھڑی یا کھڑکیاں بنانا ۔

**window box,** n. وہ بکسا یا گملا جس میں پودے اگائے جاتے ہیں اور جسے کھڑکی میں یا کھڑکی کے راستے پر رکھ دیا جاتا ہے ؛ کھڑکی کے دونوں طرف چھوڑی ہوئی کھوکھلی جگہ جو پٹوں کو برابر رکھتی ہے ۔

**window dressing,** n. دکان کی کھڑکی میں سجا کر قرینے سے رکھا ہوا فروختنی سامان یا سامان فروخت کو سجانے کا ہنر ؛ بیان یا عمل جس میں ناقابل قبول حقائق کو خوبصورتی سے پیش کیا گیا ہو ۔

**window dresser,** n. نمایش کار ؛ دکان کی کھڑکیوں میں سامان فروخت سجانے والا شخص ۔

**windowpane,** n. شیشے کی تختی جو کھڑکیوں کے پٹ میں لگائی جاتی ہے ۔

**window seat,** n. کھڑکی کے نیچے یا گوشے میں ایک طرف بنی ہوئی نشست ۔

**window shade,** n. کھڑکی کا پردہ ؛ عموماً مضبوط قسم کے مسالے دار کاغذ یا کپڑے سے بنا ہوا کھڑکی کا غلاف جو سپرنگ رولر سے منسلک کر دیا جاتا ہے ۔

**window-shop,** v.i. دکانوں میں چیزوں کا دیکھا جانا ؛ اصل خریداری کرنے کی بجائے دکانوں کی چیزوں کو دیکھ کر خوش ہونا ۔

**window-shopper,** n. دکان کی کھڑکیوں سے چیزوں کا نظارہ کرنے والا ۔

**window sill,** n. کھڑکی کی دہلیز ؛ تل داسا ۔

**windpipe,** n. نرخرہ ؛ سانس لینے کی نالی ۔

**wind-pollinated,** a. (نباتیات) بادزیردار ؛ کسی پھول پر ہوا کی وجہ سے مخالف جنس کے زیرے کا حامل (پھول)۔

**windproof,** a. ہوا روک ؛ ہوا سے محفوظ رکھنے والی (جیسے : a wind proof jacket) ۔

**wind rose,** n. باد نگارش ؛ گل باد ؛ کسی خاص علاقے میں ہوا کے چلنے کی اضافی کثرت اور مختلف سمتوں سے آنے والی ہوا کی اوسط قوت دکھانے والا نقشہ جو بعض اوقات ہوا کی سمت اور دیگر موسمی اثرات کا باہمی تعلق بھی ظاہر کرتا ہے ۔

**windrow,** n. ایسے گھاس یا غلے کے ڈھیروں کی قطار جو ذخیرہ کرنے سے قبل ہوا میں سکھانے کے لیے ڈال دیے جاتے ہیں ؛ ایسی ہی کوئی اور قطار مثلاً غلے یا اناج کے گٹھوں کی جو سوکھنے کے لیے ڈال دیے گئے ہوں ؛ گرد یا خشک پتوں کی قطار جسے ہوا اڑا لے گئی ہو ؛ پودا لگانے کے لیے کھودی گئی گہری تنگ نالی ۔ (فعل متعدی) قطار میں ترتیب دینا ؛ قطاروں میں لگانا ۔

**windrower,** n. قطار میں ترتیب دینے والا شخص ؛ مالی ؛ باغبان ۔

**wind scale,** n. مقیاس الہوا ؛ باد پیما ؛ ہوا کو ناپنے کا آلہ ، جو ہوا کے چلنے کی قوت کو ظاہر کرتا ہے ، جیسا کہ بیوفورٹ کا آلہ باد پیمائی ۔

**wind screen,** n. (برطانوی) ونڈ اسکرین ؛ ہوا روک شیشہ جو موٹر کے آگے لگا ہوتا ہے ۔

**wind shake, cupshake,** n. شگاف صرصر ؛ کسی درخت کے تنے میں وہ نقص یا شگاف جو تیز چلنے والی ہواؤں کی وجہ سے پیدا ہو گیا ہو ؛ ایسے نقائص بحیثیت مجموعی ۔

**wind-shaken,** a. ہوا زدہ ۔

**wind shield,** n. ونڈ شیلڈ ؛ ہوا روک شیشہ ؛ ایک یا بہت سے ٹکڑوں پر مشتمل چوکھٹے میں جڑا ہوا شیشہ جو موٹر گاڑی کے سامنے تختے کے اوپر آگے کو نکلا ہوا ہوتا ہے ؛ کوئی شیلڈ یا شیشہ جو ہوا سے بچنے کے لیے لگایا گیا ہو ۔

**wind sock,** n. ہوا موزہ ؛ کپڑے کی بنی ہوئی ایک آستین نما گاؤ دُم جراب جو بانس کے سرے پر باندھ دی جاتی ہے اور اس میں ہوا گزرنے سے یہ ہوا کے رخ پر ہو جاتی ہے ۔

**Windsor chair,** n. ونڈسر کرسی ؛ مکمل لکڑی کی بنی ہوئی سادہ سی مضبوط کرسی ، جو انگلستان میں اٹھارھویں صدی میں بہت مقبول تھی ، اس کی آگے نکلی ہوئی ترچھی ٹانگیں اور گھومنے والی پشت ہوتی تھی ۔

**Windsor knot,** n. ونڈ سر گرہ ؛ نکٹائی میں لگائی جانے والی ایک چوڑی مگر ڈھیلی پھسلنے والی گرہ جس کی وجہ سے نکٹائی کے دونوں سرے سامنے لٹکتے رہتے ہیں ۔

**Windsor tie,** n. ونڈسر ٹائی ؛ ایک چوڑی ٹائی جو بالعموم وتری کاٹ کے کالے ریشم کی بنی ہوتی ہے اور بطور بو استعمال ہوتی ہے ۔

**wind sprint,** n. مشقی دوڑ ؛ صرف مشق کے طور پر لگائی جانے والی دوڑ جس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ سخت مشقت اور مشق کے دوران طبعی طور پر سانس برقرار رکھنے کی اہلیت پیدا ہو جائے ، خصوصاً کھیلوں وغیرہ کے دوران۔

**wind storm,** n. تندوتیز ہوا کا طوفان جس میں بارش وغیرہ نہ ہو۔

**wind-sucking, cribbing, crib-biting,** n. (بیطاری امراضیات) گھوڑوں کا ایک مرض ، جس میں وہ چارا کھانے کے دوران بہت سی ہوا پیٹ میں بھر لیتے ہیں ۔

**wind-sucker,** n. مریض گھوڑا ؛ باد زدہ گھوڑا ؛ ریح زدہ گھوڑا ؛ ریاح مارا گھوڑا۔

**wind-swept,** a. ہوا زدہ ؛ ایسا شخص یا شے جو کھلی ہوا میں چھوڑ دی گئی ہو یا اس کے زیر اثر ہو۔

**wind tee,** n. ایک T شکل کا بڑا سا مرغ بادنما جو ہوائی اڈوں کے قریب یا ان پر نصب ہوتا ہے۔

**wind tunnel,** n. (طیرانیات) سرنگ باد ؛ ایک لمبا کمرہ جس میں منتخب مختلف رفتاروں کی ہوا کو گزارا جاتا ہے تا کہ اشیا کی ہوا قوا حرکی خصوصیات کا جائزہ لیا جا سکے ، مثلاً ہوائی جہازوں کے ماڈلوں اور پرزوں کی۔

**wind up,** v.t. ختم کر دینا ؛ انجام کو پہنچا دینا یا آخری تصفیے تک پہنچانا۔ (فعل لازم) کسی نتیجے پر یا آخری تصفیے تک پہنچنا۔ (بیس بال) گیند پھینکنے کے لیے بازو کا گھومنا ۔ (بول چال) کسی مقام ، کیفیت یا حالت تک پہنچ جانا۔

**windup,** n. خاتمے یا انجام تک پہنچنے کا عمل ؛ آخری یا اختتامی حصہ یا ایکٹ۔ (بیس بال) گیند پھینکنے سے پہلے بازو یا جسم کی حرکات۔

**windward,** n. باد رخ ؛ ہوا رخ ؛ وہ نقطہ ، مقام یا سمت جس طرف سے ہوا چل رہی ہو۔ (صفت) ہوا رخ ۔ (متعلق فعل) ہوا کی طرف ؛ ہوا کے خلاف ؛ ہوا کے برعکس۔

**to windward,** موافق صورت حال میں۔

**windway,** n. ہوا کے لیے راستہ؛ ہوائی راستہ ؛ روشن دان۔

**windy,** a. جہاں تیز ہوا چل رہی ہو؛ ہوا کے راستے میں یا ہوا کے سامنے؛ ہوا زدہ؛ ہوا کی طرح ؛ خالی یا بے مغز؛ لفّاظ یا بہت زیادہ اور لچھے دار گفتگو کا عادی؛ بادی پن یا ریاح کا شکار۔

**windily,** adv. تیز ہوا کے ساتھ ؛ بادی پن سے ؛ لفاظی سے۔

**windiness,** n. بادی پن ؛ لفاظی ؛ ہوا کی تیزی ۔

**wine,** n. انگوری شراب ؛ بادہ عنبی ؛ انگریزی شراب ؛ انگور کا خمیر کردہ رس ، جس میں پندرہ فی صد تک الکحل کی مقدار ہو ، مشروب کے طور پر اور کھانا پکانے میں مستعمل ہے ؛ دوسرے پھلوں یا پودوں کا رس ، خمیر شدہ یا غیر خمیر کردہ جو بطور مشروب مستعمل ہے ؛ گہرا سرخ رنگ جیسا کہ بعض سرخ شرابوں کا ہوتا ہے ۔ (مجازاً) قوت بخش ، مسرور کن یا شراب کی طرح کیف آور اشیا ۔ (دوا سازی) طبی شراب ۔ (فعل متعدی) شراب مہیا کرنا یا شراب کی دعوت کرنا بالعموم wine and dine کی صورت میں (جیسے : He wined and dined his visiting relatives ) ۔ (فعل لازم) شراب کا پیا جانا ۔

**wine cellar,** n. شراب کا گودام ؛ تہ خانہ ؛ ذخیرہ شدہ شراب ۔

**wine-cooler,** n. آرایشی بالٹی یا کوئی ایسا ظرف جس میں شراب کی بوتلیں ٹھنڈی کرنے کے لیے رکھی جاتی ہیں ۔

**wine glass,** n. جام ؛ شراب کا گلاس یا پیمانہ ؛ ساغر ، جو شراب نوشی میں استعمال ہوتا ہے ۔

**wine grower,** n. انگور کی کاشت کرنے والا یا جو شخص شراب بناتا ہو ؛ شراب بنانے والا ۔

**wine palm,** n. مختلف انواع کے کھجور کے درخت جن کے رس یا شیرے سے شراب بنتی ہے ۔

**wine press, wine presser,** n. عرق انگور نکالنے کی مشین ؛ ایسی مشین جس کی مدد سے انگوروں کا رس نچوڑا جاتاہے ۔

**winery,** n. شراب سازی کا کارخانہ ۔

**wineshop,** n. دکان یا شراب خانہ جہاں شراب بکتی ہے ؛ میکدہ ۔

**wineskin,** n. شراب کا مشکیزہ ؛ بکری یا سور کی پوری کھال کا بنایا ہوا مشکیزہ جس میں شراب رکھی جاتی ہے ، مشرقی ممالک میں بالعموم مستعمل ہے ۔

**winetaster,** n. وہ شخص جو چکھ کر شراب کی خوبی بتانے کا ماہر ہو۔

**wing,** n. پرندوں کے بازو ؛ پنکھ ؛ پروبال ؛ جناح ؛ بہت سے پرندوں اور چمگادڑوں کے ہر دو یا ان میں کوئی ایک اگلے نوکدار ، باہر نکلے ہوئے ، شانوں کے محراب یا کندھوں کے حلقے ، جو اگلے بازوؤں کا کام دیتے ہیں اور انسانی بازوؤں کے مقابلے میں پرند کو فراہم کیے گئے ہیں مگر اڑنے کے کام آتے ہیں ؛ بعض دیگر پرندوں میں بھی موجود ایسے حصے جو کام نہیں کرتے ؛ بہت سے جانوروں میں مماثل مگر ساخت کے لحاظ سے مختلف ملحقات جن کی وجہ سے حشرات اڑتے ہیں ؛ کوئی شے جو پروں سے مشابہ یا ان جیسی ہو ، جیسا کہ مرغ باد نما یا پون چکیوں کے پر ؛ کوئی ایسا اوزار یا ذریعہ جو اڑنے ، سفر کرنے ، آگے بڑھنے کے لیے ہو ؛ اڑنے کا عمل یا طریق ؛ کسی سیاسی جماعت یا تنظیم میں ایک گروہ ۔ (نباتیات) پتوں کی طرح کا کوئی بھی پھیلاؤ ، جیسا کہ ثمارہ یا ثمر دیودار کا ؛ باقلیہ کے پھولوں کی دونوں اطراف کی پتیاں ۔ (فن تعمیر) عمارت کا کوئی حصہ جو ایک طرف کو بڑھا ہوا ہو یا بڑے یا مرکزی حصے کا ذیلی ہو ۔ (طیرانیات) کسی ہوائی جہاز کے اصل ڈھانچے کی ایک طرف کا حصّہ ۔ (عسکری) کسی

فوج یا بحری بیڑے کے دونوں اطراف میں سے ایک طرف کا دستہ بالعموم جسے دایاں یا بایاں حصہ (میمنہ اور میسرہ) کہا جاتا ہے اور اسے مرکز سے علیحدہ متمیز کیا جاتا ہے ۔ (فرنیچر) آرام کرسی کے آگے بڑھے ہوئے حصے کا ایک پہلو ۔ (بول چال) انسان کا بازو، بالخصوص وہ جو بیس بال کھیلنے کے لیے استعمال ہو ۔ (تھیٹر) اسٹیج کے دونوں طرف کی جگہ ؛ نظارے کا تنگ اور طویل پہلوی حصہ ۔ (کھیل) کھلاڑی یا جگہ جو مرکزی جگہ یا خط کے دونوں طرف ہو ۔ (تشریح الاعضا) بازو ؛ ناک کا ایک نتھنا ۔ (برطانوی) خودکار گاڑیوں کا حفاظتی جنگلا ۔ (فعل متعدی) کسی شے کو پر لگانا ؛ اڑنے کے قابل بنانا ؛ پروں سے اڑان کرنا ؛ اڑ کر جانا ؛ پر نما حصے مہیا کرنا ؛ پروں کو زخمی یا بیکار کر دینا خفیف طور پر زخمی کرنا ۔ (فعل لازم) پروں پر اڑنا ؛ ہوائی جہاز کا سفر ہونا ؛ اڑنا ۔

**on the wing,** دوران پرواز ؛ دوران حرکت ؛ پرواز میں یا حرکت میں ؛ ہوائی سفر میں ۔

**take wing,** اڑنا ؛ جلدی سے رخصت ہو جانا ؛ پر لگ جانا ۔

**under one's wing,** کسی کی پناہ یا حفاظت میں ۔

**wing like, a.** پرنما ؛ پروں کا سا ۔

**wing and wing, adv.** (جہاز رانی) دونوں اطراف میں پھیلے ہوئے بادبان ۔

**wingback, n.** (فٹ بال) فٹ بال کے کھیل میں وہ کھلاڑی ، جو میدان کے عقبی حصے میں ایک طرف کھڑا کیا جاتا ہے ؛ اس عقبی کھلاڑی کا مقام ۔

**wingbow, n.** (طیوریات) کسی پرندے کے پروں کے خم پر کوئی نمایاں نشان یا رنگ ۔

**wing case, wing cover, n.** (حشریات) غلاف پر ؛ بھنورے اور دوسرے حشرات کے جسم کا وہ سخت غلاف جس سے ان کے بازو ڈھکے رہتے ہیں ؛ پرپوش ۔

**wing chair, n.** ایک بڑی مڑھی ہوئی آرام کرسی جس کے پر نما پہلو باہر نکلے ہوئے ہوتے ہیں ؛ آرام کرسی ؛ پہلو دار کرسی ۔

**wing coverts, n.** (طیوریات) (جمع) جناح پوش ؛ بازو پوش ؛ بال و پر جو پرندوں کے شاہ پروں کو ڈھانپتے ہیں ۔

**wing-ding, whing ding, n.** (عوامی) کسی تقریب پر بالعموم بڑے وسیع پیمانے کا ایک معاشرتی اجتماع جس میں شرکا کے اظہار مسرت کا شوروغل یادگار بن گیا ہو ۔

**winged, a.** پروں والا ؛ تیز ؛ سریع پرواز ؛ جلد گزر جانے والا ؛ بلند ؛ مغرور ۔ (نباتیات) جس کے حصے پرنما ہوں (جیسے :Winged seed) ۔

**wing-footed, a.** تیز رو ؛ صبا رفتار ۔

**wingless, a.** نامکمل ؛ بے پر ؛ بے بال و پر ؛ بے بازو یا پنکھ کا ۔

**winglet, n.** ایک چھوٹا سا پر یا پنکھ ؛ کسی پرندے کا زائد پر ۔

**wing loading, wing load, n.** (طیرانیات) ہوائی جہاز کے وزن برداشت کرنے کا تجزیہ ، جو کل وزن کو پروں کے رقبے پر تقسیم کر کے حاصل ہوتا ہے ۔

**wing nut, n.** پر دار ڈھبری ؛ ایسی ڈھبری جس کے چھوٹے پر یا حصے ہوتے ہیں ، جن کی وجہ سے اسے ہاتھ کی انگلی اور انگوٹھے سے بہ آسانی پکڑا جا سکتا ہے ۔

**wingover, n.** (ہوا بازی) پر بالا ؛ جہاز کی ایسی اڑان جس میں وہ انتہائی تیزی سے بلندی کی طرف اڑتا ہے تو وہاں تقریباً یوں معلوم ہوتا ہے جیسا ایک جگہ ٹھہرا ہوا ہو اور اس کا اگلا حصہ نیچے کی طرف جھکا ہوا ہوتا ہے، اس حالت میں جہاز کو آدھا چکر دے کر غوطہ کھلایا جاتا ہے جس سے نکلنے کے بعد جہاز الٹی سمت میں طبعی پرواز شروع کر دیتا ہے ۔

**wings, Aviation badge, n.** (جمع) (ہوا بازی) وردی کا نشان ؛ دھات کا بنا ہوا ایک نشان جو وردی پر لگایا جاتا ہے ، جس کے دونوں کناروں پر پھیلے ہوئے روپہلی پر ہوتے ہیں اور مرکز میں نمایاں نشانات بنے ہوتے ہیں جو متعلقہ شخص کی نمایاں خدمات اور درجہ ظاہر کرتے ہیں ۔

**wing shooting, n.** نشانہ بازی ؛ اڑتے ہوئے پرندوں یا دیگر ہدفوں کا نشانہ لینے کا عمل یا مشق ۔

**wingspan, n.** وسعت پر ؛ ہوائی جہاز کے پروں کا درمیانی فاصلہ ؛ ایک پر کے آخری کنارے سے لے کر دوسرے پر کے آخری کنارے تک کا فاصلہ ۔

**wingspread, n.** پر پھیلاؤ ؛ پروں کا زیادہ سے زیادہ فاصلہ جب کہ وہ پوری طرح کھلے یا پھیلے ہوئے ہوں جیسے پرندوں یا دیگر پردار جانوروں کے بازو یا جیسے ہوائی جہاز کے پنکھ ۔

**wing tip, n.** وہ ٹوپی ،غلاف جو جوتے کے اگلے حصے پر لگا ہوتا ہے جس میں بعض اوقات سوراخ دار نقوش ہوتے ہیں جو ایک مرکزی نقطے سے پہلوؤں کی طرف جاتے ہیں ؛ ایسی ٹوپی والا جوتا ۔

**wingy, n.** جس کے پر ہوں یا پروں جیسی کوئی اور چیز ہو ؛ تیز ؛ پردار ؛ جناحی ۔

**wink, v.t., v.i.** پلک جھپکانا ؛ اشارہ ہونا ؛ اشارے یا علامت کے طور پر بار بار پلک جھپکنا ؛ غیر ارادی طور پر جلد جلد پلک جھپکنا ؛ چمکنا یا جھلملانا ؛ ایک آنکھ یا دونوں آنکھیں جلد جلد بند کرنا اور کھولنا ؛ آنکھوں کو بند کر کے یا کھول کر ابلاغ یا اشارہ کرنا ؛ آنکھیں جھپکا کر پرے کرنا یا چلانا (اس صورت میں back and away ساتھ لگائے جاتے ہیں ، جیسے :to wink away the tears ) ۔ (اسم) آنکھ جھپکنے کا عمل ؛ آنکھ جھپکنے کے لیے ضروری وقت ؛ ایک لمحہ ؛ اشارہ یا علامت جو آنکھ مارنے یا جھپکانے سے کیا گیا ہو ؛ چشمک ؛ جھپک ۔ (بول چال) مختصر نیند ؛ جھپکی ۔

**winkat,** جان بوجھ کر نظر انداز کرنا ، جیسے بدعنوانی یا جرم میں اعانت ۔

**winker, n.** وہ جو آنکھ جھپکتا ہو ؛ چشمک زن ؛ گھوڑے کی آنکھوں پر باندھنے والی پٹی یا کھوپے ؛ جلنے بجھنے والا ۔ (بول چال) آنکھ کی پلکیں یا ایک آنکھ ۔

**winkle, n.** خوردنی گھونگا ؛ صدفیہ ؛ بحری گھونگوں میں سے کوئی ایک ۔

**winkle, v.t.** نکالنا ، علیحدہ کرنا ، نکال دینا (بالعموم out کے ساتھ ، جیسے : the test run winkled out the defects in the engine ) ۔

**winner, n.** جیتنے والا شخص ؛ فاتح یا مردِ میدان ۔

**winner's circle, n.** انعامی میدان ؛ دوڑ کے میدانوں میں ایک چھوٹی سی جگہ جہاں پر جیتنے والے گھوڑوں اور شاہسواروں کو انعامات دیے جاتے ہیں اور ان کی تصویریں بنائی جاتی ہیں ۔

**winterberry,** n. گُل خطمی خاندان کی شمالی امریکا میں اُگنے والی جھاڑی (شربتہ الراعی پودے) جن کے ساتھ سرخ رنگ کی گوندنیاں لگتی ہیں اور سردیوں بھر رہتی ہیں ؛ شمالی امریکا کا سدا بہار پودا ''چکنی گُل خطمی'' اِس کا تعلق شربتہ الراعی خاندان سے ہے ، جس کے ساتھ لگنے والا بیری کا پھل سیاہ رنگت کا ہوتا ہے نیز: ink berry ۔

**winterbourne,** n. سرمائی نالہ ؛ ایک ایسی ندی جو صرف اس وقت بہتی ہے جب اُس کے منبع میں زیادہ بارش ہو اور پانی کی افراط ہو جائے بالخصوص موسم سرما کی بارشوں میں ۔

**winter crookneck,** n. ایک قسم کا کدو ، جس کا گلا لمبا اور خم دار ہوتا ہے ، شمالی امریکا کے بحر اوقیانوس کے ساحلوں پر اُگتا ہے اور موسم خزاں کے آخر میں پکتا ہے ۔

**winter flounder,** n. ایک قسم کی خوردنی مچھلی ، جو شمالی امریکا کے اوقیانوسی سواحل پر پائی جاتی ہے ۔

**wintergreen, cheeker berry,** n. امریکا میں پائی جانے والی خلنج خاندان کی سدابہار جھاڑی جس کے ساتھ گہرے سرخ رنگ کی بیریاں لگتی ہیں اور جن سے ایک خوشبودار تیل نکلتا ہے جو اکثر اشیائے خوردنی اور ادویات میں استعمال ہوتا ہے ؛ اسی خاندان کے ان سے ملتے جلتے دیگر پودے ۔

**winterize,** v.t. کسی شے کو سرد موسم کے لیے تیار رکھنا ، مثلاً گاڑی کو ، گاڑی کے ریڈیٹر میں پانی کو انجماد سے روکنے کے لیے مرکب کا استعمال کرنا یا پانی میں ایسی اشیا کا اضافہ کرنا جو اسے جمنے نہ دیں ۔

**winterizatio. ,** n. موسم سرما کی تیاری ۔

**winterkill,** v.t., v.i. سردی کی شدت سے مر جانا جیسے گندم کا ؛ سردی سے مرنا ۔ (اسم) سردی مرگ ۔

**winterly,** a. سرد ؛ بے لطف ؛ پژمردہ ۔

**winter melon,** n. سرمائی خربوزہ ؛ سردا ؛ بڑے حجم کا میٹھا سرمائی خربوزہ جو موسم سرما میں خراب نہیں ہوتا ۔

**winter squash,** n. سرمائی کدوؤں میں سے کوئی ایک کدو جو خزاں میں بیل سے اترتا ہے ، جو مغز دار اور گودے دار انواع سے متعلق ہے ۔

**wintertide,** n. (شاعری) موسم سرما ؛ جاڑا ۔

**wintry, wintery,** a. جاڑے کا ؛ سرد ؛ سرما میں مناسب یا سرمائی اوصاف کا حامل ؛ پھیکا ؛ بے لُطف ؛ سردمہر یا جوش سے خالی ۔

**wintrily,** adv. سرد مہری سے ؛ بے لطفی سے ؛ روکھے پن سے ۔

**wintriness,** n. سرد مہری ؛ بے لطفی ؛ سردی ؛ رُوکھا پن ۔

**winy,** a. شراب کی خصوصیت والا یا اس سے مشابہ ۔

**winze,** n. (کان کنی) ایک چھوٹا ڈُھرا جو اکثر خم دار ہوتا ہے اور اُسے ایک سطح سے دُوسری سطح تک زمین میں داخل کیا جاتا ہے ۔

**wipe,** v.t. پونچھنا ؛ مٹانا ؛ دھو ڈالنا ؛ صاف یا خشک کرنے کے لیے کسی کپڑے ، تولیے ، کاغذ یا صرف ہاتھ سے سطح کو آہستہ سے رگڑنا ؛ کسی شے کو رگڑ کر صاف کرنا (اِس کے لیے بالعموم away اور off مستعمل ہیں ، جیسے: to wipe away tears) ؛ مٹانا یا محو کر دینا ، جیسے صفحۂ ہستی یا ذہن سے ؛ رگڑنا یا دور کر دینا ، کسی سطح پر سے کچھ جیسا کہ صفائی کرتے ہوئے یا خشک کرتے

**winning,** n. جیت ؛ جیتنے کا عمل (بالعموم جمع کے صیغے میں مستعمل ) ،رقم جو کوئی مقابلہ یا معرکہ جیت کر ہاتھ آئی ہو (جیسے : golf tournament winnings ) ۔ (کان کنی) نئی کان ؛ کان کا وہ حصہ جہاں کام جاری کرنے کے لیے تیاری مکمل ہو چکی ہو۔ (صفت) دوسروں کے مقابلے میں کامیاب ہونے والا (جیسے : a winning season ) ؛ دلکش اور دلربا (جیسے : a winning manner ) ۔

**winningly,** adv. دلکش طریقے سے ؛ دلبرانہ ۔

**winnow,** v.t. علیحدہ کرنا ، اناج کو ہوا میں اچھال کر یا ہوا کے زور سے ؛ پنکھا کرنا ؛ پنکھے سے چھان کو ہٹانا یا اڑا دینا ؛ چھاج سے بھوسہ الگ کرنا ؛ علیحدہ علیحدہ کرنے یا ان میں تمیز قائم کرنے کے لیے کوئی تجویز زیر عمل لانا ؛ پچھوڑنا ؛ کسی چیز کا تنقیدی تجزیہ کرنا ؛ چھاننا (جیسے : to winnow a mass of statements )؛ اچھائی کو برائی سے متمیز کرنا یا علیحدہ کرنا (اکثر out کے لاحقے کے ساتھ) ؛ حرکت دینا یا ہلانا جیسے ہوا کو دوران پرواز پروں کے ساتھ ؛ پروں کو ہلا کر کسی راستے پر سفر کرنا ۔ (فعل لازم) ہوا یا پنکھے کی ہوا سے اناج اور بھوسی کا علیحدہ ہونا ؛ پروں کو پھڑپھڑا کر اڑنا ؛ پر جھاڑنا ۔ (اسم) غلہ صاف کرنے کے لیے ایک اوزار یا آلہ ؛چھاج ؛ چھلنا ؛ پچھوڑ ؛ غلہ صاف کرنے کا عمل ۔

**winnower,** n. غلہ پچھوڑنے کی مشین ۔

**wino,** n. (عوامی) سستی شراب (ٹھرا) پی کر ہمیشہ مدہوش رہنے والا ۔

**winsome,** a. ہنس مکھ ؛ دل آویز ؛ دلکش ؛ دلربا ؛ خوشگوار ؛ دلفریب ۔

**winsomely,** adv. دلکش طریقے سے ؛ دلربائی سے ؛ دلاویزی سے ؛ دلبری کے ساتھ ۔

**winsomeness,** n. دلکشی ؛ دلاویزی ؛ دلربائی ؛ دلبری ۔

**winter,** n. جاڑا ؛ سرما ؛ زمستان ؛ سال کا سرد موسم ، جو شمالی ارض بلد کے علاقوں میں سرمائی انقلاب شمسی اور اعتدال ربیعی کے درمیانی عرصہ پر محیط ہے ، جو تقریباً دسمبر ، جنوری اور فروری کے مہینوں پر منطبق ہے ؛ ایک ایسا دورانیہ جو زوال ، تنزل اور پژمردگی سے عبارت ہوتا ہے ؛ زندگی کا ایک سال (جیسے : a woman of seventy winters ) ۔ (صفت) سرما سے متعلق یا سرما میں وقوع ہونے والا ؛ایسی نباتات جو خزاں کے دوران کاشت کی جاتی (جیسے : winter wheat ) ؛ ربیعی ؛اساڑھی ۔ (فعل لازم) سردیاں گزارنا (جیسے : to winter in the south )۔ (فعل متعدی) سرما میں خوراک اور حفاظت کا خیال کرنا مثلاً جانوروں کی یا پودوں کی ۔

**winterer,** n. جنوب میں سردی گزارنے والا ؛ شخص یا پرندہ جو جاڑوں میں سرد شمالی علاقوں سے گرم جنوبی علاقوں کو منتقل ہو جاتا ہے ۔

**winterish,** a. سرد ؛ ٹھنڈا ؛ زمستانی ۔

**winterless,** a. جس میں جاڑا نہ ہو ؛ بغیر جاڑے والا ؛ گلابی جاڑے سے متعلق ۔

**winter aconite,** n. یورپ اور ایشیا میں پستہ قد اُگنے والی جڑی بوٹی جس کا تعلق گل اشرفی کے خاندان سے ہے ، یہ گہرے زرد رنگ کے پھولوں کی وجہ سے کاشت کی جاتی ہے جو سردی کے آخر اور بہار کے آغاز میں کھلتے ہیں ۔

ہونے ۔ (نل کاری) جوڑنا یا ٹانکا لگانا ۔ (اسم) پونچھنے کا عمل ؛ ایک چیز کی دوسری چیز کے ساتھ رگڑ ۔ (بول چال) مذاق ۔ (عوامی) رومال ۔ (مشین) صاف کرنے والا پرزہ ؛ پانی ہٹانے یا خشک کرنے والا پُرزہ جو موٹر کے سامنے شیشہ صاف کرتا ہے ۔

**wipe out,** پوری طرح سے ختم کر دینا ؛ تباہ کر دینا ۔ (عوامی) قتل کر دینا ۔

**wiper, n.** صاف کرنے والا شخص یا کوئی شے ؛ وائپر ؛ صافی ؛ جس سے کوئی شے صاف کی جائے ، مثلاً تولیہ یا رومال ۔ (مشین) کسی گھومنے والے محور پر آگے بڑھا ہوا میکانکی پرزہ جو کسی دوسری چیز کو اوپر اٹھانے کے لیے اس پر عمل کرے تاکہ بعد میں وہ چیز خود بخود اپنے وزن کی وجہ سے نیچے گر جائے ۔ (برق) کسی برقی مشین میں کوئی حرکت پذیر پُرزہ جو سرا پیچ کے ساتھ بطور انسلاک کام دیتا ہے ۔

**wire, n.** تار ؛ تار برقی ؛ لچکدار دھات کا دھاگا نما تار ؛ ایک باریک ، نازک سُوت یا ریشہ یا دھات کی سلاخ جن کی موٹائی اور طوالت مختلف ہو ؛ دھات کے بنے ہوئے یہ دھاگے یا تار مجموعی طور پر ؛ تار برقی ؛ ٹیلی گراف یا ٹیلی فون کے تار ؛ تار جو برقی قوت کی ترسیل کے کام آتے ہیں ۔ (بول چال) برقیہ ؛ پیغام رسانی بذریعہ تار ؛ کوئی شے جو تار سے بنی ہو ، مثلاً باڑ یا رکاوٹ ؛ جال یا پنجرہ ؛ دوڑ کے میدان میں خاتمے کے مقام پر نصب شدہ تار ؛ دھات کی جالی جو کاغذ بنانے کی مشین میں استعمال ہوتی ہے ۔ (جمع) پُتلیوں کے تماشے میں تاروں کا گچھا یا جال جو پتلیوں کو نچانے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔ (صفت) تار سے مشابہ یا اس سے متعلق ۔ (فِعل متعدی) تار سے باندھنا یا کسنا ؛ تار مہیا کرنا یا لگانا ۔ (بول چال) بذریعہ تار پیغام بھیجنا یا تار ارسال کرنا ۔ (فعل لازم) (بول چال) تار دینا ۔

**pull wires,** (بول چال) دوسروں کو متاثر کرنے یا اپنے قابو میں لانے کے لیے خُفیہ اور ناپسندیدہ طریقِ کار اختیار کرنا ۔

**under the wire,** (بول چال) بالکل آخری لمحات میں ؛ آخری وقت پر ۔

**wireable, a.** تار لگنے کے قابل ۔

**wirelike, a.** تار نما ؛ تار کا سا ؛ تار کی طرح ۔

**wire cloth, n.** تار کی جالی ؛ ایک عمدہ اور باریک تاروں سے بنا ہُوا کپڑا یا جال جو کاغذ سازی میں استعمال ہوتا ہے ، جالیاں اور چھلنیاں وغیرہ بنانے میں بھی استعمال ہوتا ہے ۔

**wire coat, n.** کُتّوں کی متعدد نسلوں کے گھنے اور سخت بال ۔

**wired, a.** تار کا یا تار سے بنا ہوا ؛ تار بستہ ؛ جس میں تار سے گانٹھ لگائی گئی ہو ؛ تار سے لیس جیسے بجلی کے کام کے لیے ؛ تار کی مدد سے مزید مضبوط کی ہوئی جیسے فرنیچر کی کوئی چیز ۔

**wiredraw, v.t.** دھات سے تار بنانا جیسے دھات کے ٹکڑوں کو مختلف سوراخوں میں سے گزار کر ہر دفعہ سوراخ کو چھوٹا کرتے جانا ؛ کھینچنا یا طُول دینا جیسے کسی بحث کو تفصیلات کے ساتھ ۔

**wiredrawer, n.** تار بنانے والا ؛ تار کھینچنے والا ؛ تارکش ۔

**wiredrawing, n.** تارکشی ؛ ملائم دھاتوں سے تار بنانے کا ہُنر یا فن ؛ تار بنانے کا پیشہ ؛ کِسی دلیل یا استدلال کو طول دینے اور اُسے مفروضات اور لاحاصل تفصیلات میں اُلجھانے کا عمل ۔

**wiredrawn, a.** تار کی طرح طویل یا کھینچا ہُوا ؛ بہت زیادہ باریک اور ملائم ؛ طویل ؛ پیچیدہ تفصیلات والا ۔

**wire gauge, n.** تار ناپ ؛ تار کی موٹائی ناپنے کا مسلّمہ معیار ؛ ایک پترا یا تھالی ، جس میں تار کا قطر ناپنے کے لیے متعدد سوراخ بنے ہوئے ہوتے ہیں ۔

**wire gauze, n.** گاڑھی جالی ؛ باریک تار سے بُنی ہوئی گھنی جالی ۔

**wire glass, n.** شیشے کا گلاس جس میں دورانِ تیاری لوہے کی جالی ڈال دی جاتی ہے تاکہ وہ مضبوط رہے ۔

**wire grass, n.** (نباتیات) یورپ کی چراگاہی گھاس جس کے ریشے تاروں کی طرح ہوتے ہیں ، مشرقی امریکا میں اگائی گئی اس نوع کی کوئی گھاس ۔

**wire-haired, a.** جس کے بال تاروں جیسے کُھردرے اور سخت ہوں (جیسے : wire-haired terrier ) ۔

**wirehair, wire-haired terrier, n.** لومڑی نما کتا جس کے بال تاروں کی طرح سخت اور کُھردرے ہوتے ہیں ۔

**wire-haired pointing griffon, n.** میانے قد کا یورپی پالتو کتّا جس کی کھال پر کھردرے تار جیسے سخت اور بھورے رنگ کے بال ہوتے ہیں اور جسے پرندوں کا شکار کرنے میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

**wireless, a.** بے تار ؛ جس میں تار نہ ہو ؛ لاسلکی ؛ جو تار یا تاروں کے بغیر کام کر سکے ، بالخصوص تار اور ٹیلیفون کے نظاموں میں جس میں پیغامات برقناطیسی امواج کے ذریعے ارسال کیے جاتے ہیں ۔ (برطانوی) ریڈیائی ۔ (اسم) لاسلکی تار یا ٹیلیفون کا نظام ؛ بغیر تار کے ٹیلیفون یا تار کا نظام ؛ لاسلکی پیغام ۔ (برطانوی) ریڈیو سیٹ ۔ (فعل لازم و متعدی) لاسلکی نظام کے ذریعے رابطہ قائم کرنا یا ہونا ۔

**wireless telegraphy, n.** لاسلکی پیام رسانی ؛ برقناطیسی امواج کے ذریعے تاروں کی ترسیل ۔

**wireless telephone, n.** دیکھیے : Radiotelephone ۔

**wireman, n.** مستری ؛ وائر مَین ؛ لائن مین ؛ نظامہائے تار برقی ، ٹیلی فون اور بجلی وغیرہ کی تاریں نصب کرنے والا یا ان کی مرمت کرنے والا کاریگر ۔

**wire netting, n.** تاروں کی جالی ؛ باریک تاروں کی مہین نازک سی جالی جو ہلکی قسم کی باڑ یا جنگلا لگانے ، پردے کی طور پر آویزاں کرنے یا کسی ایسے ہی کام کے لیے استعمال کی جائے ۔

**Wirephoto, n.** ایک ایسی مشین یا نظام جس کے ذریعے دور دراز علاقوں میں بذریعہ تار برقی تصویروں کی ترسیل ہوتی ہے ؛ اس نظام کے ذریعے ارسال کردہ تصویر ۔ (تجارتی نشان) ۔ (چھوٹے w سے ، فعل متعدی) تار برقی کے ذریعے تصویر کی ترسیل کرنا ۔

**wirepuller, n.** خفیہ اثرات سے کام لینے والا ؛ وہ شخص جو تار کھینچتا ہو ، مثلاً پتلیوں کے تار ؛ وہ شخص جو خفیہ طور پر یا فریب دہ طریقوں سے دوسروں کے اعمال پر اثر پذیر ہوتا ہے ؛ چال باز شخص؛ ریشہ دوانی کرنے والا ۔

**wirepulling, n.** ریشہ دوانی ؛ چالبازی ؛ جوڑ توڑ ۔

**wirer, n.** شکاری جو تاروں کے بنے ہوئے جال کی مدد سے جانوروں کو پھنسا کر شکار کرتا ہو ؛ وہ شخص جو تار دیتا ہو یا تار کو اپنے پیشے میں استعمال کرتا ہو ۔

**wire recorder, n.** (برقیات) تار صوت بند آلہ ؛ ایک آلہ جس کے ذریعے حرکت پذیر مقناطیسی فولادی تار پر صوت بندی کی جاتی ہے اور جب تار آواز گیر میں سے گزرتی ہے تو صوت بند پیغام سنا جا سکتا ہے ۔

**wire recording, n.** تار صوت بندی یا اس کا طریقہ ؛ اس طرح صوت بند کیا ہوا پیغام ۔

**wire-record, v.t.** تار پر صوت بندی کرنا ۔

**wire rope, n.** آہنی تاروں کا رسّا ؛ تاروں کا مضبوط رسا جو تاروں کو بٹ کر تیار کیا گیا ہو ؛ تار بٹی رسّی ۔

**wire service, n.** تار خبر ترسیلی ایجنسی ؛ تار سے بھیجی گئی خبروں کو وصول اور تقسیم کرنے والا ادارہ جو ان کی مستند نقل خریداروں کو تقسیم کرتا ہو ۔

**wiretap, v.t.** کسی تار یا ٹیلیفون کی تار کے ساتھ کوئی نگران آلہ مربوط کر دینا ؛ اس نوع کے کسی آلے کے ساتھ ٹیلیفون پر گفتگو کی نگرانی کرنا ۔ (اسم) ایک خُفیہ آلہ جو فُون اور تار کے ساتھ منسلک کر دیا جاتا ہے تاکہ اطلاعات حاصل کی جائیں ؛ تاروں پر جاسوسی کا عمل ۔

**wiretapper, n.** تاروں پر گفتگو کی جاسوسی کرنے والا ؛ تار نگران ۔

**wiretapping, n.** تاروں پر جاسوسی ۔

**wirework, n.** کوئی شے یا کپڑا جو تار سے بنا ہوا ہو ؛ جال ۔

**wire works, n.** کوئی کارخانہ یا جگہ جہاں تار یا تاروں سے بنی اشیا تیار کی جاتی ہوں ؛ تارخانہ ۔

**wireworm, n.** تار حشرہ ؛ کٹ بھونرے کا پتلا اور سخت لاروا جو مختلف فصلوں کی جڑوں کو تباہ کر دیتا ہے؛ ہزار پا ؛ کنکھجورا ۔

**wiring, n.** وائرنگ ؛ تار بندی ؛ تاریں لگانے والے کا کام ؛ تاروں کی ترتیب ، نظام یا مجموعہ ۔

**wirra, interj.** غم و اندوہ کے عالم میں نکلی ہوئی چیخ ؛ فریاد ؛ دہائی ۔

**wiry, a.** تار کا بنا ہوا ؛ تار جیسا ، شکل و صورت میں ، تاروپود میں یا لچک میں ؛ سخت ؛ باریک ؛ گھٹے ہوئے جسم کا ؛ اعصاب میں تار کی طرح مضبوط ۔

**wirily, adv.** بہت مضبوطی سے ؛ مستعدی اور چستی کے ساتھ ۔

**wiriness, n.** چُستی ؛ باریک پن ؛ مستعدی ؛ مضبوطی ۔

**wis, v.t.** (قدیم) جاننا ۔

**wisdom, n.** دانائی ؛ حکمت ؛ عقلمندی ؛ خرد ؛ دانش ؛ دانا ہونے کی صفت ؛ نیکی اور سچائی کی بصیرت و اہلیت یا ایسا عمل کرنے کی صلاحیت ؛ ہوشمندانہ اور مضبوط فیصلہ ؛ دانشمندی ؛ صوابدید ؛ تمیز ؛ عام سُوجھ بُوجھ ؛ وسیع علم ۔

**wisdom tooth, n.** عقل داڑھ ؛ ایک بڑی عقبی داڑھ جو بلوغت کے وقت یا اس کے قریب نکلتی ہے ؛ بلوغت کی علامت ۔

**cut one's wisdom teeth,** بلوغت کو پہنچنا ۔

**wise, a.** عقل والا ؛ خردمند ؛ سمجھدار ؛ سیانا ؛ صحیح پرکھ رکھنے والا ؛ صاحب بصیرت ؛ انصاف اور امتیاز کی صلاحیتوں کا حامل ؛ ہوشمند ؛ زیرک ؛ معاملہ فہم ؛ فرزانہ ؛ عالم ؛ فاضل ؛ دانا ۔ (عوامی) واقف یا باخبر ۔ (فعل متعدی) علم حاصل کرنا ؛ اطلاع حاصل کرنا ؛ خبر کرنا ؛ جاننا ؛ مطلع کرنا ۔

**to get wise,** (عوامی) اصل حقائق کو سجھنا ؛ طنز بھرا انداز اختیار کرنا ؛ نڈر ہونا یا گستاخی کرنا ۔

**wise up,** (عوامی) حقائق ؛ کیفیت یا صورت حال کی صداقت یا اصل سے آگاہ ہونا ۔

**wisely, adv.** عقلمندی سے ؛ دانائی سے ؛ ہوشیاری سے ؛ زیرکی سے ؛ سیانے پن سے ؛ سمجھداری سے ؛ حکمت سے ؛ فرزانگی سے ۔

**wiseness, n.** عقلمندی ؛ دانائی ؛ علم ؛ خرد مندی ؛ سمجھ داری ؛ فراست ؛ زیرکی ؛ حکمت ؛ ہوشمندی ؛ معاملہ فہمی ؛ فرزانگی ؛ دُوراندیشی ۔

**wise, n.** رویہ ؛ انداز یا طریق کار (جُملوں میں مستعمل ، جیسے: in any wise, in no wise) ۔ (متعلق فعل) سمت ، حالت یا طریق کار کے اظہار کے لیے (مرکبات میں مستعمل ، جیسے: gears moving clockwise) ۔ (بول چال) حوالے سے (مرکب جملے میں مستعمل ، جیسے: Timewise, marketwise, dollarwise) ۔

**wiseacre, n.** لال بجھکڑ ؛ حکمت چھانٹنے والا ؛ جو اپنی عقل مندی کا بلاوجہ ڈھنڈورا پیٹتا ہو ۔

**wise crack, n.** (عوامی) ٹھٹھول ؛ چُبھتا ہوا فقرہ ؛ مزاحیہ طور پر پتے کی بات ؛ رائے کا اظہار ۔ (فعل لازم) (عوامی) طنزیہ رائے کا اظہار ہونا ۔

**wise cracker, n.** طنز کرنے والا شخص ؛ طنز نگار ۔

**wise guy, n.** (عوامی) متکبر ، ادعائی ، غصہ دلانے والا شخص ۔

**wisenheimer, weisenheimer, n.** مدعِی علم ؛ سب کچھ جاننے کا دعویٰ کرنے والا شخص ؛ ہر فن مولا ؛ لال بجھکڑ ؛ ہمہ دان ۔

**wisent, n.** یورپ کا ارنا بھینسا ۔

**wish, v.t.** چاہنا ؛ آرزو کرنا ؛ طلب کرنا ؛ کسی شے کی خواہش کرنا یا تمنّا کرنا (اکثر کسی مصدر کے ساتھ یا جملے میں استعمال ہوتا ہے ، جیسے: wish to be free) ؛ کسی شے کی خواہش رکھنا یا اس کی طلب ظاہر کرنا ؛ نیک خواہش رکھنا، کسی شخص یا کسی شے کے لیے جو ظاہر کی جائے (جیسے: to wish one well) ؛ کسی کے لیے دُعا کرنا (جیسے: to wish them good luck) ؛ حکم دینا یا حکم جاری کرنا (جیسے: I never wish to see you again) ۔ (فعل لازم) خواہش یا تمنا کا ہونا (بالعموم for کے ساتھ مستعمل ہے) ؛ خواہش کی تشکیل ہونا یا آرزو ہونا ۔ (اسم) خواہش ؛ تمنا ؛ خواہش کا اظہار ؛ درخواست ؛ ایک عرضداشت ؛ کوئی چیز جس کی خواہش کی جائے ۔

**wish on,** کسی کو مجبور کرنا ، کسی ناپسندیدہ شے یا کام کے لیے ۔

**wisher,** n. خواہش کرنے والا؛ دعا گو ؛ آرزو مند ـ

**wishbone,** n. مُرغ کے سینے کی ہڈی ؛ اکثر پرندوں کے سینے میں قص کے سامنے ہنسلی کی دوشاخہ ہڈی ؛ جناغ طیر ـ

**wishful,** a. خواہش مند ؛ آرزو مند ؛ خواہش کا اظہار کرنے والا ؛ تمنا کرنے والا ـ

**wishfully,** adv. آرزو مندانہ طور پر ـ

**wishfulness,** n. آرزو مندی ـ

**wish fulfillment,** n. (تحلیل نفسی) کسی خواہش کی علامتی تکمیل جیسے خواب میں غیر شعوری یا دبی ہوئی خواہش کی تسکین ؛ کسی خواہش کی بارآوری ـ

**wishful thinking,** n. خیالی پلاؤ ؛ تخیل آرزوئی ؛ بیانات اور اعمال کی ذاتی خواہشات کے مطابق خیالی تعبیر ، حقائق کے برعکس ـ

**wish-wash,** n. پتلا پانی جیسا کوئی مشروب ؛ رقیق ؛ شوربہ ـ

**wishy-washy,** a. پانی جیسا پتلا ؛ پانی میں حل شدہ ؛ کمزور ؛ مضبوط کردار اور صفات سے محروم ؛ پھیکا ؛ بے مزا ـ

**wisp,** n. پُولا ؛ مُٹّھا ؛ جُھنڈ ؛ تنکوں یا گھاس وغیرہ کا چھوٹا سا پُولا ؛ پتلا لچّھا ، گچّھا یا انبار ، جیسے ریشے دار مواد، بالوں یا دھوئیں ـ کا ؛ نرم و نازک شخص یا شے ؛ اگیا بیتال ؛ فانوس شیطان؛ چھلاوا ـ

**wispish, wisplike,** a. گچھّے دار ـ

**wispy,** a. چھلاوا نما ؛ دھویں کا سا ـ

**wisteria, wistaria,** n. تخم دان نسل کی کوئی بھی اوپر چڑھنے والی بیل؛اسی نام و نسل کی پھلیوں والی بیل جس کے معلق گچھوں دار خوشوں میں قرمزی ، نیلے اور سفید پھول لگتے ہیں اور اِس کے پتے گوشک دار یا پرہ دار ہوتے ہیں ـ

**wistful,** a. حسرت زدہ ؛ محرومی کے احساس یا کسی شے کی کمی کے باعث فکرمند یا مشتاق ؛ متفکر و مغموم ؛ چُپ چاپ ؛ اُداس ـ

**wistfully,** adv. حسرت سے ؛ غور و فکر کے انداز میں ـ

**wistfulness,** n. غور و فکر کی حالت؛تفکّر ؛ حسرت زدگی ـ

**wit,** n. فہم ؛ ذہانت ؛ سمجھ ؛ فراست ؛ بذلہ سنجی ؛ نکتہ سنجی ؛ ظرافت ؛ برجستگی ؛ مظاہرِ عالم ، تصورات اور الفاظ کا واضح شعور، برجستہ اظہار؛ انمل بے جوڑ، لطیف اور مہمل و مضحک حقائق کو تنظیم دے کر خوبصورت بیان کی شکل دینے کا ملکہ اور ہُنر ؛ تحریر و تقریر میں یہ شعور و ادراک جلوہ گر ؛ شخص جس میں ایسی بصیرت اور قوت اظہار ہو خصوصاً برجستہ گفتگو کرنے کا ہنر ـ (جمع) مشاہدے ، ادراک اور تفہیم کی مجموعی خصوصیات اور اہلیتیں ؛ ان اہلیتوں کا درست توازن (جیسے to lose one's wits) ـ

**at one's wits' end,** قوائے ادراک و فہم کے اختتام پر ؛ گم ؛گنگ ؛ متحیر ؛ حواس باختہ ؛ چکر میں ؛ چکرایا ہوا ؛ گھبرایا ہوا ؛ بھونچکا ـ

**wit,** v.t. (قدیم) جاننا ؛ معلوم کرنا ـ (فعل لازم) (قدیم) با خبر ہونا ؛ معلوم ہونا ـ

**to wit,** مطلب یہ ہے ؛ یعنی کہ ـ

**witan,** n. اینگلو سیکسن عہد میں انگلستان کی مجلسِ شُوریٰ کے ارکان ـ

**witch,** n. ساحرہ ؛ جادواگرنی ؛ جادوگرنی خیال کی جانے والی یا جادو کرنے کا دعویٰ کرنے والی عورت ؛ بدشکل بوڑھی عورت چڑیل ؛ ڈائن ؛ دلربا اور دلکش لڑکی یا خاتون ـ (فعل متعدی) متاثر کرنا مثلاً جادو سے ؛ سحر طرازی سے قابو کرنا ؛ مسحور کر دینا ؛ سحر کر دینا ـ

**witchcraft,** n. ساحری ؛ سحر ؛ جادوگری کا عمل ؛ جادو ؛ کالا جادو ؛ سحر طرازی ؛ دِلکشی ؛ دلربائی ـ

**witch doctor,** n. طلسم گر ؛ ساحر؛طبیب ، بالخصوص قدیم قبائل اور گروہوں میں جو جادو کے زور سے دوسروں کا علاج کرتا تھا ـ

**witchery,** n. جادو ؛ سحر ؛ دلربائی ؛ بے خودی پیدا کرنے والے اثرات

**witches'-broom, hexenbesen,** n. مختلف اشجار اور جھاڑیوں پر ایک عجیب و غریب‌غیر معمولی جھاڑو کی شکل کی نشوونما مثلاً بیک بیری کے اشجار پر جو بالعموم فنجائی کے عمل کی وجہ‌سے ،شاخوں کے گھنے انبار کی شکل میں ہوتی ہے ـ

**witches' Sabbath,** n. دیکھیے : sabbat ـ

**witch grass,** n. دُوب ؛ کُتا گھاس ؛ سریالا ؛ کانٹوں والی گھاس جس کے سرے پر برش کی طرح کا کانٹوں کا مجموعہ ہوتا ہے ـ

**witch hazel, wych-hazel,** n. شمالی امریکا کی زرد پھولوں والی جھاڑی جس کے چھلکے سے حاصل شدہ الکحل کا محلول زخموں یا موچ کے لیے بطور حابس استعمال ہوتا ہے ـ

**witch hunt,** n. تخریب کاری کا پتا چلانے کے لیے بظاہر کی جانے والی عوامی تفتیش جس کو غیر مقبول اور بے گناہ افراد پر الزام تراشی کے آلے کے طور پر استعمال کیا جائے تاکہ سستی حب الوطنی کی شہرت حاصل ہو سکے؛ الزام تراشی ـ

**witch hunter,** n. عیب جو شخص ؛ الزام تراش ؛ مردم آزار شخص ـ

**witch hunting,** n., a. الزام تراشی ؛ عیب جوئی ؛ مردم آزاری ـ

**witching,** n. جادو کا استعمال یا جادو کا کرتب ـ (صفت) مسحور کُن ؛ سحر زدگی یا جادوگری کے لیے موزوں ـ

**witch moth, black witch,** n. شب پروانہ نسل کے پتنگے ؛ امریکاکا‌بڑی جسامت کا پروانہ ـ

**witchy,** n. جادوگرنی سے متعلق یا مشابہ ؛ جادوگری کا ـ

**witenagemot, witan,** n. اینگلو سیکسن دور میں انگلستان کی مجلسِ شوریٰ یا قومی پارلیمنٹ جو تقریباً سو شرفا ، روسائے کلیسا اور دیگر مشاہیر پر مشتمل ہوتی تھی اور جسے مختلف اوقات میں بادشاہ کو مشورہ دینے کے لیے طلب کیا جاتا تھا ـ

**with,** prep. کسی کی ہمراہی میں یا ساتھ (جیسے : I will go with you) ؛ کسی مخصوص تعلق کی بنا پر خصوصاً بابمدگر تعامل، صحبت ، اتحاد ، شرکت (جیسے : to deal, talk, sit or rank with؛ to blend the milk with eggs) ؛ کسی صفت کا مظہر یا رکھنے والا (جیسے : a man with initiative) ؛ کسی چیز کے ذریعے یا استعمال سے (جیسے : to cut with a knife) ؛ استعمال کرتے ہوئے یا ظاہر کرتے ہوئے (جیسے : to work with diligence) ؛ مطابق یا نسبت میں (جیسے : Their power increased with their number) ؛ کے بارے میں ، متعلق (جیسے : to be pleased with a thing) ؛ کے سبب سے یا کے باعث (جیسے : to die with pneumonia) ؛ کے سلسلے میں ؛ کے دوران (جیسے : with time) ؛ اُسی سمت میں (جیسے : as with the current) ؛

کے باوجود (جیسے : with all his misfortunes, he seemed happy) کسی سے (جیسے : to part with a thing) ؛ بخلاف مثلاً مقابلے میں یا مخالفت میں (جیسے: to fight or vie with) ؛ زیر حفاظت یا زیر نگرانی (جیسے : leave it with me) ؛ فوراً بعد (جیسے : with that he left) ؛ اُسی عقیدے یا نقطہ نظر والا (جیسے : Is he with us in our conclusion?) ؛ حق میں یا ساتھ (جیسے : She voted with the majority) ؛ برابر (جیسے : He golfs with the pros) ۔

**withal,** adv. (قدیم) باقی تمام لوگوں کے ساتھ ؛ اس کے علاوہ ؛ اس کے ساتھ ہی ؛ اُسی طرح ؛ مزید برآں ؛ نیز ؛ بھی ۔ (حرف جار) (قدیم) ساتھ ، ہمراہ (اسم موصول یا ہم معنی الفاظ کے ساتھ مستعمل ہے اور فقرے یا جملے کے آخر میں رکھا جاتا ہے)۔

**withdraw,** v.t. واپس لے لینا ؛ ہٹا لینا ؛ کھینچ لینا ؛ الگ کرنا (جیسے : he withdrew his watch from his pocket) ؛ پیچھے کرنا ، حاصل کرنا یا واپس لے لینا (جیسے : to withdraw troops) ؛ واپس بلالینا ؛ واپسی کا حکم دینا ؛ واپس لینا (جیسے : with drawing an offer) ۔ (فعل لازم) کسی جگہ سے ہٹ جانا یا جگہ چھوڑ جانا ؛ واپس ہو جانا ؛ چلے جانا ؛ واپس ہونا ۔

**withdrawn,** a. واپس لیے جانے والا یا والی ؛ خلوت گزین ؛ گوشہ گیر ؛ عزلت پسند ؛ کنارہ گیر؛ عقب نشیں ۔

**withdrawnness,** n. الگ رہنے کی حالت ؛ خلوت گزینی ؛ گوشہ گیری ؛عزلت پسندی ؛ کنارہ گیری ؛ عقب نشینی ۔

**withdrawl,** n. (عسکری) واپسی کا یا واپس لینے کا عمل ؛ واپسی ؛ پس قدمی ؛ باز خواست ۔

**withdrawing room,** n. (قدیم) دیوان خانہ ؛ بیٹھک ؛ آرام گاہ ؛ ڈرائنگ رُوم ۔

**withe,** n. بیدلرزاں یا بید سبدی کی ٹہنی ؛ لچکدار ٹہنی جو کسی شے کو باندھنے کا کام دے ؛ خم خوردہ یا گندھی ہوئی شاخوں کی گانٹھ ؛ لچکدار ہتھیار دستہ ۔ (فعل متعدی) لچکدار ٹہنیوں سے کسی شے کو باندھا جانا ۔

**wither,** v.i. خشک ہونا یا مرجھانا ، جیسا کہ کوئی پودا نمی کے ختم ہونے کے بعد ؛ پژمردہ ہونا یا ضعف پذیر ہونا ؛ تازگی کھو بیٹھنا یا کُمھلا جانا؛ پژمردہ کرنا یا ہونا ۔ (فعل متعدی) خشک کرنا یا مرجھا دینا ؛ پریشان کرنا یا گھبرا دینا جیسے حقارت کی نظر سے ۔

**withered,** a. مُرجھایا ہوا ؛ خشک ؛ پژمردہ ؛ کملایا ہوا ؛ خشک شدہ ۔

**withering,** a. مرجھانے والا ؛ کملانے والا ؛پژمردہ ؛ افسردہ کُن ۔

**witherite,** n. بیریم کاربونیٹ ؛ ایک سفید بھورا معدنی مادہ جو قلمی ، ستون نما یا دانہ دار مادوں میں پایا جاتا ہے ۔

**withe rod,** n. شمالی امریکا کے جنس شبدریا جنس حداغ پودے کی کوئی ایک قسم جس کی کونپلیں اور شاخیں بید کی طرح لچکیلی اور سخت ہوتی ہیں ۔

**withers,** n. مدُو ؛ شانۂ اسپ ؛ گھوڑوں اور دیگر ممیل جانوروں کے شانوں کی ہڈیوں کے جوڑ جو پشت پر سب سے اونچا مقام ہوتا ہے ۔

**withershins, widdershins,** adv. خلاف آفتاب ؛ ضدّ ساعت وار ؛ مخالف رُخ پر یا غلط رُخ پر ؛ سورج کے ظاہری رُخ کے مخالف ۔

**withhold,** v.t. روک لینا ؛ نہ دینا ؛ روکنا ؛ عمل روک دینا ؛ کارروائی نہ کرنا ؛ منظوری نہ دینا ۔ (فعل لازم) باز رہنا ؛ بچنا ؛ رکنا ۔

**withholder,** n. روکنے والا شخص ؛ باز رکھنے والا ۔

**withholding tax,** n. انکم ٹیکس کی قسط جو کٹوتی ٹیکس ؛ ملازم کی تنخواہ سے وضع کرتے ہیں اور حکومت کے محکمہ مالیات کو ادا کی جاتی ہے ۔

**within,** prep. اندر ؛ گھر کے اندر ؛ اندر سے ؛ باطن ؛ اندر والے یا اندرونی حصے میں (جیسے : within this room) ؛ اندر کی طرف ، without کے برعکس ؛ حدود ؛ دائرے ، دسترس یا پہنچ کے اندر ؛ قریب ؛ اندر کی طرف یا وسعت ، حدود ، رسائی یا اثر کے دائرے میں (جیسے : within his grasp) ؛ غیر متجاوز یا جس کا قدم حد سے باہر نہ ہو۔ (متعلق فعل) اندر یا مرکز میں ؛ اندر کی طرف ؛ اندرونی؛ دل ، شعور یا روح کے اندر؛ گھر یا رہایش کے اندر؛ گھر کے دروازوں کے اندر ؛ مکان کے اندر ؛ گھر میں ۔ (اسم) کسی عمارت ، جگہ ، مقام یا ایسی ہی کسی اور شے کا اندرونی حصہ ۔

**withindoors,** adv. (قدیم) گھر کے اندر ؛ گھر میں ۔

**without,** prep. باہر ؛ گھر کے باہر ؛ بیرون ؛ خارجی ؛ within کے برعکس ؛ حدود ، دائرہ کار ، میدان ، وسعت ، گنجایش کے باہر (جیسے : without being heard) ؛ حد کی دوسری طرف ؛ نہ رکھتے ہوئے یا ساتھ نہ ہوتے ہوئے ؛ غیر حاضری میں ؛ کنارہ کیے ہوئے؛ بے نوائی اور افلاس کے ساتھ ؛ محرومی میں ، محروم شدہ حالت میں (جیسے : without enough money) ۔ (حرف عطف) (بولی) جب تک ؛ تاآنکہ ۔ (متعلق فعل) باہر کی طرف ؛ خارجی طور پر؛ باہر سے ؛ بیرونی ؛ گھر سے باہر ؛ تشنہ یا کسی چیز کے بغیر (جیسے : can do without) ۔ (اسم) بیرونی کمرہ ؛ علاقہ ، جگہ ، مقام وغیرہ ۔

**without doors,** adv. (قدیم) گھر سے باہر ؛ بیرون در ۔

**with stand,** v.t., v.i. مزاحمت کرنا ، مقابلہ کرنا ؛ جسمانی یا اخلاقی قوت سے مقابلہ کرنا /ہونا ؛ مخالفت ہونا ؛ مقاومت ہونا ۔

**with stander,** n. مخالف شخص ؛ مقابل شخص ؛ مدّ مقابل۔

**withy,** n. بید مجنوں ؛ بیدلرزاں یا بیدِ سبدی ؛ لچکدار ٹہنی یا بیدِ لرزاں ؛ بید سے بنی ہوئی پٹی یا پھندا ۔ (صفت) بید سے بنا ہوا ؛ نازک اور لچکدار۔

**witless,** a. ناسمجھ ؛ سمجھ بوجھ کے بغیر ؛ احمق ؛ بے وقوف ؛ بے شعور ؛ غبی ۔

**witlessly,** adv. بیوقوفی سے ؛ کند ذہنی سے ؛ بے شعوری سے ۔

**witlessness,** n. بے وقوفی ؛ کند ذہنی ؛ بے شعوری ؛ ناسمجھی ۔

**witling,** n. (قدیم) عقل مند بننے والا ؛ دانا بننے کی کوشش کرنے والا شخص ۔

**witloof,** n. سفید برگ کاسنی ؛ سلاد کے پتے ؛ کاسنی یا بیخ کاسنی ۔

**witness,** n. گواہ ؛ شاہد ؛ گواہی ؛ شہادت ؛ وہ شخص جس نے کوئی واقعہ یا شے اپنی آنکھوں سے دیکھی یاملاحظہ کی ہو ؛ شہادت یا ثبوت پیش کرنے والا ؛ کسی واقعے یا حقیقت کی تصدیق ۔ (قانون) جو عدالتی کارروائی میں گواہی یا شہادت دے ؛ وہ شخص جو کسی دستاویز جیسے وصیت پر عمل درآمد کا شاہد ہو اور اِس کے استناد کی تصدیق کرے ۔ (بڑے W سے) (مذہب) یہوہ کی شہادت ۔ (فعل متعدی) کسی شے کو ذاتی موجودگی کی بنا پر دیکھنا یا جاننا(جیسے: to witness a burglary) ؛ قواعد کے مطابق تصدیق کرنا یا

شہادت دینا ؛ کسی کی شہادت دینا یا کسی کا گواہ بننا ؛ گواہ کی طرح حصّہ لینا ۔ (مجازاً) کسی واقعہ کی جائے وقوع بننا (جیسے :The gymnasium has witnessed many games ) ۔ (فعل لازم) گواہ ہونا ؛ تصدیق ہونا ۔

**witnesser,** n. گواہی دینے والا شخص ؛ شہادت گزار ۔

**witness stand,** n. گواہ کا کٹہرا ؛ عدالت میں گواہوں کے کھڑے ہونے کی جگہ یاکرسی ، جہاں سے وہ اپنی گواہی/شہادت پیش کرتے ہیں ۔

**witted,** a. عقل اور سمجھ کا مالک ؛ زُود فہم (بالعموم مرکبات میں مستعمل ، جیسے :a quick-witted boy ) ۔

**witticism,** n. مسخرے پن کا فقرہ ، جُملہ یا رائے ؛ طنز ؛ بذلہ ، لطیفہ یا شوخی ؛ ٹھٹھول ۔

**witting,** a. کسی شے کا تھوڑا بہت علم رکھنے والا ؛ واقف ؛ باشعور ؛ ہوش والا ۔ (اسم) واقف کار ؛ جاننے والا ۔

**wittingly,** adv. شعوری طور پر ؛ عقل و ہوش سے ؛ ارادتاً ؛ دانستہ ؛ عمداً ؛ قصداً یا جانتے بوجھتے ۔

**wittol,** n. (قدیم) دیّوث ؛ قرّم ساق ؛ وہ آدمی جو اپنی زوجہ کی بے وفائی (بدچلنی) سے واقف ہو اور اُسے برداشت کرے ۔

**witty,** a. حسِ مزاح اور سمجھ بوجھ رکھنے والا ؛ بذلہ سنج ؛ نکتہ سنج ؛ ظریف الطبع ؛ تروتازہ ؛ خوش پوش ؛ تیزفہم ، طباع ؛ خوش گپ ۔ (برطانوی بولی) ذہین ؛ ہوشیار ۔

**wittily,** adv. بذلہ سنجی سے ؛ سمجھ بوجھ سے ؛ ازروئے بذلہ گوئی یا لطیفہ گوئی ؛ شوخی سے ۔

**wittiness,** n. ظریف الطبعی ؛ نکتہ سنجی ؛ ذہانت ؛ بذلہ سنجی ؛ بذلہ گوئی ؛ لطیفہ گوئی ؛ ظرافت ۔

**wive,** v.t. کسی عورت سے شادی کرنا ؛ کسی عورت کو بطور زوجہ قبول کرنا ۔ (فعل لازم) شادی ہونا ؛ زوج ہونا ۔

**wivern,** n. دیکھیے : wyvern ۔

**wizard, whiz,** n. ساحر ؛ جادوگر ؛ جادو کا ماہر یا جادو کرنے والا ؛ شعبدے باز ؛ باکمال انسان (جیسے :a wizard at mathematics ) ۔ (صفت) جادوگر یا جادوگری سے متعلق ۔ (خصوصاً برطانوی) قابلِ تعریف یا بلند پایہ ۔

**wizardly,** a. جادوگرانہ ؛ حیران کن ۔

**wizardry,** n. جادوگری ؛ طلسم ؛ سحر ؛ جادوئی ۔

**wizen,** a. سوکھا ہوا اور مُرجھایا ہوا ؛ خزاں زدہ ؛ چُرمُر ؛ پژمُردہ ؛ سکڑا ہوا ؛ چُھوارے جیسا ۔ (فعل متعدی و لازم) چُرمر ہونا ؛ سکڑنا ؛ پژمردہ ہونا ۔

**wizened,** a. سوکھے ہوئے چہرے کا ؛ چُھوارے جیسا ۔

**woad,** n. نیلن ؛ ووڈ ؛ رئی خاندان کا ایک پودا ، جسے قدیم زمانے میں اِس کے پتوں سے نیل نکالنے کے لیے کاشت کیا جاتا تھا ؛ اسی قسم کے دیگر متعدد پودے ۔

**woaded,** a. نیلا ؛ رنگا ہوا ؛ ووڈ کے رنگ میں رنگا ہوا ۔

**wobble,** v.i. لڑکھڑانا ؛ گھومنا ؛ چکرانا ؛ ڈگمگانا ؛ ڈگمگا کر چلنا ، گردش کرتے ہوئے یا گھومتے ہوئے ؛ ایک طرف سے دوسری طرف لڑکھڑانا ؛ کانپنا ۔ نیز : wabble ۔ (فعل متعدی) ہچکچاہٹ سے کام کرنا ؛ جھول آمیز حرکت کرنا ؛ رک رک کر باہر نکالنا جیسے حلق سے آواز کا ۔

**wobbler,** n. ڈانواں ڈول شخص ؛ غیر مستقل مزاج شخص ۔

**wobblingly,** adv. ہچکچاتے ہوئے ؛ ڈگمگاتے ہوئے ؛ غیر مستقل مزاجی سے ؛ تلون مزاجی سے ۔

**wobbly,** a. لڑکھڑاتا ہوا؛ کانپتا ہوا ؛ متلون مزاج ؛ ڈانواں ڈول ؛ غیر مستقل مزاج ؛ تغیّر رو ۔

**woe,** n. غم و الم ؛ افسوس ؛ بدقسمتی ؛ بہت بڑی مصیبت ؛ شدید رنج ۔ (فجائیہ) افسوس اور غم و الم کا اظہار ۔

**woebegone,** a. مغموم ، اندوہ گیں ، نہایت ملول صورت یا شکل والا ۔ (قدیم) غم و اندوہ کا مارا ہوا ؛ انتہائی ملول و شکستہ دل ۔

**woebegoneness,** n. غمگینی ؛ افسردگی ۔

**woeful,** a. غم سے بھرا ہوا ؛ غم انگیز یا غم زدہ ؛ پریشان ؛ زچ ؛ تنگ ؛ غمناک ؛ تباہ حال ؛ قابلِ رحم ؛ بدبخت ؛ بدنصیب ؛ بے حد ملول ؛ الم ناک ۔

**woefully,wofully,** adv. افسردگی سے ؛ المناک طریقے سے ؛ غمگینی سے ؛ شکستہ دلی سے ؛ اندوہناک طریقے سے ؛ تاسف آورانہ ۔

**woefulness, wofulness,** n. غم ، ملال ؛ مصیبت ؛ پریشانی ؛ تباہ حالی ؛ اندوہ گینی ؛ غمگینی ؛ افسردگی ؛ شکستہ دلی ؛ اندوہ ناکی ۔

**wok,** n. ووک ؛ دھات کا بنا ہوا کروی چینی برتن جو کھانا پکانے کے لیے استعال ہوتا ہے ۔

**wold,** n. ایک کھلا پہاڑی علاقہ جس میں کوئی درخت نہ ہو ؛ بنجر زمین ؛ پہاڑی علاقہ ؛ کھلا میدان ؛ بنجر زمین جس میں چھوٹی چھوٹی جھاڑیاں ہوں ؛ دشت ۔

**wold,** n. دیکھیے : weld ۔

**wolf,** n. بھیڑیا ؛ گُرگ ؛ ذئب ؛ جنگلی گوشت خور میمل جانوروں کی متعدد اقسام میں سے ایک ؛ یورپ کا عام بھیڑیا جس کا تعلق کتے کے خاندان سے ہے ؛ شمالی امریکا کا بھورا بھیڑیا ؛ ایسے کسی ایک جانور کی کھال ؛ تیز رفتار، مکار ، حریص اور غارت گر درندہ ؛ کچھ ایسے بھیڑیا نما جانور جن کا کتے کے خاندان سے تعلق نہیں ہوتا ، جیسے تسمانیہ کا گوشت خور بھیڑیا ۔ (عوامی) عورتوں کے پیچھے پھرنے والا ؛ دِل پھینک ۔ (مجازاً) ایک ظالم حریص انسان ۔ (حشریات) مختلف حشرات کے لاروے ، بالخصوص وہ حشرات جو اناج پر حملہ آور ہوتے ہیں ۔ (بڑے W سے) (فلکیات) مجمع النجوم گرگِ فلک ۔ (موسیقی) ایک بے سُری کرخت آواز جو کسی ایسے کلیدی ساز سے نکل رہی ہو، جسے درست نہ کیا گیا ہو ۔ (فعل متعدی) نِگل لینا ، جیسے غذا کو ؛ حریصانہ طور پر کھانا یا ہڑپ کرنا ۔ (فعل لازم) بھیڑیوں کا شکار ہونا ۔

**cry wolf,** غلط خوف پیدا کرنا ۔

**keep the wolf from the door,** بھوک اور طلب کی شدت سے بچاؤ کی تدبیر کرنا ؛ فاقے سے بچنا ؛ کسی نہ کسی طرح پیٹ بھرنا ۔

**wolf in sheep's clothing,** بھیڑیا ، بھیڑ کی کھال میں ؛ مکار ؛ منافق ؛ ریاکار ؛ رنگا سیار ۔

**wolfish,** a. لالچی ؛ گرگ صفت ؛ ظالم ؛ حریص ؛ درندہ خو ۔

**wolfishly,** adv. بھیڑیے کی طرح ؛ ظلم سے ؛ لالچ سے ؛ گرگ صفتی سے ؛ درندہ خوئی سے ۔

**wolfishness,** n. حرص ؛ طمع ؛ لالچ ؛ ظلم ؛ گرگ صفتی ؛ درندہ خوئی ۔

**wolflike, a.** گرگ نما ؛ گرگ کی طرح ۔

**wolfberry, n.** زہرۃ العسل یا شبدر خاندان کی ایک جھاڑی جو خوشۂ ثمرہ خاندان سے متعلق ہے اور شمالی امریکا میں پائی جاتی ہے ، اپنے خوبصورت قرمزی پھولوں اور سفید پھل کی وجہ سے بطور آرایش کاشت کی جاتی ہے ۔

**wolf dog, n.** سگِ پاسبان ؛ گرگ سگ ؛ مختلف نسلوں کے کُتّے جو قدیم عہد میں بھیڑیوں کے شکار کے لیے پالے جاتے تھے ؛ رکھوالا کتا ؛ دوغلا کتا ، جس میں بھیڑیے کا خون بھی شامل ہو ؛ اسکیمو کتّا ۔

**wolffian body, n.** (جنین) میان گردہ ۔

**wolffish, n.** گرگ ماہی ؛ ایک خوردنی مچھلی جو تقریباً چھ فٹ لمبی ہوتی ہے اور اُس کے جبڑے بے حد مضبوط اور دانت لمبے لمبے ہوتے ہیں ؛ اِسی نسل کی اور بے شمار مچھلیوں کی اقسام میں سے کوئی مچھلی ۔

**wolfhound, n.** سگ گلہ ؛ گرسگ ؛ مختلف اقسام کے شکاری کتے جو ماضی میں بھیڑیے کے شکار کے لیے استعمال کیے جاتے تھے ، مثلاً روسی بور ژوئی نسل کا کتا جس کا جسم عمومی بناوٹ میں ہرن کا شکار کرنے والے کتوں سے ملتا ہے مگر بال زیادہ ملائم ہوتے ہیں یا آئرستانی ایلسے شین ، جو بہت بڑا اور طاقت ور ہوتا ہے ۔

**wolf pack, n.** (جنگ) بہت سی آبدوزکشتیاں جو مل جُل کر دشمن کے جہازوں کا پتا لگا کر اُنھیں تباہ کرتی ہیں ،خاص کر جہازوں کے قافلوں کو ؛ دو یا زائد جنگی لڑاکا طیاروں کی مل کر کسی ہوائی یا زمینی ہدف کے خلاف حملہ آور ہونے کی منضبط پرواز ؛ بھیڑیوں کا گروہ ۔

**wolfram, n.** ٹنگسٹن ؛ ٹنگسٹن اور منگنیز کا مرکب ؛ ایک سخت دھات جو فولاد کے ساتھ ملا کر بلبوں کے تار بنانے کے کام آتی ہے ۔

**wolframite, n.** ایک معدن جو لوہے کے ٹنگسٹن اور مینگنیز کے مرکب پر مشتمل ہے ،بالعموم اِس کا رنگ بھورا یا خاکستری نما سیاہ ہوتا ہے ، یہ ٹھوس ذخیرے یا قلمی شکل میں پایا جاتا ہے اور ٹنگسٹن کا بڑا ماخذ ہے ۔

**wolf bane, n.** دیکھیے Aconite ۔

**wolf spider, ground spider, n.** گرگ مکڑی ؛ رُتیلان جنس کی ایک دنیا بھر میں پائی جانے والی بڑی جسامت کی زہریلی مکڑیوں میں سے کوئی مکڑی جو جالے میں پھانسنے کی بجائے خود اپنا شکار تلاش کرنے کے لیے مشہور ہے ۔

**wollastonite, n.** [وولسٹن (۱۷۶۶ء تا ۱۸۲۸ء کے نام پر ] وولسٹنائٹ ؛ ایک دھات جو سیلی کیٹ آف کیلسیم پر مشتمل ہے جو بالعموم ریشہ دار مادوں میں پائی جاتی اور رنگ ، سیمنٹ ، کھاد اور چینی کے برتنوں کی تیاری میں استعمال ہوتی ہے ۔

**wolverine, wolverene, quick hatch, n.** وُلورین ؛ شمالی امریکا کے شمال میں واقع جنگلات میں رہنے والا نیولا خاندان سے متعلق گوشت خور میمل جانور جو اپنی قوت ، خونخواری ، مکاری اور کھانے کے لالچ کی وجہ سے مشہور ہے ۔ (بڑے W سے) مشی گن کا باشندہ ، ریاست مشی گن Wolverine state کے نام سے بھی مشہور ہے ۔

**woman, n.** زن ؛ عورت ؛ استری ؛ نسل انسانی کی مادہ ؛ صنفِ نازک ؛ جوان یا بالغ عمر کی مادہ یا عورت ،مرد کے برعکس ؛ کسی معزز فرد کی خادمہ ؛ گھریلو عورت یا خاتونِ خانہ ؛ بیگم یا محبوبہ ؛ زنانہ صفات کا حامل مرد مثلاً بزدلی کا ۔ (صفت) عورتوں کا سا ؛ نسواں ؛ مؤنث ؛ خاتون (جیسے : woman chemist) ۔

**womanlike, womanly, a.** عورت صفت ۔ عورتوں کا سا ؛ نسوانی ؛ عورت صفت ۔

**womanly, adv.** عورتوں کی طرح سے ؛ عورتوں کے لیے موزوں ؛ عورتوں کا ۔

**womanliness, n.** عورت پن ؛ زنانہ پن ؛ نسوانیت ؛ زن صفتی ؛ نسائیت ۔

**womanhood, n.** عورت ہونے کی حالت ،کردار یا مجموعی صفات ؛ عام طور پر عورت ؛ صنفِ نسواں ۔

**womanish, a.** جو عمل عورتوں کو سزاوار ہو ؛ زنانہ ؛ زن نما ، مرد کو حقارت کے طور پر کہا جاتا ہے ۔

**womanishly, adv.** زنانہ پن سے ، عورتوں کی طرح سے

**womanishness, n.** زنانہ پن ؛ نسائیت ؛ زن صفتی ۔

**womanize, v.t.** عورتوں کی صفات پیدا کرنا ؛ عورت بنانا ۔ (فعل لازم) (بول چال) ہر وقت عورتوں کے پیچھے ہونا/رہنا، بالخصوص ناجائز تعلقات پیدا کرنے کے لیے ۔

**womanizer, n.** (بول چال) مرد جو عورتوں کے پیچھے پھرنے کا عادی ہو ؛ عورت باز ؛ عورتوں کا رسیا ۔

**womankind, n.** عام طور پر عورتیں ؛ خواتین ؛ گروہ نسواں ؛ گروہ زنان ؛ مستورات ۔

**woman sufferage, n.** نسوانی رائے دہی ؛ عورتوں کا ووٹ دینے کا سیاسی حق ؛ عورتوں کا حق رائے دہندگی ۔

**woman suffragist, n.** عورتوں کے حق رائے دہندگی کا حامی شخص ۔

**womb, n.** (تشریح الاعضا) بچّہ دانی ؛ رحم ۔ (مجازاً) وہ جگہ جہاں کوئی شے تشکیل پائے یا ارتقاء پذیر ہوئی ہو ؛ ناف ؛ تحفظ کے لیے کوئی احاطہ جو رحم کی شکل کا ہو ۔ (قدیم) شِکم ۔

**wombed, n.** رحم یا بچہ دانی والا ۔

**wombat, n.** کیسہ داران میمل جانور ؛ آسٹریلیا اور تسمانیہ میں پائے جانے والے کیسہ دار جانور جو چھوٹے ریچھ سے ملتے جلتے ہیں ، بھٹ میں رہتے ہیں اور نبات خورُ ہیں ۔

**womenfolk, n.** عورتیں ؛ صنفِ نازک ۔

**women's liberation, n.** آزادی نسواں ۔ (بعض اوقات بڑے W سے) صنفوں کے مابین مساوات کے لیے تحریک نسواں ۔

**women's rights, woman's rights, n.** حقوقِ نسواں ؛ عورتوں کے حقوق جو ہر صورت میں مردوں کے برابر ہیں ، مثلاً قانونی تحفظ ، استحقاق اور پیشہ ورانہ فوائد وغیرہ کے سلسلے میں ۔ دیکھیے : feminism ۔

**won, v.i.** (برطانوی ، قدیم) رہنا ؛ رہایش ہونا ؛ اقامت گزیں ہونا ۔

**wonder, v.i.** حیران ہونا ؛ حیرت میں ہونا ؛ تعجّب سے ، فکر ، سوچ یاقیاس میں ہونا (جیسے : to wonder about a thing.) ؛ محو حیرت ہونا ؛ حیرت زدہ ہونا ؛ شک میں پڑ جانا ۔ (فعل متعدی) اندازہ کرنا (جیسے : to wonder what happened) ؛ تعجّب کرنا ؛ جملے میں (جیسے : I wonder that you went) ۔ (اسم) کوئی عجیب یا حیران کن بات ؛ حیرانی ؛ حیران کن ؛ تعجب خیز یا قابلِ تعریف سبب

(جیسے : to see the wonders of a city) ؛ کسی اجنبی یا حیران کن شے کی وجہ سے جذبات میں ہیجان انگیزی ؛ حیران کن یا الجھا دینے والا احساس جو بعض اوقات طبیعت کو خوشگوار سا معلوم ہو ؛ عجوبہ ؛ حیرت انگیز یا غیر معمولی اوصاف کا حامل ؛ کوئی اعجاز یا عجیب واقعہ ؛ نادر روزگار ؛ معجزہ ۔

**do wonders,** حیرت انگیز کارنامے انجام دینا ؛ غیر معمولی نتائج حاصل کرنا یا پیدا کرنا ۔

**for a wonder,** کوئی حیرت انگیز شے یا حالات ۔ (جیسے : for a wonder every body was satisfied) ۔

**nine days' wonder,** ایسا موضوع جو چند دنوں کے لیے لوگوں کی حیرت اور دلچسپی کا باعث بنا رہا ہو ؛ عارضی حیرت و دلچسپی کا واقعہ جس کا چند روز چرچا رہے ۔

**seven wonders of the world,** عجائبات ہفتگانہ ؛ قدیم زمانے کی سات مشہور اور بے مثل عمارتیں ، جن کی تفصیل بالعموم یہ ہے : اہرام مصر ؛ آرٹی میسیا کا مقبرہ جو ہیلی کارناسس میں تعمیر کیا گیا ؛ آرٹی مائس کا مندر واقع ایفی سس ؛ بابل کے معلق باغ اور اُن کی دیواریں ؛ روڈس کا دیو پیکر مجسمہ ؛ اولمپیا میں زیوس دیوتا کا بت اور فرعون کا بنایا ہوا روشنی کا مینار جو اسکندریہ میں واقع ہے ۔

**wonderer,** n. متعجب شخص ؛ حیران شخص ؛ تعجب کناں شخص ؛ حیرت زدہ شخص ۔

**wonderful,** a. حیرت انگیز ؛ حیران کُن ؛ عجیب ؛ نہایت عمدہ ؛ قابل تعریف ۔

**wonderfully,** adv. حیرت انگیز طور سے ؛ نہایت خوبی سے ؛ عجیبانہ ؛ فوق العادت ؛ کرشمہ کاری سے ؛ کرشمہ زائی سے ۔

**wonderfulness,** n. حیرت انگیزی ؛ کرشمہ کاری ؛ کرشمہ زائی ۔

**wonderland,** n. پرستانُ ، دلفریب نظارہ ، جادوئی یا تصوراتی سرزمین ؛ اِسی طرح کا کوئی علاقہ یا منظر (جیسے : water wonder land) ۔

**wonderment,** n. تعجّب ؛ حیرت ؛ استعجاب ؛ تحیر ؛ کوئی شے جو حیرت ، استعجاب اور تحیر کا باعث ہو ۔

**wonderwork,** n. غیر معمولی شے ؛ کرشمہ ، معجزہ ؛ عجوبہ ؛ اعجاز ۔

**wonderworker,** n. معجزہ کرنے والا شخص ۔

**wonderworking,** a. معجزہ نما ۔

**wondrous,** a. (ادب) عجیب ؛ حیرت خیز ؛ نہایت عمدہ ؛ قابلِ تعریف ۔ (متعلق فعل ، قدیم) حیرت خیز حد تک ؛ نہایت اعلیٰ طریقے سے (جیسے : wondrous wise) ۔

**wonderously,** adv. حیرت ناک طور پر ۔

**wondrousness,** n. حیرت انگیزی ؛ حیرت ناکی ۔

**wonky,** a. (برطانوی) (عوامی) کمزور ؛ غیر مستقل ؛ نازک ؛ بیمار ۔

**wont,** a. عادی ؛ خُوگر ؛ معتاد ؛ خوگرفتہ ؛ خُوکردہ ؛ رواجی ؛ پابند رسُوم ؛ رسم و رواج کے مطابق استعمال یا عمل کرنے والا ۔ (اسم) عادت ؛ رسم ورواج ؛ روش ؛ چلن ۔ (فعل لازم) عادی ہونا ؛ کسی عادت یا رسم و رواج کا پابند ہونا ؛ مستعمل ہونا ۔(فعل متعدی) کوئی کام/عادت یا رسم و رواج کے تحت کرنا یا انجام دینا ۔

**won't,** will not کا مرخّم ۔

**wonted,** a. رواجی ، عادت کے مطابق ؛ حسبِ معمول ؛ مطابق عادت ؛ بالعموم ؛ عام طور پر ؛ بار بار وقوع ہونے کی وجہ سے آشنا ؛ عادی ۔

**woo,** v.t. شادی کی تجویز پیش کرنا یا پیغام دینا ؛ اظہارِ عشق کرنا ؛ دعوت دینا جیسے حالات کو (جیسے : to woo destruction) ۔ (فعل لازم) راضی کرنا ؛ ہموار کرنا ؛ حاصل کرنا ؛ محبت ہونا ۔

**wooing,** n. عشق ؛ محبت ؛ عشق بازی ؛ تعشق ۔

**wood,** n. چوب ؛ لکڑی ؛ جنگل ؛ ایک سخت ریشہ دار شے جو بالعموم کسی درخت یا جھاڑی کی شاخوں اور تنے پر مشتمل چھال کے اندر ہوتی ہے ؛ درخت کا تنا یا بڑے ٹہنے ؛ وہ حصے جو عمارتی یا دیگر ضروریات کے لیے کارآمد ہوں ؛ عمارتی لکڑی یا شہتیر ، تختے وغیرہ جلانے کی لکڑی ؛ لکڑی کے پیپے (اُسطوانہ جات) یا چھوٹے پیپے (بوتل سے ممتاز) (جیسے : wine aged and drawn from the wood) ۔ (طباعت) لکڑی کا ایک کُندہ یا ٹکڑا ۔ (موسیقی) ہوا سے بجنے والا لکڑی سے بنا ہوا کوئی ساز ؛ وہ تمام ساز جو لکڑی کے بنے ہوئے ہوں اور کسی بینڈ میں شامل ہوں ۔ (عموماً جمع) بَن ؛ جنگل ، یعنی درختوں کا بڑا اور گھنا مجموعہ ؛ پیڑوں کا جُھنڈ ۔ (گالف) ایک ایسی چھڑی جس کا سرا لکڑی کا ہو ۔ (صفت) لکڑی سے تیار کردہ یا لکڑی پر مشتمل ، مناسب اور مضبوط لکڑی سے تیار کردہ ؛ لکڑی کا ذخیرہ کرنے ، استعمال کرنے یا اس کی شکل دینے کے لیے موزوں ؛ جنگلات میں رہنے اور پرورش پانے والا ؛ جنگل باش ؛ جنگلی ۔ (فعل متعدی) جنگل اُگانا یا درخت لگانا ۔ (فعل لازم) لکڑی کا لیا جانا یا حاصل ہونا ۔

**out of the woods,** (بول چال) خطرے یا تکلیفات سے نجات ؛ محفوظ ۔

**woodless,** a. بے درخت ؛ بے شجر ؛ بے نخل ؛ چٹیل ۔

**wood,** a. (قدیم) دیوانہ ؛ بدحواس ؛ پاگل ؛ مضطرب ؛ جنگلی ؛ بے قابو (غصے یا ہیجان کی وجہ سے) ۔

**wood alcohol,** n. دیکھیے : Methanol ۔

**wood anemone,** n. جنگلی لالہ ؛ گُل نعمان ؛ شمالی امریکا کا جنگلی چھوٹا پودا جس کے سفید ، قرمزی اور گلابی پھول ہوتے ہیں ؛ قدیم دنیا کے مختلف شقائق النعمان پودوں کی کوئی قسم ۔

**wood betony,** n. مویزک ؛ کشمِش کولی ؛ شمال مشرقی امریکا کا ایک پودا جس میں پیلے اورسرخ پُھول اُگتے ہیں اور لمبے کنگرہ دار پتے ہوتے ہیں ؛ اِسی نوع کے مزید پودوں میں سے کوئی پودا ۔

**woodbin,** n. چوب گیر ؛ ایندھن رکھنے کا کوئی ظرف ، کھوکھا یا صندوقچہ ۔

**wood bine, woodbind, virginia creeper,** n. عام یورپی جنگلی بیل ، زہرۃ العسل یا شبدر جو امریکا میں بھی کاشت ہوتی ہے اور اس کے پتّے رگِ پنجہ کی طرح ہوتےہیں ، اسے ورجینیا بیل بھی کہتے ہیں ۔

**wood block,** n. دیکھیے : Woodcut ۔ (صفت) لکڑی کے بلاکوں سے چھپا یا بنا ہوا ۔

**wood-boring,** a. لکڑی میں سوراخ کرنے کا یا سوراخ کرنے سے متعلق (جیسے : a wood boring tool, a wood boring insect) ۔

**wood carving,** n. چوب کاری ؛ چوب تراشی ؛ کندہ کاری ؛ لکڑی سے اشیا بنانے کا فن یا تیز ہتھیاروں سے لکڑی کو چھید کر اُس پر نقش و نگار کندہ کرنے کا ہُنر ؛ چوبی کندہ کاری ؛ ایسی کوئی تخلیق یا ایسا کوئی کام ؛ چوبی منبت کاری ۔

**woodcarver, n.** کندہ کار ؛ لکڑی پر کندہ کاری کرنے والا ماہر ؛ منبت کار شخص ؛ چوب تراش شخص۔

**woodchat, n.** تلعان ؛ مارموک یا ارضی خوک ، جو شمالی افریقہ اور یورپ میں پایا جاتا ہے۔

**woodchuck, ground hog, n.** موشِ سرمائی ؛ شمالی امریکا میں پایا جانے والا سُرخی مائل بھوری جلد کا گلہری نما جانور جو موسم سرما میں بھٹ بنا کر بے حس پڑا رہتا ہے۔

**wood coal, n.** لکڑی کا کوئلہ ؛ جلی ہوئی لکڑی یا بُھورا کوئلہ۔

**woodcock, n.** آبیا (پرند)؛ یورپ میں پایا جانے والا چھوٹی ٹانگوں اور لمبی چونچ کا چہچے کی قسم کا ایک پرندہ جس کا شکار کیا جاتا ہے ؛ شمالی امریکا کے مشرقی علاقوں کا ایسا ہی ایک پرندہ ۔ (قدیم) بیوقوف۔

**woodcraft, n.** جنگل کا عِلم ؛ جنگل بدیا ؛ ہر وہ عِلم جو جنگل یا لکڑی یا اس سے متعلق ہو ؛ شکار کرنے ، جال لگانے یا جنگل میں ڈیرہ ڈالنے کا فن خصوصاً لکڑی کی اشیا بنانے کا ہُنر ؛ لکڑی کا کام ؛ چوب کاری۔

**woodcut, wood block, wood print, n.** نقش چوبی ؛ چھاپا ؛ ٹھپاّ ؛ ایک لکڑی کا ٹکڑا جو کھود کر ٹھپّا بنا دیا گیا ہو اور اُس سے چھپائی کا کام لیا جائے ؛ اِس ٹھپے کا نقش۔

**woodcutter, n.** لکڑہارا ؛ لکڑی کاٹنے والا ؛ وہ شخص جو لکڑیاں کاٹتا ہو ؛ چوب کار ؛ نقش و نگار کھود کر ٹھپے بنانے والا۔

**wood cutting, n.** لکڑ کاٹ ؛ چوب تراشی۔

**wooded, a.** درختوں سے آباد ہو جیسا کہ پہاڑ کا دامن یا علاقہ ؛ جنگل سے بھرا ہوا۔

**wooden, a.** لکڑی کا بنا ہوا ؛ چوبی ؛ لکڑی پر مشتمل ؛ بے جان یا قوتِ اظہار سے عاری ؛ بے فائدہ ؛ بھدا ؛ ناموافق۔

**woodenly, adv.** غیر دلچسپ انداز سے ؛ بھدے پن سے۔

**woodenness, n.** سختی؛ بھدا پن ؛ افسردگی ؛ بھونڈا پن۔

**wood engraving, n.** لکڑی کو خاص کاٹنے والے اوزاروں سے کھرچ کر یا کھود کر اُس کی سطح پر نقش و نگار، تصاویر یا نمونوں کے ٹھپے بنانے کا فن ، جنھیں روشنائی یا رنگ لگا کر نقش اتارے جاسکیں ؛ لکڑی کا ٹھپاّ ؛ تصاویر یا ٹھپے پر کندہ نمونے یا نقش و نگار ؛چھاپا۔

**woodenhead, n.** (بول چال) غبی ؛ احمق شخص ؛ بے وقوف آدمی ؛ کم عقل یا کم فہم شخص۔

**woodenheaded, a.** احمق ؛ بے وقوف ؛ کم عقل ؛ کودن۔

**woodenheadedness, n.** بے وقوفی ؛ کم عقلی ؛ حماقت۔

**wooden Indian, a.** چوبی انڈین مجسمہ ؛ شمالی امریکا کے ریڈ انڈین کی شبیہہ جو لکڑی سے تیار کرکے مختلف رنگوں میں رنگ دی جاتی ہے ، ماضی میں سڑکوں کے کنارے سگاروں کی دکان کی شناخت کے لیے لگا دی جاتی تھی ۔ (بول چال) غیر جذباتی شخص۔

**woodenware, n.** چوبی ظروف ؛ لکڑی کے بنے ہوئے ظروف اور برتن ، جیسے پیالے ، چمچے یا بیلن وغیرہ۔

**wood hyacinth, English blue bell, n.** (نباتیات) سنبل ؛ سوسن خاندان سے متعلق یورپی پودا ، اِس کے گھنٹی کی شکل کے نیلے اور سفید پھول ہوتے ہیں۔

**wood ibis, flint head, n.** لم ڈھینگ ، لق لق ؛ بگلے سے مشابہ پانی میں چلنے والا بڑی جسامت کا پرندہ جو عموماً جنگلی دلدلوں اور سیم زدہ زمینوں میں پایا جاتا ہے۔

**woodland, n.** جنگل ؛ جنگلی علاقہ ؛ ایسا علاقہ جو جھاڑیوں اور درختوں سے اٹا ہوا ہو ؛ اشجار بھرا علاقہ ۔ (صفت) جنگلی ؛ جنگل سے متعلق یا جنگل کا باسی ؛ صحرائی۔

**woodlander, n.** دشتی شے یا شخص ؛ جنگل کے مکین ؛ جانگلو۔

**wood lot, n.** زمین کا وہ حصہ جو اشجار کی کاشت کے لیے مستعمل ہو یا جس میں خود رو درخت پائے جائیں۔

**woodlouse, n.** (حیوانیات) گُھن ؛ مختلف الانواع بے پر اور کثیرپا حشرات یا یکساں پایاں نوع کے چھوٹے ارضی خولدار کیڑے جو فرسودہ لکڑی اور نم زمینوں میں پائے جاتے ہیں اور جن کے جسم چوڑائی مائل بیضوی ہوتے ہیں اور خزخاکی یا خاکی جُوں کی طرح گول ہو جاتے ہیں ؛ خاکی خاندان کا کوئی بھی بے پر کیڑا ، جو گھروں میں بنے ہوئے لکڑی کے کاموں اور درختوں کی چھال کے اندر پایا جاتا ہے۔

**woodman, n.** دیکھیے : Woodsman ۔

**woodnote, n.** جنگل سُر ؛ ایک فطری یا جنگلی سُریلی آواز جیسے جنگلی پرندوں کی چہچہاہٹ۔

**wood nymph, n.** جنگلوں کی دیوی ؛ بن دیوی ؛ بن پری ؛ جنگل کی پری ؛ بزار چشم تتلی کی انواع میں سے بھورے رنگ کی کوئی تتلی ؛ کبودی نسل کے جنوبی امریکا کے گنگناتے ہوئے پرندوں میں سے کوئی ایک۔

**wood pecker, n.** (طیوریات) کٹھ بڑھئی ؛ کٹھ پھوڑا ؛ ہُد ہُد ؛ ہُد ہُد نسل کے لمبی اور سخت چونچ والے متعدد پرندوں میں سے کوئی ایک جو درختوں کے تنوں اور بڑے ٹہنوں میں سوراخ کرکے اپنی خوراک تلاش کرتے ہیں ، ان کی دُم کے بال سخت اور نوکدار ہوتے ہیں جن کی مدد سے یہ اُچھلتے کودتے رہتے ہیں اور اِن کے بال و پر عموماً دھاری دار نقشین ہوتے ہیں۔

**wood pewee, n.** دیکھیے : pewee ۔

**wood pile, n.** لکڑیوں کا انبار ؛ چوبی ڈھیر ، بالخصوص جو ایندھن کے لیے کاٹا گیا ہو۔

**wood print, n.** دیکھیے : Woodcut ۔

**wood pulp, n.** لکڑی کا گودا ؛ لکڑی کا گُودا یا ماوا ، جو عام طور پر کاغذ بنانے کے کام آتا ہے ؛ چوبی ماوا۔

**wood pussy, n.** (بول چال ) امریکی نیولا ۔ دیکھیے : Skunk ۔

**wood rat, n.** جنگلی چوہا ؛ جنگل میں پائے جانے والے مختلف الانواع چوہوں میں سے کوئی ایک خصوصاً نیوٹوما نسل کے چوہے ، بالخصوص شمالی امریکا کے پیک ریٹ (Packrat) ۔

**wood ray, n.** دیکھیے : Xylem ray ۔

**woodruf, n.** پودوں کی اقسام خصوصاً اوناس یامجیٹھ کے خاندان کے پودے ؛ قدیم دنیا کے پودوں کا ایک گروپ خصوصاً اوڈوراٹا (Odorata) نوع کے جو باغات میں اپنے حلقے دار پتوں ، سفید پھولوں اور خوشبو دار ہونے کی وجہ سے کاشت کیے جاتے ہیں ، بعض انواع کی خشک پتیاں بھی خوشبودار ہوتی ہیں۔

**woodshed, n.** لکڑ گودام ؛ لکڑیاں ، خصوصاً ایندھن کے طور پر استعمال ہونے والی لکڑیاں ذخیرہ کرنے کی جگہ؛ ٹال

**woodsman,** n. صحرائی باشندہ ؛ جنگل میں رہنے والا شخص ؛ جنگل باسی ؛ وہ شخص جو جنگل میں زندگی بسر کرنے کا عادی اور جنگل سے متعلقہ فنون میں پوری طرح ماہر ہو ، جیسے لکڑی کے کام ، شکار اور جال ڈالنے میں ؛ جنگلی درختوں کے لٹّھے کاٹنے والا ۔

**wood sorrel,** n. وہ پودے جن سے کھٹا یا ترش عرق نکلتا ہے ؛ جنس حماض (Oxalis) جس کی ہر ساق کے ساتھ دونوں طرف تین تین پتیاں ہوتی ہیں ، بعض لوگوں کے نزدیک آئرستانی سہ برگا یا حندقوق ؛ جنس حماض کا کوئی بھی پودا ؛ شمالی امریکا کے مغربی علاقوں میں گلابی پھولوں والا کھٹا پودا ؛ تُرشک ۔

**wood spirit,** n. دیکھیے : methanol ۔

**wood sugar, xylose,** n. (کیمیا) شکرِ چوب ؛ سفید شکری سفوف جو خلوی مادوں کی آب پاشیدگی سے حاصل کیا جاتا ہے ، جیسے لکڑی ، بُھوسے، تنکوں یا مکئی کے بُھوسے سے جو ذیابیطس کے مریضوں کی خوراک اور رنگ سازی میں استعمال ہوتا ہے ۔

**woodsy,** a. لکڑی کا ، لکڑی جیسا ، لکڑی سے مشابہ یا کسی نہ کسی طرح لکڑی سے متعلق (جیسے : a woodsy fragrance) ۔

**wood tar,** n. لکڑی کا تار کول ؛ چوبی تار کول ؛ سیاہ رنگ کا پتلا لیسدار مادہ جو لکڑی کو مقطر کرکے یا ہلکی آنچ پر گرم کرنے سے حاصل کیا جاتا ہے ؛ اپنی قدرتی شکل میں لکڑی ، رسیوں وغیرہ کے تحفظ کے لیے مستعمل ہے ، اِس کو مزید مقطر کرنے سے کریا زوٹ اور دوسرے تیل حاصل ہوتے ہیں اور آخر میں لکڑی کی تلچھٹ رہ جاتی ہے ۔

**wood thrush,** n. ایک طویل القامت دُج یا ترغہ ؛ شمالی امریکا کے مشرقی علاقوں میں پایا جانے والا ایک پرندہ جو اپنی سریلی آواز کی وجہ سے مشہور ہے ۔

**wood turning,** n. چوبی خراد ؛ خراد سے لکڑی کو مختلف اشکال یا اشیا میں تبدیل اور تشکیل دینے کا ہنر ۔

**woodturner,** n. چوبی خرادیا ؛ لکڑی پر خراد سے کام کرنے والا شخص ۔

**wood waxen,** n. ایک آرایشی پھلی دار پودا ، جس پر گہرے چمکدار زرد رنگ کے پھولوں کے گچھے لگتے ہیں اور ماضی میں اِن سے زرد رنگ بنایا جاتا تھا ۔

**wood wind,** n. (موسیقی) لکڑی کے بنے ہوئے پھونک مار کر بجانے والے سازوں میں سے کوئی ایک ، جن کو براہِ راست پھونک مار کر یا نرسل کا ٹکڑا پھونکنے سے بجایا جاتا ہے اور اِن میں مختلف الانواع بنسیاں ، الغوزے ، کلارنیٹ ، باسون اور سیکسو فون شامل ہیں ۔ (جمع) آرکسٹرا یا بینڈ میں پھونک سے بجنے والے سازوں کا حصّہ یا گروپ ۔

**wood work,** n. لکڑی کا کام ؛ چوب کاری ؛ لکڑی کی بنی ہوئی اشیا ؛ لکڑی پر کیا گیا کام ؛ کسی عمارت کا وہ حصہ جو لکڑی سے بنایا گیا ہو ، جیسے گھر کے دروازے ۔

**woodworker,** n. لکڑی کا کاریگر ؛ ترکھان ؛ چوب کار ؛ بڑھئی ۔

**woodworking,** n., a. لکڑی کے کام کا فن ؛ چوب کاری ۔

**woodworm,** n. کیڑا یا لاروا جو لکڑی میں پلا ہو یا سوراخ کرکے لکڑی میں داخل ہو جاتا ہو ؛ چوب سُنڈی ۔

**woody,** a. بن بھرا ؛ جنگل بھرا ؛ وہ مقام جہاں درخت اور جنگل کثرت سے ہوں ؛ وہ مقام جو جنگل سے مشابہ ہو یا وہ شے جو جنگل سے متعلق ہو ؛ جنگل دار ؛ چوبی ۔

**woodiness,** n. درختوں کی کثرت ۔

**wooer,** n. عاشق ؛ معاشقہ کرنے والا ؛ عشق پیشہ ۔

**woof,** n. بانا ؛ وہ دھاگا جو تانے میں سے گذرتا ہے اور کپڑا بناتا ہے ؛ بافت ۔

**woof,** n. بھونک ؛ کُتے کے بھونکنے کی ہلکی آواز ؛ کتے کی غراہٹ کی آواز ؛ کوئی دُوسری اِسی قسم کی آواز ۔

**woofer,** n. (برقیات) آلۂ مکبرالصوت ؛ لاؤڈ اسپیکر ؛ وہ آلہ جو ہلکی آوازوں کو اونچی آواز میں تبدیل کردے ۔

**wool,** n. اُون ؛ پشم ؛ بھیڑوں اور دیگر جانوروں کے نرم بال جو اُتار کر اون بٹی جاتی ہے جس کی خاص خوبیاں باریکی، متراکب برپوشی اور سطحی لحاظ سے تناسب ہے جس کی وجہ سے اس میں نرمی پیدا ہوتی ہے ؛ کپڑا یا کپڑے جو اون سے تیار کیے گئے ہوں ؛ اُون کا دھاگا جو بنائی ، کروشیے کے کاموں یا دیگر آرایشی کڑھائی وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے ؛ بٹا ہوا اونی دھاگا ؛ ہر وہ مصنوعی اُون جو اصل بھیڑوں کی اُون کے بدل کی حیثیت سے کاروباری طور پر استعمال ہوتی ہے ؛ خلوی مادے سے تیار کردہ مصنوعی طریقوں سے بنا ہوا اون کی قسم کا دھاگا جیسے ریان یا ریشم ؛ سَن یا کپاس وغیرہ کے پودوں کے ریشے جنھیں خاص کیمیائی طریقے سے تیارکرکے اُون کے بدل کے طور پر استعمال کیا جائے ؛ وہ تمام عمدہ قسم کے دھاگے یا ریشہ دار مادہ جسے دیکھ کر اصل اُون کا شبہ ہو (جیسے : Glass wool) ؛ کسی پودے یا کیڑے پر اون کی قسم کی ہلکی سی تہ ؛ روئیں داری ؛ انسان کے سر پر اون کی طرح کے مختصر گھنگریالے پیچ دار بال ۔

**pull the wool over one's eyes,** کسی کو دھوکا دینا یا للچانا ؛ سبز باغ دکھانا ۔

**wooled,** a. اونی ؛ اون کا ؛ رواں دار ؛ پشم کا ۔

**wool cip,** n. کسی خاص علاقے میں بھیڑوں سے ایک موسم میں اُتاری ہُوئی اُون ۔

**woolen, woollen,** a. اُونی ؛ پشمی ؛ اون سے تیار شدہ ؛ اون کا بنا ہوا ؛ جس میں اون موجود ہو ؛ اُون سے متعلق ۔ (اسم) (عموماً جمع) اُون سے بنا ہوا کپڑا یا کپڑے ، مثلاً کمبل ، سرج ، فلالین وغیرہ ۔

**wooler,** n. اُون والا کوئی جانور ؛ جسے خاص طور پر اُون کی خاطر پالا جائے ؛ پشم دار پالتو جانور ۔

**wool fat,** n. روغنِ پشم ؛ اُون سے حاصل شدہ صاف کردہ چکنائی ۔ دیکھیے : Lanolin ۔

**woofell,** n. اون والے جانوروں کی جلد جن پر سے ابھی اون نہ اُتاری گئی ہو ؛ کچّی کھال والے جانور ۔

**woolgathering,** n. بیکار خیالوں میں محویّت ؛ تصوراتی دُنیا میں رہنے کی کیفیت ؛ خیالی پلاؤ پکانے کی حالت ؛ کسی خاص طرف متوجہ نہ ہونے کی وجہ سے دماغ کی ادھر ادھر سرگردانی ۔ (صفت) پریشان ؛ کھویا ہوا ؛ محویت کے عالم میں ۔

**wool-gather,** v.i. پریشان ہونا ؛ محویت کے عالم میں ہونا ۔

**woolgatherer,** n. کھویا ہوا شخص ؛ خیالوں میں گم ۔

**wool grease,** n. اون چکنائی ؛ ایک چربیلا یا روغنی مادہ جو بغیر دھلی ہوئی بھیڑ کی اون سے حاصل کیا جاتا ہے ۔

**woolly, wooly,** a. اون پر مشتمل یا اون کا حامل ؛ اُون سے تیار شدہ ؛ اون جیسا یا اُون سے مشابہ ؛ پشم نما؛ اون سے ڈھکا ہوا یا

ڈھانپا ہوا ؛ اونی لباس میں ملبوس یا ڈھانپا ہوا ؛ اُون دینے والا یا اونی پشم والا ۔ (نباتیات) اون کی طرح روئیں دار ۔ (بول چال) امریکا کی پرانی مغربی حد کا یا اس سے متعلق (جیسے : wild and woolly ) ۔

**wooliness,** n. اُونی پن ؛ پشم داری ؛ دھندلا پن ۔

**woolly, wooly, woolie,** n. (عموماً جمع) (بول چال) اونی کپڑے کا ٹکڑا، بالخصوص زیرجامہ ؛ بھیڑیں (خصوصاً مغربی امریکا کی) ۔

**wooly aphid,** n. (حشریات) رُوکھ جُوں ؛ تیلی ؛ قلمہ سبز ؛ ایسے حشرات یا کیڑے جن کے جسم پر مومی اونی ریشہ سا موجود ہو ۔

**woolly bear,** n. ایک قسم کی پشمی تتلی ؛ پروانے اور تتلی کی نوع کے متعدد حشرات کا ریشمی لاروا ، بالخصوص شیر پروانے کا جن کے جسم اونی بالوں سے ڈھکے ہوتے ہیں ۔

**woolly headed,** a. اُون کی طرح کے بالوں والا ، غیر منظم اور اُلجھے ہوئے یا پریشان خیالی سے مخصوص ۔

**woolpack,** n. اون کا گٹھڑ ؛ کینوس یا سخت کُھردرے کپڑے سے بنا ہوا بڑا بورا یا تھیلا جس میں اُون بھر کر بحری جہاز کے ذریعے کہیں بھیجی جائے ؛ ۲۴۰ پونڈ کی وزنی اونی گانٹھ یا گٹھا ۔ (موسمیات) تودۂ ابر ؛ اُون نما بادل ؛ دل بادل ۔

**woolsack,** n. ایک تھیلا یا بورا جو اُون بھرنے کے لیے ہو ۔ (برطانوی) کُرسی جو وزیر خزانہ کے لیے مخصوص ہوتی ہے یا وہ کُرسی جو کسی ایسے جج کو دی جاتی ہے جسے دارالاُمرا میں طلب کیا گیا ہو ، اِس کی بازوؤں اور پشت کے بغیر نشست بہت بڑی اور اُون سے بھری ہوئی ہوتی ہے ؛ وزارت خزانہ ۔

**woolshed,** n. پشم کوٹھی ؛ عمارت جس میں بھیڑوں کی کھال سے اُون اُتار کر اُسے فروخت کرنے کے لیے تیار کیا جاتا ہے ۔

**woolsorter's disease,** n. مرضِ دُھنیا ؛ بھیڑ تپ کی پُھنسی ؛ راج پھوڑا ؛ پھیپھڑے کا یہ مرض اُس صورت میں ہوتا ہے جب بھیڑ کے گندے بالوں ، بالخصوص اون میں موجود جرثومے کے تخمک سانس کے ساتھ اندر چلے جائیں ۔

**wool sponge,** n. پشمیں اسفنج ؛ کوئی بھی اسفنج ، بالخصوص آبنائے میکسیکو اور اُس کے قریبی پانیوں میں پائے جانے والے اسفنج جو نرمی اور پایداری کی وجہ سے بڑے پیمانے پر استعمال ہوتے ہیں ۔

**wool stapler,** n. اُون کا تاجر ؛ آڑھتی ؛ پشم دھننے یا درجہ بندی کرنے والا ؛ تاجر پشم ۔

**wool-stapling,** a., n. اون کی درجہ بندی ؛

**woozy,** a. گڈ مڈ یا احمقانہ طور پر پریشان ؛ ذہنی طور پر مختل یا انتشار کی حالت میں ، جیسے شراب کے زیر اثر ؛ جسمانی طور پر مضمحل ، جیسے متلی کی وجہ سے ۔

**woozily,** adv. غیر یقینی طور پر ؛ الجھے ہوئے طور سے ۔

**wooziness,** n. غیر یقینی حالت ؛ الجھاؤ ؛ گڑ بڑ ؛ انتشار ؛ اختلال ۔

**Worcester china, Worcester porcelain,** a. وورسسٹر (انگلستان) میں ۱۷۵۱ سے بنائے جانے والے شفاف چینی کے برتن ۔

**Worcestershire sauce,** n. وورسسٹر شائر چٹنی ؛ ایک چٹپٹی طنجوئی چٹنی جس کا آغاز وورسسٹر ( انگلستان) میں ہوا جس میں سرکہ ، سوئے اور کئی دیگر اشیاء شامل ہوتی ہیں ۔

**word,** n. لفظ ؛ کلمہ ؛ تقریر ؛ صوت یا اصوات کا مجموعہ یا اِس کی نمائندہ آواز ، جو زبان کے ذریعے بامعنی پیغام رسانی کی سب سے چھوٹی اکائی ہوتی ہے ؛ ایک واحد لسانی اکائی جو گفتگو کا ایک نحوی حصہ ہے ؛ کہی گئی بات ؛ مختصر کلام یا گفتگو (جیسے : to have a word with someone ) ؛ اظہار یا بول (جیسے a: word of praise ) ؛ فرمان ؛ ایک حکمیہ جملہ ؛ حُکم (جیسے the: father's word was law ) ؛ یقین دہانی ؛ وعدہ ؛ قول (جیسے to give: one's word ) ؛ خبر ؛ اطلاع (جیسے :to send word of an occurence ) ؛ افواہ ؛ زبانی اشارہ ؛ بَلول ؛ فوجیوں کا علامتی لفظ ۔ (بڑے W سے) کلام خدا ؛ کتب مقدس (ہمیشہ the کے سابقے کے ساتھ) ۔ (جمع) تقریر ؛ کلام ؛ بات چیت ؛ مکالمہ ؛ گفتگو ؛ کسی گانے کے بول یا دیگر موسیقانہ اصوات ؛ نزاعی یا معاندانہ گفتگو (جیسے : to have words with someone ) ۔ (فعل متعدی) الفاظ میں اظہار کرنا ؛ جملے بنانا ۔

**be as good as one's word,** اپنی بات یا وعدے کے مطابق عمل کرنا ۔

**by word of mouth,** زبانی گفتگو کے ذریعے ؛ زبانی ۔

**in a word,** مختصراً ؛ قصہ مختصر ۔

**take one at his word,** کسی شخص کے الفاظ کو سنجیدگی سے لینا اور اُس پر عمل کرنا ؛ کسی کی بات کا اعتبار کرنا ۔

**the last word,** (بول چال) حتمی بات ؛ آخری شئ ؛ طے شدہ امر ؛ حرف آخر ؛ کلمۂ آخریں ۔

**word for word,** لفظ بہ لفظ ۔

**wordage,** n. لفاظی ؛ کثیر الکلامی ؛ الفاظ کی بہتات ؛ الفاظ کی ایک مخصوص تعداد مثلاً کتاب کے کل الفاظ ؛ عبارت ؛ تعبیر ۔

**word-blind,** a. (امراضیات) لفظ کور ؛ دماغی بیماری کی وجہ سے جو شخص تحریر شدہ یا مطبوعہ الفاظ کا مفہوم سمجھ نہ سکے لیکن وہ الفاظ کو دیکھنے ، لکھنے ، پڑھنے ، بولنے اور بولے گئے لفظوں کو سمجھنے کی صلاحیت رکھتا ہو ۔

**word blindness,** n. (امراضیات) لفظ کوری ۔

**wordbook,** n. فرہنگ ؛ لُغت ؛ ڈکشنری ؛ الفاظِ غنائیہ کا کتابچہ ۔

**word-deaf,** a. (امراضیات) معنی کا بہرا ؛ جو شخص قشری صدمے کی وجہ سے سماعت کردہ گفتگو کو سمجھنے سے قاصر ہو ۔

**word deafness,** n. معنی کا بہرا پن ۔

**word for word,** adv. لفظ بلفظ ؛ حرف بحرف ؛ من و عن ؛ بالکل اُسی طرح سے ۔ (صفت) لفظی ۔

**wording,** n. الفاظ میں اظہار و بیان ؛ اسلوب ؛ طرز بیان ؛ جملہ بندی ؛ الفاظ کی ترتیب یا بندش ۔

**wordless,** a. بات کرنے سے عاجز یا قاصر ؛ خاموش ؛ بغیر کسی اظہار یا بیان کے ؛ نطق سے محروم ؛ بے زبان ۔

**wordlessly,** adv. خاموشی سے ؛ بے زبانی سے ۔

**wordlessness,** n. بے الفاظی ؛ نطق سے محرومی ؛ بے زبانی ۔

**word-of-mouth,** a. زبانی کلامی ؛ الفاظ کے ذریعے بتایا ہوا ؛ زبانی بیان کردہ ؛ مُنہ نکلا ۔

**word order,** n. کسی جملے ، مرکب تام یا فقرے میں الفاظ کی ترتیب ۔

**wordplay,** n. نوک جھونک ؛ ضلع جُگت ؛ حاضر جوابی ؛ ابہام ۔

**word processing,** n. لفظ کاری ؛ اسکرین پر نظر آنے والے ٹائپ شدہ مواد کو ریکارڈ کرنے ، ذخیرہ کرنے اور واپس لینے کا نظام ۔

**word processor,** n. لفظ کار ؛ ورڈ پراسیسر ؛ اِس مقصد کے لیے استعمال ہونے والی مشین ۔

**word square,** n. لفظوں کا مربّع ؛ الفاظ کا ایسا مجموعہ جو سب یکساں طوالت کے حامل ہوں اور اُن کو مربع کی شکل میں اوپر نیچے اور دائیں بائیں اس ترتیب سے رکھا جائے کہ جدھر سے بھی پڑھیں ایک ہی طرح سے پڑھے جائیں ۔

**wordy,** a. لفّاظ ؛ مناسب مقدار سے زیادہ الفاظ کا استعمال کرنے والا ؛ پُر الفاظ ؛ لفظوں پر مشتمل ؛ مطوّل ؛ لفظی ، لفاظی ۔

**wordily,** adv. لفاظی کے ساتھ ؛ طول کلامی سے ۔

**wordiness,** n. لفاظی ؛ طول کلامی ؛ پر لفظی ؛ پرلُغتی ۔

**work,** n. کام ؛ کاج ؛ کار ؛ کسی مقصد کو پانے یا سر انجام دینے کی کوشش یا عمل ؛ کچھ پیدا کرنے یا حاصل کرنے کا فعل ؛ محنت ؛ مشقت ؛ پیداواری یا عملی سرگرمی (جیسے to make a machine to work) ؛ کوئی کام جو حصول معاوضہ کے لیے کیا جائے مثلاً مزدوری کے لیے ، نوکری یا ملازمت ؛ اسامی ، روزگار ؛ وہ مقام جہاں کوئی ملازم ہو (جیسے : not at home but at work) ؛ جس کے اوپر محنت یا مشقت صرف ہو (جیسے : a literary work) ؛ کام یا محنت کی پیداوار ؛ سوزن کاری یا کشیدہ کاری ؛ کوئی مہندسی ساخت جیسے پُل یا گودی ؛ کاریگری (جیسے:to do good work) ؛ کوئی کام یا ذمہ داری (جیسے:one's life's work) ؛ کوئی فعل یا عمل ۔ (جمع) (دینیات) نیک اعمال یا بھلائی کے کام ۔ (جمع لیکن ترکیب میں واحد) محنت یا کسی صنعت کے کام کی جگہ ، کارخانہ (جیسے:an iron works) ؛ کسی میکانی آلے کے کام کرنے والے حصے (جیسے:the works of a clock) ؛ جھاگ جو خمیر کے دوران پیدا ہو جائے ، مثلاً سیب کا رس یا سرکہ بنانے کے دوران ۔ (طبیعیات) ایک جسم یا نظام سے دوسرے میں توانائی کی منتقلی ۔ (فعل لازم) کام ہونا ؛ محنت ہونا ؛ مشقت ہونا ؛ ملازم ہونا ؛ مشین پر کوئی کام ہونا ؛ موثر طور پر کام ہونا ؛ موثر ہونا یا اثر پذیر ہونا (جیسے:to work on one's conscience) ؛ محنت اور مشکل سے راہ نکالنے میں کامیاب ہونا (جیسے :a ship working to wind ward) ؛ اپنا متعین مقصد حاصل ہونا یا مسلسل جدوجہد ہونا (جیسے:to work loose) ؛ ہیجانی کیفیت میں چلنا جیسے چہرے مُہرے سے بھی ایسے ہی جذبات کا اظہار ہو ۔ (جہازرانی) جہاز کے جوڑوں پر زور پڑنا (سمندر میں دباؤ کے تحت) ۔ (میکانیات) بے قاعدگی سے چلنا جیسے مشین کے پرزوں کے ناقص جوڑ سے یا ان کے گھس جانے کے سبب ۔ (فعل متعدی) کوشش یا محنت سے حاصل کرنا ؛ کسی شے کا سبب بننا ؛ اثر کرنا ؛ اثر ڈالنا ؛ زیر عمل لانا ، جیسے کوئی کان یا اراضی ؛ خوش اسلوبی سے گوندھنا ، سلجھانا یا ملائم کرنا جیسے خمیر یا مکھن کو ؛ ترتیب دینا ؛ درست کرنا ، مرمت کرنا یا پیداوار کے لیے عمل کرنا (on کے ساتھ ، جیسے : to work on an engine, or a novel) ؛ استعمال کرنا یا انصرام کرنا ، جیسے مشین کا پیداواری عمل میں ؛ مؤثر کارکردگی کے عمل میں لانا ؛ کسی جانور یا شخص سے کام کرانا ؛ محنت یا کوشش سے کوئی کام سرانجام دینا (جیسے:to work one's way through college) ؛ سوزن کاری سے زیبایش کرنا یا کشیدہ کاری کرنا ؛ کسی مسئلے یا مشکل کا حل تلاش کرنا ، مثلاً کسی حساب کے سوال کا ؛ حرکت میں لانا ، بھڑکانا یا تحریک کرنا (اِس صورت میں up کے ساتھ مستعمل ہے) ؛ خمیر اٹھانا ؛ اثر انداز ہونا یا قائل کرنا بالخصوص مکاری سے ؛ اثر کرنے یا قائل کرنے کی کوشش کرنا (on کے لاحقے کے ساتھ) ۔ (بول چال) کوئی نفع یا فائدہ حاصل کرنے کے لیے خوشامد یا اثر اندازی کے دیگر ذرائع اختیار کرنا (جیسے:to work someone on loan) ۔ (صفت) کام کا ، کام کے لائق یا کام میں مستعمل ؛ کسی خاص کام یا پیشے کے متعلق اسما بنانے کے لیے استعمال ہوتا ہے (جیسے:wood work, needle work) ؛ کسی مخصوص کام کو ظاہر کرنے کے لیے اسم بنانے کے کام آتا ہے (جیسے :piece work, paper work) ؛ کسی خاص جگہ کیے گئے کام کا اسم بنانے میں بھی مستعمل ہے (جیسے :house work) ۔

**at work,** مشغول یا مصروف کار ۔

**out of work,** بیکار ؛ بے روزگار ؛ خراب (مشین) ۔

**the works,** (عوامی) ہر ممکن شے ۔

**work off,** محنت یا کام کرکے جان چھڑانا جیسے قرض سے ۔

**work up,** پھیلانا یا گھڑتے جانا ؛ حاشیہ لگانا یا گھڑنا ۔

**workable,** a. قابل عمل ؛ اس قابل کہ اُس کو انجام دیا جا سکے ، کام میں لایا جا سکے ؛ قابلِ حصول ، قابل عمل یا ممکن العمل جیسے کوئی منصوبہ ۔

**workability, workableness,** n. عمل پذیری ؛ قابل عمل ہونے کی حالت ۔

**workaday,** a. کام کے روز سے متعلق یا اس کے بارے میں ؛ معمولی ، بے کیف ؛ عامیانہ ؛ روزمرہ کا ۔

**workaholic,** n. کار مستعد ؛ حد سے زیادہ کام کرنے والا شخص ۔

**workbag,** n. سینے ، کاڑھنے اور اوزار وغیرہ رکھنے کا تھیلا یا بقچہ ۔

**work basket,** n. ٹوکری ، جس میں سلائی کا سامان رکھا جاتا ہے ۔

**workbench,** n. کارمیز ؛ مضبوط بنی ہوئی میز ، جس پر بڑھئی اور دیگر صناع اپنا کام کرتے ہیں ۔

**workbook,** n. کتابِ کار ؛ مشقی کتاب ؛ طلبہ کے لیے ایک ایسی کتاب جس میں ان کے کرنے کے لیے سوالات اور مشقیں شامل ہوتی ہیں ؛ کارکردگی کے طریقوں کے متعلق ہدایات کی کتاب ؛ مکمل شدہ یا مجوزہ کام کی تفصیلات کے اندراج کی کتاب ۔

**workbox,** n. ایک چھوٹا سا بکس یا ڈبہ جس میں اوزار اور دیگر ضروری سامان رکھا جاتا ہے ، بالخصوص وہ جو خیاطی اور سوزن کاری کے لیے ہو ۔

**work camp,** n. مشقت کیمپ ؛ قیدیوں کا کیمپ بالخصوص جو قید با مشقت کے حکم کے تحت سزایاب ہوئے ہوں ؛ مذہبی تنظیمات کی طرف سے اُن کے کارکنوں کے لیے جسمانی محنت کا مختصر سا دورانیہ ۔

**workday, working day,** n. یوم کار ؛ کام کا دن ؛ وہ دن جس روز کام کرنا ہو ؛ ایک دن کا مصروف حصہ یا گھنٹے جن کے دوران کام

کیا جاتا ہے ۔ (صفت) دن کے کام والا ؛ کاروباری ؛ عملی ۔

**worked,** a. بنایا ہوا ؛ ترقی یافتہ یا مختلف عملوں سے گزرا ہوا ۔

**worked-up,** a. جوش یا ہیجان کا شکار ۔ دیکھیے : wrought up ۔

**worker,** n. کارکن ؛ کام کرنے والا ؛ مزدور ؛ محنتی ؛ مشقت کرنے والا؛ مزدور طبقے کا رُکن ؛ محنت کش ؛ کاریگر ۔ (حشریات) ایک بانجھ مادہ جو صرف کارکن ہوتی ہے ، شہد کی مکھیوں یا چیونٹیوں میں سے ۔ (طباعت) برقی ٹائپ کاری والی تختی ۔

**work farm,** n. (تعزیریات) ایک ایسا فارم جس میں مشقت کے لیے عدالت کسی شخص بالخصوص نابالغ مجرم کو کچھ عرصے کے لیے مشقت کرنے کے لیے بھیج دے ؛ مشقت فارم ۔

**workfolk, workfolks,** n. کام کرنے والے لوگ ، بالخصوص زرعی مزدور ، کسان وغیرہ ۔

**work force,** n. افرادی قوت ؛ جمعیت کارکنان ؛ کسی کاروبار ، کارخانے یا فیکٹری وغیرہ کے جملہ کارکن ؛ کارکنوں کی کل تعداد جس میں بے روزگار اور روزگار پر لگے ہُوئے سب شامل ہوں ۔

**workhorse,** n. گھوڑا ، بالخصوص جو زرعی زمینوں پر سخت کام کرتا ہو ؛ سواری کے گھوڑے سے مختلف ؛ ایسا شخص جو سخت محنت سے خوشی حاصل کرتا ہو ، بالخصوص وہ جسے کام کے مشکل ترین حصے پر لگایا جا سکے یا حسبِ ضرورت جس کو اضافی ذمہ داریاں سونپی جا سکیں ۔

**workhouse,** n. اصلاح گھر ؛ اصلاحی ادارہ ؛ ایک ایسی عمارت جس میں معمولی جرائم کے مرتکب اشخاص اصلاح کے لیے بھیج دیے جاتے ہیں اور اُنھیں کام پر لگا دیا جاتا ہے ۔ (برطانوی) گھر یا محتاج خانہ جہاں غریب لوگ رہتے ہیں اور انھیں کام فراہم کیا جاتا ہے ؛ محتاج خانہ ۔

**work in,** v.t. شامل کرنا یا داخل کرنا ، بالخصوص دقیقہ سنجی اور لطافت سے ؛ کہنایا یا کہنا (جیسے: the speaker managed to work in a reference to honors recently bestowed upon him) ؛ خصوصی اہتمام سے شامل کرنا (جیسے: the boss has a full schedule today, but he may be able to work you in) ۔

**working,** a. مزدوری کرنے والا ؛ جسمانی مشقت یا کسی اور عملی کاروبار میں مصروف ؛ کام سے متعلق یا کام میں مستعمل ؛ استعمال میں لانے کے لیے کافی حجم ، مقدار یا معیار کا (جیسے: having a working knowledge of mathematics) ؛ کام میں آسانی پیدا کرنے والا (جیسے: a working diagram) ؛ پھڑکنے یا جھٹکے کھانے والے ، جیسے چہرے کے پٹھے کسی جذباتی دباؤ کے تحت ۔ (اسم) عمل ؛ کام کرنے کا طریقہ ؛ حرکت ؛ تخمیر جیسے شراب یا خمیر کی ۔ (جمع) کان کھدائی یا سرنگ کا وہ حصہ جہاں پر کھدائی جاری ہو یا ہو چکی ہو ۔

**working asset,** n. (حسابداری) زیر کار اثاثہ ؛ کوئی اثاثہ جو سرمایے سے الگ ہو ۔

**working capital,** n. سرمایہ زیر کار ؛ کام چلانے کے لیے سرمایہ ؛ نقدی یا دیگر زیردست یا زیرکار اثاثے جو ایک تجارتی ادارہ اپنے روزمرہ کے کام کو رواں رکھنے کے لیے زیرعمل لاتا ہے؛ کاروباری سرمایہ ۔ (حساب داری) جاری سرمایہ ، جو جاری ذمہ داریوں سے زائد ہو ۔

**working class,** n. مزدوروں کا طبقہ ؛ لوگوں کا وہ طبقہ جس کا معاشرتی درجہ اُس کے افراد کی جسمانی محنت یا صنعتی ملازمت کے انحصار سے متعین ہو ؛ مزدور ؛ کارکُن ؛ پرولتاری ۔

**working-class,** a. مزدوری کرنے والے ؛ محنت کش ۔

**working day,** n. دیکھیے : Workday ۔

**working drawing,** n. نقشہ ؛ خاکہ ؛ عملی خاکہ ؛ کسی مشین یا عمارت کا وہ نقشہ جو ایک پیمانے کے مطابق بنایا جائے اور اُن تمام تفصیلات کا حامل ہو، جن سے مطلوبہ شے کی تعمیر میں کارکنوں کی رہنمائی ہو سکے ۔

**workingman,** n. کاریگر ؛ کارکنوں کی جماعت کا مرد رکن ؛ وہ شخص جو اپنی مزدوری جسمانی محنت کرکے حاصل کرتا ہو ؛ جسمانی کام کرنے والا مزدوری یا کارکن جو کسی کارخانے یا فیکٹری میں ملازم ہو ۔

**working papers,** n. ملازمت نامہ ؛ دستاویزی شہادت جو کسی شخص خصوصاً نابالغ فرد کو روزگار حاصل کرنے کا قانونی حق دے ۔

**working substance,** n. (میکانیات) حرکی شے ؛ کوئی مادہ یا شے جیسے بھاپ ، ہوا یا مائع جو دباؤ کے تحت اصل محرک کو چلائے ۔

**work load,** n. کسی مزدور ، مشین ، محکمے یا کاروبار کی مقررہ وقت کے اندر متوقع استعداد کار ۔

**workman,** n. کوئی شخص جو جسمانی محنت یا مشین کے کام میں مشغول ہو جیسے مزدوری یا صنعت میں ؛ اکثر اُس کے کام کے حوالے سے استعمال ہوتا ہے (جیسے: a skilled work man) ۔

**workmanlike, workmanly,** a. مزدور کی طرح یا مزدور کے شایان شان ؛ ہُنر مندی سے ؛ خوش اسلوبی سے کیا ہوا ؛ ڈھب کا ؛ ٹھیک ٹھاک ؛ استادانہ ۔

**workmanship,** n. کاریگر کا فن یا مہارت ؛ہنرمندی ؛ سر انجام دیے گئے کام کی خوبی یا معیار ؛ عملی کاریگری ؛ کارکن ، مزدور یا ہُنر مند کے کام کے نتائج یا ان کی بنائی ہوئی اشیا ۔

**workmen's compensation insurance,** n. متلافی بیمہ مزدوراں امریکا کی بعض ریاستوں میں مزدوروں کا بیمہ جو بذریعہ قانون مروج ہے جس کی رُو سے مزدوروں کی موت یا جسمانی ضرر کے حقوق کی ادائیگی کی ذمہ داری آجر کے بجائے بیمہ کمپنی پر عائد ہوتی ہے اور بیمے کی رقم بھی حسبِ قانون متعین ہوتی ہے ۔

**work of art,** n. فن پارہ ؛ فنی شاہکار ؛ کسی فن کار کی تخلیق ، بالخصوص اعلیٰ معیار کی مجسمہ سازی ؛ کوئی ایسی تخلیق جو فن پارہ نظر آئے ؛ فن پارے سے مشابہ ۔

**work out,** v.t. حساب لگانا ؛ حل کرنا ؛ کسی کام کو محنت مزدوری سے کرنا یا انجام دینا ؛ ختم کر دینا یا صاف کر دینا جیسے مٹی یا کان کو مشقت و محنت کرکے ؛ حل کرنا ؛ ادا کرنا جیسے قرض کا ، رقم ادا کرنے کے بجائے محنت مشقت کرکے ؛ کام کا اختتام کرنا ؛ ترقی دینا ؛ تیار کرنا ، جیسے کوئی منصوبہ ۔ (فعل لازم) کامیابی سے یا مناسب طور پر سرانجام ہونا ؛ توقع کے مطابق انجام کو پہنچنا ؛ منتج ہونا (جیسے: to work out badly) ؛ مشق و مہارت کا ہونا خصوصاً ہنر مندی میں اضافہ ہونے یا جسمانی کھیلوں میں حصہ لینے یا کسی مقابلے

میں تیار ہونے کے لیے ۔

**workout, n.** (بول چال) ہنر و فن یا استعداد کو فروغ دینے کے لیے مشق و مہارت کا دور ؛ کسی مقابلے یا کھیلوں میں حصہ لینے کی تیاری ؛ کوئی سخت مشقت یا تھکا دینے والی فعالیت یا سرگرمی ۔

**workpeople, n.** مزدور پیشہ لوگ ، بالخصوص وہ لوگ جو جسمانی محنت مشقت کرتے ہوں ؛ مزدور ؛ کارکن ؛ محنت کش ۔

**workroom, n.** کارگاہ ؛ کمرہ جس کے اندر کام کیا جاتا ہو ۔

**workshop, n.** کارخانہ ؛ ورکشاپ ؛ صنعت گاہ ؛ کارگاہ ؛ مکان یا عمارت جہاں کوئی کام یا دستکاری جاری ہو ؛ مباحثہ یا سیمینار جو کسی موضع کے گہرے مطالعے یا غوروخوض کے لیے منعقد کیا گیا ہو ۔

**work stoppage, n.** کام بندی ؛ کام میں رکاوٹ یا تعطل ، بالخصوص صنعت میں جو عام طور پر ملازمین کی ہڑتال کی وجہ سے ہوتا ہے ،جو وہ اپنے مقاصد کے حصول کے لیے کرتے ہیں ۔

**worktable, n.** کار میز ؛ وہ میز جس پر کام کیا جائے ، بالعموم اِس میں درازیں اور خانے ہوتے ہیں ، جن میں سامان رکھا جاتا ہے جیسے سلائی کے لیے ۔

**work-up, n.** (طباعت) مطبوعہ کاغذ پر دھاتی حروف یا سطری فاصلہ گروں کی ،غلطی سے چھپائی ۔

**workweak, n.** ہفتے کے ایام کار ؛ ہفتے کے دوران کل ایام یا گھنٹے جن میں کام ہوتا ہے ؛ ہفتے کے دوران ایامِ کار اورکُل گھنٹوں کی معینہ تعداد جو کام کے لیے مقرر ہوتے ہیں ؛ ہفتگی ساعت کار ۔

**workwoman, n.** مزدور عورت ؛ کارکن خاتون ؛ مزدوری کے لیے رکھی گئی عورت بالخصوص جسمانی مشقت یا مشین پر کام کرنے کے لیے جیسے کسی صنعتی ادارے میں ۔

**world, n.** دنیا ؛ جہان ؛ عالم ؛ سنسار ؛ کرۂ ارض ؛ کائنات ؛ ہستی کا کوئی دور یا کیفیت (جیسے: the next world ) ۔ (اکثر بڑے W سے) ایک خاص زمینی تقسیم (جیسے : the new world ) ؛ کسی خاص زمانے میں زمین اپنے باشندوں، معاملات اور طریق بود و باش کے خصائص کے ساتھ (جیسے: the prehistoric world ) ؛ بنی نوع انسان ؛ عوام الناس بالعموم (جیسے: the whole world knows it ) ؛ لوگوں کا خاص طبقہ یا جماعت جن کے مفادات و مقاصد یکساں ہوں (جیسے: the sports world) ؛ کوئی دائرہ عمل ، قلمرو یا خطہ مع اُن تمام لوازمات کے جو اِس سے متعلق ہوں (جیسے : the world of dreams, the insect world ) ؛ تجربات یا معاملات کا رُخ (جیسے: How goes the wold with you? ) ۔ (اکثر جمع) بہت زیادہ یا بے حد (جیسے: worlds of difference) ؛ کوئی جرم فلکی، بالخصوص سیارہ ۔

**for all the world,** ہر لحاظ سے ؛ ہر طرح سے ۔

**in the world,** ہر جگہ ؛ بالکل ؛ ہمیشہ (تاکید کے لیے) (جیسے: what in the world is that? ) ۔

**on the top of the world,** (بول چال) بہت خوش ، مسرور ، شادمان ؛ مفتخر ؛ نازاں ۔

**out of this world,** (بول چال) بہت اچھا ؛ نفیس ؛ عمدہ ترین ۔

**world-beater, n.** (عوامی) وہ شخص یا شے جو دوسروں سے بلحاظ درجہ بندی ، عمدگی ، اہلیتوں اور کارکردگی میں سب سے زیادہ ممتاز ہو ۔

**World Day of Prayer, n.** عالمی یوم دُعا ؛ ایسٹر کے چلّے کا پہلا جمعہ ، جس میں بیرونی سفارت خانوں کے لیے خاص عبادت کا اہتمام کیا جاتا ہے ۔

**world federalism, n.** نظریہ وفاق عالم ؛ وفاقی نظام جوتمام دُنیا پر محیط ہو ۔ (بڑے W کے ساتھ) ایک تحریک جو دوسری جنگ عالمگیر کے فوراً بعد شروع کی گئی تھی تاکہ جملہ اقوام کے وفاق سے دنیا میں امن بحال کیا جائے ۔

**world federalist, n.** عالمگیر وفاقیت کا حامی شخص ۔

**worldling, n.** دنیا پرست ؛ وہ شخص جو کلی طور پر صرف اِسی دُنیا کے معاملات اور دلچسپیوں میں گم ہو ؛ دنیا دار شخص ۔

**wordly, a.** دنیا دار ؛ دُنیا پرست ؛ عیش پرست ؛ دُنیوی یا آدمی کی موجودہ زندگی سے متعلق ؛ اِسی جہان کی زندگی کا طالب ؛ دینی معاملات سے لاتعلق ؛ مادی مفادات یا عیش و عشرت کا طالب ؛ روحانی کے مقابلے میں مادی یا نفسانی ۔

**wordliness, n.** دنیاداری ؛ مادیت ؛ دنیا پرستی ؛ دنیادوستی ۔

**wordly-minded, a.** دنیا دار ؛ دُنیاوی مقاصد کا متمنی ؛ مادی خواہشات کا رسیا ۔

**worldly-mindedness, n.** دنیاداری ؛ دنیا پرستی ؛ دنیا دوستی ۔

**wordly-wise, a.** دُنیاوی معاملات کا ماہر ؛ دُنیا دار ؛ دانا ؛ دُنیا دیکھے ہوئے ؛ سرد و گرم چشیدہ ؛ جہاں دیدہ ۔

**world power, n.** عالمی طاقت ؛ کوئی ریاست ، ادارہ یا شراکت جو اتنی بااختیار ہو کہ پوری دنیا اس کے دائرہ اثر میں آ جائے ۔

**World Series, n.** (بیس بال) کھیلوں کے مقابلوں کا، موسم کے بعد سلسلہ، جو ریاست ہائے متحدہ امریکا میں اکتوبر کے مہینے منعقد کیا جاتا ہے اس میں لیگ میچوں میں جیتنے والی ٹیمیں حصہ لیتی ہیں یہاں تک کہ آخر میں کوئی ایک ٹیم چار میچ جیت کر دنیا بھر میں اول درجہ حاصل کر لیتی ہے ۔

**world shaking, a.** دنیا کو ہلا دینے والا ؛ اتنی اہمیت اور نتائج کا حامل کہ اُس سے تمام دُنیا پر اثر پڑے ۔

**world soul, n.** (فلسفہ) رُوح عالم ؛ مادی دُنیا کا ایک فرضی روحانی پہلو جس کو انسانی جسم کی رُوح کے طور پر متصور کیا جاتا ہے ۔

**World War I, n.** پہلی جنگ عظیم ؛ پہلی عالمگیر جنگ(۱۹۱۴ء تا ۱۹۱۸ء)جس میں دو بڑے محاذ آرا فریقوں میں سے ایک طرف جرمنی ، آسٹریا ، ہنگری اور ترکی کی مرکزی طاقتیں تھیں تو دوسری طرف برطانیہ عظمیٰ ، فرانس ، بلجیم ، روس اور امریکا تھے ، یہ جنگ بنیادی طور پر یورپ ہی میں لڑی گئی ۔ مخفف : W.W.I ۔

**world war II, n.** دوسری جنگ عظیم ؛ جنگ عالم گیر دوم ؛ یہ جنگ ستمبر ۱۹۳۹ء سے جولائی ۱۹۴۵ء تک لڑی گئی ، اس کے بڑے

**wormseed, n.** ورمُنھ ؛ ناگدون ؛ بابڑنگ ؛ ناگدون کے پھولوں کے خُشک سرے جو دافع کرم کے طور پر مستعمل ہیں ؛ نُرفہ خاندان کے کئی پودے جو پیٹ سے کیڑے یا کیچوے خارج کرنے کی دوا کے طور پر مستعمل ہیں ۔

**worm snake, n.** کیڑا سانپ ؛ کئی اقسام کے چھوٹے سانپ جو کیڑوں سے مشابہ ہوتے ہیں ۔

**work wheel, n.** چرخ پہیہ ؛ ورم پہیہ ؛ وہ پہیہ جو ایک حلقہ پیچ کے ساتھ وابستہ ہوتا ہے ؛ چکّر دار پہیہ ؛ چرخی ۔

**wormwood, n.** افسنتین یا مروا کی نسل کا کوئی بھی پودا ؛ یورپ کی ایک خوشبودار کڑوی بُوٹی جو ماضی میں کرم کشی اور طاقت کی دوا کے طور پر بہت مستعمل تھی مگر اب زیادہ تر افسنتین یا ناگدونہ بنانے کے لیے استعمال ہوتی ہے ؛ کوئی کڑوی شے ، نقصان دہ یا ناخوشگوار ؛ کڑواہٹ یا تلخی ۔

**wormy, a.** وہ شے جس میں کیڑے ہوں ؛ کیڑوں والی ؛ کرم خوردہ ؛ کیڑوں کی طرح ؛ کرم نما ؛ ذلیل ؛ ادنیٰ ۔

**worn, a.** فرسودہ ؛ استعمال یا پہننے کی وجہ سے ضرر رسیدہ (جیسے: worn clothing ) ؛ تھکا ہوا یا مضمحل ؛ مشقت ، پریشانی ، تکلیف کے باعث تھکن کے آثار کا مظہر ۔

**worn-out, a.** استعمال کے باعث ضائع شدہ یا بہت زیادہ ضرر رسیدہ ؛ تھکا ہُوا ؛ مشقت سے شا ۔

**worriment, n.** (بول چال) پریشانی ؛ مصیبت ؛ مشکل ؛ کھکھیڑ ؛ تشویش ؛ دقت ۔

**worrisome, a.** پریشان کُن ؛ تشویشناک ؛ باعث تشویش ؛ غصہ دلانے والا یا خلل انداز ؛ پریشانی کا باعث ؛ مضطرب یا فکر مند ہونے کے قریب ۔

**worrisomely, adv.** پریشانی سے ، مضطرب انداز میں ؛ مضطربانہ ؛ تردد سے ؛ تشویش سے ۔

**worry, v.i.** پریشان خیالی سے خود تکلیف میں ہونا ؛ مضطرب ہونا ؛ غصّے میں آنا یا رنجیدہ ہونا ۔ (بول چال) تکلیفوں اور مشکلات کے باوجود مسلسل کوشش سے متحرک ہونا ، along اور through کے لاحقوں کے ساتھ مستعمل ۔ (فعل متعدی) بے آرامی اور تشویش کا باعث بننا ؛ تکلیف پہنچانا ؛ غصہ دلانا ؛ اذیت دینا ؛ پریشانی ، فکر اورتشویش کی وجہ سے؛دِق کرنا ، تنگ کرنا یا فکر مند کرنا ؛ چین نہ لینے دینا ؛ پکڑ لینا جیسے کسی کو گلے سے دانتوں کے ساتھ اور ہلا کر صورت بگاڑ دینا جیسا کہ ایک جانور دُوسرے جانور کے ساتھ کرتا ہے؛ دِق کرنا ، ستانا ، پریشان کرنا، باربار کاٹنے اور چکت مارنے یا کاٹ کھانے سے ۔ (اسم) پریشانی کی حالت یا احساس ؛ پریشان کن فکر ، بے آرامی یا تشویش ؛ بے آرامی کا سبب ؛ تکلیف ۔

**worrier, n.** تکلیف دینے والی شے یا شخص ؛ پریشان کن ؛ تکلیف دہ ۔

**worringly, adv.** پریشانی سے ؛ تکلیف سے ؛ پریشان کرتے ہوتے ۔

**worrywort, n.** وہ شخص جو معقول وجہ کے بغیر ہر وقت متفکر رہے ؛ پریشان حال شخص ۔

**worse, a.** زیادہ خراب ؛ بدتر؛ بُرا یا بیمار، کچھ زیادہ یا اونچے درجے پر؛ معیار ، کردار اور عمدگی میں کم تر؛

محاذ آرا ایک طرف محوری طاقتیں تھیں جن میں جرمنی ، اٹلی اور جاپان شامل تھے ، جبکہ دوسری طرف برطانیہ عُظمیٰ ، فرانس ، اشتراکی رُوس اور ریاست ہائے متحدہ امریکا پر مشتمل اتحادی تھے ، اِس کا انجام جرمنی اور جاپان کے ہتھیار ڈالنے پر ہوا ۔ مخفف : W.W.II

**world-weary, a.** دُنیا سے تنگ آیا ہوا ؛ زندگی اور مادی مسرتوں سے اُکتایا ہوا ؛ دنیا بیزار ؛ عزلت گزیں ؛ گوشہ نشیں ۔

**world-weariness, n.** دنیا بیزاری ؛ عزلت گزینی ؛ گوشہ نشینی ۔

**world-wide, a.** عالمگیر ؛ تمام دُنیا میں پھیلا ہُوا ؛ عالمی وسعت پذیر ؛ دنیا بھر میں ۔

**worm, n.** کیڑا ؛ کرم ؛ کیچوا ؛ سنڈی ؛ لاروا ؛ ایسے بہت سے غیرفقری چھوٹے چھوٹے حیوانات جن کے اعضا کے بغیر جسم بڑے نازک اور مطول ہوتے ہیں ، ان میں کینچوے ، چپٹے کیڑے وغیرہ شامل ہیں ؛ بہت سے چھوٹے چھوٹے زمین پر رینگنے یا چھید کرنے والے کیڑے مکوڑے ، سنڈیاں ، لاروے یا جہازی حشرات ؛ وہ جاندار جو حشرات سے شکل و صورت یا حرکات میں مشابہ ہوں ؛ کوئی ایسی شے جو اندر گُھس جائے ، زخم کر دے یا خفیہ طور پر آہستہ آہستہ کھا جائے ؛ حقیر ؛ پست یا قابل نفرت انسان ؛ بدبخت و بے حیا ؛ پیچ کی چوڑی؛ پیچہ ؛ آلۂ کشید کا مرغولہ دار پائپ جِس میں سے بھاپ گزار کر منجمد کی جاتی ہے ؛ جسم کا وہ حصہ جس کی شکل کیڑے جیسی ہو ، جیسا کہ کتے کے حرام مغز کا موخر الدماغ حصہ اور دُودی نظام ؛ غضروفِ دودہ ۔ (جمع ، امراضیات) ایک قسم کا مرض جو انتڑیوں میں طفیلی کیڑوں کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے ؛ مرض دیدان ۔ (فعل متعدی) اپنا راستہ خود بنانا رینگ کر یا گھسٹ کر؛ دخل اندازی کرنا (اس صورت میں in اور into مستعمل ہیں ، جیسے to worm oneself into: someone's good graces ) ؛ متواتر اور خفیہ کوششوں کے بعد کچھ حاصل کرنا (ایسی صورت میں out, of یا from مستعمل ہوتے ہیں) ۔ (طِب) جسم سے کیڑے خارج کرنا ، کیڑوں سے چھٹکارا پانا ؛ کیڑوں کا علاج معالجہ کرانا ۔ (جہازرانی) ڈوری وغیرہ کو چکّر کی طرح لپیٹنا جیسے رسّا لپیٹا جاتا ہے تاکہ لڑیوں کی درمیانی جگہ پُر ہو جائے ۔ (فعل لازم) چوری چھپے یا آہستہ آہستہ آگے بڑھنا ؛ پر فریب ذرائع سے کامیاب ہونا (اس صورت میں in یا into ساتھ لگاتے ہیں) ؛ دھوکے سے بچنا ، بچ نکلنا یا بھاگ جانا (ایسی صورت میں out, of مستعمل ہے) ۔

**wormer, n.** خفیہ کام کرنے والا شخص ۔

**worm-eaten, a.** کرم خوردہ ؛ کیڑوں کا کھایا یا کترا ہوا (جیسے: worm-eaten timbers ) ؛ وقت شکستہ یا فرسودہ ؛ دقیانوسی ؛ قدیم زمانے کا ؛ پرانا ۔

**worm fence, n.** دیکھیے: Snake fence

**worm gear, n.** (میکانیات) ورم گیرہ ؛ ایک ایسا دندانے دار پہیہ جو ایک گھومتے ہوئے چوڑی دار پیچ یا حلقہ پیچ سے منسلک ہوتا ہے تاکہ وہ حرکت کو قبول کر سکے یا منتقل کر سکے ؛ ایک پیچدار پہیہ ؛ گیئر کا پہیّہ مع حلقہ پیچ جو کسی ایک دُھرے کی حرکت کو دوسرے دُھرے میں قائمہ زاویہ صورت میں منتقل کر سکے ۔

**wormhole, n.** گُھن کا سوراخ ؛ ایسا سوراخ جو لکڑی یا مغزیات وغیرہ میں کیڑوں نے ڈال دیا ہو ۔

**wormroot, n.** قرمزی یا گلابی جڑ ۔

زیادہ ناقص ، غیرتسلی بخش یا قابل اعتراض ؛ زیادہ غیر موافق یا نقصان دہ ؛ کم اچھی حالت میں ؛ کمزور تر صحت والا ۔ (اسم) وہ جو زیادہ بُرا ہے ؛ زیادہ بُری شے یا کیفیت ۔ (متعلق فعل) زیادہ بُرے طریق سے یا بُرے انداز سے ؛ زیادہ خراب یا عیارانہ طور پر ؛ زیادہ تشدد یا شدت سے (جیسے: It is raining worse than ever ) ۔

**worsen**, v.t., v.i. زیادہ بُرا ہو جانا یا بُرا ہونے کا سبب بننا ؛ بدتر ہونا یا بدتر کرنا ۔

**worship**, n. عبادت ؛ اطاعت ؛ پوجا ؛ پرستش ؛ کسی دیوتا کے اعزاز میں مراسم عبادت کی ادائیگی ؛ گرجے میں عبادت ؛ خدائے عظیم یا دیگر خدائی طاقتوں کی پرستش ؛ مذہبی عبادات ؛ تعظیم ؛ اطاعت گزاری ؛ احترام ؛ محبت آمیز یا ستایش آمیز اطاعت ۔ (خصوصاً برطانوی) بعض مجسٹریٹوں یا اونچے درجے کے حکام کے تخاطب کے لیے لقب ؛ تقدس مآب ۔ (فعل متعدی) تقدیس کرنا ؛ انتہائی ادب اور عقیدت سے احترام کرنا ؛ پوجنا ؛ پرستش کرنا ؛ بندگی کرنا ؛ بت پرستی کرنا ۔ (فعل لازم) بندگی کے جملہ آداب بجا لانا ؛ مذہبی عبادت بجا لانا ۔

**worshipper**, n. بندہ ؛ پرستار ؛ عابد ؛ عبادت گزار ؛ پجاری ؛ اطاعت گزار ۔

**worshipless**, a. بے ادب ؛ بے دین ؛ بے عبادت ۔

**worshipful**, a. قابلِ احترام ؛ محترم ؛ معظم ؛ معزز ؛ مقدس جذبات و احسات کا یا ان سے متعلق ۔ (خصوصاً برطانوی) تقدس مآب ؛ ادب اور تعظیم کی ایک اصطلاح بالخصوص کسی مجسٹریٹ یا اعلیٰ حکام کے لیے ۔

**worshipfully**, adv. احترام کے ساتھ ؛ قابل تعظیم طریقے سے ؛ عظمت و شان کے ساتھ ۔

**worshipfulness**, n. عظمت ؛ واجب التعظیمی ؛ تقدس مآبی ۔

**worst**, a. بد ترین ؛ بد یا بیمار آخری حد تک ؛ سب سے زیادہ ناقص ؛ غیر تسلی بخش یا قابلِ اعتراض ؛ سب سے زیادہ بدکار یا مکار ؛ سب سے زیادہ ناقابلِ قبول یا نقصان دہ ؛ کمزور ترین حالت میں ۔ (اسم) سب سے بُرا شخص یا چیز ؛ سب سے بُری شے یا کیفیت ۔ (متعلق فعل) بہت زیادہ بُرے انداز میں (جیسے: to fare worst)؛ انتہائی سختی یا شدت کے ساتھ (جیسے: to hate one worst of all) ۔ (فعل متعدی) ایک فرد کے طور پر انتہائی سخت مقابلہ کرنا یا جدوجہد کرنا ؛ شکست دینا ؛ ہرا دینا ۔

**at worst**, بہت زیادہ ناموافق حالات میں ۔

**get the worst of something**, نقصان اُٹھانا؛ شکست کھانا ۔

**if worst comes to worst**, اگرچہ بہت ہی بُرا انجام ہو یا بدترین نتائج ہی کیوں نہ برآمد ہوں ۔

**worsted**, n. اُونی دھاگا ؛ بٹی ہوئی اُون ؛ بہت عمدہ قسم کی طویل ریشہ ، صاف اون سے مضبوط اور اچھی طرح سے بٹا ہوا دھاگا جو کپڑا بننے ، سلائی سے کاڑھنے یا کشیدہ کاری وغیرہ کے کام آتا ہے ؛ کوئی بھی کپڑا جو اِس قسم کی اُون سے تیار کیا گیا ہو ۔

**wort**, n. خمیر کے بغیر شعیرہ کا زلال شیریں جسے خمیر کرنے کے بعد (ہلکی شراب) بیئر بناتے ہیں ؛ آش شعیر ؛ شکر آب ۔

**wort**, n. کوئی پودا ، جڑی بوٹی یا سبزی (بالعموم مرکب میں مستعمل ، جیسے: milk wort) ۔

**worth**, n. قیمت ؛ قدر ؛ کسی شے کی وہ صفت جو اُس کی افادیت اور قدر و قیمت کی مظہر ہے ؛ قیمت بالخصوص قدر زر ؛ ذہنی یا اخلاقی عمدگی کی بنیاد پر کسی کی قدر و قیمت یا خوبی ؛ دولت یا اثاثہ جات کی کوئی بھی قسم ؛ کسی شے کی کوئی مقدار یا تعداد جو ایک مخصوص رقم سے حاصل کی جا سکے (جیسے: a nickel's worth of jelly beans ) ۔ (صفت) قیمت اور قدر میں کسی شے کے برابر ؛ قابل (جیسے: a cause worth defending )؛ مخصوص قیمت کا حامل (جیسے: He is worth at least two million ) ۔

**for all one is worth**, (بول چال) انتہائی طور پر ؛ صلاحیتوں کی آخری حد تک ۔

**put in one's two cents worth**, (عوامی) کسی بحث و استدلال میں اپنی رائے کا اظہار کرنا ۔

**worthful**, a. قابل قدر ؛ معزز ؛ قابل احترام ؛ قدر و قیمت والا ۔

**worth**, v.i. (قدیم) واقع ہونا یا پیش آنا (جیسے: woe worth the day ) ۔

**worthless**, a. دو کوڑی کا ؛ مہمل ؛ بیکار ؛ بلا قدر و قیمت ؛ بے مصرف ؛ نکما ؛ فضول ؛ جس کی کوئی قیمت نہ وصول کی جا سکے ؛ جس میں کوئی عمدہ صفت یا شان و شوکت نہ ہو ؛ غیر سزاوار ۔

**worthlessly**, adv. نکمے طور پر ؛ ناقابلیت سے ۔

**worthlessness**, n. ناقابلیت ؛ نکما پن ۔

**worthwhile**, a. کار آمد ؛ بامصرف ؛ اپنے وقت ، توجہ دلچسپی ، محنت کا صلہ دینے والا ۔

**worthwhileness**, n. کارآمدگی ۔

**worthy**, a. عمدہ ؛ لائق ؛ قابلِ قدر ؛ موزوں ؛ شایاں ؛ جس کی کوئی قیمت ہو ؛ قیمتی ؛ قابلِ تعریف ؛ خوبی والا یا قابلِ توقیر ؛ لائق عزت ؛ مستحق (of یا مصدر کے سابقے کے ساتھ ، جیسے: worthy of love or hatred ) ۔ (اسم) اعلیٰ مقام ، وسیع دائرہ اثر یا امتیازی حیثیت رکھنے والا شخص (جیسے: doctors or lawyers are usually town worthies ) ؛ مقامی کردار یا مشہور شخص (بالعموم مزاحیہ یا معیوب انداز میں بھی مستعمل ہے) ۔

**worthily**, adv. عمدگی سے ؛ شایان شان طور پر ؛ بطور شایستہ یا لائق ؛ قابلیت کے ساتھ ؛ مناسب طریقے سے ۔

**worthiness**, n. قابلیت ؛ اہلیت ؛ آبرومندی ؛ شایستگی ۔

**would**, aux., v. will کا ماضی اور ماضی بعید ؛ کسی مزاجی کیفیت کے اظہار کے لیے مستعمل ہے ، مثلاً کسی خواہش ، آرزو یا مرضی کے اظہار کے لیے (جیسے: would it were true)؛ نیت کے اظہار کے لیے (جیسے: those who would wage war ) ؛ رواجی عمل کے اظہار کے لیے (جیسے: She would go there daily ) ؛ شرط کے اظہار کے لیے (جیسے: He would if asked ) ؛ غیریقینی حالات کے اظہار کے لیے (جیسے: Would that be alright ) ؛ ترجیح یا پسند کے اظہار کے لیے (جیسے: He would rather win than lose )؛ مستقبل کے اظہار کے لیے (جیسے: They said they would come tomorrow ) ؛ کم صاف یا کم واضح بیان یا سوال کے سلسلے میں (جیسے: would you be:

so kind?) ۔

**would-be,** a. خواہش مند ؛ متمنی ؛ امیدوار ؛ ہونے والا/والی (جیسے: a would-be wit) ؛ متوقع (جیسے: would-be kindness) ۔

**wouldn't,** wouldnot کا مرخّم ۔

**wound,** n. گھاؤ ؛ زخم ؛ جراحت ؛ چوٹ ؛ کسی شخص یا جانور کی جلد اور گوشت میں بوجہ تشدد زخم ، شگاف ؛ ایسا ہی زخم یا شگاف کسی پودے میں ؛ احساسات کو پہنچنے والی تکلیف ۔ (فعل متعدی) کسی شے پر زخم لگانا ؛ گھاؤ لگانا ، چیرا دینا یا زخمی کرنا ؛ کاٹ دینا ؛ چیرپھاڑ یا دلآزاری کرنا ؛ کسی کے جذبات مجروح کرنا ؛ دُکھ پہنچانا ؛ ٹھیس لگانا ۔ (فعل لازم) ٹھیس لگنا ؛ زخمی ہونا ۔

**woundless,** a. بے زخم ؛ بے داغ ؛ غیر مجروح ؛ غیر مضروب ۔

**wounded,** n. مجروح ؛ زخمی ؛ مضروب ؛ وہ اشخاص جو زخمی ہوں ؛ ایک زخم یا کئی زخم کھایا ہوا فرد یا افراد (بالعموم the کے ساتھ مستعمل ہے ، جیسے: the wounded filled the aid station) ۔

**woundwort,** n. مرہم بُوٹی ؛ نرم برگی ؛ متعدد پودوں میں سے کوئی جو ماضی میں زخموں پر پٹی کرنے کے لیے مستعمل تھے ۔

**wove paper,** n. صاف کاغذ ؛ لکھنے کا ایسا کاغذ ، جس کی سطح یکساں اور ہموار ہو اور جس پر لکیریں یا آبی نشانات نہ ہوں ۔

**wow,** interj. (بول چال) استعجاب ، حیرت ، خوشنودی یا مایوسی کا کلمہ ۔ (اسم) (عوامی) وہ شے جو غیر معمولی طور پر کامیاب ثابت ہو ؛ ایک انتہائی کامیاب کوشش (جیسے: the new play is a wow) ۔ (فعل متعدی) (عوامی) بہت جوش و خروش کا مظاہرہ کرنا ، بہت خوش کرنا (جیسے: to wow an audiance) ۔

**wow,** n. آواز کی مسخ شدہ لہریں یا زیر و بم ، کسی ٹیپ ریکارڈر یا ریکارڈ پلیر کی رفتار میں تبدیلی کی وجہ سے ۔

**w particle,** n. ڈبلیو ذرہ ؛ و ذرہ ؛ فرضی اساسی ذرہ جو خیال ہے کہ ایٹمی تعاملات میں قدری قوت کی حیثیت رکھتا ہے ۔

**wrack,** n. سمندری نباتات ، بالخصوص جو لہروں کے ساتھ بہہ کر خشکی پر آجائیں ۔ (برطانوی بولی) گھاس ؛ کائی ؛ تباہ شدہ ڈھانچا بالخصوص کسی جہاز کا ؛ کھنڈر ؛ تباہ شدہ ڈھانچے کا کوئی حصہ ۔ (فعل متعدی و لازم) (قدیم) تباہ و برباد کرنا یا تباہ و برباد ہونا ؛ کھنڈروں میں تبدیل ہونا ۔

**wrackful,** a. تباہ شدہ ؛ کھنڈروں سے پُر ؛ تباہی کا ڈھیر ۔

**wrack,** n. ہلکا سا اڑتا ہوا بادل یا ایسے بادلوں کا مجموعہ ۔ (فعل لازم) بادلوں کی طرح تیز ہوا کے ساتھ اڑنا یا تیرنا ۔

**wraith,** n. کسی انسان کا ہمزاد جو اُس کی موت سے فوراً پہلے یا بعد نظر آتا ہے ؛ بھوت ؛ ہیولا یا غیر مادی شکل ؛ سایہ ۔

**wrangle,** v.i. تکرار ہونا ؛ غصے سے جھگڑنا ؛ تُوتُو مَیں مَیں کرنا ؛ سب و شتم ہونا ؛ اختلاف اور مناظرے میں الجھنا ۔ (فعل متعدی) بحث کرنا ؛ مناظرہ کرنا ؛ مویشیوں کو گلے میں جمع کرنا ۔ (اسم) تو تو میں میں ؛ تکرار ؛ پرشور جھگڑا ۔

**wrangler,** n. جھگڑا کرنے والا شخص ؛ جھگڑالو ؛ ایک ایسا شخص جو بحث مباحثے میں زور زور سے بولے اور غصے کا اظہار کرے ؛ چرواہا یا گلہ بان ؛ انگلستان کی کیمبرج یونیورسٹی سے ریاضیات میں اعلیٰ اعزاز حاصل کرنے والا طالب علم ۔

**wrap,** v.t. لپیٹنا ؛ ملفوف کرنا ؛ ڈھانپنا یا بند کرنا ؛ کسی لپٹی ہوئی چیز سے نتھی کرنا ، اس میں ڈالنا یا اُس سے ڈھانپنا (بالعموم up کے ساتھ ، جیسے: to wrap up an injured hand) ؛ کسی لفافے یا کاغذ وغیرہ میں لپیٹنا یا باندھنا مثلاً کوئی شے یا پیکٹ (up کے ساتھ ، جیسے: to wrap up a dress for delivery) ؛ گول کرنا ، تہ کرنا یا باندھنا جیسے کسی چیز کا تقریباً غلاف کی شکل میں ؛ کسی شے کی کسی غلاف یا بیرونی کپڑے سے حفاظت کرنا (اکثر up کا لاحقہ مستعمل ہے) ؛ گھیرنا ؛ ملفوف کرنا ؛ چادر میں ڈھانپنا یا چھپانا ۔ (فعل لازم) ملفوف ہونا (up کے ساتھ) ؛ لپیٹے جانا ، جیسے کسی شے کے ساتھ تہ ہوتے جانا؛ تہ ہونا ۔ (اسم) کسی فرد کے گرد کوئی لپیٹنے والی شے ، جیسے شال ، رومال ، چوغہ یا خلعت یا عبا ، لبادہ ۔ (جمع) گھر سے باہر پہننے والا لباس یا لباس کے اوپر اوڑھنے والی شے ۔

**wrapped up in,** (بول چال) الجھا ہوا ؛ منہمک یا محو ، جیسے کسی کام ، منصوبے یا حالات میں ؛ گِھرا ہوا جیسے بچوں اور خاندان میں ۔

**keep up under wraps,** (بول چال) خفیہ یا پردے میں رکھنا ؛ چھپا رکھنا ۔

**wrap around,** a. متجاوز یا خمیدہ یا ایسا نظر آنے والا ، خصوصاً لباس یالبادہ ،سامنے سے کھلا ہوا اور جسم پر باندھنے سے پہلے لپٹا ہوا ۔ (اسم) گرد لپیٹنے والا کپڑا ؛ چادر ۔

**wrapper,** n. لپیٹنے والا شخص ؛ ریپر ؛ لفافہ ؛ تھیلی ؛ وہ شے جس میں کوئی چیز لپیٹی جائے ؛ غلاف ؛ بیرونی پردہ ؛ طبلق ؛ کاغذ جس میں کوئی رسالہ یا اخبار لپیٹ کر ڈاک میں بھیجا جائے ؛ ایک ڈھیلا بیرونی کپڑا ؛ چوغہ ؛ مستورات کا گاؤن ؛ اوڑھنی ؛ لبادہ یا خلعت ؛ کتاب کا کاغذی گردپوش ؛ سگار کے اردگرد لپٹا ہوا اعلیٰ درجے کے تمباکو کا پتا ۔

**wrapping,** n. (اکثر جمع) جس کے اندر کوئی شے لپیٹی جائے ؛ لپیٹن ۔

**wrap up,** v.t. مکمل کرنا یا تکمیل تک پہنچا دینا ، جیسے کوئی منصوبہ ، کام یا تجارتی سودا ۔ (اسم) خبروں کی مختصر پیشکش ۔

**wrasse,** n. ایک قسم کی بھڑکیلے رنگ کی بیضوی لمبوترے جسم والی مچھلی جس پر چمکدار کانٹے ہوتے ہیں اور معتدل پانیوں میں پائی جاتی ہے ، اس کی بعض اقسام خوردنی ہوتی ہیں ۔

**wrath,** n. قہر ؛ شدید غصہ ؛ غیظ ؛ شدید اشتعال ؛ غضب ؛ طیش ؛ غصے کے اثر میں کوئی فعل ، بالخصوص سزا کا ۔

**wrathful, wrathy,** a. غصے سے بھرا ہُوا ؛ غصیلا ؛ خشمگیں ؛ بہت زیادہ غضب ناک ؛ برافروختہ ؛ قہر آلود ؛ غیظ و غضب کا ؛ غصہ ظاہر کرنے والا ۔

**wrathfully,** adv. قہر آلود طور پر ؛ برافروختہ ؛ طور پر

غضب ناک حالت میں ؛ خشمگیں انداز میں ؛ غصے سے ۔

**wrathfulness,** n. غضب ناکی ؛ قہر آلود گی ؛ برافروختگی ؛ خشمگینی ؛ غیظ و غضب ؛ غصہ ۔

**wreak,** v.t. کسی پر غصہ اتارنا ؛ بدلہ لینا ؛ انتقام لینا (جیسے: to wreak vengeance ) ؛ کسی شخص یا شے کے خلاف کُھلم کُھلا غصہ یا کینہ نکالنا ۔

**wreath,** n. ہار ؛ مکٹ ؛ کوئی مُڑی ہوئی یا خمدار شے ؛ پھولوں کا ہار ؛ پھولوں کی چادر یا ہار قبر پر چڑھانے کے لیے ؛ پھولوں کا سہرا ، مالا یا گجرا ؛ ایک خوبصورت آرایشی بل کھاتی ہوئی پٹی یا پٹیاں جو سر پر باندھی جاتی ہیں یا دیگر آرایشی مقاصد میں کام آتی ہیں ۔

**wreathy,** a. ہارنما ؛ خمدار یا حلقہ دار ؛ چھلاّ ۔

**wreathe,** v.t. ہار بنانا ؛ کسی چیز کے حصوں کو موڑ کر یا گوندھ کر کوئی شکل دینا ؛ بٹنا ؛ گوندھنا ؛ ہارپہنانا؛ کسی کو پھولوں کی چادر میں لپیٹ دینا؛ گھیر لینا یا ملفوف کر دینا ۔ (فعل لازم) گولائی میں چلنا یا حرکت ہونا ؛ ہار کی شکل میں گندھا جانا ۔

**wreck,** n. کھنڈر ؛ کوئی عمارت ، ڈھانچا یا شے جو کھنڈر میں تبدیل ہو گئی ہو ؛ وہ چیز جو سمندر نے اٹھا کر ساحل پر پھینک دی ہو مثلاً کسی جہاز کی باقیات یا اُس پر لدا ہوا ٹوٹا پھوٹا سامان ؛ جہاز رانی کے دوران کسی جہاز کی تباہی یا بربادی ؛ جہاز کی شکست و ریخت ؛ سمندر میں یا چٹانوں پر حادثہ واقع ہو جانے کے سبب تباہی کی حالت سے دوچار جہاز ؛ کسی چیز کی شکستگی یا تباہ حالی؛ ذہنی یا جسمانی طور پر کمزور شخص ۔ (فعل متعدی) تباہ کرنے کا سبب بننا ؛ توڑ پھوڑ ڈالنا ؛ ناکارہ کر دینا ، جیسے کسی جہاز کا بحری سفر کے دوران ؛ جہاز کا تباہ کرنا ؛ تباہی میں شریک ہونا ؛ کسی کی تباہی یا بربادی کا باعث بننا (جیسے: to wreck a bank ) ۔ (فعل لازم) تباہی میں مبتلا ہونا ؛ تباہ ہونا ؛ تباہ کُن ہونا ؛ تباہی میں مصروف ہونا ۔

**wrecking,** n., a. تباہی ؛ شکستگی ؛ تباہی کا مظہر ؛ تباہ کن ؛ ملیا میٹ کر دینے والا ۔

**wreckage,** n. تباہی کا عمل ؛ شکستگی ؛ ٹوٹ پھوٹ ؛ ملبہ ؛ تباہ ہونے کی حالت ؛ ارادتاً یا حادثاتی طور پر کسی شے کو گرا دینے ، مٹادینے یا تباہ کر دینے کے بعد اُس کے باقی ماندہ حصے ، مثلاً کسی گاڑی یا عمارت کے ؛ بچا کچھا سامان ؛ کباڑ ۔

**wrecker,** n. برباد کرنے والا ؛ تباہ کار ؛ تباہ کرنے والی مشین یا شخص ؛ آدمی جس کا کام عمارتیں گرا کر جگہ صاف کرنا ہو ؛ وہ شخص جو تباہ شدہ گاڑیوں یا ریل کے ڈبوں کا ملبہ اٹھانے پر مامور ہو تا کہ راستے میں رکاوٹ نہ رہے ؛ خاص طور پر سازوسامان سے لیس موٹر گاڑی یا ٹرک جو اس قسم کا ملبہ اٹھانے میں استعمال کیا جائے ۔ نیز : tow truck, tow car ۔ کوئی شخص یا جہاز جو تباہ شدہ جہازوں کو اور ان میں لدے ہوئے مال و اسباب کو برآمد کرنے پر مامور ہو ؛ جہازوں کو تباہ کرنے والا تا کہ ان پر لدا ہوا مال لوٹ لیا جائے ؛ کسی بھی قسم کا لٹیرا ۔

**wrecking bar,** n. دیکھیے : Pinch bar

**wren,** n. پُھدکی ؛ سکسکہ ؛ یورپ میں پائی جانے والی ایک چھوٹی سی گانے والی چڑیا ؛ چڑیوں کے خاندان سے متعلق کوئی ایک ؛ شمالی امریکا کی عام گھریلو چڑیا ۔

**wrench,** n. اینٹھن ؛ ایک زور دار جھٹکا یا مروڑ ؛ موچ ؛ موچ کا زخم جیسے کسی جوڑ میں ؛ جذباتی دھچکا، مروڑ تروڑ ، جیسے معانی یا تاویل میں ۔ (میکانیات) سنسی ؛ رینچ ؛ پانا ؛ کوئی ایسا اوزار جس کا جبڑا یا سوراخ ایسا بنا ہوتا ہے کہ وہ کسی کابلے یا ڈھبری کو گھمانے کے لیے اچھی طرح اپنی گرفت میں لے سکے ۔ (فعل متعدی) تیز ، اچانک اور طاقتور جھٹکے کے ساتھ کھینچنا ؛ مروڑنا ، جھٹکا دینا یا مقرر جگہ سے اکھیڑنا جیسے جسم کا بند یا جوڑ ۔ (مجازاً) کسی بات کو غلط معانی پہنانا ؛ غلط مطلب نکالنا ؛ مسخ کرنا ۔ (فعل لازم) مروڑا جانا ؛ گھمایا جانا ۔

**wrest,** v.t. توڑنا ؛ مروڑنا ؛ مروڑ کر الگ کرنا ؛ شدید جھٹکے سے مروڑنا ، کچھ نکلوانے یا اگلوانے کے لیے ؛ کسی شے کو شدید طاقت سے مروڑ کر باہر نکالنا ؛ مجبور کرنا ، مثلاً تکلیف اور اذیت پہنچا کر ؛ بے بس کر دینا ، جیسے اذیت دے کر ؛ صداقت سے ہٹانا یا صحیح معنوں سے انحراف کرانا ؛ درہم برہم کرنا ۔ (اسم) مروڑ ؛ اینٹھا ؛ کشتی کا ایک داؤ ؛ چابی جس سے ساز کو سُر میں لانے کے لیے اس کے تاروں کے سِروں پر کھونٹیاں مروڑتے ہیں ۔

**wrester,** n. مروڑنے والا شخص ؛ مسخ کناں ۔

**wrestle,** v.i. کشتی ہونا ؛ مقابلہ ہونا ؛ مدمقابل کو پکڑ کر نیچے گرانے کی کوشش کیا جانا ؛ کوشش ، جدوجہد یا مقابلہ ہونا (with کے ساتھ ، جیسے : to wrestle with rising costs) ۔ (فعل متعدی) کشتیوں میں مقابلہ کرنا ؛ دوسرے پر قابو پانے کی کوشش کرنا ، مثلاً طاقت کے بل بوتے پر (جیسے : to wrestle a problem to its conclusion) ۔ (مغربی امریکا) داغنے کے لیے زمین پر گرا دینا جیسے مویشیوں کو ۔ (اسم) کشتیوں کا مقابلہ ؛ دنگل ؛ جیتنے کے لیے کوئی سی جدوجہد ؛ کشتی ۔

**wrestler,** n. کشتی لڑنے والا ؛ پہلوان ۔

**wrestling,** n. کشتیوں کا مقابلہ یا فن جس میں دونوں مدمقابل پہلوان ایک دوسرے کو گرا کر مخالف کے کندھے زمین یا چٹائی پر لگانے کی کوشش کرتے ہیں ؛ دنگل ۔

**wrest pin,** n. تاروں کی کھونٹیاں ؛ کنجی ؛ ساز پر لگی لکڑی یا کسی دھات کی بنی ہوئی کھونٹی جس پر تاریں لپٹی ہوئی ہوتی ہیں اور جسے ساز کو سُر میں لانے کے لیے کسا یا ڈھیلا کیا جاتا ہے ۔

**wretch,** n. مصیبت زدہ انسان ؛ بدبخت ؛ مصیبت کا مارا ؛ آفت زدہ ؛ کمینہ ، بے حیا اور بے شرم آدمی ۔

**wretched,** a. بے حد رنجیدہ یا غمگین ؛ بہت زیادہ مصیبت زدہ یا آفت کا مارا ہوا ؛ غم یا بدبختی و نکبت کا باعث ؛ بے مصرف ؛ بہت خراب ؛ ناقص یا نکما ؛ حقیر ۔

**wretchedly,** adv. غمگینی سے ؛ بدبختی سے ؛ نکبت سے ۔

**wretchedness,** n. غمگینی ؛ بدنصیبی ؛ بدبختی ؛ بیچارگی ؛ نکبت ۔

**wriggle,** v.i. لہرانا ؛ بل کھاتے ہوئے چلنا ؛ کیڑے یا کیچوے کی طرح جسم کو بل کھاتے ہوئے ادھر ادھر ہلانا ؛ جسم کو مروڑتے ہوئے اور تشنج کے ساتھ آگے بڑھنا ؛ گھٹیا حرکات یا چالوں سے مقصد حاصل ہونا (جیسے : to wriggle into one's confidence ) ۔ (فعل متعدی) کسی شخص کو مروڑنا یا بل دینا ۔ (اسم) بل کھانے والے

شخص کی حرکت ; کیڑے یا کیچوے کی طرح تیزی سے بل کھانے کی حرکت ; بل یا لہر ۔

**wriggly, a.** بل کھاتے ہوئے ; مروڑے والی ; بل دار ; پُر پیچ ; لہریا ۔

**wriggler, wiggler, n.** وہ شخص جو بل کھاتا ہو ; مچھر کا لاروا ۔

**wright, n.** کاریگر یا صنّاع ; دستکار ; لکڑی کا کام کرنے والا یا ترکھان (بالعموم ، ساز ، گر یا نگار کے لاحقوں کے طور پر مستعمل ہے ، جیسے جہاز ساز (shipwright) ، پہیہ گر (wheelwright)؛ تمثیل نگار (playwright) ۔

**wring, v.t.** دبانا ; نچوڑنا ; مروڑنا یا بھینچنا ; زور سے مروڑ کر شکل بگاڑ دینا یا ٹیڑھا کر دینا ; مشکل میں مبتلا کر دینا ; دکھ دینا ، جیسے مروڑ کر یا دبا کر ; تکلیف دینا یا اذیت دینا (جیسے : to wring one's heart) ; دبانا یا دبا کر باہر نکالنا جیسے کسی سیال کا خصوصاً مروڑ کر ; جبر ، زبردستی یا قوت سے حاصل کرنا (جیسے : to wring a confession or money from a person) ; زبردستی مروڑ کر یا گھما کر علیحدہ کرنا جیسے بوتل کا ڈھکنا ; زور سے گرفت میں لینا ; مضبوطی سے پکڑنا ، مروڑ کر یا مروڑے بغیر ، جیسے ہاتھوں کو ۔ (فعل لازم) درد سے اینٹھنا ; بل کھانا یا مروڑ ہونا ۔ (اسم) مروڑ یا بل ; دبانے یا نچوڑنے کا عمل ۔

**wringer, n.** نچوڑنے والا ; دھلے کپڑوں کو دو دھروں کے درمیان دبا کر ان سے پانی نچوڑنے کی مشین ; دھلے کپڑوں سے پانی خارج کرنے کا آلہ ۔

**wrinkle, n.** جُھری ; شکن ; چین ; وہ نشان یا جُھری جو کسی صاف یا ہموار سطح کو تہ کرنے ، سکیڑنے یا مروڑنے سے پیدا ہو جائے ; جلد کی ہلکی سی جھری یا شکن جو بالعموم عمر کے ساتھ پیدا ہو جاتی ہے ۔ (فعل متعدی) سکیڑنا ; اینٹھنا ، لکیریں ڈالنا ; جُھریاں پڑنا ; جھریا بنانا ; شکن ڈالنا ۔ (فعل لازم) شکنوں یا جھریوں کا شکار ہونا ۔

**wrinkly, a.** جُھریوں والا ، شکن دار ; پُرچین ; جھریوں پڑا ۔

**wrinkle, n.** (بول چال) نیا خیال ، نئی تجویز ; اختراع ; اپج ; نیا طریق ; نئی ایجاد یا نیا تصور ۔

**wrist, n.** کلائی ; ساعد ; جوڑ جس نے ہاتھ کو بازو سے ملا رکھا ہے اور جس کی مدد سے ہاتھ بازو کے ساتھ حرکت کرتا ہے ; دستانوں یا دیگر کسی لباس کا وہ حصہ جو کلائی کو ڈھانپتا ہو ۔ (میکانیات) چُول ۔

**wristband, n.** کف ; آستین کی پٹی یا حصہ بالخصوص قمیص کی آستین کا وہ حصہ جو کلائی کو ڈھانپتا ہے ۔

**wristlet, n.** کلائی بند ; کلائی کے گرد باندھی جانے والی پٹی (خاص کر اسے سردی سے بچانے کے لیے) ; کنگن ; کڑا ۔ (عوامی) ہتھکڑی ۔

**wristlock, n.** کلائی پنجہ (کشتی کا ایک داؤ) ; پہلوان کی کلائی پر گرفت جس سے اس کے لیے اپنے ہاتھوں اور بازوؤں کا استعمال ناممکن ہو جاتا ہے ۔

**wrist pin, gudgeon pin, n.** (میکانیات) چُول ; ایک میخ یا کیل جو فشارے (پسٹن) کی ایک طرف سے باہر نکلی ہوئی ہوتی ہے تاکہ اسے ایک واصل ڈنڈی سے جوڑا جا سکے ۔

**wrist watch, n.** کلائی گھڑی ; ہتھ گھڑی ; وہ گھڑی جو کسی فیتے کے ساتھ لگا کر کلائی پر باندھی جاتی ہے ۔

**writ, n.** قانون) حکمنامہ ; فرمان شاہی ; سمن ; بیقہ ; تحریری حکمنامہ یا ہدایت جو قانونی عدالت یا حکومت کی طرف سے افسر مجاز کے ذریعے جاری کی جائے جس میں مکتوب الیہ کو کوئی مخصوص فعل بجا لانے یا ترک کر دینے کا حکم دیا گیا ہو ۔

**write, v.t.** لکھنا ; تالیف و تصنیف کا کام کرنا ; تصنیف کرنا ; قلم بند کرنا ; رقم کرنا ; تحریر کرنا ; اندراج کرنا ; چھاپنا ; منشی گری کرنا ; خاکہ بنانا یا چربہ اتارنا (جیسے : to write the alphabat on the black board) ; تحریری طور پر بیان کرنا یا پہنچانا (جیسے : to write a report on the meeting) ; خالی جگہوں کو پُر کرنا (جیسے : to write a money order) ; حروف ، الفاظ ، اعداد ، ہندسے وغیرہ تحریر میں لانا (جیسے : to write several copies of the math assignment) ; خط لکھ کر ابلاغ کرنا ; بذریعہ تحریر تخلیق کرنا ; مصنف یا موسیقار کی طرح تخلیق کرنا ; لکھائی سے بھر دینا (جیسے : to write several full sheets of paper) ; گہرے اور پائیدار نقش چھوڑنا/ڈالنا ; مسودہ تیار کرنا یا لکھنا جیسے کوئی وصیت نامہ ; ضمانت دینا خصوصاً سرمایہ فراہم کرنے کی ; مخصوص طریقے سے ہجے کرنا ; تحریری طور پر موسوم یا مخاطب کرنا ۔ (فعل لازم) قلم ، پنسل وغیرہ سے حروف کی شکلیں بننا یا چربہ اترنا ; مصنف یا ادیب کی حیثیت سے کام ہونا ; تصورات اور حقائق کو تحریر میں لانا ; خط یا خطوط کے ذریعے ابلاغ یا تخلیق ہونا ، خاص قسم کی تحریر ضبط میں لانا ۔

**writable, a.** قابل تحریر ; قابل تصنیف ۔

**write down, v.t.** لکھنا یا تحریر کرنا ; ریکارڈ کرنا ; تحریر میں کسی شخص کی تضحیک یا تنقیص کرنا ; غیر مہذب قارئین کو تحریری عرضداشت پیش کرنا ۔

**write-down, n.** (حسابداری) تمسک کی قدرِ متعارف میں کمی ۔

**write in, v.t.** کسی ایسے امیدوار کو ووٹ دینا ، جس کا نام سرکاری فہرست امیدواران میں درج نہ ہو ، بالعموم مخصوص جگہ پر اس کا نام لکھ کر ; کسی غرض کے لیے درخواست لکھنا ، بالعموم کسی اشتہار یا عوامی استدعا کے جواب میں ; تحریری اضافہ کرنا ، جیسے کسی مسودے یا دستاویز میں ۔

**write-in, a.** پرچی پر کسی امیدوار کے نام کے اضافے کا ، اس سے متعلق یا ووٹوں کی نامزدگی کے بارے میں (جیسے : a write-in candidate) ۔ (اسم) اس امیدوار کے حق میں ڈالا گیا ووٹ جس کا نام سرکاری پرچی پر چھپا ہوا نہ ہو ۔

**write off, v.t.** قلم زد کرنا ; منسوخ کرنا ; منہا کرنا ; قیمت میں کم کرنا ; کسی شے پر غوروفکر چھوڑ دینا یا دماغ سے نکال دینا ; کاٹ دینا ۔

**write-off, n.** تنسیخ ; قلم زدگی ; منسوخی ۔

**write out, v.t.** تفصیل سے لکھنا ; سب کچھ لکھ دینا ; اتنا لکھنا کہ باقی کچھ نہ بچے ; اپنی علمی قابلیت کی آخری حد تک لکھ ڈالنا ; سارے خیالات کو معرض تحریر میں لے آنا (راجع الی الفاعل استعمال ہوتا ہے) ۔

**writer, n.** لکھنے والا ; مصنف ; کاتب ; راقم ; منشی ; ادیب ; لکھاری ;

محرر ؛ وہ شخص جس کا پیشہ لکھنا ہو ، بالخصوص وہ شخص جس نے کوئی خاص قسم کی تحریر لکھی ہو (جیسے : the writer of the letter) ؛ پیشہ ور لکھنے والا ؛ انشا پرداز ؛ مؤلف ۔

**writer's cramp,** n. عُسر کتابت ؛ رعشہ جو بہت زیادہ لکھنے سے ہاتھوں میں پیدا ہو جاتا ہے ؛ ایک قسم کا عصبی تشنج جو بہت زیادہ لکھنے والوں کے ہاتھوں اور انگلیوں کو متاثر کرتا ہے ؛ منشی روگ ۔

**write up,** v.t. لکھ ڈالنا ؛ ورطہ تحریر میں لانا ؛ کسی شے ، واقعہ یا شخص کے متعلق بالتفصیل لکھ کر رپورٹ دینا ؛ تحریر کو زمانۂ حال تک پورا کرنا ؛ عام مطبوعہ کتاب میں کسی کی بہت زیادہ تعریف کرنا ۔ (حساب داری) کسی شے کی قدر بڑھانا ۔

**write-up,** n. تحریر ؛ نوشتہ ؛ تعریفی خاکہ ؛ رپورٹ ۔

**writhe,** v.i. تڑپنا ؛ تلملانا ؛ اینٹھنا ؛ جسم کا درد سے لوٹ پوٹ ہونا ؛ سخت پریشانی سے ، ذہنی اذیت میں مبتلا ہونا ۔ (فعل متعدی) سختی سے پیچ و تاب کھانا (جیسے : to writhe the body) ؛ بگاڑنا ؛ ٹیڑھا میڑھا کرنا ۔ (اسم) اینٹھن ؛ اکڑنے کا فعل ؛ ٹیڑھی میڑھی شکل یا مروڑ ؛ بل پیچ ؛ تشنج ۔

**writher,** n. مروڑ کھانے والا شخص ؛ تشنج میں مبتلا فرد ۔

**writing,** n. تحریر ؛ لکھائی ؛ دستاویز ؛ تصنیف ؛ کتاب ؛ مضمون ؛ لکھنے والے شخص یا شے کا عمل ؛ لکھے جانے کی حالت یا لکھائی (جیسے : to obtain a statement in writing) ؛ جو چیز لکھی جائے ؛ قلم یا اس سے مشابہ چیز سے لکھے گئے حروف یا مواد (جیسے : paper bearing writing) ؛ اسلوب ، نوع یا خاصیت کے اعتبار سے تحریر شدہ حروف یا مواد (جیسے : childish writing) ؛ نقش یا کتبہ ؛ کوئی خط ؛ کوئی تحریر کردہ یا طبع شدہ کاغذ یا دستاویز ؛ اسلوب ، نوع یا خاصیت کے اعتبار سے کوئی ادبی تحریر (جیسے : an allegorical writing) ؛ کوئی ادبی تحریر یا پیشکش (جیسے : novel, poems & miscellaneous writings) ؛ کسی ادیب یا مصنف کا مشغلہ یا پیشہ ۔

**writing desk,** n. لکھنے کی میز یا ڈیسک ؛ ڈیسک یا فرنیچر کا حصہ ، بالعموم درازوں اور خانوں والا جن میں سامان نوشت و خواند اور کاغذات وغیرہ رکھے جاتے ہیں ؛ لکھائی کا سامان رکھنے کے لیے ایسا صندوقچہ یا ڈبہ کہ جب اسے کھولا جائے تو ایسی سطح مہیا کر دے ، جس پر کاغذ رکھ کر لکھا جا سکے ۔

**writing paper,** n. لکھنے کا کاغذ ؛ مناسب اقسام اور سائزوں کا کاغذ جو لکھنے کے کام آ سکے ۔

**writ of assistance,** n. (قانون) پروانۂ اعانت ؛ ایک حکم نامہ جس کے تحت کوئی افسر بحیثیت کوتوال کسی کی تلاشی لینے یا عدالت کا کوئی حکم نافذ کرنے کا مجاز برتا ہے ۔

**writ of certiorari,** n. دیکھیے : Certiorari ۔

**writ of election,** n. پروانۂ انتخابات ؛ کسی انتظامی ہیئت مجاز کی طرف سے اس مضمون کا جاری کردہ حکم نامہ کہ انتخابات منعقد کیے جائیں بالخصوص ضمنی انتخابات تا کہ مقننہ میں خالی شدہ نشست پُر کی جا سکے ۔

**writ of error,** n. (قانون) پروانہ تصحیح اغلاط ؛ حکم نامہ جس کی رو سے کوئی بھی سماعت مرافعہ کی عدالت یہ پروانہ جاری کر سکتی ہے کہ ماسبق قانونی عمل کا ریکارڈ دوبارہ معائنہ کیا جائے اور فیصلے کو درست کیا جائے یا بدلا جائے بشرطیکہ مبینہ زیر معائنہ غلطی درست ثابت ہو ۔

**writ of extent,** n. (قانون) پروانہ قرقی ؛ ماضی میں انگلستان میں جاری کیا جانے والا حکمنامہ جس کی رو سے تاج برطانیہ کے قرضے جائیداد اور سامان وغیرہ کی قرقی سے وصول کیے جا سکتے تھے ۔

**writ of prohibition,** n. (قانون) پروانہ منابی ؛ سماعت روک پروانہ ؛ وہ پروانہ یا حکمنامہ جس کی رو سے کوئی اعلیٰ عدالت کسی ماتحت عدالت کی کارروائی اس لیے روک دے کہ مقدمہ زیر سماعت یا اس کا کوئی حصہ ماتحت عدالت کے اختیارات سے متجاوز یا باہر ہے ۔

**writ of right,** n. (قانون) پروانہ بحالی ملکیت ؛ وہ حکمنامہ یا پروانہ جس کی رو سے اراضی کے تنازع میں اصل مالک اراضی کے مالکانہ حقوق بحال کر دیے جائیں یا اسے دلا دیے جائیں ۔

**wrong,** a. غلط ؛ الٹا ؛ جو درست نہ ہو ؛ جو قاعدے ، خواہش یا منصوبے وغیرہ کے مطابق نہ ہو ؛ ویسا نہیں جیسا کہ ہونا چاہیے ؛ اخلاقی قانون یا حق و انصاف کے خلاف ؛ حقائق اور صداقت کے خلاف ؛ نادرست ؛ غلط یا پُرخطا ؛ غیر صحیح ؛ غلطی پر محمول یا مبنی ؛ جو اندر کی طرف سے پہننے کے لیے بنا ہو (جیسے : That is the wrong side of the dress) ۔ (اسم) غیر درست چیز یا عمل بالخصوص اخلاقی طور پر ؛ غلط ، غیر منصفانہ یا ناانصافی پر مبنی عمل ؛ کوئی زخم ، چوٹ ، درد یا ضرر ؛ غلطی ؛ خطا ؛ گناہ ؛ جرم ؛ ظلم ؛ زیادتی ؛ بے انصافی ؛ بدسلوکی ؛ برائی ؛ بدی ؛ بُرا کام ؛ بھول ؛ چوک ۔ (قانون) کسی شخص کے حقوق کی خلاف ورزی ۔ (متعلق فعل) غلط سمت یا غلط انداز میں ۔ (فعل متعدی) غلطی کرنا ؛ غیر منصفانہ سلوک کرنا ؛ کسی کے ساتھ سختی سے یا جانبدارانہ برتاؤ کرنا ؛ نامنصفانہ تہمت لگانا ؛ بدنیتی سے بُرا سوچنا ؛ گمراہ کرنا ۔

**go wrong,** ناکام ہونا یا غلط ہو جانا ؛ بدراہ ہونا ۔

**wrongly,** adv. غلط انداز سے ؛ غلطی سے ؛ غلط طور پر ۔

**wrongness,** n. بے انصافی ؛ زیادتی ؛ بے جاپن ۔

**wrongdoer,** n. گنہگار ؛ خاطی ؛ خطاکار ؛ وہ شخص جو جرم یا برائی کرتا ہو ؛ جو غلط کام کرتا ہو ؛ غلط کار ۔

**wrongdoing,** n. غلط کاری ؛ خطاکاری ۔

**wronged,** a. جو کسی بے انصافی کا شکار ہو ؛ نقصان رسیدہ ؛ مصیبت زدہ ۔

**wrong font,** n. (طباعت) غلط ٹائپ ؛ ٹائپ کی قسم جو ہدایت کے خلاف لگا دی گئی ہو ؛ وہ ٹائپ جو اپنی جگہ کے لحاظ سے یا جو وضع ، حجم یا اسلوب میں غیر مناسب ہو ۔

**wrongful,** a. بے جا ؛ ناجائز ؛ غلط ؛ جھوٹا ؛ نقصان رساں ؛ غیر منصفانہ ؛ بے انصافی ، زیادتی یا دھاندلی پر مبنی ؛ قانون اور انصاف کے خلاف ۔

**wrongfully,** adv. بے انصافی سے ؛ بے جا طور پر ۔

**wrongfulness,** n. بے انصافی ؛ زیادتی ۔

**wrong-headed,** a. کج فہم ؛ ضدی ؛ اوندھی کھوپڑی والا ؛ ہٹ یا ضد کی وجہ سے غلط نظریات اور خیالات پر اڑا رہنے والا ؛ معاندانہ طور پر کج رو ۔

**wrong-headedly,** adv. معاندانہ طور پر ؛ سربھرے انداز میں ؛